وهم از ننگی دل دسب [بدامن] خویشتن دراز، گاه ولولهٔ وداع وطن و الزام
دوام غربت از لب برون ریختے و گاه به گدازش ذوق ترک لباس دُود از
مغز سخن بر انگیختے، آری درمانده زندان غم چکند و مبتلای درد تنهائی
چرا ملول نباشد چون دست من بجائے نمی رسد دمادم بر حال پریشان
تاسف می خورم و سلامت ذاب و درستی حالات ایشان از خدا مےخواهم،
بالجمله بعد از هزار گو نه گفتگو فقیر صاحب ممدوح رابر طلب مختار نامه
مهری جناب راضی کرده ام و باشد که کاغذ اسٹامپ مع مسوده هبه
نامه و مختار نامه بوالا خدمت بفر ستند، از رسیدن آن کاغذ را بمهر خود
مزین ساخته عنایت می توان فرمود، و این نکته را نیز به ضمیر باید گرفت
که .... برای آن قبله از فرزندان خود فقیر صاحب کمتر نیست، هر آئینه
شفقت پدری ازان بے چاره دریغ نباید داشت و خاصه درحق این جزو
آفرینش مظهر آثار ربوبیت توان بود، زیا ه جزاینکه هیچم بلکه نیستم
چگویم ـ فقط ـ نگاشته غرهٔ ربیع الثانی روز دو شنبه ۱۲۵۵ ه

غالب کا ساتواں خط

خط مرزا نوشه غالب بجناب حضرت صاحب دام برکاتہم

قبله دیده و دل سلامت ! من دانم و دل که فیض ورود والا نامه بامن
چه کرده ـ بر آتش آب زد و چراغ آگہی را فروخت، ہا تا آن قدسی صحیفه
شمعے نموده که روح به پروانگی آرزو کنم، چکنم فرصت تنگ است و گفتگو
فراوان، آدینه روز بست و هفتم شعبان و هنگام بامداد است و من هنوز
از انها که مبتلای آنم فراغ نیافته ام و آدم کمر به رهروی بسته
رو بروے من نشسته است آنچه در دیوان قبض عنوان دیده کافر باشم
اگر در مثنوی مولوی روم و دیگر کتب تصوف این‌ها دیده باسم، خاصه
در رباعیات که هر کوزه دریائے و هر ذره آفتابے دارد و اگر حیات باقی
است زین سپس حال رباعیات نگاشته خواهد سد، این قدر بخاطر باسد
که مانیز برین جاده و بدین اندیشه دل نهاده ایم تا پایان کار از کدام
پرده سر برون آوریم و در کدامین گروه شمرده شویم، دیوان حال به
مخدومی مکرمی سید بدر الدین علی خان المشتهر به فقیر صاحب سپرده و
دیوان سابق ازوشان گرفته به آدم حضور باز داده شد، این نامه بدان
زودی که اندیشه برنتابد نگاشته می شود، در حقیقت پاسخ عنایت نامه
هنوز نه نوشته ام، زیاده حد ادب، مشفقی میر حیدر علی صاحب پس از
سلام مطالعه فرمایند که پیر علی صاحب درین روزها به دهلی آمده بودند
بعد عمرے ایشان را دیدم، امروز خود شان به اکبر آباد روان شده اند،
می گویند که ماه روزه در آگره بسر برده به گوالیار می روم، اطلاعا نوشته
شد، عرضداشت اسد الله رو سیاه ـ فقط

غالب کا آٹھواں خط

خط مرزا نوشہ بجناب حضرت صاحب دام اجلالہم

یزدان را سپاس گذارم و بدین ذوق خود را در بازم که مرا بہ گوشہ خاطر کسے جائے دادہ است کہ تا کام و زبان را بہفتاد آب نشویم نامش نتوانم برد، فروغ کوکب سعادت، بہار باغ افادت، منبع فیوض نامتناہی، واسطہ حصول رحمت الہی، روشنی بذیرفتہ نور الانوار و راہ یافتہ مقام جمع الجمع بہ رہنمائی ابدی و بہ راہ یابی ازلی مرشدی و مولائی و مخدومی حضرت میر سید علی کہ چون منے را نواخت و بخطاب ارزندہ شناخت امّا ازانرو براود وکہ مہر بر خاکروبہ ہا تابد و ابر خس و خار را در یابد فیض ورود صحیفہ قدسی جانہا بہ کالبد آگہی دمید و دیوان معجز بیان دست آویز گران مایگی من گردید، خوشا من کہ نامم ازان خامہ تراود و زہے من کہ کلام قدسی بمن رسد، غزلہا یک دست و نکتہ ہا ہموار، مضمون ہا عارفانہ، من و ایمان من کہ این زبان [سرسری یعنی اردو بازنامہ حقیقت؟] پیش ازین برنتابد و ہر گونہ نظر این ادای خاص را در نیابد۔ من نیز دیدہ ور نیستم و تماشائے جمال این پریزادان معنی اندازہ من نبود، سواد ہمان اوراق سرمہ سلیمانی بچشم اندر کشید کہ نگہ بدین جلوہ ہائے بیرنگ آشنا شد، واماندگان صورت چہ دانند کہ این گوہر گفتار کجائی است و این گرد از کدامین کاروان می خیزد، قبلہ و کعبہ مرا خاطر نشان باد کہ ہر چند ہم درین بقعہ کہ دہلی نام دارد شبے شرف پا بوس دریافتہ ام و آن را ذریعہ رستگاری خویش می دانم، لیکن اینک برخود حیف می کنم کہ دران ہنگام گوش ہوش شنو و چشم ادراک بینا نبود، تا ازانچہ اکنون بدل می خلد و اندیشہ بدان آویختہ است سخنے چند پرسیدمے وکار آگہی بیالا بردمے، ہم آتش شوق

زبانه‌ور گشتے و هم چراغ شناخت را فروغ گستر آمدے۔ هر چند خرد می سگالد و باور کرده ام که هستی جزئکے نیست اما بیشتر این نمود بے بود که نفس های درانگیختهٔ پندار است به دل جا می‌کند و خاطر از خوش و ناخوش درهم می خورد، خدا را بر این نیز سوخته نظرے تا پاک بسوزد ، و دود و سرار و خاکستر همه از نظر بر خیزد ، دانم که آرزوی های دل به حوصله اررس مس در نه گنجد لیکن شنوده ام که مس به کیمیا زر می‌گردد ، زیاده ازین چه‌گویم که نامه‌بر پا به رکاب است و مکرمی سید بدرالدین علی خان قمر صاحب در اضطراب۔ انشاءالله العظیم ازیں بعد نیازنامه ها به والاخدمت خواهد رسید۔ مشفقی سید حیدر علی سلام خواندو مشتاق دانند۔ محرر اسدالله۔ نگاشتهٔ روز بست پنجم ذی الحجه هنگام شب۔ پس چراغ (۱۲۵۵ھ—۱۸۴۱ع)۔

غالب کا نواں خط

خط مرزا نوشه بجناب حضرت صاحب مدظله‌العالی

حضرت پیر و مرشد برحق مدظله العالی

سیا روز ها به شب آمدو شبها روز شد تا صبح دولت من بر افق اقبال دمید و منشورلامع‌النور تعویذ بازوی‌جان گردید ، نامه موسومه طالع یار خان و حکیم قطب الدین خان هر دو به طالع یار خان سپرده شد و فرمان جناب عالی رسانیده آمد، نامه که بنام نامی فقیر صاحب بود بخدمت شان رسید، اغلب که امروز یا فردا نزد من آیند تا پیام حضرت بزبان نیز گزارم، می میرم از رشک که دیگران آهنگ راه‌گوالیار دارند مرا هنگام آن فرار نیامده است که از دام بدر توانم جست۔ یارب زود باشد که کام دل برآید و زمان انتظار حکم ولایت و روزگار هجران

بسر آید، و این روز ها غزلے[1] درمیان احباب طرح شده و دران زمین ده بیت گفته شده بود به چشم داشت اصلاح درین ورق نگارش می پذیرد ۔ غزل :—

در وصل دل آزاری اغیار ندانم دانندکه من دیده ز دیدار ندانم الخ

زیاده حدِّ ادب، از اسداللہ، نگاشته هردهم رجب ۱۲۵۵ ھ—۱۸۳۱ ع۔

در همین روز ورود والا نامه سید حیدر علی صاحب و سید امانت علی صاحب سلام نیاز خوانند و مشتاق دانند ۔ بندۂ شاه شہائیم و ثنا خوان شما—مکرمی جناب حکیم رضی‌الدین حسن خان بوالا خدمت حضرت صاحب مراسم تسلیم و آداب می رسانند فقط ۔

غالب کا دسواں خط

خط مرزا نوشه بجناب حضرت صاحب مدظله العالی

سخن درباب رباعات می رود ، یا رب بیان من مخالف مزاج پیر و مرشد نبود ، سه رباعی که در آغاز رقم یافته مضمون آں دارد که علی خلیفه بود ، واین عقیده را من نه دارم ۔ من علی را امام دانم و دیگران را خلیفه ، خلافت مرادف سلطنت و ریاست است ، بزبان عرب رئیس و حاکم را خلیفه‌گویند ، اگرچه معانی لغوی نیابت است ، بالجمله علی بلا فصل بعد از نبی امام است و امامت امریست یزدانی و علی امام است هم در عهد خلافت ابوبکر و هم در عهد خلافت عمر وهم در عهه خلافت عثمان ، و این که مشهور است که علی بعد از عثمان خلیفه شد غلط است ، اصل این ست که امام بر حق مرتضیٰ چون بعد از رسول امام شد ابابکر صدیق را خلیفه کرد و امر قضا به وے سپرد ، تا قطع

۱— یه پوری غزل فارسی کے دیوان میں موجود ہے ۔

خصومات مسلمین نماید و بر مومنین فرمانروا باشد، بس از و عمر را برگزید و ازان بعد عثمان را خلافت داد ، این هر سه تن به داور سپردند و نبی و امام را اطاعت کردند و بعد از عثمان هیچ کس لائق عهدهٔ قضا در مسلمین یافته نه شد و آن که آرزو کرد نیز سایسته این کار نه بود ، لا جرم امام وقت کار قضابه عهدهٔ خود گرفت ، توجه به قطع خصومات اهل اسلام برداخت ، شاه اگر کار قاضی کند او را قاضی نه گویند الجمله علی امام ست در عهد ثلاثه، خلافت بعد از عثمان رض به بنی آمیه منتقل شد و از ان گروه به آل عباس رسید و این هر دو گروه برعکس خلفای ثلاثه ستم ها کردند و خونها ریختند و امامت علی و اولادش را محو کردند وائمه را کُستند ۔

(اسد اللہ)

خط از جناب حضرت صاحب بمرزا نوشه

مشفقا ! من در باب تفضیل امیر علیه السلام تحقیق شما خواسته بودم نه در امامت و خلافت ، شما جناب امیر را از خلافت هم معزول کردند ، اول عفو تقصیر می خواهم ، بعد ازان چند حروف می نویسم ، چند حروف آن مشفق را شاید که معنی خلافت و امامت به تعمق نه رسیده که امیر علیه السلام را صرف امام می دانند و خلیفه نمی بندارید ، این مذهب تراشیدهٔ سامی است ، هر چند خوب می دانم که آن مشفق از طریقهٔ خود بر نه خواهند گشت لیکن چونکه این فقیر دوست شما است واجب شد که انچه حق باشد می نویسم ، آن مشفق که خلافت را حمل بر سلطنت کرده اند محض بے جا است و حقیقت سلطنت و خلافت ازین حدیث نبوی صلی الله علیه وسلم قیاس باید کرد که :۔ " الخلافه بعدی ثلثون سنة [ثم تکون ملکاً] عضوضاً " پس اگر خلافت مثل سلطنت

می بود ، آنحضرت صلی اللہ علیه و آله وسلم لفظ ''ملک عضوض'' نمی فرمودند و دیگر آن مشفق خلافت را حمل بر قضا بطور اهانت کرده اند و حقیقت قضا این ست که حدیث نبوی در حق علی مرتضی واقع است که '' اقضهم علی رض'' یعنی در جمع آمت اقضی علی است' پس موافق حدیث شریف در همان سی سال تا شش سال علی مرتضی خلافت کردند و داخل خلافت شدند ، صرف امام دانستن به چه وجه ؟ و آن صاحب معنی خلافت تا الآن نه فهمیده اند که خلافت چیست ؟ نه قضا است و نه سلطنت بلکه قضا و سلطنت نیز داخل حقیقت خلافت اند ، و صاحب فتوحات یکی از انواع چهارگانه خاتمے دارد ، خاتم نوع اول از ولایت محمدی که جامع به آن صوری و معنوی و مقرون خلافت باشد علی ابن ابی طالب علیه السلام را نوسته' زیرا که امر خلفائے راشدین است و مذهب سامی[در] خلافت این حدیث است که :—الخلافه بعدی ثلثون سنة و قد تمت بعلی'' و این خاتم را ''خاتم کبیر'' گویند ـ و آن مشفق با وصف ''قد تمت بعلی'' به خلاف این حدیث بنی آمیه و آل عباس را خلیفه پنداشتند و این سراسر خلاف است چرا که این همه داخل ''ملک عضوض'' هستند داخل خلافت نیستند ، و چون که حق تعالی به ملائکه فرمود که ''انی جاعل فی الارض خلیفة'' پس ملائکه مثل [مذهب] سامی بنی آمیه و آل عباس و امثال ایشان [راخلیفه] تصور نموده گفتند '' اتجعل فیها من یفسد فیها و یسفک الدماء و نحن نسبح بحمدک و نقدس لک'' پس تازیانه '' انی اعلم مالا تعلمون'' دریافت نمایند و اگر عقل کار نه کند از کسے عارف به پرسند ، و این چهار اصحاب در آن خلافت شریک که حق تعالی این فرماید که '' انی اعلم مالا تعلمون'' و در صورتے که ملائک از ادراک معنی خلافت محروم

ماندند گله از آن مشفق عبث است ، و من چنان که از دو حدیث نبوی خلافت امیر علیه السلام ثابت نموده ام شما از یک حدیث بطلان خلافت جناب امیر ثابت کنند ـ و این فقره که نوشته اند که ''حضرت امیر از طرف خود اصحاب ثلثه را قضا سپردند و وقتے که کسے قابل قضا نه ماند خود قضا اختیار کردند'' این سخن در هیچ کتاب دیده نه شده، شاید که در کتب روافض باشد ، و لطف این است که در خلافت عمرؓ فیصلهٔ قضایائے مسلمین جناب امیرعلیه السلام می کردند و عمرؓ فرموده بودند که ''تا این مرد دانا در شما است هیچ مسئله از ما نمی پرسد'' ـ مشفق من ! عجب تحقیق سامی است که اعیان ثابته را به امواج محیط و خطوط شعاعی را به آفتاب تشبیه می دهید و خلافت را به قضا و سلطنت، انچه آن مشفق فرمایند در هیچ کتب صوفیه و اهل سنت و الجماعت دیده نه شده ، [نشان] نه دادید که از کجا می فرمائید ! و مذهب ما موافق قرآن شریف و حدیث نبویؐ و اقوال عارفان صوفیه است ، خلاف این را مسلم نمی داریم بلکه باطل می دانیم، و این چه طریقه است [. . . .] که کسے امیر المومنین علی علیه السلام را خلیفه نه داند ؟ و چون سابق را ارقام نموده ام که گفتگوے ما به ملاقات موقوف است لهذا بر همین قدر اکتفا نموده شد که آن مشفق برین حدیث مرقومه نگاه فرموده تامل فرمایند و دیگرمن در جواب خط سامی جز خاموشی چاره نه دارم ـ ازین جهت سکوت ورزیدم ـ و آن مشفق نوشته : ''امامت امرے ست یزدانی'' انصاف فرمائید که کدام امرے است که یزدانی نیست ؟ و این چه تعریف امامت است که شما کرده اید ؟ و حقیقت امامت و خلافت جز عارفان کامل کم کسے می داند اگر پرسیده آید مشکل افتد ـ الله تعالیٰ آن روز به ظهور آرد که ملاقات، ما و شما شود و گفتگوئے این جمیع امور بالمشافهه کرده آید، المکتوب نصف الملاقات،

این خط روبروی علماء و فقراء آن جاگذارید ملاحظه فرمائید که کدام طریق محمود است و کدام مذموم ؟ و ما که علی علیه السلام را تفضیل می دهیم موافق کلام الله و حدیث شریف است نه از مذهب ترا شیدۂ خود ، مشفق من! آنچه از سینه زوری جواب خواهند داد مسلم نه خواهم داشت اگر از کلام الله و حدیث شریف و قول علماء و صوفیه [...،] و تحریر فقیر پسند آمد یا نه آمد جواب این سوای از کلام الله و حدیث شریف نمی خواهم، و عقل سلیم آن را گویند که مطابق کلام الله و حدیث شریف باشد نه خلاف آن ۔ پس اگر آیت و حدیث در بطلان خلافت جناب امیر علیه السلام بہم نه رسد مناسب است که شوقه بنویسند و این قصه را موقوف نمایند ، چرا که از چنین سخنان تحریر پریشان هیچ فائده نیست و السّلام علی من اتبع الهدیٰ (۱۲۶۷ھ) ۔

(نوٹ) ۔ اس کے بعد مرزا غالب کا کوئی خط نہیں گیا شاید خط و کتابت ختم ہو گئی ۔ (مرتّب)

تصحیح

صفحہ ۱۶ پر حافظ کے ایک شعر کا مصرعہ ثانی غلط لکھا گیا ہے۔ صحیح یوں ہے ؎

کانجا همیشه باد بدست است دام را

(مُدیر)

نوادر ادب

(مرزا یگانہ چنگیزی مرحوم، اپنی ہنگامہ آرا شخصیت اور رنگ کلام کی انفرادیت کے اعتبار سے گزشتہ نصف صدی کے غزل گو شعراء میں ایک امتیازی مقام رکھتے ہیں۔ قاضی امین الرحمان صدیقی صاحب کے توسط سے ہمیں مرزا صاحب مرحوم کے دو خط دستیاب ہوئے ہیں۔ ہم ان ادبی نوادر کے لیے قاضی صاحب کے بے حد شکر گزار ہیں۔ ذیل میں پہلے قاضی صاحب کا گرامی نامہ اور پھر اُن کا وہ قطعۂ تاریخی درج کیا جاتا ہے جو مرزا یگانہ کی خدمت میں بغرض اصلاح بھیجا گیا تھا۔ ۱۹۲۱ع میں ملا بار (جنوبی ہند) کے عربی النسل "موپلا" مسلمانوں نے انگریزی حکومت کے مظالم کے خلاف ایک منظم تحریک شروع کی تھی، جسے کچلنے کے لیے برطانوی استبداد نے جبرو تشدد کے تمام حربے استعمال کیے۔ اسی موقع پر جیل کی ایک تنگ و تاریک کوٹھڑی میں حبس دم سے ستر (۷۰) موپلا جانباز شہید ہوئے تھے۔ قاضی صاحب کا یہ قطعۂ اسی حادثہ فاجعہ سے متعلق ہے۔ قطعہ کے نیچے مرزا یگانہ کے دونوں خط تاریخی ترتیب کے لحاظ سے درج کیے جاتے ہیں ــــ ادارہ)

لاہور

۱۸ دسمبر ۱۹۶۳ع

بخدمت گرامی جناب ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب

پرنسپل اورنیٹل کالج، لاہور

جناب من،

تسلیم۔ میرزا یاس یگانہ چنگیزی لکھنوی مرحوم کو اکثر

اہلِ ذوق جانتے ہیں - غالب کی مخالفت، غزلیں اور رباعیاں ، شعر گوئی میں طبیعت کی تیزی - یہ وہ خصوصیات ہیں جو میرزا یگانہ کا نام لیتے ہی ذہن میں کوند جاتی ہیں - جب طبیعت کی تیزی نے لکھنؤ میں رہنا مشکل کردیا تو حیدرآباد چلے گئے -

پہلی مرتبہ ۱۹۲۱ء میں میں نے موصوف کو ایک قطعۂ تاریخ برائے مشورہ بھیجا تھا - دس سال کے بعد پھر ایسی ہی کسی تقریب پر انہیں خط لکھا تو اُن کا وہ دس برس پہلے کا خط یاد دھانی کے لیے بھیجا - میرے دوسرے خط کے جواب میں جو گرامی نامہ اُن کا آیا اس سے مخصوص جذبات کا اظہار ہوتا ہے - یہ خط کم و بیش تاریخی حیثیت رکھتا ہے اس لیے جناب کی خدمت میں ارسال ہے - اگر مناسب خیال فرمائیں تو اورئینٹل کالج میگزین میں شائع کر دیں تاکہ میرزا صاحب مرحوم سے دلچسپی رکھنے والے اصحاب اسے ملاحظہ فرما لیں -

نیاز مند

قاضی امین الرحمان صدیقی

ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ شعبۂ برقیات مغربی پاکستان

مکان نمبر ۱۲ گلی نمبر ۱۱۱ کرشن نگر، لاہور

حادثۂ غمگین ملیبار

جون ۱۹۲۱ء

چو بیدم بماندند از حبس دم   بیک لحظه هفتاد اسیران ظلم

بلوح سر مدفن این گروه   میاید نبشتن "شهیدان ظلم"

۱۳۴۰ھ

کرم فرمائے بندہ زادلطفکم ۔ یاد آوری و قدر افزائی کا شکریہ ۔
اگرچہ فن تاریخگوئی میں مجھے ذرا بھی دخل نہیں، میں اس سے کوسوں بھاگتا ہوں مگر اتنا ضرور عرض کروں گا کہ آپ نے مادہ تاریخ بہت خوبصورت نکالا ہے ۔ "شہیدان ظلم" اگرچہ بجائے خود جامع لفظ ہے مگر آپ نے پہلے دو مصرعوں میں واقعات کی طرف بھی اشارہ کر دیا ہے میرے خیال میں قطعہ نہایت خوب ہے اسے شائع کر دیجیے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے ۔ اصلاح کی کوئی ضرورت نہیں معلوم ہوتی ۔ آپ نے سرخی سے سنہ عیسوی نکالا ہے یہ بھی برا نہیں ہے ۔ ممکن ہے کہ بعض لوگ "حادثہ غمگین" کی ترکیب پر شبہ ظاہر کریں مگر یہ شبہ قابل توجہ نہ ہوگا ۔

نیاز مند

مرزا یاس

عثمان آباد دکن

۱۱ دسمبر ۱۹۳۱ع

محبی و مخلصی زادلطفکم

بعد تحفۂ سلام شوق واضح ہو کہ آپ کا محبت نامہ مورخہ ۲۷ نومبر موصول ہوا ۔ جواب میں تاخیر ہوئی، معاف فرمائیں ۔ کیا معلوم تھا کہ مجھ ایسے خود پرست، خود بین، مغرور اور نہ معلوم کیا کیا، شخص کے چاہنے والے بھی پیدا ہو جائیں گے اور میری تحریروں کو جگو جگو کر رکھیں گے ۔ آج مجھے اپنی دس برس قبل کی تحریر دیکھ کر (جو آپ نے جگو کر رکھی ہے اور یاد دھی کے لیے میرے پاس بھیجی ہے) حیرت ہوئی کہ اب تک محفوظ ہے ۔ ظاہر میں تو مجھ میں اتنے عیب ہیں کہ

لکھنؤ کے ادنیٰ سے ادنیٰ شخص میں نظر نہ آئیں گے (یعنی لکھنویوں کی نگاہ میں) مگر اس کا کیا جواب ہے کہ میں اپنے عیب ہی پر والہ و شیفتہ ہوں کیونکہ جو کچھ بھی میرے پاس ہے وہ خلاق ازل کا دیا ہوا ہے، خواہ عیب ہو خواہ ہُنر ۔ لکھنؤ میرا وطن ہے ۔ وہاں کی خاک سے مجھے الفت ہے (اگرچہ میری پیدائش عظیم آباد میں ہوئی) مگر کیا عرض کروں، لکھنویوں کی اخلاقی تباہی کا مجھے کتنا رنج ہے ۔ بدنام کنندہ نکونامے چند کے ہاتھوں لکھنؤ کا وقار جاتا رہا ۔ نفسانیت، بغض و حسد انسان کو تباہ کر کے چھوڑتے ہیں ۔ خیر، خدا رحم کرے شکر ہے کہ میں لکھنؤ کی مسموم فضا سے نکل آیا ۔ ویرانے میں پڑا ہوں، جنگل میں منگل منا رہا ہوں ۔ لکھنؤ سے نکلنے کے بعد معلوم ہوا کہ جہاں میرے ہزاروں دشمن ہیں وہاں بہتیرے دوست بھی ہیں، اور وہ انسان ہی کیا جس کے دوست ہی دوست ہوں، دشمن کوئی نہ ہو ۔ زندگی وہ زندگی ہے جس کے دونوں پہلو دشمن و دوست سے آباد ہوں، ورنہ انسان ناقص رہ جاتا ہے ؎

(رباعی)

دل ہے بنیاد عالم کون و فساد
دل ہی نرہا تو زندگانی برباد
تھے دشمن و دوست سب اسی کے دم تک
دونوں پہلوے زندگی تھے آباد

★

دشمن و دوست سے آباد ہیں دونوں پہلو
دل سلامت ہے تو گھر عشق کا برباد نہیں
کیا عجب ہے کہ دل دوست ہو مدفن اپنا
کشتۂ ناز ہوں میں کشتۂ بیداد نہیں

★

وہ بھی دن ہو گا کہ دشمن مہرباں ہو جائے گا
کجروی سے آپ عاجز آسماں ہو جائے گا

آپ کی امانت واپس ہے ۔

نیاز مند

میرزا یگانہ لکھنوی
سب رجسٹرار، عثمان آباد، دکن

ابو دلامـــہ اور اس کی ظرافت

*

از

ملک ذوالفقار عـــلی

ابو دلامہ اور اس کی ظرافت

ابو دلامہ عباسی دور اول کا نامور ظریف اور شاعر تھا۔ قدیم عربی ادب کی متعدد کتابوں میں اس کے لطائف موجود ہیں۔ اس کے اصل نام کے بارے میں تین مختلف روایات ہم تک پہنچی ہیں۔ اکثر تذکرہ نگاروں نے جن میں سے ابو الفرج الاصفہانی، ابن خلکان، عبدالرحیم بن عبدالرحمان صاحب معاھد التنصیص، ابن قتیبہ، الامدی اور یاقوت الحموی خاص طور پر قابل ذکر ہیں نے اس کا نام زَنْد لکھا ہے۔ ابوالفرج الاصفہانی کتاب الاغانی میں لکھتے ہیں کہ بعض لوگوں نے اس کا نام زَیْد قرار دیا ہے لیکن انھوں نے اس بات کی تصریح کر دی ہے کہ یہ تصحیف ہے اور ابُو دلامہ کا اصل نام زَنْد[1] ہی تھا۔ ابُو دُلامہ کے نام کے بارے میں تیسری روایت کا ذکر خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد میں کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ ابو دلامہ کا نام زبد بھی روایت کیا گیا ہے لیکن خطیب بغدادی اس روایت کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ میرے خیال میں زند والی روایت زیادہ صحیح ہے[2]۔ ایک مرتبہ ابو دلامہ سے بھی اس کے نام کے بارے میں سوال کیا گیا تھا تو اس نے اپنا نام زند ہی بتایا تھا[3]۔ مندرجہ بالا بحث سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ ابو دلامہ کا اصل نام زند تھا۔ ابو دلامہ اس کی کنیت تھی۔ کتاب الاغانی میں روایت ہے کہ اس نے یہ کنیت مکہ کے نواح میں واقع پہاڑ "ابو دلامہ" کے نام پر اختیار کی۔ یہ پہاڑ مکہ کے بالائی حصے میں ہے اور زمانہ جاہلیت میں قریش یہاں اپنی لڑکیوں کو

---

(۱) "الاغانی" ۱۰ : ۲۳۷۔ (۲) "تاریخ بغداد" ۸ : ۴۸۸۔
(۳) "الاغانی" ۱۰ : ۲۴۸

زندہ درگور کیا کرتے تھے[1] ۔ وہ حبشی النسل تھا اور بنواسد کا مولی تھا ۔ کوفہ میں مقیم ہونے کی وجہ سے الکوفی مشہور ہوا[2] ۔

ابو دلامہ کے والد کا نام بالا تفاق الجون تھا[3] ۔ وہ بنواسد کے ایک فرد کا جس کا نام فضافص[4] یا قضاقض[5] تھا آزاد کردہ غلام تھا ۔ فضافض شاعر تھا اور اسے صحابی ہونے کا بھی شرف حاصل تھا[6] ۔

ابو دلامہ کی تاریخ پیدائش کسی کتاب میں مذکور نہیں ۔ صرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے بنوامیہ کے آخری ایام کا مشاہدہ کیا اور ایک مرتبہ سپاہی کی حیثیت سے مروان بن محمد کے لشکر میں بھی شامل ہوا[7] ۔ لیکن اسے اس دور میں شہرت حاصل نہ ہو سکی ۔ السفاح کے خلیفہ بننے کے بعد اس کی قسمت کا ستارہ چمکا اور تھوڑے ہی عرصے میں وہ خلیفہ کا ہمنشین و مصاحب بن گیا ۔ اس نے السفاح کے علاوہ المنصور اور المہدی کا دور خلافت بھی دیکھا اور اپنی ظرافت بذلہ سنجی اور حاضر جوابی کی بناء پر ان سے منہ بولے انعامات پائے ۔ روایت ہے کہ خلیفہ المنصور سے جس قدر انعام ابو دلامہ نے حاصل کیا کسی دوسرے شاعر کو نصیب نہ ہو سکا[8] ۔

تذکرہ نگاروں نے ابو دلامہ کے حالات زندگی پر تفصیل کے ساتھ روشنی نہیں ڈالی ۔ چونکہ وہ شاعر کی نسبت ظریف کی حیثیت سے زیادہ مشہور تھا اس لیے اس کے لطائف کا تذکرہ کرنے پر ہی اکتفاء کیا ہے ۔ وہ

---

(۱) "الاغانی" ۱۰ : ۲۳۹ ۔

(۲) "الاغانی" ۱۰ : ۲۳۷ ، "معاہدالتنصیص" ۱ : ۲۱۰ ۔

(۳) "الاغانی" ۱۰ : ۲۷۳ ، "وفیات" ۶ : ۱۷ ، "معاہد" ۱ : ۲۱۰ ، "معجم‌الادباء" ۱۱ : ۱۶۷ ۔

(۴) "الاغانی" ۱۰ : ۲۳۷ ۔

(۵) "تاریخ بغداد" ۸ : ۳۸۹ ۔

(۶) "الاغانی" ۱۰ : ۲۳۸ ۔

(۷) "الاغانی" ۱۰ : ۲۵۷ ۔

(۸) "الاغانی" ۱۰ : ۲۳۷ ۔

مشہور ظریف ہونے کے ساتھ ساتھ مطبوع شاعر بھی تھا ۔ بدیہ گوئی میں اُسے کمال حاصل تھا[1] ۔ اُس نے اپنی شاعرانہ صلاحیتوں کو ظرافت اور طنز و مزاح کے لیے وقف کر دیا ۔ چنانچہ اس کے کلام میں نوادر اور دلچسپ باتیں کثرت کے ساتھ پائی جاتی ہیں ۔ اُس نے جملہ فنون میں شعر کہے لیکن وصف شراب میں اُسے خاص مہارت تھی[2] ۔ اپنے دور کے دیگر آزاد خیال شاعروں کی طرح وہ بھی الحاد و زندقہ کی طرف مائل تھا اور دینی اقدار کا مذاق اُڑایا کرتا تھا ۔ وہ بڑا حریص اور لالچی انسان تھا ۔ حصول مالی کے لیے گھٹیا سے گھٹیا طریقے استعمال کرنے سے نہ شرماتا ۔ مال و دولت کی خاطر وہ اپنی اور اپنے اہل خاندان کی ہجو سے بھی نہ چوکا ۔ اگر کوئی اس کی خواہشات کو پورا نہ کرتا وہ اس بری طرح اُس کی ہجو کرتا کہ اُسے مال و دولت دے کر اُس کی زبان بند کیے بغیر اور کوئی چارہ کار نہ دکھائی دیتا ۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر بڑے بڑے افراد اُس کی فرمائشوں کو فوراً پورا کر دیتے[3] ۔ وہ اکثر لوگوں کے جذبات سافلہ کو مخاطب کرتا اور ہر طرح کی بے ہیودگیوں کا بلا خوف لومۃ لائم تذکرہ کرتا ۔ اُس نے اپنے اشعار کے ذریعے اپنے خچر کو عربی زبان میں ضرب المثل بنا دیا ہے ۔ یہ خچر تمام ممکن عیبوں کا مجموعہ تھا ۔ چنانچہ عربی زبان میں مثال ہے " اعیب من بغلۃ ابی دلامہ "[4] اُس نے اپنے ایک مزاحیہ قصیدے کا انتساب اپنے خچر کے نام کیا ہے ۔

ابو دلامہ کو ایک ظریف کی حیثیت سے جو شہرت حاصل ہوئی ہے اُس کی بناء پر اس خدشے کا اظہار کیا گیا ہے کہ اس کے ساتھ جو لطیفے

---

(۱) "تاریخ بغداد" ۸ : ۴۸۸ ۔
(۲) "تاریخ بغداد" ۸ : ۴۸۸ ۔
(۳) "وفیات" ۲ : ۱۷ ۔
(۴) "مقامات حریری مقامہ" ۴۰ ۔

منسوب ہیں اُن میں سے کچھ لطیفے متاخرین نے خود وضع کیے اور ابو دلامہ کی بحیثیت ظریف شہرت کی بناء پر اُس کے ساتھ منسوب کر دیے۔

ابو دلامہ نے ۱۶۱ھ میں وفات پائی[1]۔ بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ وہ ہارون الرشید کے دور خلافت تک زندہ رہا[2]۔ ہارون ۱۷۰ھ میں خلیفہ بنا تھا۔ لیکن پہلی روایت کو زیادہ قرین صحت قرار دیا گیا ہے[3]۔

ابو دلامہ کا دیوان ابھی تک مرتب نہیں ہوا۔ علی بن المنجم المتوفی ۲۸۸ھ نے اپنی تالیف ”کتاب البارع فی اختیار شعر المحدثین“ میں اُس کے کلام کا انتخاب درج کیا ہے[4]۔ مزید برآں آدب و تذکرہ کی کتابوں میں بھی اُس کے حالات و لطائف کے ضمن میں اُس کے اشعار کا ذکر ہوا ہے۔ ذیل میں ہم اُس کے مشہور ترین لطائف اور دلچسپ اشعار کا تذکرہ کرتے ہیں۔

جب مروان بن محمد اور سنان الخارجی کے مابین جنگ ہوئی تو ابو دلامہ مروان بن محمد کے لشکر میں شامل تھا۔ جنگ کی ابتداء میں سنان کے لشکر سے ایک خارجی بہادر میدان میں آیا اور اُس نے مبارز طلب کیا۔ اُس کے مقابلے کے لیے مروان کے لشکر سے جتنے سپاھی نکلے خارجی نے اُن کو موت کے گھاٹ اُتار دیا۔ مروان یہ دیکھ کر سخت غضبناک ہوا اور اُس نے اعلان کیا کہ جو کوئی اس خارجی کو قتل کرے گا اُسے پانچ سو درھم انعام دیا جائے گا۔ متعدد سپاھیوں نے اس رقم کے لالچ میں خارجی کا مقابلہ کیا لیکن سب کے سب مارے گئے۔

---

(۱) ”وفیات“ ۶ : ۳۰ ، ”معجم الادباء“ ۱۱ : ۱۶۷۔
(۲) ”وفیات“ ۶ : ۳۰ ، ”تاریخ بغداد“ ۸ : ۴۸۸۔
(۳) ”تاریخ بغداد“ ۸ : ۴۸۸۔ (۴) ”وفیات“ ۶ : ۲۷۔

مروان نے انعام کی رقم کو بڑھا کر ایک ہزار درہم کر دیا لیکن پھر بھی کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا ۔ اب اُس نے انعام کی رقم پانچ ہزار کر دی ۔ اتنی خطیر رقم دیکھ کر ابو دلامہ کے دل میں ہوس و لالچ کے جذبات پیدا ہوئے اور اُس نے فوراً میدان جنگ کی طرف ایڑ لگا دی ۔ جب وہ خارجی کے قریب پہنچا تو اُس کی خوفناک صورت دیکھ کر اس قدر ہیبت زدہ ہوا کہ کانپنے لگا ۔ خارجی نے اُس وقت یہ شعر پڑھے :

و خارجٍ أَخْرَجَهُ حُبُّ الطَّمَعْ فَرَّ مِنَ الموت و فی الموت وَقَعْ

مَنْ کان ینوی اهله فلا رَجَعْ

ابو دلامہ یہ شعر سنتے ہی میدان جنگ سے بھاگ نکلا ۔ جب مروان نے یہ نظارہ دیکھا تو سخت ناراض ہوا اور کہا ”اس شخص نے ہمیں ذلیل ورسوا کر دیا ہے اسے پکڑ کر میرے پاس لاؤ“ ابو دلامہ لوگوں کے از دحام میں گھس گیا اور اس طرح خلیفہ کے عتاب سے اپنی جان بچائی[1] ۔

خلیفہ السفاح کی وفات کے بعد ایک مرتبہ ابو دلامہ خلیفہ کی بیوہ ام سلمہ کے ہاں گیا اور خلیفہ کو یاد کرکے آنسو بہانے لگا ۔ ام سلمہ بھی رونے لگی اور بولی ”ابو دلامہ السفاح کی موت سے جس قدر صدمہ مجھے اور تمہیں پہنچا ہے اتنا کسی اور کو نہیں پہنچا“ ۔ ابو دلامہ بولا ”ام سلمہ مجھے تم سے کہیں زیادہ صدمہ ہوا ہے ۔ تم نے تو خلیفہ کے ایک بیٹے کو جنم دیا ہے میں تو ایسا بھی نہیں کر سکا“ ۔ ام سلمہ یہ بات سن کر ہنسنے لگی ۔ کہتے ہیں السفاح کے مرنے کے بعد ام سلمہ کے لبوں پر پہلی مرتبہ ہنسی اُس وقت آئی[2] ۔

---

(۱) ”الاغانی“ ۱۰ : ۲۵۷ ۔
(۲) ”معاهدالتنصیص“ ۱ : ۲۱۳ ۔

ایک مرتبہ ابو جعفر المنصور کی چیچیری بہن مر گئی جس کا اُسے بہت صدمہ ہوا۔ المنصور جنازے میں شریک ہوا۔ جب تدفین کا وقت آیا تو اُس نے ابو دلامہ کو چھیڑنے کے لیے قبر کی طرف اشارہ کیا اور کہا "ابو دلامہ اس قبر میں داخل کیے جانے کے لیے تم نے کس کو تیار کیا ہے"۔ ابو دلامہ نے فوراً جواب دیا "امیر المومنین کی چیچیری بہن کو"۔ المنصور یہ جواب سن کر ہنس پڑا اور بولا "ابو دلامہ تم نے مجھے لوگوں کے سامنے رسوا کر دیا[1]۔

خطیب بغدادی نے بھی اس روایت کا تذکرہ کیا ہے لیکن اُن کے قول کے مطابق جنازہ المنصور کی بیوی حمادہ بنت عیسیٰ کا تھا[2]۔

ایک دفعہ ابو دلامہ خلیفہ المنصور کی خدمت میں حاضر ہوا اور ذیل کے اشعار اُسے سنائے:

رأیتك فی المنام کسوت جلدی ثیابا جمة و قضیت دینی

و کان بنفسجی الخز فیها و ساج ناعم فاتم زینی

فصدق یا فدتك النفس رؤیا رأتها فی المنام کذاك عینی

خلیفہ نے یہ اشعار سن کر حکم دیا کہ وہ تمام اشیاء جن کا ذکر ابودلامہ نے اپنے اشعار میں کیا ہے اُسے دے دی جائیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہہ دیا کہ اگر تمہیں اس قسم کا کوئی خواب پھر آیا تو وہ غلط ثابت ہوگا۔

ابو دلامہ خوشی خوشی خلیفہ کے دربار سے نکلا اور سیدھا شراب خانے کی طرف چل دیا۔ وہاں عرصے تک شراب پیتا رہا۔ جب نشے میں دھت ہو گیا تو گھر کی طرف روانہ ہوا۔ راستے میں گشتی دستے

---

(۱) "الاغانی" ۱۰ : ۲۴۳ ، وفیات ٦ : ١٧ -

(۲) "تاریخ بغداد" ۸ : ۴۸۹ -

کے سپاھیوں نے اُس کو پکڑ لیا اور اُس سے نام پوچھا ۔ اُس نے جواباً یہ شعر پڑھے :

دینی علی دین بنی العباس   فاختم الطین علی القرطاس
اذا اصطبحت اربعا بالکاس   فقد أدار شربها براسی
فهل بما قلت لکم من باس

سپاھیوں نے اُسے گرفتار کر لیا اور سیدھا خلیفہ کے پاس لے گئے ۔ خلیفہ نے حکم دیا کہ اُسے مرغیوں کے ڈربے میں بند کر دیا جائے ۔ جب ابو دلامہ کا نشہ کچھ اُترا تو اُس نے اپنی لونڈی اور غلام کو آوازیں دینی شروع کر دیں ۔ لیکن جواب میں سوائے مرغوں اور مرغیوں کے کڑ کڑانے کے اور کچھ نہ سن سکا ۔ جب اُس نے بہت شور مچایا تو مرغی خانے کا محافظ آیا ۔ ابو دلامہ نے اُس سے پوچھا کہ یہاں مجھے کون لایا ھے ۔ اُس نے جواب دیا تم کو سپاھیوں نے نشے کی حالت میں دیکھ کر گرفتار کر لیا تھا اور خلیفہ کے حکم سے تم کو یہاں بھیجا گیا تھا ۔ ابو دلامہ نے قلم اور دوات منگوائی اور ذیل کے اشعار خلیفہ کو لکھ کر بھیجے :

أمیر المومنین فدتك نفسی   علی ماحبستنی و خرقت ساجی
أمن صهباء صافیة المزاج   کان شعاعها لهب السراج
و قد طبخت بنار الله حتی   لقد صارت من النطف النضاج
تهش لها القلوب و تشتهیها   اذ برزت ترقرق فی الز جاج
أقاد الی السجون بغیر جرم   کانی بعض عمال الخراج
ولو معهم حبست لکان سهلا   و لکنی حبست مع الدجاج
وقد کانت تخبرنی ذنوبی   بانی من عقابك غیر ناجی
علی أنی وان لاقیت شرا   لخیرك بعد ذاك الشر راجی

خلیفہ نے یہ اشعار پڑھ کر ابو دلامہ کو بلا بھیجا اور پوچھا " ابو دلامہ تمہیں کہاں قید کیا گیا تھا "۔ اس نے جواب دیا " امیر المومنین مرغیوں کے ڈربے میں " خلیفہ بولا " تو تم رات بھر کیا کرتے رہے ہو "۔ امیر المومنین میں بھی رات بھر ان کے ساتھ کڑکڑاتا رہا ہوں۔ خلیفہ یہ سن کر ہنس پڑا اور اسے نہ صرف آزاد کر دیا بلکہ اسے انعام بھی دیا[1]۔

ابو دلامہ اور السید الحمیری ایک دفعہ اکٹھے بیٹھے شراب نوشی میں مشغول تھے کہ اچانک ابو دلامہ کی لڑکی ادھر آ نکلی۔ وہ انتہائی بد صورت تھی۔ ابو دلامہ نے اسے دیکھتے ہی یہ شعر پڑھا :

فما و لدتك مريم ام عيسى و لا رباك لقمان الحكيم

اور پھر السید الحمیری کی طرف متوجہ ہوا اور کہا " اے ابو ہاشم تم بھی کچھ کہو "۔ اس نے یہ شعر چست کیا :

و لكن قد تضمك امّ سوء الى لبّاتها و ابٌ لئيم

ابو دلامہ یہ شعر سن کر کھکھلا کر ہنس پڑا۔ بعد ازاں وہ کسی دن المنصور کے ہاں گیا اور اسے یہ سارا واقعہ سنایا اور دونوں شعر بھی سنائے۔ پھر درج ذیل اشعار اس کی مدح میں پیش کیے :

لو كان يقعد فوق الشمس من كرم

قوم لقيل اقعدوا يا آل عبّاس

ثم ارتقوا فى شعاع الشمس كلّكم

الى السماء فانتم اظهرُ الناس

(۱) "تاریخ بغداد" ۸ : ۴۹۱ ' "معاہد" ۱ : ۲۱۳ -

وقدّ سوا القائمَ المَنْصورَ رأسكم
فالعين و الأنف و الا ذنان فى الرأس

المنصور یہ شعر سن کر بہت خوش ہوا اور بولا " تمہاری بیٹی کی اس کمی کو پورا کرنے کے لیے تمہیں کیا دوں " ابو دلامہ گھر سے ایک تھیلی لے کر آیا تھا وہ نکالی اور کہا " امیر المومنین یہ تھیلی درھموں سے بھر دیجیے ۔ خلیفہ نے حکم دیا کہ ابو دلامہ کی فرمائش پوری کی جائے ۔ اس تھیلی میں چار ہزار درھم آئے[1] ۔ اس واقعہ سے ملتا جلتا ایک اور واقعہ کتاب الاغانی میں مذکور ہے اور وہ یوں کہ ایک مرتبہ ابو عطاء السندی ابو دلامہ کے گھر گیا ۔ ابو دلامہ نے اسے کھانے پر مدعو کیا ۔ دونوں بیٹھے کھانا کھا رہے تھے کہ کہ ابو دلامہ کی ایک چھوٹی سی بچی اندر سے آئی ۔ ابودلامہ نے اس کو کندھے پر بٹھا لیا ۔ بچی نے فوراً پیشاب کر دیا ۔ ابودلامہ نے اس کو نیچے پٹخ دیا اور کہا :

بَلَلْتِ عَلَيَّ ۔ لا حُيِّيتِ ۔ ثوبى فبال عليك شيطانٌ رجيمٌ
فما و لَدتك مريمُ أمّ عيسى و لا رباك لُقْمانُ الحكيم

اس کے بعد وہ ابو عطاء کی طرف متوجہ ہوا اور کہا اب تم کچھ کہو اس نے یہ شعر پڑھے :

صدقت ابا دلامة لم تلدْها مُطَهَّرةٌ ولا فحل كريمٌ
و لكن قد حَوَتها أُمُّ سَوء الى لَبّاتها و اب لئيم

ابودلامہ یہ شعر سن کر سخت ناراض ہوا اور قسم کھائی کہ آئندہ کبھی ابو عطاء کو شعر گوئی کی دعوت نہیں دوں گا[2] ۔

---

(۱) "الاغانی" ۱۰ : ۲۵۲ ' "معاهد" ۱ : ۲۱۱ ۔
(۲) "الاغانی" ۱۰ : ۲۵۲ ' "معاهد" ۱ : ۲۱۱ ۔

ایک مرتبہ ابو دلامہ کئی دلوں تک ابو جعفر المنصور کے دربار میں حاضر نہ ہو سکا - جب وہ آیا تو خلیفہ نے اسے سزا دینے کے لیے حکم دیا کہ وہ ہر وقت محل میں موجود ہے اور مسجد میں با جماعت نماز ادا کرے - خلیفہ نے ابو دلامہ کی حاضری لینے پر بھی ایک شخص کو متعین کر دیا - ابو دلامہ کو سخت دقت پیش آئی - کچھ دنوں کے بعد المنصور کا وزیر ابو ایوب المَوریانی ابو دلامہ کے پاس سے گزرا تو ابو دلامہ نے اس کو ایک سربمہر لفافہ دیا اور گزارش کی کہ اسے خلیفہ کے خدمت میں پیش کر دیا جائے - خلیفہ نے لفافہ کھولا تو اس میں ذیل کے شعر درج تھے :

الم تَعْلَمُوا أنَّ الخلیفة لَزَّنِی
بمسجده و القصر مالی و لِلْقَصْر

أُصَلِّی به الأُولی مَعَ العَصْر دائماً
فویلی مِنَ الْأُولی وَ وَیْلِی مِنَ العَصْر

وَ واللہ مالی نِیَّةٌ فی صلاتِهِمْ
و لا البِرّ و لْاحْسَانُ و الخیرِ مِنْ أَمرِی

وَ مَا ضَرَّه - وَ اللہُ یُصْلِحُ أَمْرَهُ
لو أنَّ ذُنُوبَ العالَمِیْنَ علی ظهری

المنصور یہ شعر پڑھ کر ہنس پڑا اور اس نے ابو دلامہ کو بلا بھیجا اور رقعہ دیگر شعر پڑھنے کے لیے کہا - ابو دلامہ بھانپ گیا کہ خلیفہ کا ارادہ ہے کہ شعر اس سے پڑھوا کر اس سے ان کے کہنے کا

اقرار کروائے اور پھر نماز کا مذاق اڑانے کی بنا پر اسے حد لگائے ۔ چنانچہ ابو دلامہ نے رقعہ پڑھنے سے انکار کر دیا ۔ خلیفہ بولا " اگر تم ان اشعار کو ایک مرتبہ میرے سامنے پڑھ لیتے تو میں یقیناً تمہیں حد لگاتا ۔ ابو دلامہ بولا " امیر المومنین شعراء کے بارے میں فرمان خداوندی "یقولون ما لم یفعلون کے باوجود " ۔ خلیفہ یہ جواب سن کر بہت محظوط ہوا اور نہ صرف اس پر عائد کردہ پابندیوں کو اٹھا لیا بلکہ اسے انعام دیا[1] ۔

ایک دفعہ خلیفہ المنصور نے اپنے جملہ مصاحبوں کو حکم دیا کہ وہ سیاہ لباس اور لمبی ٹوپیاں پہنا کریں اور ایک پٹی جس پر آیت " فسیکفیکھم اللہ و ھو السمیع العلیم " لکھی ہو ان کی پشت پر لگی ہو ۔ مزید برآں وہ ہمہ وقت اپنی تلوار کو کمر بند میں لٹکائے رکھیں ۔ خلیفہ کے اس حکم کی تعمیل کی گئی ۔ جب ابو دلامہ خلیفہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے خریت پوچھی ۔ ابو دلامہ بولا " امیر المومنین بہت برا حال ہے " خلیفہ نے کہا " کیا بک رہے ہو " ۔ ابو دلامہ بولا " امیر المومنین میں نے سیاہ رنگ کا ماتمی لباس پہن رکھا ہے ، کتاب اللہ کو پس پشت ڈالے ہوئے ہوں ، اور تلوار میری پیٹھ میں گھسی جا رہی ہے اور آپ میرا حال پوچھ رہے ہیں ۔ المنصور یہ سن کر ہنس پڑا اور اسے اس نئے حکم سے مستثنیٰ قرار دے دیا[2] ۔ اس واقعے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ابو دلامہ نے یہ شعر کہے :

وَ کُنَّا نُرَجّی مِنْ امامٍ زیادۃً

فَجَادَ بِطُولٍ زَادَہُ فی القَلانِسِ

---

(۱) "الاغانی" ۱۰ : ۲۶۰ ، "تاریخ بغداد" ۸ : ۴۹۱ ۔
(۲) "الاغانی" ۱۰ :

نَرَاهـا عـلی هـام الـرّجـال کَأَنَّهـا
دَنـانُ یـهـودٍ جُلّلَـت بالـبَـرانس[1]

ایک مرتبہ ابو دلامہ خلیفہ المہدی کے دربار میں حاضر ہوا۔ اُس وقت اُس کے پاس اسماعیل بن محمد، عیسی بن موسی، العباس بن محمد اور محمد بن ابراہیم وغیرہ بیٹھے ہوئے تھے۔ خلیفہ نے ابو دلامہ کو مخاطب کرکے کہا ''میں قسم کھاتا ہوں کہ اگر تم نے اہل مجلس میں سے کسی ایک کی ہجو نہ کی تو تمہاری زبان کٹوا دوں گا۔ ایک روایت میں ہے کہ تمہاری گردن کٹوا دوں گا۔ حاضرین مجلس نے اُس پر ترس کھاتے ہوئے اُسے آنکھوں ہی آنکھوں میں ہجو کی اجازت دے دی۔ لیکن اُس نے اس مصیبت سے نکلنے کا یہ طریقہ نکالا کہ اپنی ہجو شروع کردی، اور یہ شعر پڑھے :

أَلا أَبلغ الیکَ أبا دُلامة — فلیس من الکرام ولا کرامة
اذا لبس العمامة کان قِردا — وخنزیرًا اذا نزع العمامة
جَمَعْتَ دَمَامةً وجَمَعْتَ لؤمًا — کذاک اللُّؤم تتبعه الدّمامة
فان تکُ قد أصبتَ نعیمَ دُنیا — فلا تَفرَح فقد دَنت القیامة

ابو دلامہ کی ذہانت حاضر دماغی سے جملہ اہل مجلس بہت خوش ہوئے اور اُن سب نے اُس کو انعام دیا۔[2]

خلیفہ المہدی کے چچا عبداللہ بن علی نے ۱۳۷ھ میں اُس کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تھا۔ المہدی نے اُس کے مقابلے کے لیے روانہ ہونے والے لشکر میں ابو دلامہ کو بھی شامل کر دیا۔ ابو دلامہ یہ

(۱) "الاغانی" ۱۰ :
(۲) "الاغانی" ۱۰ : ۲۷۰۔

معلوم کرکے بہت گھبرایا ۔ فوراً خلیفہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا ''امیرالمومنین مجھے اپنے کسی لشکر کے ساتھ روانہ کرنے کی غلطی نہ کیجیے گا ۔ میں اس سے پیشتر ۹ لشکروں میں شریک ہوا ہوں اور وہ سب کے سب خائب و خاسر واپس آئے ہیں ۔ ایسا نہ ہو کہ آپ کا لشکر دسواں ناکام لشکر ثابت ہو ۔ المہدی ابو دلامہ کی یہ بات سن کر ہنس پڑا اور اسے لشکر کی ہمراہی سے مستثنیٰ کر دیا ۔[1]

ایک دفعہ ابودلامہ خلیفہ المہدی کے دربار میں حاضر ہوا ۔ خلیفہ نے اسے اپنی حاجات بیان کرنے کے لیے کہا ۔ ابو دلامہ بولا ''امیرالمومنین مجھے ایک شکاری کتا دے دیجیے ۔'' خلیفہ یہ بات سن کر ناراض ہوگیا اور کہنے لگا ''تم عجب انسان ہو میں تمھیں کوئی ضرورت بیان کرنے کے لیے کہہ رہا ہوں اور تم مجھ سے ایک شکاری کتا طلب کر رہے ہو ۔'' ابودلامہ بولا ''امیرالمومنین مجھے جس چیز کی ضرورت تھی میں نے وہی مانگی ہے ۔'' خلیفہ نے حکم دیا کہ ابودلامہ کو ایک شکاری کتا دے دیا جائے ۔'' اب ابو دلامہ کہنے لگا ''امیرالمومنیں آپ نے مجھے شکاری کتا تو دے دیا ۔ کیا میں شکار کے لیے پیدل جایا کروں گا ۔'' خلیفہ نے یہ سن کر ۔ اس کے لیے ایک سواری مہیا کرنے کا حکم دیا ۔ اب ابو دلامہ نے کہا ''امیرالمومنین ان کی نگہداشت کون کرے گا'' خلیفہ نے کہا ''اسے ایک غلام دے دیا جائے ۔'' ابو دلامہ بولا ''امیرالمومنین جب میں شکار کے بعد گھر لوٹوں گا تو گوشت کون پکائے گا''۔ خلیفہ نے حکم دیا کہ ابودلامہ کو ایک لونڈی بھی دے دی جائے ۔ اب ابو دلامہ بولا ''امیرالمومنین کیا یہ سب صحرا میں رات بسر کیا کریں گے ۔ خلیفہ نے کہا

---

(۱) ''الاغانی'' ۱۰ : ۲۵۴ ' ''وفیات'' ٦ : ۲۳ ۔

"ابو دلامہ کو ایک مکان بھی دیا جائے۔" ابودلامہ بولا "امیرالمومنین آپ نے مجھ پر پورے کنبے کا بوجھ لاد دیا ہے۔ یہ سب کھائیں گے کہاں سے"۔ خلیفہ بولا "میں تمھیں ایک ہزار جریب آباد (عامر) اور ایک ہزار جریب غامر (غیر آباد) زمین دیتا ہوں۔ ابو دلامہ بولا "امیرالمومنین عامر کے معنی تو میں سمجھتا ہوں لیکن غامر سے کیا مراد ہے" خلیفہ بولا "غامر اُس زمین کو کہتے ہیں جس میں کچھ نہ اُگتا ہو۔" ابو دلامہ بولا "امیرالمومنین میں آپ کو صحرا میں ایک ہزار جریب غیر آباد زمین دیتا ہوں اور اُس کے عوض صرف ایک جریب عامر زمین کا مطالبہ کرتا ہوں۔" خلیفہ بولا "کہاں"۔ ابو دلامہ نے کہا "بیت المال میں"۔ خلیفہ نے اپنے مصاحبین سے کہا "بیت المال سے خزانے کو اُٹھا لو اور اسے ایک جریب زمین دے دو" ابو دلامہ بولا امیرالمومنین اگر خزانے کو اُٹھا لیا گیا تو وہ زمین عامر نہیں رہے گی بلکہ غامر ہو جائے گی۔ خلیفہ یہ بات سن کر بہت محظوظ ہوا۔[۱]

جب المہدی ری سے بغداد آیا تو ابو دلامہ اُسے مبارک باد دینے کے لیے اُس کی خدمت میں حاضر ہوا۔ المہدی نے خیریت پوچھی تو اُس نے یہ شعر پڑھے:

انّی حلفت لَئن رأیتک سالماً
بقُری العراق وانت ذو وَفَر
لتُصَلِّینّ علی النّبی محمّد
ولتَمْلأنّ دراهماً حِجْری

المہدی یہ شعر سن کر بولا "میں" تمہاری پہلی قسم تو پوری

---

(۱) "الاغانی" ۱۰ : ۲۳۹ ، "معاهد" ۱ : ۲۱۰ ۔

کرنے کے لیے تیار ہوں لیکن دوسری قسم کے لیے راضی نہیں ۔" ابودلامہ بولا "میں آپ کے قربان جاؤں ۔ یہ دو ایسی باتیں ہیں کہ ان کے مابین تفریق جائز نہیں "۔ خلیفہ نے حکم دیا کہ ابو دلامہ کی گود کو دراھم سے بھر دیا جائے ۔[1]

خلیفہ المهدی اور علی بن سلیمان ایک مرتبہ شکار کے لیے گئے ۔ ابو دلامہ بھی اُن کی معیت میں تھا ۔ المهدی نے ایک ہرن کو نشانہ بنایا اور اُسے شکار کر لیا ۔ علی بن سلیمان نے بھی ایک ہرن کو تیر مارا لیکن نشانہ چوک گیا اور ہرن کی بجائے شکاری کتوں میں سے ایک کتا ہلاک ہوگیا ۔ المهدی یہ نظارہ دیکھ کر ہنسنے لگا اور اُس نے ابو دلامہ سے کہا "اس واقعے کے بارے میں کیا کہتے ہو" ابو دلامہ نے فوراً یہ شعر پڑھے :

قَدْ رمی المهديُّ ظبياً شكَّ بالسَّهْمِ فُؤادَهْ
وعَلِيُّ بن سُلَيْمَا نَ رَمَى كَلْباً فَصَادَهْ
فَهَنِيئاً لكُمَا، كُلُّ امْرِئٍ يا كُلُّ زَادَهْ

خلیفہ نے یہ شعر سن کر ابو دلامہ کو ۳۰ ہزار دینار انعام میں دیے ۔[2]

ابو دلامہ ایک مرتبہ المهدی کے پاس گیا اور کہا "امیرالمومنین میری بیوی ام دلامہ فوت ہوگئی ہے اور میں دنیا کی ٹھوکریں کھانے کے لیے اکیلا رہ گیا ہوں ۔" خلیفہ نے بہت افسوس کا اظہار کیا اور حکم دیا کہ اُسے ایک ہزار درہم دیے جائیں تاکہ وہ ایک لونڈی خرید لے ۔ اُسی وقت ام دلامہ ملکہ خیز ران کے پاس گئی اور کہا

---

(۱) "الاغانی" ۱۰ : ۲۶۵ ۔
(۲) "الاغانی" ۱۰ : ۲۷۰ ' "تاریخ بغداد" ۸ : ۳۹۲ ' "وفیات" ۲ : ۲۸ ۔

"ملکہ عالیہ ابو دلامہ وفات پا گیا ہے اور میں دنیا کی مصیبتیں برداشت کرنے کے لیے اکیلی رہ گئی ہوں۔" ملکہ نے بڑی اس کو ایک ہزار درھم دیے۔ جب خلیفہ ملکہ کے پاس گیا تو اس پر رنج والم کے نشانات ہویدا تھے - خیزران نے خیریت پوچھی تو خلیفہ نے کہا "ابو دلامہ کی بیوی وفات پا گئی ہے اس لیے غمگین ہوں۔" خیز ران بولی "امیرالمومنین ام دلامہ تو فوت نہیں ہوئی بلکہ ابو دلامہ فوت ہوا ہے" یہ سن کر خلیفہ بولا "اللہ تعالی ابو دلامہ اور ام دلامہ دونوں ھلاک کرے۔ انھوں نے ہمیں دھوکا دیا ہے۔"[1]

ابو دلامہ خلیفہ المھدی کے دربار میں حاضر ہوا - سلمہ الوصیف[2] بھی خلیفہ کے پاس موجود تھا۔ ابو دلامہ نے اسے دیکھ کر کہا "امیرالمومنین یہ سلمہ آپ کے پاس کھڑا ہے۔ اس کی عمر ۸۰ برس کی ہے۔ لیکن آپ اسے الوصیف کہہ کر پکارتے ہیں۔ اگر ۸۰ برس کا بوڑھا وصیف ہو سکتا ہے تو میرا بوڑا گھوڑا کیونکر بچھیرا نہیں ہو سکتا۔ خلیفہ یہ سن کر ھنس پڑا - سلمہ نے ابودلامہ کو گالیاں دینی شروع کردیں - خلیفہ نے سلمہ کو کہا "اگر ابودلامہ نے ایسی بات کسی مجلس میں کہہ دی تو تم رسوا ہو جاؤ گے - بہتر ہے کہ تم ایک ہزار دینار دے کر اس کی زبان بند کردو - سلمہ نے خلیفہ کی بات مان لی اور ابو دلامہ نے وعدہ کیا کہ آئندہ ایسی بات کبھی نہیں کروں گا۔[3]

روح بن ھاتم المھلبی والی بصرہ خراسانیوں کے ساتھ جنگ کے لیے گیا - ابو دلامہ بھی اس کی فوج میں موجود تھا۔ جنگ کی ابتداء

---

(۱) "تاریخ بغداد" ۸ : ۴۹۳ -

(۲) وصیف کے لغوی معنی نوجوان لڑکے یا ملازم کے ہیں۔ عباسی خلفاء جملہ ملازموں کو الوصیف کہا کرتے ہیں۔

(۳) "معاھد" ۱ : ۲۱۵ -

میں دشمن کی صفوں سے ایک بہادر نکلا اور اس نے مبارز طلب کیا ۔ یکے بعد دیگر کئی سپاہی اس کا مقابلہ کرنے کے لیے نکلے لیکن سب کے سب مارے گئے ۔ اب روح نے ابو دلامہ کو اس کے مقابلے کے لیے جانے کا حکم دیا ۔ ابو دلامہ نے معذوری کا اظہار کیا ۔ جب روح نے اصرار کیا تو اس نے یہ شعر پڑھے :

انّی اعُوذُ بَروحٍ أن یُقدّمنِی الی القتال فَیخزی بی بنواسد

ان المہلب حُبّ الموت أورثکم ولم ارث اناحب الموت من احد

انّ الدُّنوّ انی الا عداء أعلمہ ممایفرقُ بین الروح و الجَسد

روح نے یہ اشعار سننے کے باوجود اصرار کیا اور کہا کہ اگر تم میدان جنگ سے اس قدر خائف ہو تو خلیفہ سے تنخواہ کیوں لیتے ہو ۔ ابو دلامہ نے جواب دیا ”اگر میں میدان جنگ میں گیا تو دوسرے سپاہیوں کی طرح فوراً قتل ہو جاؤں گا ۔ میری شرط ملازمت یہ نہیں ہے کہ میدان میں مارا جاؤں بلکہ یہ ہے سلطان کا دفاع کروں ۔“ روح نے قسم کھا کر کہا کہ تمہیں ضرور میدان میں جانا پڑے گا ۔ یا تو دشمن کو قتل کر ڈالو یا اسے گرفتار کرکے لے آؤ اور یا خود قتل ہو جاؤ ۔“ جب ابو دلامہ نے روح کو اپنی بات پر مصر پایا تو کہنے لگا ”اے امیر یہ میری زندگی کا آخری دن ہے میں سفر آخرت پر روانہ ہونے سے پیشتر کچھ زاد راہ لینا چاہتا ہوں“ امیر روح نے حکم دیا کہ اس کے لیے کھانے کا انتظام کردیا جائے ۔ ابو دلامہ نے ایک روٹی، کچھ پھل، بھنا ہوا گوشت، مرغ اور شراب کا ایک مٹکا لے لیا اور تلوار سونت کر دشمن کی طرف بڑھا ۔ جب وہ مدمقابل کے قریب پہنچا تو اس نے تلوار نیام میں ڈال لی اور بولا ”دیکھو جلدی نہ کرو ۔

پہلے میری باتیں غور سے سن لو''۔ کیا تم مجھے جانتے ہو ؟ اس نے کہا
''نہیں''۔ ابودلامہ نے اپنا نام بتایا تو وہ بولا ''تم نے یہ دیکھنے کے
باوجود کہ میں نے تمھارے کئی ساتھیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا
ہے میرے مقابلے پر آنے کی جرات کیوں کی'' ۔ ابو دلامہ بولا میں
تمھارے ساتھ لڑنے کے لیے تو نہیں آیا ۔ میں تو تمھیں اپنا دوست بنانے
آیا ہوں ۔ اگر چاہو تو تمھیں ایسی بات بتاؤں جو میری اور تمھاری جنگ
سے بہتر ہے'' اس نے کہا ''بتاؤ'' ۔ ابو دلامہ بولا ''ہمیں خراسان
اور عراق سے کیا کام آؤ مل کر کھانا کھائیں ۔ میرے پاس بھنا
ہوا گوشت اور شراب موجود ہے ۔ کھانے کے بعد میں تمھیں شعر سناؤں
گا ۔ ابو دلامہ کا مد مقابل بولا ''اس سے اچھی بات اور کیا ہو سکتی
ہے ۔'' چنانچہ وہ دونوں میدان جنگ سے نکل گئے ۔ جب وہ کھانے سے
فارغ ہوئے تو ابو دلامہ نے اپنے ساتھی سے کہا ''روح بڑا شریف انسان
ہے ۔ اگر تم اس کی اطاعت قبول کر لو تو تمھیں خوب انعام دے گا''
اس نے ابو دلامہ کی بات مان لی ۔ ابودلامہ اپنے مبارز کو ساتھ لے کر
اچانک اپنے لشکر میں داخل ہوا اور روح کے سامنے پیش ہوا ۔ روح
نے پوچھا ''ابودلامہ تم کہاں چلے گئے تھے ۔'' جواب دیا ''میں آپ کے
فرمان کی تعمیل میں کوشاں تھا ۔ اس شخص کو قتل کرنا میرے بس
کا روگ نہ تھا ۔ میں اپنی جان سے بھی ہاتھ نہیں دھونا چاہتا تھا ۔
بے نیل مرام واپس آنے سے بھی آپ کی بنا پر خائف تھا ۔ لہذا میں اپنے
مقابل کو آپ کے کرم کا اسیر بنا کر لے آیا ہوں ۔ آپ کی جانب سے
میں نے اس کے ساتھ ان ان چیزوں کا وعدہ کیا ہے ۔ روح نے ابودلامہ
کے وعدوں کو پورا کرنے کا حکم صادر کردیا ۔ اس طرح ابو دلامہ

اس مشکل سے نکلا اور اُس نے اپنی جان بچاتی ۔[1]

ایک مرتبہ ابودلامہ کا لڑکا بیمار پڑ گیا ۔ اُس نے طبیب کو علاج کے لیے بلایا اور ایک مخصوص رقم بطور اجرت دینے کا وعدہ کیا ۔ جب لڑکا شفا یاب ہوگیا تو اُس نے طبیب سے کہا کہ میرے پاس تمھیں دینے کے لیے پھوٹی کوڑی بھی نہیں ہے - ہاں اگر تم فلاں یہودی کے خلاف نالش کردو کہ اُس نے تمہارا قرض دینا ہے تو میں اور میرا لڑکا دونوں تمھارے حق میں گواہی دیں گے اور اسی طرح تمھیں مطلوبہ رقم مل جائے گی ۔ چنانچہ طبیب قاضی کوفہ کی عدالت میں حاضر ہوا اور یہودی پر رقم کا دعوہ کردیا ۔ یہودی نے انکار کیا ۔ طبیب بولا میرے پاس گواہ موجود ہیں ۔" قاضی نے حکم دیا کہ گواہوں کو پیش کیا جائے - ابودلامہ اور اس کا لڑکا طبیب کی جانب سے گواہی دینے کے لیے قاضی کے سامنے آئے - ابو دلامہ کو خدشہ تھا کہ کہیں قاضی اُس سے خلف نہ اُٹھوائے ۔ چنانچہ اُس نے فوراً یہ شعر پڑھے :

ان الناس غطونی تغطیت عنهم   و ان بحثو عنی ففیهم مباحث

و ان نبثو بئری نبثت بئارهم   لیلعم قوم کیف تلک النبائث

ان اشعار کے بعد ابو دلامہ اور اُس کے لڑکے دونوں نے شہادت دی - قاضی اصل معاملہ بھانپ گیا اور اُس نے طیب کو مطلوبہ رقم اپنی جیب سے ادا کر دی ۔[2]

"کتاب الاغانی" اور دیگر کتابوں میں مندرجہ بالا اشعار کے بارے میں ایک اور روایت بھی مذکور ہے اور وہ یہ کہ ایک مرتبہ ابو دلامہ کی ایک پڑوسن کا ایک گدھے کی ملکیت کے بارے میں کسی شخص سے جھگڑا ہوگیا ۔ ابودلامہ اپنی پڑوسن کی جانب سے

---

(۱) "وفیات" ۶ : ۲۲ ، ۲۳   (۲) "وفیات" ۶ : ۳۲ -

شہادت دینے کے لیے قاضی ابن ابی لیلی کی عدالت میں حاضر ہوا۔ شہادت دینے سے پہلے قاضی کو مخاطب کرکے کہا ''قاضی صاحب پہلے وہ شعر سن لیجیے جو میں نے ابھی ابھی کہے ہیں''۔ چنانچہ اس نے یہ شعر سنائے۔ قاضی بھانپ گیا کہ معاملہ ہے۔ اس نے اس مسئلہ کا حل یہ نکالا کہ عورت سے گدھا ایک سو درھم میں خود خرید لیا اور دوسرے دعویدار کو اپنی جانب سے ھبہ کر دیا اور اس طرح ابودلامہ کی زبان سے اپنے آپ کو بچایا۔[1]

ابن خلکان نے ابن شبہ کی کتاب اخبارالبصرہ کے حوالے سے درج کیا ہے کہ ابو دلامہ نے سعید بن دعلج والئی بصرہ کو اپنے چچیرے بھائی کے ہاتھ درج ذیل شعر لکھ کر بھیجے:

اذا جئتَ الأميرَ فقل سلام　　علیک و رحمة الله الرحیم
وَ أمّا بعد ذاكَ فلی غریمٌ　　من الاعراب قبح من غریم
لهٗ الفٌ علیّ و نصفُ آخری　　و نصف النصف فی صک قدیم
درهمُ ما انتفعتُ لها ، ولكن　　وصَلتُ بها شیوخ بنی تمیم

ابن دعلج نے یہ شعر پڑھ کر ابودلامہ کی مطلوبہ رقم فوراً اس کو بھیجوا دی اور اس طرح ابو دلامہ کی طلاقت لسانی سے اپنے آپ کو محفوظ کیا۔

ایک مرتبہ ابو دلامہ کوفہ کے ایک کھجور فروش کی دوکان کے پاس سے گزرا اور اس سے کہا ''میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ تم نے مجھے کئی ٹوکریاں کھجوریں ھدیۃ دی ہیں۔ دوکاندار ابو دلامہ کی زبان سے اس قدر خائف تھا کہ اس نے فوراً دو ٹوکریاں کھجوریں اس کی خدمت میں پیش کر دیں۔[2]

---

(۱) ''الاغانی'' ۱۰ : ۲۵۱ ' ''معاھد'' ۱ : ۲۱۱ ' ' تاریخ بغداد'' ۸ : ۴۹۰ -
(۲) ''وفیات'' ۲ : ۱۷ -

موسی بن داود نے جب حج پر جانے کا ارادہ کیا تو ابو دلامہ سے کہا اگر تم میرے ساتھ حج پر جانے کے لیے تیار ہو جاؤ تو تمھیں دس ہزار درھم دوں گا ۔ ابودلامہ نے کہا ''لاؤ'' ۔ اس نے رقم دے دی ۔ ابودلامہ یہ مال لے کر بھاگ گیا اور شراب نوشی اور عیاشی پر اندھا دھند خرچ کرنے لگا ۔ موسی نے اس کو ڈھونڈنے کی ھر ممکن کوشش کی لیکن اس کا کچھ پتہ نہ چل سکا ۔ ادھر حج کا وقت قریب آ گیا ۔ چنانچہ حج کے فوت ھو جانے کے ڈر سے وہ مکہ کی طرف چل دیا ۔ جب قادسیہ کے قریب پہنچا تو اس نے دیکھا کہ ابو دلامہ نشے میں دھت ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں کی طرف جا رھا تھا ۔ اس نے اپنے مصاحبین کو حکم دیا کہ ابودلامہ کو گرفتار کر لو اور محمل میں بٹھا کر اپنے ساتھ لے چلو ۔ چنانچہ ابودلامہ کو گرفتار کر لیا گیا اور قافلے آگے کی طرف روانہ ھوگیا ۔ ابھی تھوڑا ھی آگے بڑھے تھے کہ ابودلامہ نے موسی کو مخاطب کرکے یہ پڑھے :

یا ایھا الناس قو لوا اجمعین معاً ۔۔۔ صلی‌الله علی موسی بن داوٗد

کان دیباجتی خدیه من ذھب ۔۔۔ اذا بدالک فی اثوابه السود

انی اعوذ بداود واعظمه ۔۔۔ من ان اکلف حجا یا ابن داود

انبت ان طریق الحج معطشة ۔۔۔ من السراب وما شربی بتصرید

والله مافی من اجر فتطلبه ۔۔۔ ولاالثناء علی دینی بمحمود

موسی نے یہ شعر سن کر کہا ''اس پر اللہ کی لعنت ھو اسے محمل سے گرا دو اور جہاں جانا چاھے جانے دو ۔[1]

---

(۱) ''معاھد'' ۱ : ۲۱۳ ۔

مصادر

ابو الفرج : الاصفہانی : کتاب الاغانی ۱۰ : ۲۳۷ ببعد بیروت ۱۹۵۷ء

ابن خلکان : وفیات الاعیان ۶ : ۱۷ ببعد ۔

ابن قتیبہ : الشعر و الشعراء ۲ : ۱۵۷ قاہرہ ۱۳۶۶ ۔

ابن الندیم : الفہرست ۱۳۳

ابن المعتز : طبقات الشعراء ۵۳

عبدالرحیم بن عبدالرحمان : معاہد التضیص ۱ : ۲۱۰ ببعد

الآمدی : المؤتلف و المختلف ۱۹۲ قاہرہ ۱۳۸۱ھ

خطیب البغدادی : تاریخ بغداد ۸ : ۳۸۸ ببعد قاہرہ ۱۳۴۹ھ

ابن العماد : شذرات الذہب ۱ : ۲۳۹ قاہرہ ۱۳۵۰ھ

یاقوت الحموی : معجم الادباء ۱۱ : ۱۶۷ قاہرہ

الحریری : مقامات مقامہ ۳۰

تجھے ہے اپنی عبادت اوپر[1] نظر لیکن
میں اس کے فضل کے اوپر نگاہ کرتا ہوں
مثال رشتۂ تسبیح روز و شب[2] حاتم
چھپے چھپے میں کئی[3] دل میں راہ کرتا ہوں

زمین طرحی در ۱۱۶۹ھ

اس کی قدرت کا دید کرتا ہوں روز نو روز و عید کرتا ہوں
میرا احوال فقر مت پوچھو زہد مثل فرید کرتا ہوں
روز بازار ملک ہستی میں جنس عصیاں خرید کرتا ہوں
فتح کرنے کو قلب دل کا حصار تیغ ہمت کلید کرتا ہوں
بس کہ میں تشنۂ شہادت ہوں دل کو ہر دم[4] شہید کرتا ہوں
نہ میں سنی نہ شیعہ نے کافر ایک لعن یزید کرتا ہوں
شیخ تو گو کہ پیر زادہ ہے پر تجھے میں مرید کرتا ہوں
اپنے احسان خلق سے حاتم آدمی کو عبید کرتا ہوں

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

ہم وہ جب ہم شراب ہوتے ہیں کئی مرغے کباب ہوتے ہیں
قہر کرتے ہیں مجلسوں میں بتاں جس گھڑی بے حجاب ہوتے ہیں
کون جانے ہے غیر زلف صنم دل میں جو پیچ و تاب ہوتے ہیں
گھر بگھر وہ ہے مست عشوہ و ناز در بدر ہم خراب ہوتے ہیں
دل ہی جانے ہے اس کی لذت کو جس مزے کے عتاب ہوتے ہیں
جو گزرتے ہیں مرے دل میں خیال آنکھ کھلتے ہی خواب ہوتے ہیں
اس کے دنداں کو دیکھ کر حاتم موتی حسرت سے آب ہوتے ہیں

---

(۱) عبادات پر - (۲) دیکھ لے - (۳) کسی - (۴) اپنے -

[انتخاب حاتم ' حسرت صفحہ ۳۰-۳۱] -

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

ابر میں دیکھ کنارے سے بہار دامن
برق ہوتی ہے ترے آ کے نثار دامن
ہاتھ سے دشت جنوں میں تیرے عاجز آیا
خار پاؤں سے نکالوں میں کہ خار دامن
کس طرح چاک کروں جان[1] کہ ہے ترک[2] ادب
ہے گریباں میں نشانی ترا[3] تار دامن
گھیر جامہ کا بہت دیکھ کے دل ڈرتا ہے
کہ مبادا ہو کمر پر تری بار دامن
رشتۂ عمر دراز اپنا میں کوتاہ کروں
آوے یہ تار اگر تیرے بکار دامن
جب سوار ہو کے تو نکلے تو جلو میں دوڑیں
جامہ زیبان جہاں لے کے کنار دامن
سرمۂ چشم کروں اپنی بہ منت حاتم
ہاتھ آوے جو کبھو اس کا غبار دامن

زمین میر سوز ۱۱۶۹ھ

ملا دئیے خاک میں خدا نے پلک کے لگنے میں شاہ لاکھوں
جنہوں کے ادنا غلام رکھتے تھے اپنے چاکر سپاہ لاکھوں
نماز و روزے، زکات و حج پر نہیں ہے موقوف کچھ اے زاہد
جدھر کو جاوے اودھر کو ہیں گے خدا کے ملنے کے راہ لاکھوں
سنا ہے میں نے کہ تو نے میرا گیا ہے شکوہ کسی سے ظالم
تیرے ستم اور مری وفا کے جہاں میں ہیں گے گواہ لاکھوں

---

(۱) آہ۔ (۲) پاس۔ (۳) تری [انتخاب حاتم، حسرت صفحہ ۴۲]۔

عجب تماشا ہے کس سے کہیے اثر نہیں سنگدل کے دل میں
کروں ہوں یارو میں ایک دم میں ہزاروں نالے و آہ لاکھوں
کرے ہے فریاد ایک عالم گلی میں اُس کی ہے شور محشر
جو ایک ہووے تو کیجے انصاف اس کے ہیں داد خواہ لاکھوں
کروڑ باری میں سو طرح سے کہا کہ ''کھا اور کھلا'' نہ مانا
کوئی تو لیوے گا چھین تجھ سے تو جوڑ حشمت پناہ لاکھوں
یہ مصرعۂ سوز سن کے حاتم کہے ہے ناصح سے اے عزیزو!
''اُمید بخشش ہے جب سے ہم کو کیے ہیں ہم نے گناہ لاکھوں''

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

رسوا و خراب کُو بکُو ہو تب عشق سے جا کے دو بدو ہو
آئینہ مثال دل کر اپنا اس وجہ سے اس کے رو بِرو ہو
جوں شانہ کرے تو سینہ صد چاک تب محرم زلف مو بمو ہو
لیلیٰ منشاں ملیں تب حاتم جب قیس صفت تو ہو بہو ہو

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

ہم کو کب انتظار ہے فصل بہار ہو نہ ہو
داغ جگر شگفتہ باد گل بہ کنار ہو نہ ہو
درد تو میرے پاس سے مرتے تلک نہ جائیو
طاقت صبر ہو نہ ہو تاب قرار ہو نہ ہو
صبح تو ہوئی ہے دیر کیا تیری بلا سے ساقیا
جام شراب تو تو دے ہم کو خمار ہو نہ ہو
تیر نگہ لگا کے تم کہتے ہو پھر لگا نہ خوب
میرا تو کام ہو گیا سینے کے پار ہو نہ ہو

طالب یک نظارہ ہوں اتنا بھی مجھ سے بیر کیا
مونہہ تو مری طرف کو ہوگو کہ دو چار ہو نہ ہو
حلقۂ در ہے حلقہ زن کوئی بھلا خبر تو لو
دل مرا شادی مرگ ہے، ہے وہی یار ہو نہ ہو
حاتم اگر گنہ کرے شکوہ نہ کر خدا سے ڈر
فدوئ جاں نثار ہے تو بھی ہزار ہو نہ ہو

۱۱۶۹ھ

درد دل میری آہ سے پوچھو سبب اس کی نگاہ سے پوچھو
معنی بے مروتی بتاں اس تغافل پناہ سے پوچھو
باعث تیرہ بختئ عالم اس کی زلف سیاہ سے پوچھو
اس کی تیغ ستم کا شرح و بیاں جا کسی بے گناہ سے پوچھو
اس کے مکھڑے کی روشنی کی صفت مجھ سے کیا مہر و ماہ سے پوچھو
گریہ و نالہ و فغاں کیوں ہے یہ مرے دل کی چاہ سے پوچھو
حسن سے کیوں ہے عشق کا دعویٰ حق ہے شاہد گواہ سے پوچھو
کیا کہیں اس کا گھر ہے کون[1] سے ملک تھک گئے ہم تو راہ سے پوچھو
قبلہ، حاتم کدھر ہے راست بتا جا کسی[2] کجکلاہ سے پوچھو

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

کس ستم گر کا گنہ گار ہوں اللہ اللہ
کس کے تیروں سے دل افگار ہوں اللہ اللہ
اس کے ہاتھوں سے نہ جیتا (ہوں) نہ میں مرتا ہوں
کس مصیبت میں گرفتار ہوں اللہ اللہ

---

(۱) کتنی دور۔ (۲) جا کے اس [انتخاب حاتم، حسرت صفحہ ۳۷]۔

خضر اب دور کر آگے سے مرے آب حیات
کس کے بوسے (کا) طلب گار ہوں اللہ اللہ

کیو(ں) نہ آنکھوں میں رکھے مجھ کو زلیخا بھی عزیز
کیسے یوسف کا خریدار ہوں اللہ اللہ

نمک حسن سے اس لب کے مزے لوٹوں ہوں
کس نمکداں کا نمک خوار ہوں اللہ اللہ

نرگس اب ہم سے نہ کر دعویٰ ہم چشمی تو
کس کی نرگس کا میں بیمار ہوں اللہ اللہ

اتنا کہتا بھی نہیں کون یہ چلّاتا ہے
کب سے نالاں پس دیوار ہوں اللہ اللہ

خواب میں یار نے آ مجھ کو جگایا حاتم
کس قدر طالع بیدار ہوں اللہ اللہ

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

اشک[1] نکلے ہے کبھو لعل[2] و کبھو در دانہ
ہے نہاں[3] چشم کے پردے میں جواہر خانہ

قبض اور بسط سے دل غنچہ و گل کی مانند
دونو صورت ہے کبھے شیشہ و گہ پیانہ

ترے اے عشق تماچے سے خدا ھی حافظ
دونو مجبور ہیں کیا عاقل و کیا دیوانہ

ترے ھاتوں[4] سے نہ عاشق کو نہ معشوق کو چین
دونو جلتے ہیں ادھر شمع آدھر پروانہ

---

(۱) لعل - (۲) اشک -
(۳) یہاں [انتخاب حاتم ' حسرت صفحہ ۳۰ ' مجموعہ نغز ' صفحہ ۱۹۰ ج ۱] ۔
(۴) ھاتھ تیرے (مجموعہ نغز ' صفحہ ۱۹۰) -

حسن اور عشق کے ہم فیض قدم کے صدقے
دونو آباد ہیں ہم گلشن و ہم ویرانہ
کعبہ و دیر میں اے شیخ تفاوت کیا ہے
دونو ان گھر کا وہی ایک ہے صاحب خانہ
قیس و فرہاد ابھی خواب عدم سے چونکیں
دونو اے حاتم اگر میرا سنیں افسانہ

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

کبھو جو گھر سے وہ حشمت پناہ نکلے ہے
تو جیسے عید کے دن بادشاہ نکلے ہے
میں ناتوان ہوا اس قدر کہ مدت سے
نہ لب سے نالہ[1] نہ سینے سے آہ نکلے ہے
گلی میں اس کی نہ دیکھا کبھو کسی کو مگر
اجل گرفتہ کوئی گاہ گاہ نکلے ہے
کسی کی زلف کے سودا میں آج چشموں سے[2]
جگہ سرشک کے خون سیاہ نکلے ہے
طلب میں حق کی جو کعبے کو جائے ہے اے شیخ
تو اپنے گھر سے عبث خوانخواہ نکلے ہے
جو جی میں آوے تو ٹک جھانک اپنے دل کی طرف
کہ اس طرف کو ادھر سے بھی راہ نکلے ہے
زبان خلق سے حاتم عجب تماشا ہے
جدھر وہ نکلے ادھر واہ واہ نکلے ہے

---

(۱) بول [انتخاب حاتم ' حسرت صفحہ ۱۴]۔
(۲) کسو کے زلف کے سودے میں آج آنکھوں سے (مجموعہ نغز ' صفحہ ۱۹۱)۔

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

نہ تن میں استخواں نے رگ رہی ہے لبوں پر کیونکہ جاں اب لگ رہی ہے

ہمیں پوچھو تو ہستی سے عدم تک مسافت کیا ہے' ہاں اک رگ رہی ہے

تمہاری یاد میں اے شعلہ خو یاں زبان شمع پر لو لگ رہی ہے

ہمیں یک عمر سے کوچے میں اس کے تلاش ہائے بوس سگ رہی ہے

نہ جا اس کی طرف تو آج حاتم
وہاں شمشیر ابرو لگ رہی ہے

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

مجھے کیا دیکھ کر تو بک رہا ہے
ترے ہاتھوں کلیجا پک رہا ہے

جہاں کیونکر نہ ہو نظروں میں تاریک
ترا منہ زلف نیچے دھک رہا ہے

تمہاری ناقدر دانی کا افسوس
ہمارے جی میں مرنے تک رہا ہے

خدا کے واسطے اس سے نہ بولو
نشے کی لہر میں کچھ بک رہا ہے

پھرا اب تک نہیں حاتم کا قاصد
خدایا راہ میں کیا تھک رہا ہے

۱۱۶۹ھ

غم و اندوہ میں دل گھر رہا ہے فلک کچھ ہم سے شاید پھر رہا ہے

دل و جاں لے گئے تم کچھ نہ چھوڑا ہمارے پاس کیا اب سر رہا ہے

ہماری جان کے دشمن مر گئے سب یہ جی لینے کو اک کافر رہا ہے

فقیروں کی طرح مدت سے حاتم تمہارے در کے اوپر گر رہا ہے

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

پیری میں آج یار سرے ہم کنار ہے
ساقی پیا پیا کہ خزاں میں بہار ہے
اے فصل گل ہرے ہو نہیں اب ہمیں دماغ
آنکھوں میں آج ہر رگ گل نوک خار ہے
مدت سے خواب میں بھی نہیں نیند کا خیال
حیرت میں ہوں یہ کس کا مجھے انتظار ہے
حاتم چلی بہار و تیرے دل میں اب تلک
نے حسرت جنوں نہ تمنائے یار ہے
حیرت کی نے ہوس نہ ہوائے برھنگی
نے رنگ زرد ہے نہ تو زار و نزار ہے
نے سوختہ جگر نہ ترا سینہ داغ دار
نے خشک لب نہ دیدہ ترا اشکبار ہے
نے پیرھن پھٹا نہ گریباں ترا ہے چاک
زنجیر کی صدا سے نہ تو بے قرار ہے
لڑکوں کے سنگ سے نہ ترا سر ہے آشنا
دیوانوں کی طرح نہ تو کوچوں میں خوار ہے
نے شوق دشت گردی و نے عزم سیر باغ
نے گل ہے دست میں نہ کف پا میں خار ہے
نے صبح آہ سرد ہے، نے شام آہ گرم
نے دن کو نالہ، رات نہ تو سوگوار ہے
نے درد کی نہ ھجر کی لذت سے تجھ کو کام
نے وصل کے مزے کا تو امیدوار ہے

پھر عاشقی کے نام کو مرتا ہے بے شعور
اس کام میں غرض کہ تو ناکردہ کار ہے
جو تھے فنون عشق سو سب مجھ کو کہہ دئیے
خاطر میں لا نہ لا یہ ترا اختیار ہے
سن کر کہا نہیں تو حقیقت سے آشنا
تیری نصیحتوں سے مجھے ننگ و عار ہے
سب منزلیں مجاز کی میں کر چکا ہوں طے
میرے مقام کا تو یہ لیل و نہار ہے
نے مرگ کا تلاش نہ جینے کی آرزو
نے فکر عاقبت نہ غم روزگار ہے
کیا جبر ہے کہ مجھ کو کہے تیرا اختیار
گو اختیار بندہ تو بے اختیار ہے

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

خون عاشق[1] شراب جانے ہے — لخت دل کو کباب جانے ہے
وہ ستم پیشہ اپنے مذہب میں — قتل عاشق[2] ثواب جانے ہے
گل رخاں گر نہ ہوں تو سیر بہشت — دل ہمارا عذاب جانے ہے
گریہ و نالہ ، بے قراری دل — رعد و برق و سحاب جانے ہے
جب پکارے ہے وہ اے بے او ہوت — عاشق اپنا خطاب جانے ہے
جو ہے کشتی سوار بحر فنا — ہر نفس موج آب جانے ہے
مرد بیدار بخت تادم مرگ — زندگی کو خواب جانے ہے
کھل گئی جس کی آنکھ مثل حباب — گھر کو اپنے خراب جانے ہے

---

(۱) میرا ۔ (۲) ذبح کرنا [مجموعہ نغز صفحہ ۱۹۲] ۔

یک نفس زندگی ہے باقی ہیچ — اس کے معنی حباب جانے ہے
شاہ بادل کا ہر سخن حاتم — اپنے حق میں کتاب جانے ہے

۱۱۶۹ھ

طریقت میں اگر زاہد مجھے گمراہ جانے ہے
مرے دل کی حقیقت کو مرا اللہ جانے ہے

وہ بے پروا مرا کب امتیاز چاہ جانے ہے
مری حالت کو دل اور دل کی حالت آہ جانے ہے

اسے جو دیکھتا ہے دن کو سو خورشید کہتا ہے
جو گھر سے رات کو نکلے تو عالم ماہ جانے ہے

ہماری بات کو وہ عاقبت نا فہم کیا مانے
جو بدخواہوں کو اپنے، اپنا دولت خواہ جانے ہے

کہیں ہم بحر بے پایان غم کی ماہیت کس سے
نہ لہروں سے کوئی واقف نہ کوئی تھاہ جانے ہے

مرا دل بار عشق ایسا اُٹھانے میں دلاور ہے
جو اس کے کوہ دوں سر پر تو اس کو کاہ جانے ہے

ہمیں دیر و حرم، شیخ و برہمن سے نہیں مطلب
ہمارا دل تو اپنے دل کو بیت اللہ جانے ہے

وہ وحشی اس قدر بھڑکا ہے صورت سے مری یارو
کہ اپنے دیکھ سائے کو مجھے ہمراہ جانے ہے

اگر وہ فتنہ جو تجھ سے ملے حاتم تو کہہ دیجو
کہ منصوبے ترے سب بندۂ درگاہ جانے ہے

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

خط کے سبزے سے عجب چہرے کا آب و رنگ ہے
جو مصوّر دیکھتا ہے تجھ کو سوچتا بھنگ ہے
مظہر حق کب نظر آتا ہے ان شیخوں کے تئیں
بس کہ آئینے پر ان آھن دلوں کے زنگ ہے
جامہ عریانی کا قامت پر مری آیا ہے راست
اب مجھے نام لباس عاریت سے ننگ ہے
ہو گئے ہیں اس قدر دوری سے تیری ناتواں[1]
یک قدم رکھنا زمیں پر ہم کو سو فرسنگ ہے
دوستوں سے دشمنی اور دشمنوں سے دوستی
بے مروّت، بے وفا، بے رحم، یہ کیا ڈھنگ ہے
مسکراتا، گالیاں دیتا، اکڑتا، مست ساز
ایسے عالم سے تو آتا ہے کہ عالم دنگ ہے
فیض سے ہمت کے حاتم دل تونگر چاہیے
مفلسی سے ان دنوں گو دست تیرا تنگ ہے

۱۱۶۹ھ

ٹک کھول زلف اپنی زنجیر ہے تو یہ ہے
دیوانہ پن کی میرے تدبیر ہے تو یہ ہے
میں راستی کہوں ہوں تم بخشو یا نہ بخشو
دل چاھتا ہے تم کو تقصیر ہے تو یہ ہے
یک تار زلف تیرا ہے لاکھ دام مجھ کو
منصب کی عاشقوں کے جاگیر ہے تو یہ ہے

---

(۱) حاشیے میں: "ضعف پیری سے ہوا ہوں اس قدر اب ناتواں"

کچھ غم نہیں جو مجھ پر ترکش تہی کرے تو[1]
ڈر ہے مجھے نگہ کا گر تیر ہے تو یہ ہے
کس کام کی ہمارے یہ کیمیائے ہستی
محتاج یک نظر ہوں اکسیر ہے تو یہ ہے
سب قتل کا ہمارے اسباب ہے مہیا
باقی ہے یک اشارت تاخیر ہے تو یہ ہے
عالم کا ہم مرقع سب سیر کر کے دیکھا
اس صفحۂ زمیں پر تصویر ہے تو یہ ہے
حاتم بنائے مسجد ہے کام عابدوں[2] کا
در راست کعبۂ دل تعمیر ہے تو یہ ہے

زمین مرزا سودا ۱۱۶۹ھ

تو اس گلی سے جو ہوتا دو چار گزرے ہے
تری خدنگ نگہ دل کے پار گزرے ہے
چپ ہی بھلی ہے مرے حال کی خبر مت پوچھ
میں کیا کہوں تجھے جو کچھ کہ یار گزرے ہے
کسی کے وصل کے وعدوں میں اس کہ آٹھ پہر
گھڑی گھڑی ہمیں کرتے شمار گزرے ہے
نہ شب کو خواب نہ آرام دن کو یا قسمت
عجب طرح سے یہ لیل و نہار گزرے ہے
تو رنگ گل کے اوپر بھول مت کہ اے بلبل
پلک کے مارتے فصل بہار گزرے ہے

---

(۱) وہ (۲) زاھدوں [انتخاب حاتم، حسرت صفحہ ۳۶]۔

کبھو جو جاؤں ہوں وحشت سے دشت گردی کو
تو ہر قدم میں مرے سر سے خار گزرے ہے
خرابی عمر کی کیا پوچھتے ہو حاتم سے
نہ اختیار سے بے اختیار گزرے ہے

تضمین مصرع بادشاہ عالم گیر ثانی بموجب حکم ۱۱۶۹ھ

حق کے ہوتے غیر سے کیا آشنائی کیجئے
چھوڑ وہ در کس کے در پر جبہ سائی کیجئے
مسند سالوس سے زاہد نہیں ہے شان فقر
بورے پر بیٹھیے اور بے ریائی کیجئے
کوهکن نے کیا ہوا پھوڑا اگر پتھر سے سر
کام یہ ہے کوہ غفلت رائی کائی کیجئے
چشم بینا دے خدا تو چاہیے مانند چشم
اپنے گھر بیٹھے ہوئے سیر خدائی کیجئے
گر نظر آوے ہمیں خمخانۂ وحدت کی راہ
تو وہیں ترک لباس پادشاہی[1] کیجئے
بندگی میں شرط ہے بندے کو تسلیم و رضا
سلطنت بخشے خدا تو کیوں گدائی کیجئے
'ہر کسے را بہر کارے ساختند' مشہور ہے
کام اپنا چھوڑ کر کیوں جگ ہنسائی کیجئے
چاہیے لیجے اگر شجر سخاوت سے ثمر
اپنی تا مقدور سب مطلب روائی کیجئے

---

(۱) پارسائی [انتخاب حاتم، حسرت صفحہ ۳۹]۔

اصل کو دیکھا تو ہے یک قطرۂ آب منی
آئینہ کیا دیکھیے کیا خود نمائی کیجئے
ہے من اللہ خیر و شر ہم مفت میں بدنام ہیں
اب برائی کس سے اور کس سے بھلائی کیجئے
جو ہے قسمت میں مقدر جان ہوتا ہے وہی
پھر عبث کیا سعی و طالع آزمائی کیجئے
شاہ عالم گیر کا مصرع ہے حاتم رمز عشق
'دل میں آتا ہے کہ شاہی میں گدائی کیجئے'

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

پاؤں جس گلشن میں اپنا وہ بت رعنا رکھے
خار اس کا خوش قدی میں سرو سے دعوا رکھے
اشک کے پانی سے سوز دل مرا بجھتا نہیں
سحر ہے جو آب و آتش کو کوئی یک جا رکھے
صبح سے تا شام یک دم کی نہیں ہم کو امید
غافل ہے جو کوئی[1] نظر جینے کی تا فردا رکھے
کب ڈرے ہے نوح کے طوفان سے وہ یعقوب وار
جو کوئی یک اشک کے قطرے میں سو دریا رکھے
دل کو لیتے ہی وہیں آنکھیں بدل جانے لگیں
ان سیہ چشموں سے کوئی حاتم توقع کیا رکھے

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

کسے دماغ کرے سیر سبزہ و چمنے
کہ ہے بغل میں مرے نو رسیدہ گل بدنے

---

(۱) کور دل ہے جو ۔ ۔ ۔ الخ [انتخاب حاتم ' حسرت صفحہ ۵۱] -

کسی کا اس کو سہایا نہیں ہے ذرہ کہ ہے
سیاہ چشم بتُے پاس آشنا شکنے
اگر ہزار تلاشوں سے اس تلک پہنچوں
تو ڈر یہ ہے کہ بنے صحبت اس سے یا نہ بنے
اے جامہ زیب، ہوس میں ترے گریباں کی
عدم سے نکلے ہے ہر گل دریدہ پیرہنے
پڑا ہے دل ترے کوچے میں اس طرح سے خراب
کہ جوں سرا میں مسافر غریب بے وطنے
تو جل مر عشق کی آتش میں مثل پروانہ
رہے نہ حسرت گور و نہ خواہش کفنے
تری بلا سے جو حاتم ہے فاسق اے زاہد
بقول حضرت حافظ تو گوش کر سخنے
” بیا کہ رونق ایں کارخانہ کم نشود
ز زہد ہمچو توئی یا ز فسق ہمچو منے “

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

تمہیں تو دیکھتے ہی آپ بیچ ہم نہ رہے
تم ایک دم بھی دم آتے تک، ہے ستم، نہ رہے
کبھو جو شیخ دکھاؤں میں اپنے بت کے تئیں
بہ ربّ کعبہ تجھے حسرت حرم نہ رہے
اے حیلہ ساز قسم ہے تجھے تغافل کی
تب ہے تو آتا کہ جس وقت ہم میں دم نہ رہے
اگر تو آنکھ دکھا دے چمن میں نرگس کو
تو ایک آن میں یک دست یک قلم نہ رہے

تری جو شہرہ پرستش کا ان تلک پہنچے
تو ایک رشک سے بت خانہ میں صنم نہ رہے
اب ایسا آپ میں ہو جی فنا کہ تا بہ بقا
پھر اس وجود کے تئیں حاجت عدم نہ رہے
اُسی کو ہوگا مزا زندگی کا اے حاتم
کہ جس کو نیک و بد و بیش و کم کا غم نہ رہے

۱۱۶۹ھ

مضمون خط کو دیکھ ترے ہم بہت ڈرے
جتنے مسوّدے تھے رہے طاق پر دھرے
جیتا ہے یا کہ مر گیا، دل کی خبر نہیں
یادش بخیر ہو یا خدا مغفرت کرے
آرام زندگی نہیں اس دل کے ہاتھ سے
عمر دوبارہ ہو جو یہ دشمن کہیں مرے
میرے حواس خمسہ اُسے دیکھ اُڑ گئے
کیوں کر ٹھہر سکیں یہ کبوتر تھے پر گرے
ایسا گرا ہوں اُس کی نگاہوں سے بزم میں
جب دیکھتا ہے مجھ کو کہے ہے پرے پرے
اے صید دل نہ تڑپھیو ایسا تو وقت ذبح
جو دامن اُس کا مرے لہو سے کہیں بھرے
ناصح عبث بکے ہے جو ہونا تھا ہو چکا
تقدیر کے لکھے کو بھلا کہہ تو کیا کرے
پیری میں حاتم اب نہ جوانی کو یاد کر
سوکھے درخت پھر کے ہوئے ہیں کہیں ہرے

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

تیغ ستم سے اس کی کبھو منہ نہ موڑئیے
سو زخم گر لگیں تو نہ ابرو مروڑئیے
خم خانہ مےکشوں نے کیا اس قدر تہی
قطرہ نہیں رہا ہے جو شیشے نچوڑئیے
مدت سے صید دل ہے ترے دام زلف میں
سر صدقے اپنے کرکے اسے اب تو چھوڑئیے
چلتا نہیں ہے پنجۂ مژگاں سے تیرے زور
عفریت ہو تو اس سے بھی دو ھاتھ جوڑئیے
آتا ہے یوں نشے کی ترنگوں میں دل کے بیچ
ناصح کے سر سے شیشہ تہی جا کے پھوڑئیے
بے زار ہو رہا ہوں خدائی سے آج میں
جا واسطے خدا کے الجھ مت کھجوڑئیے(؟)
شیشہ شکستہ پھر کے تو ہوتا نہیں درست
جو دل شکستہ ہو تو اسے کیوں کہ جوڑئیے
گر توڑے آشنائی کوئی اس کا اختیار
حاتم یہ رشتہ آپ سے ہرگز نہ توڑئیے

۱۱۶۹ھ

رونا وہی جو خوف الٰہی سے روئیے
سونا وہی جو اُس کے تصوّر میں سوئیے
کپڑے سفید دھو کے جو پہنے تو کیا ہوا
دھونا وہی جو دل کی سیاہی کو دھوئیے

دھقاں کی طرح دانہ زمیں میں نہ بوعبث
بونا وھی جو تخم عمل دل میں بوئیے
کھونا گیا ہے شیخ قیامت کے وھم میں
کھونا وھی کہ آپ کو آپ ھی میں کھوئیے
حاتم تو گو کہ خاک ھوا کمیا کہاں
ھونا وھی جو خاک سے اکسیر ھوئیے

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

کیونکہ دیوانہ بیڑیاں توڑے اس کو جانے ہے پاؤں کے توڑے
سب نے موڑا ہے منہ خدا نہ کرے تیری نروار ھم سے منہ موڑے
تیرے کوچے میں سر شہیدوں کے ھیں پڑے جیسے باٹ کے روڑے
ایک پرواز میں دکھاؤں پر جو وہ صیاد میرے تئیں چھوڑے
کوہ کن جان کنی ہے مشکل مقام ورنہ ستیرے ھیں پتھر پھوڑے
جاؤ حاتم سے چوچلے نہ کرو چاھیے والے اور ھیں تھوڑے

زمین طرحی ۱۱۷۰ھ

شہر میں چرچا ہے اب تیری نگاہ تیز کا
دو کرے ہے دل کے تئیں یہ لیمچا انگریز کا
نیلی پتلی دیکھ کر ظالم تری چشم سیاہ
دل پڑا ہے وھم میں نقاش رنگ آمیز کا
اُس کے دل میں جا نہیں پاتا وگرنہ سنگ میں
نالہ کرتا ہے اثر مجھ عاشق شب خیز کا
بیستوں دیکھا بن آیا کوھکن کے ھاتھ سے
تلخ ھوا ہے خواب شیریں خسرو پرویز کا

ریختے میں ہند کے طوطی[1] کا حاتم ہے غلام
فارسی میں خوشہ چیں ہے بلبل تبریز[2] کا

زمین طرحی ۱۱۷۰ھ

تو اذیّت پیشہ دشمن ہے بغل میں دل نہیں
دور ہو پہلو سے صحبت کے مری قابل نہیں

مردماں چشم توقع اس سے رکھتے ہیں عبث
جس کی آنکھوں میں مروّت کا نشاں یک تل نہیں

راہ رو سن لے بلند آواز کہتا ہے جرس[3]
ایک دم[4] اس راہ میں آرام کی منزل نہیں

اپنی تا مقدور اے زاہد زیارت دل کی کر
ہم ترے کعبے کو دیکھا غیر سنگ و گل نہیں

عکس سے عاشق کے خوں کے ہے[5] فلک اوپر شفق
یہ تماشا ہے کہ رنگیں دامن قاتل نہیں

کس کے ٹانکے دیجئے اور کس کی مرہم کیجئے
کون ہے جو تیغ سے تیری میاں گھائل نہیں

چشم عبرت سے نظر کر ٹک تو گورستان میں
تو ہے غافل، موت تیری فکر سے غافل نہیں

اس خراب آباد میں آباد رہنا کب تلک
جس کے یہ خطرہ نہیں ہے دل میں وہ عاقل نہیں

---

(۱) حاشیہ پر : " کنایہ بہ امیر خسرو علیہ الرحمۃ ـ"
(۲) حاشیہ پر : "کنایہ بہ مرزا صائب علیہ الرحمہ ـ"
(۳) "اب جرس کہتا ہے عالم میں باواز بلند" [انتخاب حاتم ، حسرت صفحہ ۲۹]۔
(۴) یک قدم ـ ایضاً
(۵) عکس سے ہے خون عاشق کے ـ ـ ـ الخ (مجموعہ نغز ، صفحہ ۱۸۷) ـ

غم نہ کھا حاتم خدا کر دے گا[1] حل مشکلات
فضل آگے اُس کے سب آساں ہے کچھ مشکل نہیں

زمین طرحی ۱۱۷۰ھ

مے ہو ابر و ہوا نہیں تو نہ ہو — درد ہو گو دوا نہیں تو نہ ہو
ہم تو ہیں آشنا تیرے ظالم — تو اگر آشنا نہیں تو نہ ہو
دل ہے وابستہ تیرے دامن سے — دست میرا رسا نہیں تو نہ ہو
ہم تو تیری جفا کے بندے ہیں — تجھ میں رسم وفا نہیں تو نہ ہو
آستاں پر تو کر رہیں ہیں اگر — تری مجلس میں جا نہیں تو نہ ہو
ہم تو ہیں صاف، بدگماں میرے[2] — تورے دل میں صفا نہیں تو نہ ہو
دل کو اکسیر ہے کی تیری نگاہ — ہوس کیمیا نہیں تو نہ ہو
ہم تو حاشا نہیں کسی سے برے — کوئی ہم سے بھلا نہیں تو نہ ہو
طالب وصل کب تلک رہیے — ہو تو ہو جائے یا نہیں تو نہ ہو
حاتم اب کس کی مجھ کو پروا ہے — کوئی مرا جز خدا نہیں تو نہ ہو

زمین طرحی ۱۱۷۰ھ

دل عشق کے سودا میں ترے پیر ہوا ہے
تب شہر میں جا قابل تشہیر ہوا ہے
جس راہ سے گزرا ہوں مرے فیض جنوں سے
ہر نقش قدم حلقۂ زنجیر ہوا ہے
جلتا ہے مرا زخم دل اب شمع کی مانند
شاید پر پروانہ پر تیر ہوا ہے
آتی ہیں پسینے میں مرے عطر کی لپٹیں
جب سے وہ گل اندام بغل گیر ہوا ہے

---

(۱) "سے سب ہے" (انتخاب حاتم، حسرت صفحہ ۲۹)۔
(۲) "تجھ سے اب دل میں" [انتخاب حاتم، حسرت ص ۳٦]۔

(جو اشک) تصوّر میں ترے چشم سے ٹپکا
سو صورت حیرت زدہ تصویر ہوا ہے
ہوتا ہے وہی، ہوگا وہی، روز ازل سے
حاتم تری قسمت میں جو تقدیر ہوا ہے

زمین طرحی ۱۱۷۰ھ

صبح تیری[1] جبین کے صدقے — شام کاکل کی چین کے صدقے
جس جگہ ناز سے قدم تو رکھے — آسماں اس زمین کے صدقے
دل کے ہے پاس دور نظروں سے — تیرے بعد و قرین کے صدقے
دمبدم میرے آنسو پونچھے ہے — اپنی ہم آستین کے صدقے
جن نے دل میں کیا ہے گھر حاتم — اس بت دل نشین کے صدقے

زمین میر در ۱۱۷۱ھ

مگر گلشن اوپر سایا پڑا اس بے مروت کا
کہ چہرے پر کسی گل کے نہ دیکھا رنگ اُلفت کا
نیاز و ناز میں جب سے نہیں کچھ گرمیٔ صحبت
جہاں میں سرد ہے بازار اخلاص و محبت کا
تنزل اور ترقی ہم یہاں دیکھا تو توام ہے
مساوی ہوگیا اب شکر و شکوہ رنج و راحت کا
نہ پہنچا ہاتھ ذلت کا کبھو میرے گریباں تک
لگا ہے جب سے دل کے دست میں دامن قناعت کا
توقع آشنائی کی نہیں ان آشناؤں سے
کسو سے دل نہیں مشتاق اب صاحب سلامت کا

---

(۱) اس کی۔ (مجموعہ نغز ص ۱۹۳)۔

ہمارے حوصلے سے دور ہے معشوق[1] کا شکوا
جو کچھ گزرے سو گزرے کیا بیاں کیجے مصیبت کا
کہاں ہیں معصیت نامے تمہارے اے گنہگارو
کہ بہر شست و شو ہے منتظر باراں رحمت کا
ملیں جوں ہم نے آنکھیں اس کے تلووں سے وو ہیں چونکا
ادا کس طرح کیجے عذر اپنی اس حماقت کا
مزا دونو جہاں کا صرف یک نظارہ کرتا ہے
میں دیوانا ہوں حاتم تیری اس بے صرفہ ہمت کا

زمین طرحی در ۱۱۷۱ھ

ہے یہ دل مدت سے قیدی زلف عنبر فام کا
ایسے وحشی کو عبث ہے فکر کرنا دام کا
تو کبھو سانچا نہیں ہوگا مرے جھوٹے میاں
عمر تک وعدہ کیے جاوے گا صبح و شام کا
چٹکیاں لے لے جگاتا ہے مجھے کیوں تا سحر
تو غرض راضی نہیں یک دم مرے آرام کا
ذکر میرا آوے مجلس میں تو ہووے بے دماغ
اس قدر دشمن ہوا ہے شوخ میرے نام کا
ان دنوں سب کو ہوا ہے صاف گوئی کا تلاش
نام کو چرچا نہیں حاتم کہیں ایہام کا

زمین طرحی در ۱۱۷۱ھ

لیا ہر ایک سے مل مل کے دل کا بھید ہم سب کا
کیا معلوم عالم میں جو ہے سو اپنے مطلب کا

---

(۱) محبوب (انتخاب حاتم ' حسرت ص ۳) ۔

لگائی ہے ترے در پر ملنگوں کی طرح دھونی
نکل پردے سے ٹک باہر، کھڑا ہوں منتظر کب کا
مبارک باد کو ہم عید کی آئے ہیں گھر بیٹھے
بغل گیری سے شک جو(؟) ہو کے یہ ملنا ہے کس ڈھب کا
خمار آلودہ ہوں ساقی تنگ ظرفی نہ کر ظالم
میں ترے ہاتھ سے مشتاق ہوں جام لبالب کا
جہاں کو جان کر فانی اٹھایا دل کو حاتم نے
فقیری کی ہوس میں شوق سب جاگیر و منصب کا

زمین طرحی در ۱۱۷۱ھ

جاتے ہوئے ادھر بھی وہ جانانہ ہوگیا
آئینہ خانہ دل کا پری خانہ ہوگیا

لکھتا تھا سوز دل کا میں اس شمع رو کے تئیں
کاغذ بھی تاؤ کھا پر پروانہ ہوگیا

زنجیر زلف کی تیرے حلقوں میں یک بیک
دل سا سیانہ دیکھتے دیوانہ ہوگیا

ایسا گرا میں اس کی نظر سے کہ بعد مرگ
میرے کبھو مزار تلک آ نہ ہوگیا

اس نا قدر شناس[1] کی خدمت میں دوستاں
بدلا مری وفا کا جریمانہ ہوگیا

مسجد میں آج وعظ کا ہنگامہ گرم تھا
میرے قدم سے بزم حریفانہ ہوگیا

حاتم کا دل تھا شیشہ کے مانند بزم میں
ساقی کے فیض دست سے پیمانہ ہوگیا

---

(۱) قدر ناشناس (انتخاب حاتم، حسرت ص ۷)۔

طرحی ۱۱۷۱ھ

لطف اس کا ستم سمجھتے ہیں   ایسی باتوں کو ہم سمجھتے ہیں
جس کو ہستی کہے ہے اہل جہاں   ہم تو اس کو عدم سمجھتے ہیں
سب کے دل کی ہمیں خبر دے ہے   دل کو ہم جام جم سمجھتے ہیں
درد دل کیا کہوں کسی سے کہ یار   درد کی بات کم سمجھتے ہیں
اُس کے مضمون خط کا ہم حاتم   بن پڑھے یک قلم سمجھتے ہیں

زمین طرحی ۱۱۷۱ھ

کیا ہے محفل دل ہم نے جائے درویشاں
فقیر خانہ بنایا برائے درویشاں
نظر کسی کی یہ نعمت اوپر نہیں رکھتے
ہمیشہ خون جگر ہے غذائے درویشاں
جو چاہتا ہے بھلا ہو تو ان کی خدمت کر
بلا کو دور کرے ہے دعائے درویشاں
شرف رکھے ہے لباس حریر و دیبا پر
یہ پارہ پارہ گلیم و ردائے درویشاں
غرور و نخوت و پندار و کبر اے حاتم
نکال سر سے ہو اب خاکپائے درویشاں

زمین طرحی در ۱۱۷۱ھ

عندلیبو کوئی ہے تم میں خریدار چمن
آوے[1] اس وقت کہ ہے گرمیٔ بازار چمن
آرزو ہے مجھے صیاد اگر دے رخصت
ایک پرواز کروں تا سر دیوار چمن

---

(۱) آؤ - [انتخاب حاتم ' حسرت : ص ۳۳]

اس کی مژگاں کے تصور میں مشبک ہے جگر
گل سے بہتر نظر آتے ہیں ہمیں[1] خار چمن
بلبلو سیر چمن تم کو[2] مبارک ہووے
ہم سے اب دشت نوردوں کو کہاں یار چمن
آج گلگشت کو آتے ہیں یہاں حاتم شاہ
اے نسیم سحری جلد ہو درکار چمن

زمین طرحی در ۱۱۷۱ھ

جہاں میں عشق کے برعکس دیکھا رسم و آئیں کو
کرے ہے صید اُس کے دشت کی کنجشک شاہیں کو
نہ لو فرہاد کی تربت کے اوپر نام خسرو کا
کرو مت تلخ اُس مقتول اوپر خواب شیریں کو
شگفتن وار بھی فرصت نہ دی غنچے کو، ہے ظالم
کبھو احوال بلبل پر نہ آیا رحم گل چیں کو
بسنتی یک تہی گلنار پر پھینٹہ شال عباسی
نہ چاہے کون موزوں طبع اس مضمون رنگیں کو
فلک کے ہاتھ سے عاجز ہیں حاتم صاحب جوہر
خدا ناخن نہ دے اس سفلہ پرور ناتواں بیں کو

(مذکورہ بالا غزل کے بعد " دیوان زادہ " میں ذیل کے دو شعر ہیں جن پر کوئی سن اور عنوان درج نہیں) -

ممسکاں جہاں خزانے کو جمع کرتے ہیں چھوڑ جانے کو
زور قسمت نہیں تو سر پیٹو نام رکھتے ہو کیوں زمانے کو

---

(۱) مجھے - [انتخاب حاتم ' حسرت ; ص ۳۳]

(۲) عندلیبو تمہیں گلگشت . .. ...الخ (انتخاب حاتم ' حسرت ص ۳۳) -

زمین طرحی در ۱۱۷۱ھ

زور چلتا نہیں اُس شوخ ستم گار کے ساتھ
ماریے سر کو کہیں جا کسی دیوار کے ساتھ
دشت میں جان کے رکھتا ہوں قدم کانٹوں پر
آشنائی ہے کف پا کو مرے خار کے ساتھ
نقش پا اس کا مری سیر کو ہے رشک چمن
مجھ کو اب کام نہیں ہے کسی گلزار کے ساتھ

زمین مرزا سودا ۱۱۷۱ھ

صبح تری ہے کہاں اے شب غم واہ واہ
رحم بھی کچھ ہے تجھے اتنا ستم واہ واہ
آنکھ نہ کھولی کبھو ابر کی مانند تم
خوب برسنے لگے دیدۂ نم واہ واہ
سب کو تو بھلا دیا وعدہ خلافی سے جان
ہم سے بھی کھانے لگے جھوٹی قسم واہ واہ
ساری ولایت کے بیچ (ایسی) نہ ہووے گی تیغ
دیکھ کے کہتے ہیں سب ابرو کا خم واہ واہ
عمر چلی جائے ہے دم کا بھروسا نہیں
صحبت یاروں کے بیچ گزرے جو دم واہ واہ
جانے بھی دیکھا کہیں راہ میں حاتم آسے
جس کے تئیں دیکھ کر کہتے ہیں ہم واہ واہ

طرحی ۱۱۷۱ھ

فکر میں مفت عمر کھونا ہے ہوچکا ہے جو کچھ کہ ہونا ہے
کھیل سب چھوڑ کھیل اپنا کھیل آپ قدرت کا تو کھلونا ہے

آنکھ ٹک کھول دید قدرت کر پھر تو پاؤں پسار سونا ہے
جینے مرنے میں مرگ ہے پردا گور ایک عافیت کا کونا ہے
میرا معشوق ہے مزوں میں بھرا کبھو میٹھا کبھو سلونا ہے
چھل بل اس کی نگاہ کا مت پوچھ سحر ہے، ٹوٹکا ہے، ٹونا ہے
رو تو حاتم حسین کے غم میں اور رونا تو رانڈ رونا ہے

زمین طرحی خواجہ میر درد ۱۱۷۱ھ

گو کہ شمیم گل سے آج عطر فروش باغ ہے
دل ہی نہ ہو تو اے نسیم کس کو یہاں دماغ ہے
دل کی شگفتگی یہاں رشک ہزار باغ ہے
سیر چمن کا عندلیب ہم کو کہاں دماغ ہے
عارض و چشم و زلف و خط تیرا ہی چار باغ ہے
گل کی طرف جو رو کریں کب یہ دل و دماغ ہے
نشہ فزائے میکشاں طرفہ ہوائے باغ ہے
ساغر گل سے عندلیب سرخوش و تر دماغ ہے
کب یہ دل و دماغ ہے مست شمع کیجیے
خانۂ دل جلوں کے بیچ داغ جگر چراغ ہے
حسن کی آب و تاب کا تیرے ہے شہرہ تا فلک
مہر جلے ہے رشک سے ماہ کے دل میں داغ ہے
دل تھا بغل میں مدعی خوب ہوا جو گم ہوا
جانے سے اُس کے ان دنوں ہم کو بڑا فراغ ہے
جام شراب سے ہمیں کام نہیں ہے حاتم اب
چشم پر آب ہی یہاں غم سے بھرا ایاغ ہے

زمین طرحی ۱۱۷۱ھ

جبیں پر چیں تبسم زیر لب ہے طلب گار دل آفت طلب ہے
دعا دیتا ہوں اور سنتا ہوں دشنام کہوں کیا اب تجھے ترک ادب ہے
غرض جو کچھ ہے تو سو خوب کچھ ہے قیامت ہے، بلا ہے یا غضب ہے
جفا، جور و ستم، خشم و تغافل میاں جو چاہیے سو تجھ میں سب ہے
گرِ آینہ رو حاتم کے دل میں مکاں حیرت و سیر حلب ہے

زمین میر تقی میر (؟)۱۱۷[1]ھ

یاد ہیں وے دن کہ ہم تم سیر گلزاروں میں تھے
بلبل و گل لوٹتے حسرت سے انگاروں میں تھے
جھانکتے تھے ہم تمہیں، تم ہم کو کس کس گھات سے
ہاتھ سے طرفین کے صد رخنے دیواروں میں تھے
چھوڑ ہم کو غیر کے گھر میں جو رکھتے ہو قدم
جان من ہم بھی کبھو تو کفش برداروں میں تھے
کیا مزے لیتے تھے اس توبہ کا ہو خانہ خراب
ہم پیالے ہم نوالے جب کہ میخواروں میں تھے
سب سے جاں بخشی کا وعدہ اور ہم کو حکم قتل
اک ہم (ہی)[2] کیا ایسے عالم میں گنہگاروں میں تھے
مصر دل میں تھا ترے جب حسن کا بازار گرم
نقد دل سے شہر کے یوسف خریداروں میں تھے
سیمبر اُٹھتے نہ تھے حاتم ہمارے پاس سے
جن دنوں ہم بھی کبھو دنیا میں زر داروں میں تھے

---

(۱) سن کا پہلا ہندسہ کرم خوردہ ہے۔ غالباً صفر یا ایک ہے۔
(۲) مخطوطے میں ''ہیں''۔

زمین مرزا رفیع ۱۱۷۱ھ

گردن کٹے سے سر کو سرھانے دھرے ہوے
اس کی گلی میں ڈھیر پڑے ھیں مرے ہوے
رسّی کو دیکھتے ھیں تو ہم جانتے ھیں سانپ
ھیں اس گزلد زلف سے از بس ڈرے ہوے
بہکا نشے میں ہاتھ میں شمشیر خوں چکاں
ہم دیکھتے (ھی)[1] دور سے اس کو پرے ہوے
اس کے تو بوالہوس بھی لگے ہونے سامنے
مردی پکڑ کے خیر یہی(؟) اب منگرے ہوے
سودا کہے ہے چشم کو حاتم کے دیکھ تو
ساون کے بادلوں کی طرح سے بھرے ہوے

۱۱۷۱ھ

ھستی کی قید سے اے دل آزاد ہوئیے
صحرا میں جا کے خوب سا ھنس ھنس کے روئیے
دونوں جہاں کا شادی و غم دل سے بھول کر
پاؤں دراز کرکے فراغت سے سوئیے
اے چشم از برائے خدا گر مدد کرے
اعمال نامہ اپنا تو رو رو کے دھوئیے
حاتم کسی سے اپنی مصیبت کو تو نہ (کہہ)[2]
کیا فائدہ جو اپنا بھرم مفت کھوئیے

---

(۱) مخطوطے میں "ھیں"، ھی (انتخاب حاتم، حسرت ص ۵۲)۔
(۲) مخطوطے میں "کہو"۔

تضمین بیت مرزا صائب ۱۱۷۱ھ

دل میں آ ازسر نو عشق نے جاگہ پائی
آگ ٹک سرد ہوئی تھی سو پھر اب بھڑکائی
سب مہیا ہے مجھے دولت صیاد سے آج
بے پر و بالی و کنج قفس و تنہائی
رات حاتم میں بہت شام سے رو رو تا صبح
رائگاں کھونے پر اوقات کے حسرت کھائی
تھا اس افسوس میں جو اپنے مناسب احوال
بیت یہ حضرت صائب کی مجھے یاد آئی
" نیست بر گشتنت اے عمر چو رفتی رفتی
نہ بزور و نہ بزاری نہ بزر می آئی "[1]

زمین طرحی در ۱۱۷۲ھ

خیال دل میں کسی سے نہ رکھ بھلائی کا
جہاں سے فوت ہوا رسم آشنائی کا
کوئی زمیں نہ رہی تس[2] پر ہم قدم نہ رکھا
کہ خار خار ہے شاھد برھنہ پائی کا
جدا کبھو نہ کیا تو نے[3] کف سے آئینہ
رواج تجھ سے ہے عالم میں خود نمائی کا
طمع وفا کی جو تجھ سے رکھے سو ناداں ہے
کہ تیرا شہر میں شہرہ ہے بے وفائی کا

---

(۱) کلیات صائب قلمی (مخطوطہ ۸۵۰ھ پنجاب یونیورسٹی لائبریری) میں یہ شعر یوں ہے :
بچہ تدبیر کسے از تو برو من شود نہ بزاری نہ بزور و نہ بزر می آئی
(۲) جس پہ - (۳) ہوا تیرے - [انتخاب حاتم ' حسرت]

اگرچہ فیض قناعت سے دل ہوا ہے غنی
ولے ہے شوق تیرے در اوپر گدائی کا
مزا پڑا مجھے کنج قفس کا اے صیاد
نہیں ہے ذوق میرے دل میں اب رہائی کا
تو زاہدوں کی طرح گھر میں بیٹھ[1] مت حاتم
نکل کے قید سے ٹک دید کر خدائی کا

زمین طرحی در ۱۱۷۲ھ

موسم سنا (ہے)[2] ہم نے کہ آیا بہار کا
ہوتا ہے حال کیا دل پر اضطرار کا
چلے ہی کی ہے طفل مزاجوں سے دوستی
دشمن ہوں اپنے میں دل ناکردہ کار کا
اے باؤ مت آڑاوے[3] گریباں کی دھجیاں
لے ہے جنوں حساب یہاں تار تار کا
جیتا کوئی بچے گا نہ عالم میں اب کے[4] صید
اُس تیغ زن کو شوق ہوا ہے شکار کا
سائے سے بھاگتا ہے میرے وہ ہزار کوس
تس پر اُمید ہے مجھے بوس و کنار کا
مشہد سے سوختوں کے میاں شمع دور کر
ہے داغ دل چراغ ہمارے مزار کا
حاتم سے جان وعدہ خلافی ہے اب تلک[5]
کیا اعتبار ہے تیرے قول و قرار کا

---

(۱) بیٹھ گھر میں [انتخاب حاتم ' حسرت ص ۳] ۔
(۲) کرم خوردہ ۔ (۳) اوڑا تو ۔ (۴) ایک ۔ (۵) آج تک ۔
[انتخاب حاتم ' حسرت ص ۴] ۔

زمین طرحی در ۱۱۷۲ھ

دیکھو شعور اس دل خانہ خراب کا
عاشق ہوا ہے کس بت مست شراب کا

عارض سے اُس کی زلف میں کیونکر ہے روشنی
ظلمات میں تو نام نہیں آفتاب کا

ایسا ہے خال گوشۂ ابرو کا خوشنما
جیسے ہو نقط بیت اوپر انتخاب کا

ہے انتظار چشم کہ دیکھے کسی طرح
شاید سنا ہے اس نے کہیں نام خواب کا

سب دوزخ و بہشت برابر ہے اس کے تئیں
عاشق کو غم نہیں ہے عذاب و ثواب کا

حاتم تعینات کا گر وہم دور ہو
اوٹھ جاے درمیاں سے پردا حجاب کا

زمین رفیع سودا در ۱۱۷۲ھ

اس واسطے نکلوں ہوں ترے کوچے سے بچ بچ
ہر ایک مچاتا ہے مجھے دیکھ کے کچ کچ

نیرنگیٔ قدرت کا وہی دید کرے ہے
پانی کی صفت ہو جو ہر اک رنگ مین رچ رچ

سر پر سے تو مندیل کو اب دور کر اے شیخ
گردن تری اس بوجھ سے اب کرتی ہے لچ لچ

نادان ہے ایسا کہ جو دشمن مرے حق میں
جھوٹی اُسے کہتے ہیں تو وہ جانے ہے سچ سچ

بھولا کوئی اناری مورکھ چورن بیٹھا گانٹھ کٹائے
کسو کی پونجی بٹارن[۱] نے لوٹت بیرا لئے چھنائے
کوئی بدلا وے نیا پرانا کوئی لاوت ہے کوئی لبجات
چتر چتر سودا کرلیتی مورکھ ٹھاڑے ہیں پچھتات
سانچے موتی کوئی چھانٹے اور ڈبہ میں رکھے سمھار
کوئی یوت[۲] کو بوجھے موتی اور راکھے کیسہ میں ڈار
کھوٹے کھرے کو کوئی نہ پرکھے کوئی نہ اس کا کرے بچار
کھوٹا کھرا چلت ہیں دؤو ہوئے سیانا پرکھن ہار
سمجھ بوجھ کے کہی ہے میں نے ہوئے چترسو سمجھے بات
کھوٹا کھرا جو ایک سا سمجھے تس[۳] مورکھ کی کون سہات
لے پاتی[۴] حضرت خالد کی عامر سانڈنی کے اسوار
پھونچے پاس حضرت عامر کے اور پاتی[۴] دی نظر گذار
پاتی[۴] بانچیں حضرت عامر آنکو آنک نظر کر جائیں
پڑھ کے حقیقت تب پاتی[۴] کی مسکانے اپنے من مائیں
بولے ھنس کر ہوہمیں تابع حکم خدا اور حکم رسول
حکم خلیفہ گدی پت کا سر آنکھیں سے موئے[۵] قبول
کہی پکار پھر اپنے دل میں سن لیو سب پیدل اسوار
میری جگہ اب تم لوگن[۶] پر حضرت خالد ہیں سردار
کچھ دن پہلے اس پاتی[۴] سے سنو تم سنو یو بھائے
لشکر اک حضرت عامر نے سو بصرہ پر دیا چڑھائے

(۱) کوئی بے وقوف چوروں سے گانٹھ کٹوا رھا ہے - بٹارن ، رھزن -
(۲) جھوٹے موتی -
(۳) اُس بے وقوف کا کیا اعتبار -
(۴) چٹھی -
(۵) مجھے -
(۶) لوگوں -

جوان بہادر غازی لڑّیا[1] اُس لشکر میں چار ہزار
وحی لکھیّا[2] همرے نبی کے شرحابیل سو بھے سردار
سج گئے رنکو وحی لکھیّا اور لشکر کو لیا سجائے
ساج گئے سب ہتیارن سے بھبٹن[3] پٹکے لئے سجائے
بھاند سوار بھئے گھوڑنپر حل بھئے نرتی کوچ کرائے
گھمرت چلا محمدی جھنڈا نعرہ هون گول میں جائے
چل کر وہ اسلام کا لشکر پھوںچا جب بصرہ کی دوار
باگن روکیں تب گھوڑنکی الله اکبر کہی پکار
حونک آٹھے سب بصرہ والے دیکھین[4] لاگے سوڑ اٹھائے
کہاں سے لسکر جہ آئے پہنچا بصرہ دھورہ[5] دبایا آئے
لاگے بھیڑ بڑی رومنکی وا دن بصرہ کے میدان
عید کا دن وہ اُن لوگن کا میلا لاگ رہا گھمسان
اونچے تخت پر کرسی بچھائے بیٹھا حاکم بصرہ کبار
اکلی کتابیں بانچن هارا ناؤں[6] روماس بڑا سردار
ڈیل ڈول اور روپ میں وا دن اُس جیسا کوئی رومی نائے
درسن اُس کی سگڑائی[7] کا رومن عید لئے ٹھہرائے
دور دور سے وهاں کے رومی وا دن سال پچھاور[8] آئے
دیکھ رہے سب چاؤ سے اس کو درسن[9] میلہ رهے لگائے
ٹھارے گھیرے بھئے انگنتی آس پاس سے گول بنائے
لاگین بھلی اور باتیں اُس کی سو سن رهے سب کان لگائے

---

(۱) لڑنے والے۔
(۲) لکھنے والے۔
(۳) کمر سے پٹکے باندھ لیے۔
(۴) گردنیں اٹھا اٹھا کر دیکھنے لگے۔
(۵) قریب آ گیا۔
(۶) روماس نام۔
(۷) خوبصورتی۔
(۸) هر سال۔
(۹) دیدار۔

واھی دن اسلام کا لشکر سو بصرہ پر پہونچا جائے
کھل بل پڑگئی تب رومن میں کہاں کا لشکر پہونچا آئے
اترا تب روماس تخت سے اور گھوڑے پر ھوا سوار
چلا خبر کو بصرہ والا اور رومن سے کہی پکار
لاؤں خبر میں اس لشکر کی تب لو ھیّاں[1] سے ھلو نائے
ٹھاڑے[2] رھیو جا ھی جاگہ لائے خبر میں دیوں سنائے
اتنی کہہ مارا گھوڑے کو اور لشکر تر[3] پہونچا آئے
کھڑا پکارے لشکر والو سنو بات مری منلائے
ھوں میں حاکم گڑھ بصرہ کا اور ھے نانوں مرا روماس
باتیں کرن سو میں آیا ھوں اس لشکر کے افسر پاس
اتنی سن کے وحی لکھیّا دَل اسلامی کے سردار
نکسے اپنے لشکر میں سے پہونچے ترتی گھوڑا مار
''کونی[4] بات کو تو آیا ھے کہہ جو تیرے من میں آن''
تب بولا حاکم بصرہ کا حال اپنا تم دیو بتائے
کون لوگ ھو کہاں سے آئے کیوں میرا دھورہ[5] دبایا آئے
بولے حضرت وحی لکھیّا سن لے تجھے کہوں سجھائے
ھیں ھم لوگ محمد والے جو مکہ میں اوپجے[6] آئے
نبی قریشی ھاشمی امّی اگلی کتابن جن کا نانوں
ھم اُن کے اصحاب کہاویں سمریں نسدن اُن کا نانوں
کا[7] احوال ھوا پھر ان کا سو تو عربی دیو بتائے
بولے اٹھ گئے وے دنیا سے لیا خدا نے انھیں بلائے

(۱) یہاں سے نہ جانا ۔ (۲) اسی جگہ ٹھہرے رھنا ۔
(۳) نزدیک ۔ (۴) کس ۔
(۵) کیوں چڑھائی کی ۔ (۶) پیدا ھوئے ۔ (۷) ان کا کیا ھوا ۔

بیٹھا کون اُن کی گدّی پر سو تو حال کرو بستار
بولے بیٹھے اب گدّی پر سانچے ابوبکرؓ سردار
بولا روماس اتنی سن کے قسم دھرم کی موئے سردار
جانت هوں میں تم سانچے اور سانچا هے دین تمھار
مالک هوئے هو تم ملکن کے اس میں کچھ دھوکا هے نائے
راج تمھارا سام ملک میں اور فارس هوئیں هو بجائے
تھوڑا دیکھ کے تم لوگن کو پر موئے آوت سوہ تمھار
بھاری دل هے هم لوگن کا جن کا ناهیں پڑت شمار
کاهے[1] پران گنویهو لڑکر ناسے لوٹ هیان سے جاؤ
پاچھانکر هے کوؤ هم میں اس سے من میں مت سکچاؤ[2]
فوج چڑھیا تمرے حاکم سو میرے هتی[3] اور میت
چلی آوت هے بہت دن سے میری اُن کی گاڑھی ریت
جو وہ هوتے اس لشکر میں مجھ سے کبھو نکرتے رار
اگلی ریت کی[4] سدھ وہ رکھیے کاڑھتے نا مو پر[5] تلوار
تب اٹھ بولے وحی لکھیّا سن روماس مری اب بات
فوج چڑھیّا همرے حاکم خدا نبی کا حکم بجات[6]
هوئے الگ جو خدا نبی سے چاهو بیٹا هو کے بھائے
تسو کو وے کبھو نہ چھوڑیں جبلو[7] دین میں آوے نائے
دین کی ماتن میں کا هو کا وے مہاسوہ[8] کرت هین نائے
حکم دیا رب نے اُن کو تم لوگن سے لڑیں اگھائے

---

(۱) کیوں جان گنواتے هو لوٹ جاؤ۔
(۲) کوئی پیچھا نہیں کرے گا اس کا اندیشہ نہ کرو۔
(۳) دوست۔
(۴) اگلی محبت کا خیال رکھتے۔
(۵) مجھ پر تلوار نہ سونتتے۔
(۶) حکم بجا لاتے هیں۔
(۷) جب تک۔
(۸) محبت۔

باتیں تین کہت ہم تم سے جبلو آن کو منہو نائے
لوٹ ہیّاں سے ہم نا جیہیں چاہے پران[1] رہے کے جائے
کے تو مانو دین ہمارا کے جزیہ کا کرو قرار
جو نا مانواں دؤو کو ہم سے آن کرو تلوار
بولا روما اتنی سن کے جو ہونا میرا اختیار
قسم دھرم کی اپنے مو کو تمسے میں نہ کرتا تلوار[2]
جانت ہوں میں اپنے من میں بر حق سانچا دین تمہار
میں کبھوں تمسے نا لڑتا پر ناھیں میرا اختیار
رومی لوگ بہت اور افسر اکھٹے ہیّاں بھئے ہیں آئے
پوچھوں جائے میں آبھیں آنسے کون سی بات آنکے من[3] بھائے
بولے حضرت وحی لکھیّا پوچھ لیو تم سب سے جائے
سمجھے[4] رہیّو پر وے باتیں جو میں تم سے کہیں جتائے
''چھٹ[5] آن باتیں ہم نا لوٹیں مل اک ہوئے دھرتی آسان''
چلا لوٹ تب بصرہ والا دی گھوڑے کی باگ پھرائے
ایڑھ لگائے ترت گھوڑے کو اپنے لوگن پہونچا آئے
اکھٹا کرکے سب لوگن کو لاگا کہن[6] آنھیں سمجھائے
کان لگائے اب باتیں میری سن لیو یارو چلبارائے
پڑھا کتابن میں جو تم نے سو ہے دن اب پہونچا آئے
کٹھن گھڑی سر پر آ پہونچی پہونچا مرن[7] تمہارا آئے

---

(۱) چاہے جان رہے یا جائے۔ (۲) نہ لڑتا۔
(۳) پسند ہے۔ (۴) ان باتوں کا دھیان رکھنا۔
(۵) سوائے۔ (۶) کہنے لگا۔
(۷) موت۔

آج آئے پھونچا یارو وہ دن گھر سے دئیں تمھیں نکرائے[۱]
مارے پھرو جنگل پربت میں تھل[۲] بیڑا کھوں پاؤ نالے
آج آئے پھونچا یارو وہ دن لُوٹے جائیں گھر بار تمھار
مال نال سب تمھرا چھِننٔ ننگا بھوکا دئیں نکار[۱]
آج آئے پھونچا یارو وہ دن الٹ پلٹ دھرتی ھو جائے
ھلحل پڑ جائے شام ملک میں بھاجت پھریں چلبارائے
آج آئے پھونچا یارو وہ دن راج بھنگ[۳] اس دیس میں ہوئے
تخت الٹ جائے روم شام کا جائیں کرم ھرقل کے سوئے
آج آئے پھونچا یارو وہ دن رومی پھریں پران چھپات[۴]
پانی دوّیا پاس نہ آوے بلکت[۵] تڑپے رھیں چلات
آج آئے پھونچا یارو وہ دن رومن رکت[۶] بھئیے لہرائے
دھرتی رومن کے لوھو سے رنگ کر لال برن ھوئجائے
آج آئے پھونچا یارو وہ دن رومن لاش زمیں بھر جائے
ملے نہ کوئی گاڑن والا کوّے چیلں سکیں نہ کھائے
آج آئے پھونچا یارو وہ دن جتنے ملک میں ھاھا کار
نگر نگر میں مچے دھائی گھر گھر رووین ڈھاڑین مار
تریان[۷] روت پھرین پرکھن کو بالک بنا باپ چلائیں
بلکین مات پتا بارن کو عربی پکڑ آنھیں لے جائیں
چڑھے ھین عربی لوگ اب تمپر جنکا حال کتابن مائیں
پوری[۸] کرے بنا پچ اپنی لوٹ کے جبھا جانت نائیں

---

(۱) نکال دیں ۔ (۲) پناہ ۔
(۳) خرابی ھو ۔ (۴) جان چھپاتے ۔
(۵) بلکتے چلاتے رھیں ۔ (۶) خون بہے ۔
(۷) عورتیں روتی پھریں اور ماں باپ بچوں کو روئیں ۔
(۸) بغیر ضد پوری کئے نہیں لوٹیں گے ۔

جج کٹھن ہے ان لوگن کی جس سے دانت پسینا آئے
جانو آگ لڑائی ان کی جو کوئی جائے بڑے جر جائے
پاچھے ہٹنا جانت نائیں اور مربے کو[1] نائین ڈرائیں
مکھ لڑبے سے پھیرت نائین گھاؤ چھاتی کے اوپر کھائیں
سمجھت نہیں ہیں کچھ رومن کو گھاس[2] بوس سا ڈارین کاٹ
حملہ ان کا گرت ہے ایسا جیسے گر نڑے بجلی پھاٹ
اک افسر عربی لوگن کا سن لیو یارو میری بات
چلا ہے فارس سے لے لشکر ہوت[3] ساوہ ادھر کو آت
کبتے نگر اور قلعے شام کے لئے رستہ میں فتح کرائے
آج ہی کل میں وہ بھی بارو سانو تم پر پہونچا آئے
بڑا لڑیا ہے وہ افسر دے مچائے رنمیں گھمسان
پوت ولید کا خالد نامی سورمان اور زور آوار جوان
نانون سنت آس رندولہ کا سنگھا[4] ٹھور کھڑے تھرائیں
رنکھبن[5] اس کے مہرہ پر کوئی سور نہ آڑے پائیں
جگر پھاڑن کا بھاٹت[6] ہے جب وہ اپنا گرز اٹھائے
پتہ پانی ہوئے شیرن کا جو تلوار دئے چمکائے
دیکھے جب وہ کڑی نظر سے ھاتھی پانی ہو بہ جائے
مچلے جب وہ شیر سا رن میں جیتے بن مانے نائے
نسدن[7] زین رکھے گھوڑے پر نت اٹھ اسے لڑنکی چاہ
پیاسا رومن کے لوھو کا بجھت نہیں ہے اس کے ڈاہ[8]

---

(۱) مرنے سے نہیں ڈرتے۔ (۲) گھاس پھونس کی طرح کاٹ ڈالیں۔
(۳) ساوہ سے ہوتے ہوتے ادھر کو آتا ہے۔
(۴) شیر کھڑے تھرائیں۔ (۵) میدان جنگ۔
(۶) پھاڑتا ہے۔ (۷) نسدن، رات دن، نت، ہمیشہ۔ (۸) خواھش۔

ساتھ رکھت ہے فوج کٹلی کٹھن لڑائی سمجھین کھیل
بڑی لڑیّا فوج ہے اُس کی جس کو سکے نہ کوئی جھیل
سورمان مردنکو لوھو سے رھت رنگی اُن کی تلوار
کاجر[1] ہے آنکھن کا اُن کی رنکھبتن کا گردوغبار
سانچی بات کھوں میں تم سے سن لیو یارو چلبپارائے[2]
جیت کا ڈنکہ ان لوگن کا سگرے شام ملک بج جائے
لڑے نہ ان سے جیتا جیہے تا سے صلح لیو کروائے
کر کے صلح مسلمانن سے گھر بار اپنے لیو بچائے
گھمنڈ نہ کرو بھاری دَل پر اس کے بھروسے رھیّو نائے
چاھے کتنو[3] بھاری دل ھوئے ان سے جیت بھلی ہے نائے
حال سنا روبیس کا تم نے ایک لاکھ دَل ساتھ لوائے
بڑے گھمنڈ سے فلسطین میں ان سے ھوا مقابل آئے
ان کے تھوڑے سے لشکر نے لڑ بھر اُس کو دیا بھجائے
بچا نہ ان کی تلوارن سے روبس سٹھا موڑ[4] کٹائے
کٹا[5] بھئی جسی رومن کی تسکا حال کہا ناجائے
بچے بچائے بھاجکے چھوٹے لے گئے اپنی جان بچائے
تا سے مین تم سے کہت ھوں لڑنہ ان سے جتنا جائے
راضی کر لوٹارو[6] ان کو اور محصول دیو ٹھہرائے
باتین جہ روماس کی سن کے سن لیو اب سنویّو بھائے
جر گئے سگرے رومی کافر من میں ان[7] گئے رسائے

(۱) کاجل۔
(۲) عیسائیو۔
(۳) کتنا۔
(۴) سر کٹا دیا۔
(۵) قتل۔
(۶) لوٹا دو۔
(۷) ھیبت۔

دوڑ پڑے لے کے تلوارین اور جھکے روماس پہ آئے
ھمین کرے تابع عربن کے سیس[1] ترا ھم لئین کٹائے
تب بولا حاکم بصرہ کا مان گئے یارو تم سانچ
کہاں لو ھو تم اپنے دھرم میں سومیں کرے تھی تمری[2] جانچ
جانچن کو جہ بات کہی تھی لیؤ اب جلدی ھوؤ تیار
کرو لڑائی ان عربن سے میں تم سب کے چلون اگار
ایسے کر کے جان بچائی بھئے لڑائی پر تیار
ساج گئے سب رومی کافر ھوئے گئے گھوڑن پر اسوار
ٹھاٹ[3] لڑائی کا سب لے کر آئے لڑائی کے میدان
حال سنو اب اصحابن کا سنویو آئے[4] بیٹھو اگار
وحی لکھیّا نے جب دیکھا آئے لڑائی کو کفّار
کڑک اُٹھے تب اپنے دل میں اور لشکر سے کہی پکار
سمھرو[5] او اسلام کے شیرو ھوو لڑائی کو تیّار
آگے بڑھ کھینچو تلواریں راہ خدا میں لڑو اگھائے
تلوارنکی چھائین نبجےنبی نے جنّت دئی بتائے
رب کو پیاری بوند لہو کی گرے جو اُس کے راہ میں آئے
اور پیاری ھے بوند انسوا[6] کی ڈھلک جو ربکے کارن جائے
کہلا ھے بصرہ کی منڈی میں آج بزار[7] لڑائی کیار
مول چکائے لیو جنت کا یارو سہاں نہ بارم بار[8]
اتنی سن اپنے افسر سے عربی گھوڑن کے اسوار
اٹھے پکار اللہ اکبر مانو شیر اٹھے للکار

---

(۱) سر کاٹ لیں گے ۔ (۲) تمہاری ۔
(۳) سامان ۔ (۴) آگے آ بیٹھو ۔
(۵) سنبھلو ۔ (۶) آنسو ۔
(۷) بازار ۔ (۸) وقت بار بار نہیں آتا ۔

کھڑ کھڑ کھڑ کھڑ چل بھئے ترتی باگ اٹھائے بڑھے آگار
بھئے مقابل جائے رومن سے کھینچی میانن سے تلوار
کر ہلّہ اس اور سے تبہین[۱] وادن گڈھ بصرہ کی دوار
ٹوٹے آئے مسلمانن پر رومی کافر بارہ ہزار
ہوئے گئے بیچ میں غازی سپاھی بھاری گول گئے[۲] سمبائے
جیسے کارے اونٹ میں یارو آجرا[۳] داغ بڑت دکھرائے
گھوڑے نو بھڑ گئے گھوڑن سے اور اسوارن سے اسوار
برچھے الجھ گئے برچھن سے اور تلوارن سے تلوار
ڈھالیں نو اڑ گئیں ڈھالن سے بکتر رگڑ رگڑ رھجائے
مونڈھا رگڑت ھے مونڈھے سے موڑ موڑ سے ٹکّر کھائے
گھنسا[۴] گھنس بڑی دوؤ دَل میں جس کا حال کہا نا جائے
رستے ہوئگئے بند ہوا کے چونٹی سے نکرا[۵] نا جائے
دوڑیں گھوڑے الٹ پلٹ کے مانو گرہ کبوتر کھائے
کانپ کانپ کے دھرتی[۶] اڑ گئی اور ر رھی سرگ پہ چھائے
چھائے رھی اندھیریا رنہیں چوندس[۷] سوجھ پڑے اندھیار
ڈوب گئے کفّار کے دَل میں عربی گھوڑن کے اسوار
ڈھالیں دیکھ پڑیں سب ایسی جیسے چھائی بدریا ہوئے
چمکیں ڈھالن پر تلواریں مانو بدرین کوندا ہوئے
برسن لاگے بھالے خنجر لاگے چلن بکھم تلوار
ھوا گرم بصرہ منڈی مین لڑبے مربے کا بزار

(۱) تب ہی اس دن ۔
(۲) صفوں میں دھس گئے ۔
(۳) سفید ۔
(۴) گھا گھمی ۔
(۵) چیونٹی بھی نہ گزر سکے ۔
(۶) زمین آسمان پر چھا گئی ۔
(۷) چاروں طرف اندھیرا ۔

جوہر کھلن لگے مردن کے کسے کسوٹی لاگے جان
تلن لگے اور گن کے ھیرا اور آن بصرہ کے سیدان
ھٹیاں[1] آٹھ گئیں میاموہ کی ھٹیاں بیرکی لگ گئیں آئے
لھو بہیا موڑ کٹیا سوئی ھاٹون ھاٹ بکائے
جنت والن نے جنت کا دیا تلوارن مول چکائے
دوزخ والن نے دوزخ ایندھن لیا خرید کرائے
ھار اور جت اور گھٹی بڑھی کا سودا ہو ٹرھا ھاٹون ھاٹ
سودا کھرا مسلمانن کا اور کفار کا بارا باٹ[2]
غازی شیرن کے لوھو کی گرے جو بوند زمیں پر آئے
لال امول[3] سمجھ کے اسکو نرتی حورین لئیں آٹھائے
کٹکر لاش گری کافر کی سووہ نظرن سے گر جائے
گٹ[4] برابر کوئی نہ پوچھے کوڑی مول لگاوے نائے
کھوئی پونجی زندگانی کی ناحق دیئے پران گنوائے
غازی شیرن کے پلّہ پاسنگ[5] کون کرے آنائے
جوھر کھلے مسلمانن کے سانچی رھی آن کی تلوار
وارن پر جن تلوارن کے موڑ دیئے کفار نے وار[6]
گرم ھوا وان بصرہ میں ایسی لڑائی کا ربزار
سودا جس میں بل[7] بازو کا اور پرانن کا بازار
بکھم چلی تلوار اور نیزہ رن میں بیت رھا گھمسان
دھند گرد آٹھ اوپر چھائی دھرتی سا سوجھے اسمان

---

(۱) محبت کی دکانیں۔ (۲) خراب۔ (۳) انمول۔
(۴) ذرہ برابر۔ (۵) کون برابری کر سکتا ہے۔
(٦) جن کے واروں پر کافروں نے سر قربان کئے۔
(۷) طاقت اور جانوں کا۔

غازی شیر بہادر عربی رن میں کٹھن کریں تلوار
جھپٹ کے پہونچیں جس کافر پر مار دئیں دھرتی پر ڈار[۱]
لڑیں لڑائی شیرن کی سی رنکھیتن میں پائیں اڑائے
مارا مار سب دَل میں مار مار کی پڑی پکار
کڑکیں غازی الاالله کردند[۲] اٹھائے رہے کفار
ہلّہ شور سو پڑ رہا رن میں دھمک اکاس لو پہونچی جائے
کان آواز پڑی سورج کی تب دیکھیں کا جاؤ[۳] منائے
نرت لگائے اسان کی سیڑھی چڑھکر اوپر پہونچا جائے
لڑت لڑت آدھا دن بیتا سو میں نم کو دیون بتائے
ٹھانی[۴] ہئے من میں جیت اپنی دَل کفّار چلبارائے
بیچ سں دے عربی جوانن کو ہلّہ چوندس رہے مچائے
وحی لکھیّا نے تب واکھن ھانھ اٹھائے اسان کی اور
عرض لگائی رب اپنے سے اے رب ھم بندے ھیں نور[۵]
ھے تو جگ سنسار کا مالک دھرتی اکاسکا سرجن ھار
زندہ امر[۶] سدا رھنّا دیا وان بدھنا کر نار
اپنی ذات کا تو ایک ھے تیرا دوسراھا کوئی نائے
تیری دل کفار کے اوپر مدد ھاری دئے کروائے
اتنی کہہ[۷] پائی نب لو ایکا ایکی نظر پڑ جائے
گرد اٹھی حوران کی دس[۸] اور بڑھتی آوت ٹرت دکھائے
دوئے اسوار ھیں آگے آگے دوؤ بازو سے جھپٹ آت
دھاوا مارے سرپٹ آویں اپنے گھوڑنکو دوڑات

---

(۱) مار ڈالیں ۔ (۲) شور مچا رہے ۔
(۳) خواھش ھوئی ۔ (۴) عیسائی جیت کی ٹھان رہے ۔
(۵) تیرے ۔ (۶) نہ مرنے والا، سدا رہنے والا ۔
(۷) اتنا کہنے پائے کہ یکایک ۔ (۸) گرد بڑھتی آتی دکھائی دی ۔

سجے بھئے ھیں ھتیارن سے عربی گھوڑن پر اسوار
چلے آوت ھیں سنّاٹے سے گرجت[1] اور مارت للکار
ایک کہت ہے کڑک کڑک کر جیوں بادل گرجے للکار
وحی لکھیّا مت گھبریّو تمھرا کا[2] کریں کفار
شبر اسلام کا مبن آئے پھونچا عربی شبرن کا سردار
پوت ولید کا میں خالد ھوں رب کی آک ننگی تلوار
دوجا کہت[3] ہے میں آئے پھونچا رن کا شیر بہادر جوان
لال لاڈلا ابوبکر کا نانون میرا عبدالرحمٰن
آئے پھونچی پھر فوج کٹیلی[4] سب گڈہ بصرہ کے میدان
حضرت رافع کے ھانھن میں رندولہ کا فتح نشان
سنی ہے جس کھن کافر دَل نے حضرت خالد کی للکار
کمریں ٹوٹ گئیں واھی کھن جات رھی سب ھول پکار
ھردے[5] کانپ گئے رومن کے من میں گئے سنا کا کھائے
دھڑک دھڑک کے چھاتی رہ گئیں رہ گئے ھاتھ پاؤں تھرّائے
ھٹ گئے سگرے آس پاس سے شہد سے جیوں[6] ماکھی ھٹجائے
مسلمان تب دوو لشکر کے ململ خوشی بھئے منمائیں
وحی لکھیّا سو آگے بڑھ رندولہ سے بھٹیے[7] آئے
کرا سلام اور خوشی منائی پوچھا کجھی کرے منلائے
حکم سے پھر حضرت خالد کے جج سووا دن رکھے ھٹائے[8]
لوٹے رن سے غازی لڑیّا پھونچے پڑاؤ کی جاگہ آئے

---

(۱) گرجتے اور للکارتے۔ (۲) تمھارا کیا کریں گے۔
(۳) دوسرا کہتا ہے۔ (۴) کاٹ ڈالنے والی۔
(۵) دل۔ (٦) جیسے شہد سے مکھی ھٹ جائے۔
(۷) ملاقات۔ (۸) لڑائی ختم کر دی۔

کمریں کھولیں تب جوانن نے گھوڑن زین دیئے اترائے
اور کھولے ہتیار بدن سے پڑھیں نمازیں وضو بنائے
اتنی لڑائی بھئی پہلے دن یارو بصرہ کے میدان
بھئی لڑائی جو دُسرے دن تسکا آگے[1] ہوت بکھان
''کان لگائے سنو اب یارو رن کے دولہ کا گھمسان''
رین[2] نے جب کارا شمیانہ دھرتی پر سے لیا اُٹھائے
اور دن نے اوجرا[3] اشمیانہ سگرے جگ پر دیا تنائے
سورج سیس[4] اٹھائے پورب سے جھانکن لا گا چاؤ منائے
کل کی لڑائی ھٹی بھئی کا دیکھوں آج تماشا جائے
بھور ہوت کھن سنیو یارو بصرہ والا دَل کفار
کر ھلّہ آئے پہونچا رن میں ہوئیکے لڑائی پر نبار
دیکھی جب جہ پھرتی اُن کی رندولہ تب اٹھے پکار
ھارا تھکا ھمیں جانا ھے تا سے چڑھ دوڑے کفار
سمھر[5] جاؤ اسلام کے شیرو ہوئجاؤ گھوڑن پر اسوار
ڈھال اور نیزہ لیو ھاتھن میں باندھ لو ابہی تلوار
اتنی سنت اسلام کا لشکر ترتی ساج ہوا تیار
پھینٹیں باندھ لئیں جوانن نے لئے سجائے تن پر ھتھیار
زین رکھے گھوڑن پر اپنے تن پر بھاند بھئے اسوار
ناچن لاگے گھوڑے عربی ھنین[6] لاگیں ٹاپیں مار
ساج[7] ساج ٹھارے ہوئگئے اللہ اکبر کہے پکار
کانپ اُٹھی تب دھرتی رن کی ھل گئے جنگل اور پہاڑ

---

(۱) جس کا آگے بیان ہوگا۔ (۲) رات نے کالا شامیانہ۔
(۳) اُجلا۔ (۴) سر۔
(۵) سنبھل جاؤ۔ (۶) ھنہنانے لگے۔
(۷) تیار ہو گئے۔

حضرت خالد رندولہ نے صف بندی تب لئی کرائے
جیسے پکھیرو کی مورت کو نرم موم سے لئیں بنائے
دیا بنائے حضرت رافع کو دائیں بازو کا سردار
بائیں بازو پر لشکر کے سو ازور کے لال ضرار
میر ضرار سو لال لہرواباری عمر کے عربی جوان
رات دنا رنگے متوارے[1] من نا بھاوے چھٹ میدان
بھرے نہ من آن کا لڑبے سے نت[2] آٹھ آنھیں لڑن کا چاؤ
کٹھن لڑائی کافر دل کی سمجھیں کھیل اور من بہلاؤ
سر کفار کے گیندیں آن کی اور بلّا نیزہ تلوار
کھیل تھا آن کی لڑکائیں[3] کا سنویو تم کرو بچار
افسر آگے وارے دَل کے سو حضرت عبدالرحمٰن
کھڑے بھئے تب حضرت خالد سگرے دل کی بیچ میں آن
فوج سجی رن کے دولہ کی جیسے برکھا[4] سے پھلوار
نور کے موتی بھر بھر تہاری[5] کرے فرشتن نے نیو چھار
حکم دیا تب رندولہ نے سردارن سے کہی سنائے
جس کھن[6] حملہ کروں میں یارو تبھی حملہ کروا گھائے
نکسا تب لو رومی دل سے بڑا سجیلا ایک سوار
ڈیل ڈول اور روپ میں سندر سجے[7] بھئے تن پر ہتھیار
بانا[8] سنہرا رتن جڑاؤ جسپر نظر نہیں ٹھہرائے
نکس کے سو کفّار کے دل سے ٹھارا بہامیدان میں آئے

---

(۱) متوالے ۔ (۲) لڑنے کے شوقین ۔
(۳) لڑکپن ۔ (۴) بارش ۔
(۵) تہالی ' نچھاور ۔ (۶) وقت ۔
(۷) پہنے ہوئے ۔ (۸) سنہرہ ساز جواھرات سے مزین ۔

ھوں میں رانا[1] گڈھ بصرہ کا عربی لوگو سنو چتلائے
مجھسے جھٹ تمرے افسر کے لڑن کو دوحا نکرئے نائے
اتنی سن حضرت رندولہ جن کو چلت نہ لاگے دیر
چلے نکرا اپنے لشکر سے چلے نکر[2] جیوں مستاشیر
گھوڑا آٹھائے نرتی پھونچے لے میں آیا ھوسیار
بولا تب وہ بصرہ والا تمہیں ھو کا دل کے سردار
بولے ھاں جہ لشکر والے کہت ھیں موھی[3] کو سردار
چلوں حکم پر خدا نبی کے نبھی لو میرے تابعدار
حکم عدولی خدا نبی کی جو میں کبھو کروں منلائے
تو ان مسلمانن لوگن پر میری کوئی حکومت نائے
بولا تب رانا بصرہ کا عربی سنو اب میری بات
روم کے میں چترا[4] لوگن میں ناؤں مرا روماس کہات
ھوت ھے جو کوئی چتر[5] سیانا سانچی بات پرکھ چھٹ جات
اگلی کتابیں جومیں بانچیں[6] تنسے موئے کھلی جہ بات
سرجن ھاراک نبی قریشی مکّہ میں دیہے سر جائے
نانوں محمد آسکا ھوئے ھے عبداللہ کا پوت کہائے
بولے خالد قسم خدا کی بھئے ھیں سوئی نبی ھار
نبی قریشی ھمرے نبی ھیں سگرے نبین[7] کے سردار
پوچھا کا آن پر آبری ھے رب کی اور[8] سے کوئی کتاب
بولے قرآن آترا ھے آن پر جسکا جگ میں نہیں جواب

---

(۱) قلعہ کا راجہ ۔
(۲) جیسے مست شیر نکلتا ھے ۔
(۳) مجھی کو سردار کہتے ھیں ۔
(۴) ھوشیار لوگوں ۔
(۵) ھوشیار ۔
(۶) پڑھیں ۔
(۷) نبیوں ۔
(۸) طرف ۔

منزلت شعر کی ترے سودا یوں بھی وھم و گماں پڑتی ھے
نہیں عیسیٰ تو ہر سخن سے تیرے تن بے جاں میں جان پڑتی ھے
(مرزا رفیع سودا)

ھر چند اب ندیم کا شاگرد ھے فغاں
دو دن کے بعد دیکھیئو استاد ھووے گا
(اشرف علی خاں فغاں)

اس قسم کی خود ستایشی بعض دفعہ دوسرے شاعر گوارا نہ کرتے تھے اور وہ طنز سے کام لیتے تھے ۔ شاعرانہ چوٹیں کرتے تھے اور ھجو تک کہنے سے نہیں چوکتے تھے ۔ مثال کے طور پر میر تقی میر ' شاہ ظہور الدین حاتم کا ذکر کرتے ھوئے تذکرہ نکات الشعرا میں کہتے ھیں کہ[1] ۔

" مردیست جاھل و متمکن و مقطع وضع ' دیر آشنا ' غنا ندارد در یافتہ نمی شود کہ ایں رگ کیں بسبب شاعری است کہ ھم چوں من دیگرے نیست یا وضع او ھمیں است " ۔

غلام ھمدانی مصحفی' مرزا عظیم بیگ عظیم کے حال میں لکھتے ھیں کہ[2] ۔

" دعویٰ شاعری خیلے در دماغش جا داشت ھیچ کس را بہ خاطر نمی آورد و خود را از ھمہ ممتازمی دانست با آنکہ ھیچ علم و فن ندارد " ۔

انعام اللہ خان یقین کے متعلق میر نے یہ رائے دی ھے[3] ۔

۱۔ "نکات الشعرا" (ذکر حاتم) ۔
۲۔ "تذکرہ ھندی گویان" (ذکر عظیم) ۔
۳۔ "نکات الشعرا" صفحہ ۸۲ ۔

" ایں قدر بر خود چیدہ است کہ رعونت فرعون پیش او پشت دست بر زمین می گرارد و بعد از ملاقات ایں قدر خود معلوم شد کہ ذائقہ شعر فہمی ندارد " -

محمد یار خاکسار کے متعلق کہتے ہیں[1]

" شعر ریختہ می گوید و خود را می کشد و بسار سفلگی می کند - - - - ایں قسم بے من ریسماں می تابد کہ گوئی پسر ریسماں تاب است "

بقا اللہ خان بقا جو حافظ لطف اللہ خوشنویس کے بیٹے اور ریختہ میں شاہ حاتم کے شاگرد تھے - میر و مرزا کو خاطر میں لاتے دکھائی نہیں دیتے کہتے ہیں -

میر و مرزا کی شعر خوانی نے   بسکہ عالم میں دھوم ڈالی تھی
کھول دیوان دونو صاحب کے   اے بقا ہم نے جب زیارت کی
کچھ نہ پایا سوائے اس کے سخن   ایک توتوکہی ہے اک ہی ہی

مرزا رفیع سودا نے بھی ایک نظم میں شاعروں کی خبر لی ہے - انہوں نے تو خواجہ میر درد جیسے پر رتبہ شاعر کو بھی معاف نہیں کیا کہتے ہیں -

داغ ہوں ان سے اب زمانے میں   بزم شعرا کے ہیں جو صدر نشیں
یعنی سودا و میر و قائم و درد   لے ہدایت سے تا کلیم و حزیں
کیا غرور و دماغ کیا نخوت   کون سا کبر ہے جو ان میں نہیں
بعد صد منت و ساجت کے   جاویں گر یہ مشاعرے میں کہیں
میر مجلس کی تاب و طاقت کیا   کرے تکلیف شعر ان کے تیئں
شعر اپنا پڑھیں جو ان کے حضور   کرکے سرگوشی یک دگر وہ وہیں

۱- "نکات الشعرا" -

ایک کہتا ہے یہ توارد ہے دوسرا بولے اوف ری تمکیں
درد سر کس طرح ہلاتے ہیں کرکے آواز منحنی و حزیں
اور جو احمق ان کے سامع ہیں دمبدم ان کو یوں کریں تحسیں
جیسے سبحان من یرانی پر لڑکے مکتب کے کہتے ہیں آمیں

ظاہر ہے اس طرز کی تنقیص اور ہجو انتقامی جذبات بھڑکانے کے لیے کافی ہو سکتی ہے۔ ایک دن مرزا عظیم بیگ سید انشا کے والد میر ماشا اللہ خان کے پاس آئے اور " غزل سنائی کہ بحر رجز میں تھی مگر ناواقفیت سے کچھ شعر رمل میں جا پڑے تھے۔ سید انشا بھی موجود تھے تاڑ گئے حد سے زیادہ تعریف کی اور اصرار سے کہا کہ مرزا صاحب اسے آپ مشاعرہ میں ضرور پڑھیں مدعی کہاں کہ مغز سخن سے بے خبر تھا اس نے مشاعرہ عام میں غزل پڑھ دی۔ سید انشا نے وہیں تقطیع کی فرمائش کی۔ اس وقت اس غریب پر جو کچھ گزری سو گزری مگر سید انشا نے اس کے ساتھ سب کو لے ڈالا اور کوئی دم نہ مار سکا بلکہ ایک مخمس بھی پڑھا جس کا پہلا بند یہ ہے:

گر تو مشاعرہ میں صبا آج کل چلے
کہیو عظیم سے کہ ذرہ وہ سنبھل چلے
اتنا بھی حد سے اپنی نہ باہر نکل چلے
پڑھنے کو شب جو یار غزل در غزل چلے
بحر رجز میں ڈال کے بحر رمل چلے

اگرچہ مرزا عظیم بیگ نے بھی گھر جا کر اسی مخمس کی طرح میں اپنی بساط کے بموجب دل کا بخار نکالا مگر وہ مشت بعد از جنگ تھی[1]۔" ایک دو بند دیکھیے۔

۱۔ "آب حیات" صفحہ ۲۶۲، ۲۶۳۔

وہ فاضل زمانہ ہو تم جامع علوم
تحصیل صرف و نحو سے جن کی مچی ہے دھوم

رمل و ریاضی حکمت و ہیئت جفر نجوم
منطق بیاں معانی کہیں سب زمیں کو چوم

تیری زباں کے آگے نہ دہقاں کا ہل چلے

اک دو غزل کے کہنے سے بن بیٹھے ایسے طاق
دیوان شاعروں کی نظر سے رہے بہ طاق

ناصر علی نظیری کی طاقت ہوئی ہے طاق
ہر چند ابھی نہ آئی ہے فہمید جفت و طاق

ٹنگری تلے سے عرفی و قدسی سے نکل چلے

"اب سید انشا کے ظاہر فخر کی بلند پروازی اور زیادہ ہوئی[1] - ہر غزل میں مضامین فخریہ کا جوش ہونے لگا - یہاں تک کہا کہ میرا اور ان لوگوں کا کلام ہی ایسا ہے جیسے کلام الٰہی اور مسیلمہ کذاب کا الفیل ما لفیل - مشاعرہ میں بادشاہ بھی اپنی غزل بھیجا کرتے تھے اور بادشاہوں کا کلام جیسا ہوتا ہے وہ ظاہر ہے سید انشا نے حضور میں عرض کی کہ فلاں فلاں اشخاص حضور کی غزل پر تمسخر اور مضحکہ کرتے تھے - بادشاہ اگرچہ ان خانہ زادان قدیم پر ہر طرح کی قدرت رکھتے تھے مگر اتنا کیا کہ مشاعرہ میں غزل بھیجنی موقوف کر دی - یاروں کو بھی خبر لگ گئی نہایت رنج ہوا چنانچہ بعد اس کے جو مشاعرہ ہوا تو اس میں کمریں باندھ باندھ کر آئے اور ولی اللہ محب نے یہ قطعہ پڑھا:

۱- "آب حیات" صفحہ ۲۶۴ -

مجلس میں چکے چاہیے جھگڑا شعرا کا
ایسے ہی کسی صاحب توقیر کے آگے

یہ بھی کوئی دانش ہے کہ پہنچے یہ قضایا
اکبر تئیں یا شاہ جہانگیر کے آگے

مرزا عظیم بیگ نے کہا بابا میں نے اپنی عرض حال میں اپنے استاد کے ایک شعر پر قناعت کی ہے کہ ابھی تضمین ہوگیا :

عظیم اب گو ہمیشہ سے ہے یہ شعر کہنا شعار اپنا
طرف ہر اک سے ہو بحث کرنا نہیں ہے کچھ افتخار اپنا
کئی سکھن باز کھنڈ گویوں میں ہو نہ ہو اعتبار اپنا
جنہوں کی نظروں میں ہم سبک ہیں دیا انہیں کو وقار اپنا
عجب طرح کی ہوئی فراغت گدھوں پہ ڈالا جو بار اپنا

دریائے مواج کے آگے گھاس پھوس کی کیا حقیقت تھی۔ سید انشا غزل فخزیہ کہہ کر لائے تھے وہ پڑھی جس کا ہر شعر دلوں پر توپ گولہ کا کام کرتا تھا :

اک طفل دبستاں ہے فلاطوں مرے آگے
کیا منہ ہے ارسطو جو کرے چوں مرے آگے

کیا مال بھلا قصر فریدوں مرے آگے
کانپے ہے پڑا گنبد گردوں مرے آگے

مرغان اولی اجنحہ مانند کبوتر
کرتے ہیں سوا عجز سے غوں غوں مرے آگے

منہ دیکھو تو نقارچی پیل فلک بھی
نقارے بجا کر کہے دوں دوں مرے آگے

هوں وہ جبروتی کہ گروہ حکماء سب
چڑیوں کی طرح کرتے ہیں چوں چوں مرے آگے

بولے ہے یہی خامہ کہ کس کس کو میں باندھوں
بادل سے چلے آتے ہیں مضموں مرے آگے

مجرے کو مرے خسرو پرویز ہو حاضر
شیریں بھی کہے آکے بلاؤں مرے آگے

کیا آکے ڈراوے مجھے زلف شب یلدا
ہے دیو سفید سحری جوں مرے آگے

وہ مار فلک کاہکشاں نام ہے جس کا
کیا دخل جو بل کھاکے کرے فوں مرے آگے

بعد ان کے حکیم قدرت‌اللہ قاسم کے سامنے شمع آئی۔ انہوں نے اتنا کہا کہ سید صاحب ذرا اس ''الفیل مالفیل'' کو بھی ملاحظہ فرمائیے۔ میر مشاعرہ کو خیال ہوا کہ سید انشا کی ہجو کہی ہوگی مبادا شرفا میں بے لطفی حد سے بڑھ جائے اسی وقت اٹھے کہ دونوں میں صلح کروا دیں۔ سید انشا نے بھی شرافت خاندانی اور علو حوصلہ کو کام کیا اٹھ کر حکیم صاحب کے گلے لپٹ گئے اور کہا کہ حضرت حکیم صاحب آپ میرے نی عم۔ اس پر صاحب علم، صاحب فضل، خاک بدہنم بھلا میں آپ پر طنز کروں گا البتہ مرزا عظیم بیگ سے شکایت ہے کہ وہ خواہ‌مخواہ بد دماغی کرتے ہیں اور داد دینی تو درکنار شعر پر سر تک نہیں ہلاتے آخر کس برتے پر۔ غرض کہ سب کی صلح پر خاتمہ ہوگیا''۔

یہ مشاعرہ جس کی تفصیل ''آب حیات'' کے صفحات سے نقل کی گئی ہے۔ آزاد ہی کی رائے میں ''ایک خطرناک معرکہ تھا۔''[1] ''حریفوں نے

۱۔ ''آب حیات'' صفحہ ۲۶۴، (حاشیہ)۔

تیغ و تفنگ اور اسلحہ جنگ سنبھالے تھے بھائی بند اور دوستوں کو ساتھ لیا تھا بعض کو ادھر ادھر لگا رکھا تھا اور بزرگان دین کی نیازیں مان مان کر مشاعرہ میں گئے تھے -" اگر بیچ بچاؤ نہ ہوتا - تو خدا جانے کیا ہوتا - مصحفی نے مناظرہ سے مقاتلہ کی نوبت کی ایک مثال اپنے تذکرے میں لکھی ہے - مرزا علی مہلت نے جو جرأت کے ایک شاگرد تھے علی نقی محشر کو قتل کردیا تھا - پھر دلّی بھاگ آئے تھے - پہلے دونوں میں مناظرہ ہوا - پھر دونوں نے یہ طے کیا کہ دریائے گومتی پار کرکے دوسرے کنارے پر تلواروں سے آمنا سامنا کریں - مقابلے میں علی نقی محشر زخمی ہوئے - اسی حالت میں گھر پہنچے - گھر والوں نے بہتیرا پوچھا لیکن انہوں نے ضارب کا نام نہ بتایا اور تھوڑے عرصہ میں زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسے - یہ دو شعر ان کے ہیں -[1]

گر یاد گلرخاں کی تہہ خاک کیجیے
تو قبر میں بھی تن پہ کفن چاک کیجیے
مرنے کے بعد بھی نہ گئی دل کی وہ تپش
آرام زیر خاک بھی اب خاک کیجیے

ہجو و طنز کے علاوہ بعض دفعہ ادبی قسم کا اعتراض اور تنقید بھی وجہ نزاع بن جاتی تھی - مرزا عبدالقادر بیگ فائق نے ضرورت شعری سے ایک مصرع میں لفظ ید کو تشدید کے ساتھ باندھ دیا - سید انشا نے اس غلطی کو پکڑ کر ایک ایسا قطعہ لکھا جس میں دانستہ طور پر کئی ساکن اور متحرک حرفوں کو مشدد بنا دیا جو اصل میں فائق پر چوٹ تھی[2] - مثلاً -

---

۱- "تذکرہ هندی گویان" صفحہ ۲۲۹ ' ۲۳۰ -
۲- "انشاء از فرحت" صفحہ ۱۳ -

چه خوش گفت فائق شاعر غرا
که چوں ذهن او ذهن رسّا نه باشد
یکے شعر نادر که در چند وزن
شود خوانده و شک به معنی نه باشد

فائق نے جواب میں ایک هجو کہی - سید انشا نے سن کر بہت تعریف کی اور پانچ روپے صاحب هجو کی نذر کیے واپس جانے لگے تو ایک فی البدیهه قصیده بهی تحفه کے طور پر پیش کیا -

فائق بے حیا چو هجوم گفت دل من سوخت سوخت سوخته به
فى قيس عيلان (رَيْث) بفتح الرّاء و ثاء مثلثة ابن غَطَفان بن سعد ابن قيس ؛ و (رَيْب) بفتح الرّاء و بالباء الموحدة ابن ربيعة بن عوث[3] ابن هلال بن شَمْخ بن فَزَارَة ؛ و فى قضاعة (رِبْث) بكسر الرّاء و قيل (رُبَث) بضمّ الرّاء ابن قاسط بن بهراء بن عمرو بن الحاف بن قضاعة ○

فى غَطَفَان (قُطَيْعَة) بن عَبْس بن بَغيض ؛ و فى كلب (قُطَيْعَة)/بن بكر بن تيم اللاّت بن رُفيدة (حاشية : و فى بنى زبيد (قُطَيْعَة بن [ربيعة][4] ابن [مُنَبِّه الاصغر][5] و هو زُبيد الاكبر بن صعب بن سعد العشيرة) ○ ٣٣

---

(١) فمنهم بنو فهم بطن من بنى بحر من لخم (القلقشندى ' ٣٦١) ' و بنو فهم ابن غنم بن دوس بن عدثان بن عبدالله بن زهران (المقتضب ' ٣٧ ؤ) ' و بنو فهم بن عمرو بن قيس بن عيلان بن مضر (المقتضب ' ٥٠ ب) ' و فهم بن تيم الله بن اسد بن وبرہ (المقتضب ' ١٠٠ ؤ) -

(٢) فمنهم بنو غنم بن دودان بن اسد بن خزيمة' و بنو غنم بن سلمة (بكسراللام) ابن الخزرج ' و بنو غنم بن اريش بن اراش بن جديلة بن لخم (القلقشندى ' ٣٥٦ و ٣٥٧) ' و بنو غنم بن دوس بن عدثان بن عبدالله (المقتضب ' ٣٧ ؤ) -

(٣) و لعلّه غوث بالغين المعجمة (المقتضب ' ٤٧ ب) -

(٤ و ٥) فى الاصل بياض والزيادة من المقتضب ' ٨٥ ؤ -

فی ربیعة بن نزار (جَدْرة) بالدّال المعجمة بعد الجیم و هو عمرو بن ذُهْل بن شَیبان بن ثعلبة (حاشیة : و قیل خدْرة بالخاء المعجمة المكسورة والدال المهملة[1]) ' وفی الانصار (خُدْره) بضم الخاء المعجمة ابن عوف ابن الحارث بن الخزرج بن حارثه ؛ و فی بَلّی (خُدْره) مثلها ابن كاهل بن رَشَد بن اَفرَک بن هرْم بن هَنیّ بن بَلِیّ ؛ و فی القَیْن (جذْره) بكسر الجیم و ذال معجمه ابن لخْوه بن جُشَم بن مالک بن كعب بن القین[2] ○

فی بَلّی (بثیره) بثاء مثلثة ابن مَتْمُوء[3] بن القَشْر بن تمیم بن عَوْذمناه بن ناج بن دیم بن راسه بن عامر بن عَبله بن قسمیل[4] بن فَران (حاشیه : خف[5]) بن بلی بن عمرو بن الحاف ؛ و فی قریش (بَنیره) بیاء مثناه من فوق ابن الحارث بن فهر ؛ و فی نَهْد بن زید (بُتَیْرَة) بتاء منقوطة من فوق باثنین [وهو الحارث بن مالک بن نهد][6] ○

فی بَجَلة (اَفرَک)[7] وهو غانم بن اَقصَی بن نذیر بن قَسْر [ابن عمر بن أنمار][8] ' و فی بلّی (اَفرَک) بن هرْم بن هَنیّ بن بلیّ ○

---

(۱) و خدْرة لقب عمرو بن ذهل بن شیبان (المقتضب ' ۵۲ ؤ) -

(۲) و " جَدَرَة " امّ قُصیّ بن كلاب فاطمه بنت عوف بن الجدرة لانّهم بَنَوا حجْر الكعبة (المشتبه ' ۱۸۳) -

(۳) و شكله فی كتاب یاقوت : مشنُوٌّ (المقتضب ' ۱۰۳ ب) -

(۴) الاصل : قَسْمیل (بفتح القاف) والتصحیح من المقتضب والاكمال -

(۵) و قال ابن درید : هو فَرّان (بتشدید الراء) الاشتقاق ' ۳۲۲ -

(۶) المقتضب ' ۱۰۷ ب -

(۷) و فی بجیله ایضاً افرک بن نذیر بن قَسْر و اسمه مالک بن عبقر بن انمار (المقتضب ' ۱۰۹ ب) -

(۸) المقتضب ' ۱۰۹ ب -

فی ایاد [بن نزار][1] (حُذَاقة) بقاف ابن زُهْر بن ایاد ؛ و فی قریش حُذافة بفاء ابن جُمَح بن عمرو بن هُصَیْص بن کعب بن لُوَیّ[2] :/و فی ربیعة بن نزار (حُذافة) بفاء ابن سعد بن قیس بن ثعلبة (حاشیة : و من کلب قوم یقال لهم بنو الحُذَاقیّة یقال للرجل منهم حُذَقیّ وهم ولد بکر ابن عامر الاکبر امّهم هِنْد بنت اَنْمار بن حُذاقة بن زُهْر بن ایاد)[3] ○ ٣

فی بلیّ (فَرَان) مخفّف[4] بن بلیّ ؛ و فی عَنَزة (قرَار) بن ثعلبة بن مالک بن حَرْب بن طَریف بن النّمر بن یَقْدُم بن عنزة بن اسد بن ربیعة بن نزار (حاشیة : بالکوفه صحراء بنی قرار) ○

فی نَهْد بن زید (سَحْب) بن مرّة بن زُوَیّ بن مالک بن نَهْد ؛ و فی کلب (الشّجْب) و هو عوف بن عبد وُدّ بن عوف بن کنانة ○

فی جُذام (تَدیل) بن حشْم[5] بن جُذام ؛ و فی جُهَیْنة (بُذَیل) بن سعد بن عدیّ بن کاهل بن نصر بن مالک بن غَطَفان بن قیس بن جُهینة[6] ○

فی قُضاعة (اَعَجْبُ) بن قُدامة بن جَرْم بن رَبّان ؛ و فی قیس

---

(١) ایضاً ٦٣ ۱ -

(٢) و فی قریش ایضا حُذاقة بن سعد بن سهم بن عمرو بن هصیص -

(٣) و ولد بکر بن عامر الاکبر عامراً و معاویة و هوالجوشن و جُشَا والحارث و هومحنح و امّهم الحُذاقیة الیها ینسبون (المقتضب ' ٩٦ ب) -

(٤) و هو قَرّان بتشدیدالراء (الاشتقاق ' ٣٢٢) -

(٥) و ذکر ابن ماکولا (٢٢٢) : تدیل بن جُشم بن جذام ' و هو سهو-

(٦) فی بجیلة بُذیل بن عمی بن بُذیل بن طُهْفة (الاشتقاق ' ٣٠٤) : و فی جهینة بُذیل و هو عدیّ بن ابی الزّغباء بن سبیع بن ربیعة بن زهرة بن بذیل بن سعد بن عدی بن کاهل (الاکمال ' ٢٢١) -

(عَجَب) بن ثعلبة بن سعد بن ذُبيان بن بَغيض ، و فى جُهَيْنة (عَجَب) مثلها ابن [ ][1] مالك بن غطفان بن قيس بن جهينة ○

في قريش في بنى مخزوم (عابد) بباء موحده ودال مهملة ابن عبدالله بن عمُر بن مخزوم[2] ؛ و فيها (عائذ) بياء آخر الحروف وذال معجمة ابن عمران بن مخزوم[3] ○

٣٥ /فى بنى تميم (أُسَيِّد) بن عمرو بن تميم [بن مُرّ بن أُدّ بن طابخة][3] و فى قيس (سُنَد)[5] بن رزام بن مازن بن ثعلبة بن سعد بن ذُبْيان ؛ كلّ شيء فى العرب بَعْدُ فهو (أسيد) على فَعيل ○

فى بنى عمرو بن تميم (صَرِد) بفتح الصّاد وكسر الراء ابن سَلامة ابن غُوَىّ بن جُرْوة بن أُسَيّد بن عمرو بن تميم ، و فى بنى يربوع (صُرَد) بضمّ الصاد ابن جُمْرَة[6] بالجيم ابن شَدّاد بن عُبيد بن ثعلبة بن يربوع [ابن حنظلة بن مالك بن زيد مناه][7] ○

فى قيس عيلان (صِرْمة) بن مُرّة بن عوف بن سعد ذُبْيان ؛ و فيها (ضَرَمة) ابن (صِرْمة) بن مُرّه هذا ○

---

(١) الاصل : نصر بن ؛ والتصحيح من المقتضب ' ١٠٤ أ -
(٢) و فيها عائذ بن عبدالله بن عمر بن مخزوم -
(٣) و فى ثعلبة بن عكابه عائذ بن ثعلبه بن الحارث بن تيم الله (المقتضب ' ٥٣ ب) -
(٣) الاشتقاق ' ١٢٣) -
(٥) و قال ابن كولا : أُسَيْد مصغرا مخففا ابن رزام (الاكمال ' ٦٨ ح) و هو سهو (انظر المقتضب ' ٣٩ ب) -
(٦) و شكله فى كتاب ياقوت : جَمْرة (المقتضب ' ٢٩ ب) -
(٧) ايضاً ٢٩ ب ؛ و قال ابن دريد : هو صُرد بن حمزة عمّ مالك بن نُويرة (الاشتقاق ' ١٢١) -

في بني اسد بن خزيمة (حربش) بن نمير بن والبة بن الحارث بن ثعلبة بن دودان بن اسد[1] ؛ و في قيس (الحريش)[2] بن كعب بن ربيعة ابن عامر صعصعة ؛ و في الازد (الحريش) بن جذيمة بن زهران بن الحجر بن عمران ○

في بجيلة (علقة) بالقاف ابن عبقر بن انمار ؛ و في قيس (علقة) بن جداعة بن عزية[4] بن جشم بن معاوية بن بكر بن هوازن ؛ و فيها ايضاً (علفة) بن الحارث بن معاوية بن ضباب بن جابر بن يربوع بن غيظ ابن مرة بن عوف بن سعد بن ذبيان (حاشية ؛ و في خندف علفة بن القريش بن الرباب) ؛ و في الازد (علقة) بن عبد بن عبرة بن زهران ؛ و في قريش (علقة) بن قيس بن الحارث بن فهر[5] ○

/في بجيلة (عرين) بن سعد بن نذير بن قسر ؛ و في تميم [بن مر اد بن طابخة][6] (عرين) بن ثعلبة بن حنظلة[7] ○ ٣٦

---

(١) و في بني العنبر حربش (المشتبه ، ١٥٨) -

(٢) واسمه معاويه (المقتضب ، ٣٧ ا) -

(٣) و ايضا الحريش بن جحجبا بن كلفة بن عوف بن عمرو بن عوف بن مالك ابن الاوس (المقتضب، ٦٦ ا) - و عبد جريش (و جريش اسم صنم) بن مرة بن عمرو (المقتضب ، ٢٧ ا) -

(٤) وفي المقتضب (٤٣ ب) : غزية -

(٥) المستورد بن علفة بن الفريش بن ضباري بن نشبة بن ربيع بن عمرو ابن عبدالله بن لؤي بن عمرو بن الحارث بن تيم بن عبد مناة و هوالرباب (المقتضب ، ٣٢ا) ؛ وعلفة فهو علفة التيمي الشاعر وانشد الاصمعي عن محمد بن علقة التيمي [لابيه] ابياتاً - وقال ابن الاعرابي في النوادر : ابن علفة (البيان ، ١ : ٣٣٦ ؛ الاكمال ، ٢ : ١٢٥) -

(٦) الاشتقاق ، ١٣٨ -

(٧) بنو عرين ايضا بطن من زهير من جذام (القلقشندي ، ٣٣٣) -

في مذحج (قَرْن) بن مالک بن کعب بن اود بن صعب بن سعد العشيرة و هم رهط عافية القاضي ؛ و في الازد (قرن) بن عک بن عدنان ابن عبدالله بن الازد ؛ و في مُراد (قَـرَن) بن رَدْمان بن ناجية بن مُراد قوم أُوَيْس القَـرَنيّ بن عمرو الزاهد ○

في الأشعريّين (عَذَر) بن وائل بن [ناجية بن][1] الجُمَاهر بن الاشعر ؛ و في همدان (عَذَر) بن سعد بن دافع بن مالک بن جُشَم بن حاشد ○

في مضر (حُدَال) بن کنانة بن خُزيمه بن مُدْرِکة بن الياس بن مضر وهم باليمن في غير قومهم ؛ وفي مَذْحج (أُجْدال)[2] بضمّ الهمزة ابن الجُمَاهر بن الأشعر ○

في مَذْحج (جَمَل[3]) بن کنانة بن ناجية بن مراد بن مالک بن اُدَد (حاشية : بنو جمل بن کنانة رهط سيفُويَه القاصّ ينزلوا نهر المک)؛ و في کنانة (خُمّل) بن شِقّ بن رَقَبَـة بن مُخْـدج بن عامر بن ثعلبة بن الحارث ابن مالک بن کنانه بن خزيمة ؛ و في بني الحارث بن لؤيّ (حَمَل) بن عُقْبَة بن وَهْب بن الحارث بن لؤيّ [بن غـالب][4] ○

في مضَر (مرّ) بن ادّ بن طابخة بن الياس بن مضر ؛ و في طيّء (مرّ) بن عمرو بن الغوث بن طيء يکونون بحاضر حلب و هم مدخولون ؛ و فيها ايضاً (مرّ) بن حَسين بن عمرو بن الغوث بن/طيّء ؛ و في جهَيْنة ٣٤

---

(١) المقتضب ' ٨٦ ب -

(٢) وشکله في کتاب ياقوت : أُحدال (المقتضب ' ٨٦ ب) -

(٣) لعلّه حمل (المقتضب ' ٨٥ ب) ' و بنو جمل بطن من مذحج ... و هم بنو جمل بن سعدالعشيرة ' (القلقشندي ' ٢٠٣) -

(٤) المقتضب ' ١٣ ألف -

(مرّ[1]) بن كاهل بن نصر بن مالک بن غطفان بن قيس بن جهينة ' و فی همدان (مرّ) بن الجابر بن عبدالله بن قادم بن زيد بن عَريب بن جشم ؛ و فيها ايضاً (مرّ) بن الحارث بن سعد بن عبدالله بن وداعة ' و فی قضاعة (مرّ) بن خُشَيْن بن النَّمر بن وَبَرَة[2] ○

فی فزارة (خُشَيْن) بالخاء المعجمة ابن عُصَيْم بن لَأْی بن شَمْخ بن فزاره[3] ' و فی قضاعة (خُشَيْن) بن النَمر بن وَبَرَة مثلها ' و فی طیّء (حَسِين) بفتح الحاء المهملة و كسر السين المهملة ابن عمرو بن الغوث ابن طیّء[4] ○

فی عبدالقيس (وَاثلة) بثاء مثلثة[5] ابن عمرو بن عوف بن بكر بن

---

(١) و قال ياقوت : هو مُرّة بن كاهل (المقتضب ' ١٠٤ و) -

(٢) و بنو مُرّ بطن من طیّء . . . و هم مُرّ بن حرام بن ابی حرام و هو هَزُومة ابن ربيعة بن جرول بن ثعل بن عمرو بن الغوث بن طیّء (القلقشندی ' ٣٨١ ؛ قب المقتضب ' ٩٠ ب) ـ و فی العرب مُرّة كثير فمنهم مُرّة بن ذهل بن سنان بن ثعلبة ابن عكابه (القلقشندی ' ٣٨٢) ؛ و مُرّة بن زيد بن مالک بن حمير بن سبأ (المقتضب ' ٩٢ و) ؛ و مُرّة بن رباح بن ربيعة بن غوث بن هلال بن شمخ بن فزارة (المقتضب ' ٣٤ ب و ٣٨ و) ؛ و مُرّة بن عوف بن ذُبيان (القلقشندی ' ٣٨٢) ' و مُرّة بن عوف ابن سعد بن ذُبيان (المقتضب ' ٥٣ ب) ؛ و مُرّة بن عوف بن بكر بن عوف بن انمار من عبدالقيس (المقتضب ' ٦١ ب) ؛ و مُرّة بن مازن بن اوس بن زيد بن احمس (المقتضب ' ٦٣ ب) ؛ و مُرّة بن صعصعة بن معاوية (المقتضب ' ٥٣ و) ؛ و مُرّة بن عوف بن مالک ابن بكر من بنی يشكر (المقتضب ' ٦٠ و و ب) ؛ و مُرّة بن عبد مناة بن كنانة بن خزيمة (ايضاً ٩١ و) ؛ ولخم بن عدیّ بن الحارث بن مُرّة (ايضاً ٨٠ و) ؛ و مُرّة بن عبس بن رفاعة بن الحارث بن بهثة (ايضاً ' ٣٣ و) -

(٣) وقال ياقوت : خشن بن لأی بن عُصيم بن شمخ بن فزارة (المقتضب ' ٣٨ و) -

(٤) حَسّن و حَسِين ابنا عمرو فی طیّء (المشتبه ' ١٦٢) ۔

(٥) وقال ياقوت : واثلة بن عوف بن بكر بن عوف بن انمار بن عمرو بن وديعة ابن لكيز (المقتضب ' ٦١ ب) -

أنمار بن عمرو بن وَديعةَ بن لُكَيز ، و فيها (وائلة) بناء آخر الحرف ابن[1] ، و في هوازن (وائلة) بن صعصعة بن معاويه بن بكر بن هوازن ؛ و في اياد ابن نزار (وائلة) ابن الطَّمَثان بن عَوْذ مَنَاه [بن يقدم بن أفْصَى][2] ؛ و في غَطَفان (وائله) بن سهم بن مُرّه بن عوف بن سعد بن ذبيان ، و في بلي (وائله) بن حارثه بن ضُبَيْعه بن حَرَام بن جُعَل بن عمرو بن جُشَم بن وَدَم ابن ذُبيان بن هُمَيْم بن ذُهل بن هَنِيّ بن بليّ[3] ، و في عُذره بن [سعد هُذَيم ابن][4] (وائله) بثاء مثلثه ابن هند بن حَرَام بن ضَنّه بن عبد بن كبير بن عذره[4] ، و في ربيعه بن نزار عَنَز بن (وائل) (حاشية : و في قريش (وائله) بن شَيْبان[6] بن عارب بن فهر)[7] ○

٣٨ /في الهُون بن خزيمه (يُثَيْع) [بن مُلَيح][8] بن الهون بن خزيمه ابن مُدْركه[9] ؛ و في الازد (يُثَيْع) بن سُلَيْم بن فهم بن غَنْم بن دَوْس

---

(١) لعلّه وائله بن عمرو بن بكر بن حُبيب (المقتضب ، ٦٠ ب) -
(٢) المقتضب ، ٦٣ -
(٣) و ايضاً وائله بن حارثه في نسب النعمان بن عَصَر بن عُبيد بن وائله (المشتبه ، ٥٣٣) -
(٤) المقتضب ، ١٠٥ أ -
(٥) و ايضاً وائله بن الأسقع (المشتبه ، ٥٣٣) -
(٦) والصواب : وائله بن شيبان بن مُحارب بن فهر (المقتضب ، ١٥ أ) -
(٧) و وائل كثير منهم وائل بن مضر بن مالك بن اعصر من قيس عيلان ، و وائل بن مرّان بن جعفيّ ، و وائل بن قاسط بن هنب بن افصى بن دعمي بن جديله ، و وائل بن عوف بن ثعلبة بن سلامان بن ثعل بن عمرو بن الغوث بن طيّء (القلقشندي، ٣٠٣) ؛ و وائل بن غنم بن تغلب (المقتضب ، ٥٩ ب) ، و وائل بن معن من سعد بن قيس عيلان (ايضاً ٩٣ ب) -
(٨) المقتضب ، ٢٠ أ -
(٩) يُثَيْع بن الهون بن خزيمة بن مدركه ... و قال ابو عبيدة هو ايثع (الاكمال ، ٣٩٣) ، و صوابه أيثَع بن مليح بن الهون (المقتضب ، ٢٠ أ) -

[ابن عُدْثان][1] ؛ و فى الاشعريّين[2] (يُشَيْع) بن الأَرْغَم (حاشية : الارغم صح[2]) بن الأشعر ؛ و فى عَدْوان[3] (يُثيع) بن بكر بن يشكُر بن عدوان ؛ و فى لَخْم (يُثيع) بن اَزْده بن [حجر بن][4] جَزيلة بن لخم ' و فى بجيلة (اَيْثَع) بن نَذير بن قَسْر بن عَبْقَر [بن أنمار بن اراش بن عمرو بن الغوث][5] ○

كلّ شىء فى العرب (خُلَيْف) بالخاء المعجمة الّا فى خثعم بن أنمار (حُلَيف) بالحاء المهملة و هو حُلَيف بن مازن بن جشم بن حارثة بن سعد بن عامر بن تَيْم الله بن مُبَشّر[6] ○

كلّ شىء من القبائل (عَدِىّ) مفتوح العين الّا الّذى فى طيّىء فانّه (عُدَىّ) بضمّ العين و هو عُدَىّ بن ثعلبه بن عمرو بن ثعلبة[7] ابن حَيّان و هو جَرْم بن عمرو بن الغوث ○

فى امرئ القيس بن زيد مناه بن تميم (كُباثة) ؛ و فى عائذ الله بن سعد العشيره (كباثة) ؛ و كلّ شىء فى العرب بعد ها (كنانة) ○

كلّ شىء فى العرب (حَرْب) ساكن الّا اسمين احدها فى مَذْحج فانّه (حُرَب) ابن مَظّة[8] بن سِلْهم بن الحكم بن سعد العشيرة بن مالك بن

---

(۱) المقتضب ' ۳۷ الف -
(۲) الاصل : الاشعرين -
(۳) الاشتقاق ' ۳۱٦ ' ۳۱۸ -
(۴) وعدوان هو الحارث بن عمرو من قيس عيلان (المقتضب ' ۵۰ ب ببعد) -
(۵) المقتضب ' ۸۱ الف -
(٦) ايضاً ۹۰ ب -
(۷) و قال الذهبى : و حُلَيف فى نسب حسين بن مُعاذ بن حُلَيف شيخ لابى داؤد (المشتبه ' ۱۸۸) -
(۸) و قيل : ثعلبة (ابو عمرو) و هو جَرْم (المقتضب ' ۹۰ ب) -
(۹) الاصل : سَطّة ؛ والتصحيح من المقتضب ' ۸۳ ب و المشتبه ' ۱۳۵ ؛ و مَظّة اسمه سِفيان -

اُدد ؛ و فی قضاعة (حُرَب) ابن قاسط بن نَهْراء ○

کلّ شیء فی العرب (حارثه) بحاء سهملة و ثاء مثلثة الّا (جاریة) بجیم

٩م و یاء آخر الحروف ابن سلط بن یربوع[1] ؛ و فی سلیم بن منصور/(جاریة) ابن عبد بن عَبْس بن رفاعة بن الحارث بن بهْثة بن مسلم ' و فی الانصار (جاریه)[2] بن عامر بن مجَمّع بن العطّاف بن ضُبَیْعة بن زید بن مالک ابن [عوف بن][3] عمرو بن عوف بن مالک بن الاوس بن حارثة ○

فی مضر (فَهْم) بن عمرو بن قیس [ ][4] عیلان بن مضر ' و فی همدان (قَهْم) بالقاف ابن الجابر بن عبدالله بن قادم بن زید بن عَریب بن جشم بن حاشد بن [جشم بن][5] خَیْران[6] بن نَوْف بن همدان ○

فی عبدالقیس (دُهْن) بن عُذْرة بن مُنَبِّه بن نُکْرة بن لُکَیْز بن اَفْصَی بن عبدالقیس ' و فی بجیلة (دُهْن) بن معاویة بن اَسْلَم بن اَحْمَس بن الغوث بن أنمار ' و فی مَذْحج (دُهْی) بن کعب[7] بن ربیعة بن کعب بن الحارث بن کعب بن عمرو بن عُلَة بن جَلْد بن مالک بن اُدَد[8] ○

فی الانصار (ضَخْر)[9] بن الخزرج وسائر العرب (صَخْر) والله أعْلم

---

(١) و قال یاقوت : جاریه بن سَلیط بن الحارث بن یربوع بن حنظلة و جاریة ایضاً ابن زید بن ربیعه بن زید بن سیف بن جاریة بن سلیط (المقتضب ' ٢٦ ب) -

(٢) و فی المحبّر (٣٦٨) : جاریة بن عمرو بن مجمّع ... و هم من بنی مسجد الضرار -

(٣) المقتضب ' ٦٥ ب -

(٤) الاصل : بن -

(٥) المقتضب ' ١١٣ ب -

(٦) ایضاً -

(٧) و کعب هذا هوالارتّ (المقتضب ' ٨١ ب بعد) -

(٨) و فی مذحج (دُهْن) بن کعب بطنٌ ' (المشتبه ' ٢٠٣) -

(٩) و قیل : هو ضجر بن الحارث بن الخزرج (المقتضب ' ٦٦ ب) -

یک مجموعهٔ ناشناختهٔ شعر فارسی
از قرن هشتم هجری

*

از

دکتر مهدی بیانی (تهران)

دکتر مهدی[1] بیانی (تهران)

یک مجموعهٔ ناشناختهٔ شعر فارسی از قرن هشتم هجری

استاد سعید نفیسی در ضمن مقاله ای که بعنوان (قدیم ترین مجموعه های شعر فارسی) در کتاب (ارمغان علمی بخدمت پرفسور محمد شفیع) بسال ۱۹۵۵ میلادی درج کرده اند ، متذکرند که قبل از سال ۸۹۲ که امیر دولتشاه سمرقندی تذکرهٔ الشعرای خود را تألیف کرد ، فقط پنج مجموعه شامل منتخب اشعار بزرگان شعرای فارسی زبان که به‌ترتیب مضامین و موضوعات تدوین شده موجود است و مجموعه های مزبور را بشرح ذیل معرفی کرده اند :

(۱) مجموعهٔ احمد بن محمد بن احمد کلامی اصفهانی که آنرا بسال ۷۰۲ تدوین کرده است ؛

(۲) رباعیات موسوم به (زبدة المجالس فی الاشعار) که بسال ۷۳۱ گرد آمده است ؛

(۳) (مونس الاحرار فی دقایق الاشعار) که آنرا محمد بن بدر جاجرمی در حدود سال ۷۴۱ تألیف کرده است ؛

(۴) مجموعه ای که محمد بن یغمور آن را در حدود اوائل قرن هشتم ساخته است ؛

(۵) (مجموعهٔ لطایف و سفینهٔ ظرایف) که آنرا سیف بن حسام هروی در حدود اوائل قرن نهم پرداخته است ـ

---

(۱) دکتر مهدی بیانی استاد دانش گاه تهران و رئیس کتاب خانهٔ سلطنتی ایران ـ

برای تتمم مطالب مقالهٔ دانشمند مذکور، نگارنده بمعرفی نسخهٔ دیگری از همین مجموعه هامی پردازم که ظاهراً در نیمهٔ دوم قرن هشتم تألیف شده و تاریخ استکتاب آن سال ٨٣٩ هجری است.

این نسخه که مؤلّف آنرا بنام شاه شجاع (٧٦٩—٧٨٦) از سلسلهٔ آل مظفر کرده، کتاب را بر ٣٦ باب مبوب ساخته و در مقدمه آورده است:

(. . . دست در گردن این مطلوب و چنگ در دامن این مقصود وقتی ممکن بود که صدر این کتاب و دیباچهٔ این خطاب بزیور دعای دولت قاهره . . ، جلال الملک والدنیا والدین مبارز الاسلام والمسلمین السلطان زیاد المؤید المطاع ابوالفوارس خدایگان سلاطین‌عصر شاه شجاع خلد الله تعالی جلال الملک و عظمه الخلافه بخلود ملکه و دوام خلافته و افاض علی البرایا سجال مرحمته و رأفته، برمقتضای اشارت اشارته حکم و طاعته غنم، خود را باتباع آن نصیحت مشرف و گوش جان را باستماع آن موعظت مستنف گردانیده . . . . بندهٔ کمینه اگر چه خود زیاد را . . . شایستهٔ این مرتبت و در خور این مرتبت نمی دیدم . . . ولی قصهٔ مور دلیری داد تا این بضاعت مزجاه چون پای ملخ بحضرت سلیمان روزگار رسانم . . . و خود را در سلک عبید و ممالیک آن حضرت کنم . . . بنا برآن این مسوده بیاض رفته بعز عرض و شرف رفع ندیمان آن حضرت رسانید . . . مأمول و مسئول از ملازمان آن حضرت و نزدیکان آن درگاه چنانست که از شمول عاطفت و وفور مرحمت این اوراق را بنظر قبول ملحوظ و بشرف مطالعه محظوظ گردانند . . .

ذکر فوایدی که این جمع پریشان برآن حاوی است . . . مسطور می گردد وهی هذه :

فائدۀ اول : در مطلع هربابی از ابواب این کتاب اختیارات قصاید فضلا و
آنچه از تازی و فارسی مناسب باب آورده و ثانیاً مثنویات
آنچه متداول است و این بنده بمطالعۀ آن مشرف گشته ، بعد
از آن زیاد رباعیات و یتلوها المفردات و هذه القاعدة مطردة
من اوله الی آخره زیاد ـ

فائدۀ دوم : شعار راویان اشعار و عادت ناقدان آثار برآن جملت است
که صفتی چند در مکارم اخلاق و اطایب اعراق که بر کمال
ذات و حسن صفات ممدوح دال باشد ، بر سبیل اجمال
درسلک مدایح کشیده اند و این فقیر هر یک از آن صفات
حمده در فصلی مفرد ایراد کرده تابر طالبان سلوک آن
طریق بروجه اسهل میسر شود ـ

فائدۀ سوم : باب مراسلات و مکاتبات که یکی از ابواب این کتاب است
بر دو قسم نهاده : اول در خطاب و دوم در جواب ، و
در قسم خطاب هجده فصل که منشی را از آن لا بُد است
برآن متفرع گردانیده تا در وقت احتیاج مقصود زود تر
حاصل شود و این ضعیف عامی آنرا از خواص خود میداند ،
چه در سایرجموع این وضع رعایت نرفته و نفطّنتُ به وحدی ـ

فائدۀچهارم: در آخر باب غزلیات ، رباعی چند لطیف که در وصف
معشوق از فرق تا قدم آورده و در آخر هر یک از صفات
بیتی چند مفرد مناسب بعد از رباعیات ایراد کرده تا در
مجلس انس طالب را بواسطۀ طلب ملالی حاصل نیاید ـ

فائدۀ پنجم: در شصت و سوم باب این کتاب ابیات متفرقۀ لطیف بطریق
تهجی آورده تا در وقت محاوره بعد از حفظ و مداومت از

عهدهٔ مشاعره علی الفور بدر تواند آمد۔

و این کتاب مشتمل است بر سصت و چهار باب، و هذه فهرست الابواب: الباب الاول فی التوحید والتسبیح و زیاد المناجات و التضرع الی الله تعالی . . .)۔

اما مؤلف این کتاب معلوم نیست و ظاهراً نام مؤلف در مقدمه یاد شده بوده است که شاید در ضمن سقط این نسخه یعنی ورق دوم کتاب ذکر شده باشد۔

*　　　*　　　*

آنچه موجب بود که برای این نسخه اهمیتی قائل شوم و بمعرفی آن بپردازم نکات ذیل است:

(۱) در این مجموعه اشعاری انتخاب شده که شش قرن از تاریخ جمع آوری آن و پنج قرن و نیم از زمان کتابت آنها گذشته است؛

(۲) آن اشعار بعضی از شاعرانیست که نسخهٔ قدیم دیوان آنها در دست نیست و اگرچه آن اشعار معدود باشد، مغتنم و از آنجمله است اشعار عنصری، منوچهری، افضل الدین کرمانی، فخرالدین اسعد گرگانی؛

(۳) بعض دیگر اشعار شعرائیست که دیوانی از آنها در دست نیست و حتی نام عده ای از آن شاعران متداول نمی باشد مانند: امین طغرل، امین الدین دادا، انور، بهای زنجانی، تاج الدین خرم، جلال الدین باخجی، جلال الدین بستی، جلال الدین عتیقی، رفیع الدین ساعی، سلیمان شاه، سید بلال، صاحبی تبریزی، صفی الدین ستی، طیان یمی، عبدالعزیز،

عز شیروانی ، فرید الدین فارسی ، فریدون ، مجیب الدین ، مجید ، میر کرمانی ، ناصر بچه ، نجم الدین شهرویه ، نظام الدین یحیی ؛

(۳) دسته ای دیگر اشعاری از شاعرانیست که بامؤلف و جامع این مجموعه قریب العهد یا هم زمان بوده اند مانند : جلال عضد ، حافظ شیرازی (متوفی سال ۷۹۲)، خواجو کرمانی (و ــ ۷۵۳) ، سلمان ساوجی (و ــ ۷۷۹) ، شمس طبسی ، شمس فخری ، عبید زاکانی (و ــ ۷۷۲) ـ عماد فقیه (و ــ ۷۷۳)، کمال خجندی (و ــ ۸۰۳) ؛

اشعاری که در این مجموعه گرد آمده جز آنها که نامشان گذشت از شاعران ذیل است :

ابن همگر ، اثیر الدین اخسکتی ، اثیر الدین اومانی ، ادیب صابر ، ازرق ، اسدی ، افضل الدین کرمانی ، امامی ، امیر خسرو دهلوی ، امیر معزی، اوحدی ، بندار رازی ، جمال الدین عبدالرزاق ، حسان ثابت ، حسن کاشی ، حسن غزنوی (سید) ، حمید الدین بلخی (قاضی) ، خاقانی ، رشید الدین وطواط ، رضی الدین نیشا پوری ، رفیع الدین لنبانی ، رفیع الدین مسعود ، زین العابدین علی بن حسین (امام) ، سراج الدین بلخی ، سراج الدین قمری ، سعدی شیرازی ، سعید هروی ، سنائی غزنوی ، سیف الدین اسفرنگی ، شرف الدین شفروه ، ظهیر الدین فاریابی ، عبدالواسع جبلی ، عطار نیشاپوری (شیخ) ، علی بن ابیطالب (امام) ، عمادی شهر یاری، عمعق بخارائی ، غیاث الدین ، فخرالدین عراقی ، فرخی ، فردوسی : فلکی شروانی ، قطران ، کمال الدین اصفهانی ، مجیر الدین بیلقانی ، مختاری غزنوی ، مسعود سعد سلمان، ناصرخسرو ، نجم الدین دایه ، نجیب الدین جرفادقانی ،

نزاری قهستانی ، نظامی ، همام تبریزی -

جز دیوان اشعار از مثنویها و کتابهای ذیل که در مجموعه عنوان آنها آمده نیز استفادهٔ انتخاب شده است :

آئینهٔ سکندری امیر خسرو دهلوی	سلیم نامه ، ؟
ترجمه تاریخ یمینی ، نجب الدین جرفادقانی -	گرشاسب نامه ، اسدی -
خسرو و شیرین ، نظامی -	ویس ورامین ، فخرالدین گرگانی -
عشاق نامه ، عبید زاکانی -	اسکندر نامه ، نظامی -
مخزن الاسرار ، نظامی -	حدیقة الحقیقه ، سنائی -
همای و همایون ، خواجوی کرمانی -	شاهنامه ، فردوسی -
اسرار نامه ، شیخ عطار -	لیلی مجنون ، نظامی -
جمشید و خورشید ، سلمان ساوجی -	هشت بهشت ، امیر خسرو دهلوی

این مجموعه بشمارهٔ ۲۲۱۰ درکتابخانهٔ سلطنتی ایران ثبت شده ودارای ۶۸۹ صفحهٔ پانزده سطری و مجموعاً مشتمل برده هزار بیت است -

نام کاتب ذکر نشده و تاریخ تحریرآن سال ۸۳۹ و بخط نستعلیق کتابت قدیم است - نسخه مضبوط و تنها سقط آن ورق دوم از مقدمه کتابست که احتمال دادیم نام جامع مجموعه در همان ورق مفقود بوده است -

عہد نبوی کے واقعات کے لئے
تقویمی پیچیدگیاں

*

از

ڈاکٹر محمد حمیداللہ

سابق پروفیسر، جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد (دکن)

(شائع شدہ اورینٹل کالج میگزین مئی ۱۹۶۳ء)

عہد نبوی کے واقعات کے لئے تقویمی پیچیدگیاں

(محمد حمیداللہ) [1]

عہد نبوی کے حالات جو کوئی اصل عربی ماخذوں میں پڑھتا ہے، وہ اس سے واقف ہے کہ بعض وقت ایک ہی چیز کے واقع ہونے کی تاریخ مختلف مؤرخوں یا راویوں کے ہاں مختلف ہوتی ہے، اس پر سہولت پسند یا اعتراض پسند اہل قلم، خصوصاً مغرب میں، فوراً یہ کہہ اٹھتے ہیں کہ عربوں (مسلمانوں) میں حساب اور ضبط تاریخ کا ملکہ کم رہا ہے۔

ایک دوسری پیچیدگی خود ان مستشرقین کی پیدا کردہ ہے کہ رسول اکرم کی ولادت کو فرنگی تقویم میں کس تاریخ سے شمار کریں؟ کوئی ۵۶۹ھ کہتا ہے، کوئی ۵۷۰ھ، کوئی کچھ اور۔

کئی فرنگی مؤلفوں نے بڑی محنت کرکے تقابلی جنتریاں بھی شائع کی ہیں کہ ہجری اور عیسوی تاریخوں کو آغاز ہجرت سے آج تک مہینے اور دن کے تعین کے ساتھ مرتب کریں۔ وستنفلد کی جرمن کتاب ذرا پرانی

---

(۱) عجیب اور افسوسناک اتفاق کی بات ہے کہ جب میں پاریس میں تھا کہ میرے نام مضمون طلبی کا خط استانبول کے ایک ہوٹل کے پتے پر بھیجا گیا جہاں وہ کئی ماہ پڑا رہا۔ پھر جب میں ترکی گیا اور خوش قسمتی سے میں اسی ہوٹل میں ٹھیرا تو خط تو ملا لیکن تاریخ گزر چکی تھی۔ میں نے معذرت لکھ بھیجی تو مدت توسیع کا خط پاریس بھیجا گیا! وہاں سے استانبول آتے آتے کئی ہفتے لگ گئے۔ تاریخ ثانی بھی گزر کر عرصہ ہوچکا ہے۔ بہر حال مرحوم پروفیسر محمد شفیع میرے حال پر اتنے مہربان تھے کہ ان کی یادگار میں شرکت کے لیے سارے کام ملتوی کرتا ہوں۔ لیکن شدید عجلت کا نتیجہ ہے کہ برجستہ اور قلم برداشتہ کچھ لکھ سکتا ہوں، تحقیق کا حق ادا نہیں ہوسکتا۔ "یار زندہ صحبت باقی" کہہ کر اپنے ہی کو تسلی دے لیتا ہوں، اور ناظرین سے معذرت خواہ۔

ہو گئی ہے اور اس میں مہینے کے آغاز کا دن بتا دیا گیا ہے۔ کاتنوز Cattenoz نے اس سے بھی زیادہ محنت کی ہے اور ہجری مہینوں کے انتیس یا تیس ہونے کا بھی تعین کیا ہے کہ اس طرح ہجری اور عیسوی مہینوں اور ان تاریخوں ہی کا نہیں بلکہ دن کے نام کا بھی فوراً پتہ چل جاتا ہے۔ لیکن اس دیدہ ریز محنت کے باوجود ان کی کتابیں ناقابل استعمال یا ناقابل اعتماد ہیں۔ کیونکہ یہ دونوں مؤلف صراحت کرتے ہیں کہ محرم ہمیشہ تیس کا ہوتا ہے! اور ہر دو تین سال کے بعد ذی‌قعدہ اور ذی حجہ دونوں کو مسلسل تیس کا کیا جاتا ہے۔ اور جہاں تک کاتنوز کی قابل حنری میں میں نے دیکھا رمضان بھی محرم ہی کی طرح ہمیشہ تیس کا ہوتا ہے! چونکہ ان ماہر ریاضی دانوں کے فیصلوں کی عالم بالا میں تعمیل نہیں ہوتی اور چاند کا طلوع وغیرہ کسی اور ہی حساب پر چلتا ہے، اس لئے جب کبھی مثلاً کسی عربی تاریخ میں کسی واقع کا ذکر روز (شنبہ یکشنبہ وغیرہ)، تاریخ (پہلی دوسری وغیرہ) اور ماہ وسال کی تفصیل سے ہو اور ان مستشرقوں کی جدولوں میں اس کے خلاف ہو تو اولاً جدول ہی کو غلط تصور کرنا اور تاریخ کے بیان کو صحیح فرض کرنا پڑتا ہے۔ مثلاً کاتنوز نے لکھا ہے کہ یکم محرم ۶۱ھ کو پیر کا دن تھا۔ گویا شہادت عشوراء چہار شنبے کو ہوئی، جمعہ کے دن نہیں جیسا کہ مسلمانوں میں مسلّم ہے۔

وستنفلد اور کاتنوز علم ہیئت اور رصد کے ماہر نہیں، انہیں اس پر معاف بھی کیا جائے تو پاریس کی رصد گاہ سے شائع ہونے والی تقویم کو کیا کیا جائے جب ۱۹۶۳ء کے سالنامے میں بھی ہجری تاریخ کا یہی فارمولا دہرایا گیا ہے کہ محرم (نیز رمضان) ہمیشہ تیسے ہوتے ہیں. میں نے توجہ دلانے کی جسارت کی۔ غالباً مجھے اناڑی قرار دیا گیا ہوگا۔

ایک دوسری پیچیدگی اس بنا پر ہوتی ہے کہ ہمارے زمانے کی ہجری و عیسوی تاریخ چونکہ معلوم رہتی ہے لہذا اس کی اساس پر اوپر بڑھیں اور ۱ ھ تک پہنچیں۔ ہر سال کے یکم محرم کی معادل فرنگی تاریخ ایک حد تک صحیح ہوگی۔ صرف ایک حد تک، جیسا کہ نیچے اس کے خلاف بھی کچھ عرض کرونگا۔ لیکن قبل ہجرت کی تاریخوں کے لئے جہاں تک میں نے دیکھا فرنگی مؤلفوں نے ایک دوسری ہی لغزش کھائی ہے اور وہ یہ کہ قبل ہجرت کی تاریخوں کو بھی (ولادت نبوی سے لے کر بعثت نبوی، پھر ہجرت مدینہ تک کے لئے) قمری حساب پر مرتب کرتے ہیں۔

حالانکہ ساری اسلامی دنیا کی طرح یہ فرنگی مؤلف بھی جانتے ہیں کہ ۹ ذی حجہ ۱۰ ھ کو حجۃالوداع کے موقع پر رسول اکرم نے ''نسیء'' (یعنی کبیسہ گری) کو منسوخ فرمایا۔ یعنی وفات نبوی سے تین ماہ پہلے تک کے سارے واقعات کو خالص قمری نہیں بلکہ کبیسہ والے قمری حساب سے سہار کرنا چاہئیے کہ ہر چند سال میں ایک زائد خالی یا گمنام مہینہ بڑھا کر قمری سال کو شمسی سال کے مطابق کیا جاتا تھا۔ رسول اکرم کی ترسٹھ سالہ حیات مبارک میں اس طرح کوئی دو سال کا فرق پڑ جاتا ہے۔

میری تحقیقات میں اب تک تو اس کا کوئی صریح بیان نہ ملا کہ ہجرت کے بعد، جب کہ مسلمانوں کو (یصدون عن المسجدالحرام کی آیت کے مطابق) مشرکین مکہ مکہ آنے سے چونکہ روکتے رہے اس لیے آیا مدینے میں مسلمان مکی تقویم پر عمل کرتے تھے کہ کبیسہ گری کریں، یا خالص قمری حساب پر چلنے لگے؟ فرض کیجئے کہ مدینے میں خالص قمری حساب چلنے لگا اور فرض کیجئے کہ کسی واقع کا راوی ایسا شخص

ہے وہ زیر ذکر واقع کے وقت کافر تھا اور مثلاً مکہ یا مکے کے زیر اثر علاقے میں رھتا تھا اور بیان کرتا ہے کہ مثلاً اس کے قبیلے پر رسول اکرم نے شوال کے مہینے میں حملہ کیا۔ آیا جس مہینے کو مکے والے یا راوی شوال بیان کرتے ھیں وہ مدینے میں بھی شوال ھی تھا یا نسئی کبیسہ گری کے باعث مہینے میں فرق ھو گیا تھا؟ پھر فرض کیجئے کہ اسی واقع کا ایک راوی اس اسلامی فوج کا ساتھی رہا ھو جس نے اس حملے میں حصہ لیا تھا اور وہ اسے سوال کی جگہ کسی اور مہینے کا واقع قرار دے تو اسے راویوں کی ''عدم حساب دانی'' اور ''ضبط تاریخ کا قصور'' قرار دیں یا محض غلط فہمی؟ یعنی دو مختلف طریقہ ھائے تقویم کے باعث ناظر کو غلط فہمی ھو رھی ہے ورنہ دونوں ھی راوی سچے ھیں!

میں نے ابھی عرض کیا کہ ھجری اور عیسوی تاریخوں کا تقابل صرف ایک حد تک صحیح ھوتا ہے، کامل طور پر نہیں۔ سب جانتے ھیں کہ زمین کروی ہے اور نقطۂ نہار کے آغاز و اختتام میں پورے چوبیس گھنٹے کا فرق ھوتا ہے۔ معمولی بات ہے کہ ایک واقعہ انگلستان میں جمعرات کی صبح کو پیش آئے اور راڈیو سے مشرق پاکستان میں اسے فوری سنیں تو وہ جمعرات ختم ھو کر جمعہ کا واقعہ سمجھا جاسکتا ہے۔

اس سے بڑھ کر یہ کہ چاند کی پیدائش اس کی گردش کے دوران میں ھوتی ہے۔ ھم یکم ماہ ھلالی اس وقت فرض کرتے ھیں جب غروب آفتاب کے وقت چاند زمین سے اس قدر کنارہ کش ھوگیا ھو کہ اس کے ایک گوشے پر سورج کی روشنی پڑ سکنے میں زمین حائل نہ رہے اور چاند پندرہ بیس منٹ مطلع مغرب پر نمودار رہ کر ڈوب جائے۔ یہ روزمرہ کا مشاھدہ ہے کہ مثلاً ڈھاکے میں رویت نہ ھو، کراچی میں یا مصر میں یا پاریس و لندن میں ھو جائے۔ ڈھاکے والے تیسا مہینہ شمار کرینگے،

کراچی والے انتیسا ۔ راوی اگر دونوں ملکوں کے ہوں، اور اگر روایت میں تاریخ کی حد تک اختلاف ہو تو کون ہے جو انصاف کے ساتھ کہہ سکے ان دونوں میں سے کوئی بھی جھوٹا ہے! انس کو رویت کے وقت ابر وغیرہ کے باعث چاند نظر نہ آئے تو اب تک تو رواج یہی رہا ہے کہ اسے تیسا شمار کریں (واقعۂ قدرت کی حد تک یہ ممکن ہے غلط ہو، لیکن واقعۂ انسانی کی حد تک مؤرخ کو جھوٹا کہنے کی کوئی وجہ نہیں ہوتی ۔ ممکن ہے لاہور میں مطلع صاف رہے، کراچی میں نہ رہے ۔ ایسے واقعات عہد صحابہ میں پیش آچکے اور کتب حدیث میں درج ہو چکے ہیں) ۔ امام ابوحنیفہ کا قول مشہور ہے کہ مشرق کی رویت سارے مغرب پر واجب العمل ہے ۔ جدید علم ہئیت بھی یہی کہتا ہے کہ اگر ڈھاکے میں چاند ہو گیا تو کراچی میں بھی لازماً ہو گا (چاہے ابر کے باعث رویت نہ ہو سکے) لیکن نہ امام ابو حنیفہ نے فرمایا اور نہ جدید علم کہتا ہے کہ مغرب کی رویت سارے مشرق پر عائد ہو سکے ۔ فرض کیجئے مدینے سے ایک سانڈنی سوار نکلتا ہے اور نجد و بحرین میں خبر پہنچاتا ہے اس کے نکلنے کے دن مثلاً پندرہ دن قبل فلاں واقعہ پیش آیا ۔ ممکن ہے مدینے اور نجد میں رویت ہلال میں ایک دن کا فرق ہو چکا ہو اور مدینے کا راوی ایک تاریخ لکھے اور نجد کا راوی اسے اس کے ایک دن بعد کا واقعہ قرار دے ۔

ضرورت ہے کہ جدید الکٹرانک مشینوں سے حساب کرکے بتایا جائے کہ فلاں ہجری مہینے میں رویت ہلال کرۂ ارض کے کس نقطے پر غروب آفتاب کے وقت ہوئی ۔ اور منٹ ہی نہیں سیکنڈوں کے کسور کو بھی جمع کر کرکے ان سارے چودہ سو سالوں کی جنتری مرتب کی جائے تو پھر کہیں واقعۂ قدرت کی حد تک وہ جنتری صحیح ہوگی ، واقعۂ انسانی و تاریخی کو اس سے اختلاف رہا ۔ ہو سکتا ہے ۔

یہ نہ خیال کیا جائے کہ یہ کمزوری صرف قمری سال میں ہے۔ عیسائیوں سے پوچھئے کہ ان کے ہاں ایسٹر کی عید کب منائی جاتی ہے؟ وہاں اس سے دس گنا زیادہ پیچیدگی ہے۔ پارس کی مذکورہ رصدگاہ سے شائع شدہ تقویم کے مؤلف بھی اس بارے میں کتراتے ہیں اور "فلاں عیسائی مدرسۂ دیبیاب کے فلاں شخص کا جو اس کا متخصص ہے یہ بیان ہے" کرکے اپنا پیچھا چھڑا لیتے ہیں۔

ابھی اوپر نسئی اور کبیسہ کا ذکر آیا۔ حجۃالوداع سے قبل تک مکے میں اس کا رواج تھا۔ لیکن وہ کس فارمولے پر عمل کرتے تھے؟ میرے پاس جو مواد جمع ہوا ہے اس میں اختلاف ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ ہر سال، کوئی ہر دو سال میں ایک بار، کوئی ہر تین سال میں ایک بار ذی‌حجہ اور محرم کے مابین ایک بار خالی یا زائد قمری مہینے کا اضافہ کرنے کا ذکر کرتے ہیں۔ البیرونی نے جو پیچیدہ تفصیل دی ہے اور دور بتائے ہیں کہ اتنے سال فلاں طرز کے، ان کے بعد اتنے سال فلاں طرز کے، — یہ میری دانست میں خواہشمندانہ ہیں مؤرخانہ نہیں۔ جو بھی ہو اس اختلاف کا اثر ان تاریخوں پر پڑیگا جو یہ مؤلف مرتب کریں اور ہم ناظر ان میں فرق دیکھ کر یہ کہنے پر مجبور سے ہو جائینگے کہ ان میں سے کوئی نہ کوئی جھوٹا ہے۔

لیکن میرے پاس جو مواد جمع ہو رہا ہے، اس سے آہستہ آہستہ بعض گتھیاں حل ہوتی جا رہی ہیں چنانچہ آج ایک کے ذکر پر اس نوٹ کو ختم کرتا ہوں۔

امام بیہقی کی دلائل النبوۃ ابھی تک کاملاً چھپی نہیں۔ بڑی کئی جلدوں کی کتاب ہے۔ اس کا بڑا حصہ استانبول میں کوپردلو کے کتب خانے میں ہے (جہاں ایک جلد کم ہے)۔ اس میں ایک بڑا دلچسپ اور اہم

بیان زیر بحث مسئلے کے متعلق ملتا ھے۔ لکھا ھےکہ حضرت عمر کے زمانے کے سرکاری فیصلے سے قبل مسلمانان مدینہ میں شمار کے لیے ھجرت کو نقطۂ آغاز قرار نو دے لیا گیا تھا لیکن حساب تین طرح کا تھا ۔ (محرم تو سب کے ھاں سال کا پہلا مہینہ تھا لیکن) کچھ لوگ اس محرم سے حساب کرتے جس کے ذی‌حجہ میں عقبۂ ثانیہ کے معاھدے کے نتیجے کے طور پر مسلمانان مکہ ھجرت کرکے مدینہ جانے لگے (گویا ھجرت سے ایک سال پہلے سے شمار ھو گا) ۔ کچھ لوگ اس محرم سے شمار کرتے تھے جس کے دو تین ماہ بعد ربیع‌الاول میں خود رسول اکرم نے ھجرت فرمائی (اور یہی اب رائج ھے) ' اور کچھ لوگ اس محرم سے شمار کرتے تھے جو رسول اکرم کے مدینہ آنے کے بعد پہلی مرتبہ آیا (یعنی ھجرت کے ایک سال بعد سے) ۔

یہ بیان بڑا اھم ھے ۔ اس سے تین سال کا فرق پیدا ھو جاتا ھے ۔ اب اس کی روشنی میں ایک معین واقع کو لیجئے :

(ا) صحیح بخاری میں کتاب‌المغازی باب غزوۃ بنی المصطلق میں لکھا ھے : ''موسیٰ بن عقبہ کے مطابق یہ ۴ھ میں پیش آیا ''

(ب) طبقات ابن سعد (طبع لیڈن جلد دوم حصہ اول صفحہ ۴۵ا :
یہ شعبان ۵ھ میں واقع ھوا ۔

(ج) ابن ھشام (برحاشیۂ روض‌الانف للسھیلی جلد دوم صفحہ ۲۱۶):
یہ شعبان ۶ھ میں وقوع پذیر ھوا ۔

کیا بیہقی کی توضیح کے بعد ان تینوں میں سے کسی ایک کو بھی جھوٹا یا کم از کم ناقص‌العلم قرار دیا جاسکتا ھے ؟ یقیناً ان تینوں کا ماخذ مدنی راوی ھونگے ۔ اسی لئے سال کا تو فرق ھے ' ماہ کا نہیں ۔ لیکن اگر راوی مکی اور مدنی دونوں قسم کے ھوں ' یا کم از کم باکبیسی اور بےکبیسہ تقویموں کو ذھن میں رکھنے والے ھوں تو ماہ کا بھی فرق آتا ھے ۔ مثلاً

معاہدۂ حدیبیہ کے متعلق عام طور پر مؤرخ تسلیم کرتے ہیں کہ یہ ذی‌قعدہ ۶ھ کا واقعہ ہے۔ لیکن کتاب الخراج میں امام ابو یوسف لکھتے ہیں کہ رسول اکرم رمضان میں حدیبیہ گئے، اور تاریخ ابن کثیر میں ہے ''حدیبیہ کی صلح عروہ کے مطابق شوال میں طے ہوئی اور عروہ کا یہ بیان عجیب و غریب ہے''۔ لیکن اگر ہم اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ مکے میں جو مہینہ رمضان ہے وہ کبیسہ کو شمار نہ کرنے کے باعث ۶ھ میں مدینے میں ذی‌قعدہ ہو سکتا ہے یہ بھی نہ بھلایا جائے کہ واقدی اور ابن سعد کے ہاں کسی واقع کی تاریخ بکثرت یوں بیان ہوتی کہ رسول اللہ کے مدینہ آنے کے اتنے مہینے کے بعد۔ اس کا شمار محرم کی جگہ ربیع الاول سے کرنا ہو گا اور خلط ملط کا امکان بڑھ جائیگا۔

غرض تاریخ و ریاضی و ہیئت کے تعاون کے متقاضی یہ مسائل اس قابل ہیں کہ ان پر ایک سے زائد دماغ وقت واحد میں کام کریں۔ وباللہ التوفیق

مسعود سعد اور امیر خسرو

*

از

سیّد ہاشمی فرید آبادی

(شائع شدہ اورینٹل کالج میگزین مئی ۱۹۶۳ء)

مسعود سعد اور امیر خسرو

۶۳۹ هجری (۱۲۴۱ع) میں چنگیزی مغول کے هاتهوں هارے شہر لاهور کی تباهی، کئی اعتبار سے اسی خوفناک تباه کاری کا نمونه تهی جو ۱۷ سال بعد مدینة السلام بغداد میں تاریخ کا الم ناک سانحه بن کر دنیا کو یاد رهی - مسلمانوں کے خون کی ندیاں بہانا، ان کے آباد شہروں کو منہدم، ویران، خاکستر کر دینا کفار مغول کا عام مشغله تها لیکن یہاں همارا اشاره تہذیبی عواقب کی طرف هے که جس طرح بغداد کی بربادی سے مسلم ثقافت کو صدمه پہنچا اور مسلمانوں کی تہذیب کا سلسله (کم سے کم مشرق ممالک سے) منقطع هوا، کچھ اسی قسم کے تہذیبی رخنے لاهور کی تباهی سے پڑے اور هندوستان کے مسلمانوں کی تاریخ میں ان ولایات کا، جو اب مغربی پاکستان کہلاتی هیں، غزنوی دور بالکل بعید و بیگانه هو گیا - اهل الله اور بزرگان صوفیه کو مستثنیٰ کرنا ممکن هے ورنه صدها ملوک و امرا کے نام اور کام مٹ گئے - اهل علم و ادب کے بے شمار شاه کار انقلابات روزگار کی آندهیوں میں اڑ گئے جنہیں هماری هزار ساله تعلیم و ثقافت کے اجزاے فائقه هونا چاهیے تها - ادنیٰ مثال کے طور پر ذیل کا مختصر ادبی موازنه پیش کرنے کی جسارت کی گئی هے :

ممالک هند میں امیر خسرو کی شاعری بے مثل شہرت و قبول سے بہره مند هوئی - اس میں ان کے دوسرے اوصاف اور سب سے بڑھ کر ان کے مقدس و محترم پیر سلطان نظام الدین اولیاءؒ کی دعائیں شامل حال

تھیں ۔ براؤن ادبیات ایران کے مشاہیر اساتذہ میں امیر خسرو کو شریک نہیں کرتا لیکن ایرانی سخن شناس، مثنوی اور غزل میں انہیں صف اول کا شاعر ماننے پر مجبور ہیں ۔ ہندوستان خاص میں ان سے پہلے کے چند نام اور جستہ جستہ نمونۂ کلام تاریخوں میں سلامت رہ گئے (ناصری، روحانی، عمید، شہاب) لیکن بقول بداؤنی، آفتاب خسروی کے طلوع ہونے پر یہ سب، چاند تاروں کی طرح ماند اور بے نور ہوگئے ۔ امیر کے چار دیوان اور نو مثنویوں کا لشکر ابھی تک آراستہ استادہ ہے ۔ اس کے مقابلے میں بعد کا کوئی حریف میدان میں نہیں ٹھہرتا ۔ لیکن حق یہ ہے کہ ادبیات فارسی کے وسیع دنگل میں قصیدہ گوئی خاقانی و انوری پر ختم ہوگئی تھی اور غزل اور مثنوی میں بھی امیر خسرو حضرت سعدیؒ اور نظامیؒ کو استاد مان کر ہی اکھاڑے میں اترے ہیں ۔ (حسب روایت مشہور) اپنے مرشد کی توجہ سے سعدی کی جلالت قدر کا عالم واقعہ میں مشاہدہ ہوا تو سر جھکانا پڑا اور خمسۂ نظامی کے جواب میں پنج گنج لکھا تو ہزل گو عبید (زاکانی) نے وہ طعنہ دیا جسے خسرو کے مداح تک نقل کیے بغیر نہیں رہتے ؎

نمی زیبد خسرو را ز خامی
کہ سکبا پخت در دیگ نظامی

تاہم امیر خسرو کی چار تاریخی مثنویاں ان کی بے نظیر یادگار ہیں ۔ ایران (و ہند) کی افسانہ پسند، حقیقت دشمن ذہنیت کا تو ذکر ہی کیا ہے، شاید دنیا کی کوئی قوم بھی ایسی واقعاتی، سچی اور نفیس نظموں کا مجموعہ پیش نہ کر سکے گی ۔ اس خصوص میں اہل تاریخ کا امیر خسرو کو یگانۂ روزگار تسلیم کرنا بے جا نہ ہوگا ۔

ادبی موشگافیوں سے قطع نظر کیجیے اور بحث کو ممالک ہند کی

فارسی ادبیات تک محدود رکھیے تو آپ دیکھیں گے کہ امیر خسرو کے ترانے آج تک یہاں کی بزم حال و قال میں گونجتے ہیں اور ان کے پیش رو خصوصاً غزنوی لاہور کے سخن وروں کو دھلی و دوآب کیا، خود پنجاب نے بھلا دیا ۔ عہد مغلیہ کی تاریخوں اور تذکروں میں اس دور کے لاہور سے کم اعتنائی کی بعض تاریخی اور نفسیاتی وجوہ عارض ہوئیں جن کی تشریح کا یہ محل نہیں - غنیمت ہے کہ حالیہ شوق تحقیق نے وھاں کے دو بلند پایہ نغمہ طرازوں کو شہر خموشاں سے باھر نکالا اور ثابت ہوا کہ ایں روے سندھ کے یہ لاھوری شاعر فارسی ادب عالیہ میں امیر خسرو سے کچھ کم مسلم الثبوت نہ تھے ۔ ان میں بزرگ تر استاد ابوالفرج رونی گزرا ہے لیکن اس کے کلام کا صرف مختصر مجموعہ ایک روسی قدر شناس کے طفیل شائع ہو سکا (طہران ۱۳۰۵ع) البتہ دوسرا، مسعود سعد سلمان اور اس کا ۱۸ ہزار شعر کا دیوان ایرانی فاضل یاسمی کی طبع جدید کی بدولت نقد و موازنہ کا بہتر موقع فراہم کرتا ہے ۔

پہلی خصوصیت، جس میں امیر خسرو ایک طرف، شاید دنیا کا کوئی شاعر بھی مسعود سعد کا مقابلہ نہ کر سکے گا اس کی زندانی شاعری یا ”حبسیات“ ہیں ۔ اصل میں وہ کئی دفعہ قید یا نظر بند کیا گیا جس کی مجموعی مدت ۱۳ سال گنواتا ہے ۔ قاسم خوانساری نے عہد حاضر میں مسعود کی شاعری پر غالباً پہلا مستقل رسالہ شائع کیا (طہران، ۱۳۱۷ ف) وہ اس کے ایک قید خانے ھی کے نام پر ”حصار نامے“ موسوم ہے اور زیادہ تر اس کے حبسیہ قصائد ھی سے بحث کرتا ہے ۔

امیر خسرو سے مسعود کی ایک مماثلت عوفی کی اس اطلاع پر مبنی کی جا سکتی ہے کہ اس نے ” ھندی “ میں بھی ایک دیوان شعر مرتب کیا تھا (لباب الالباب ۔ ۲۔ ص ۲۴۶) ۔ علامہ آزاد بلگرامی اس روایت

کی تائید میں عوفی سے مقدم نظامی عروضی کا قول بھی پیش کرتے ہیں (خزانہ عامرہ، طبع بمبئی - ص ۱۵) خود مسعود کے موجودہ کلمات میں ہندی نگاری کا ذکر نہیں ملتا - اس وقت مسلمانوں کے لیے یہ چنداں لائق اظہار بات بھی نہ تھی لیکن شمال مغربی ہندوستان میں آن دنوں کوئی مشترک '' ہندی '' زبان باہمی مراسلت اور معاملت کا وسیلہ ضرور موجود تھی اور سلطان محمود اعظم رح کے آخر زمانے سے خاص غزنی میں ایک ہندی شعبۂ وزارت قائم کیا گیا تھا - افسوس ہے مسعود کا یہ ہندی کلام بالکل معدوم ہوگیا اور زبان کی صحیح نوعیت کا کوئی تعین اب نہیں ہو سکتا تاہم عوفی کی روایت ناقابل یقین نہیں ہے - مسعود سعد لاہور میں پلا، بڑھا - آگے چل کر کچھ مدت جالندھر کا حاکم رہا - اس کی ذہانت سے مطلق بعید نہیں کہ مقامی بولی سے واقف اور یہاں کی کسی ''ہندی'' میں شاعری کرتا ہو - رہا اس کا ضائع ہو جانا تو مسعود کا عربی کا دیوان، ایک خلاصہ شاہ نامہ اور خود فارسی کلام کا ایک حصہ بھی یقیناً ضائع ہو چکے ہیں - ادھر امیر خسرو کے جو ہندی یا ہندی آمیز اشعار، گیت وغیرہ گائے جاتے ہیں، ان کا ہی کوئی مستند مجموعہ ہم تک سلامت نہیں پہنچا ہے -

آگے بڑھنے سے پہلے مسعود سعد کا مختصر حال دہرا لینا مناسب ہوگا فاضل یاسمی نے اس کے دیوان کی تصحیح کی اور طبع (مکرر) کے ساتھ شاعر کے حالات مقدمۂ دیوان میں بڑی تحقیق و تدقیق سے فراہم کیے- (طہران، ۱۳۱۸ الہی) ہمارا خاص ماخذ وہی ہے - مسعود کا باپ سعد سلطان ۴۲۷ھ/۱۰۳۶ء میں غزنوی '' ولایت ہند '' کا مستوفی یعنی صدر محاسب مقرر ہو کر لاہور آیا اور یہیں متوطن ہوگیا جسے مسلمان فاتح آن دنوں ایک با رونق بڑا شہر بنا رہے تھے - مسعود کی ولادت ۴۳۵ھ/

۴۴۰ء یا کچھ بعد لاھور ھی میں ھوئی۔ سہری وطن کے ''فرزند'' ھونے کی اصطلاح آج سے نو سو برس پہلے ایک پر اثر حبسیہ قطعے میں استعمال کر گیا ھے :

اے لاھوور ویحک بے من چگونۂ
بے آفتاب روسن ، روشن چگونۂ
ناگہ عزیز فرزند از تو جدا سدست
با درد او بہ نوحہ و شیون چگونۂ
(دیوان ص ۹۳۴)

اس قصیدے میں صراحت کی ھے کہ میرے باپ کی جاگیر ، میرے اھل و عیال اور دو بہنیں لاھور میں ھیں۔ مسعود کی تعلیم کا کچھ زمانہ دارالسلطنت غزنی میں گزرا جو ان دنوں علم و فن کی بھی راجدھانی ھو گیا تھا۔ یہ سلطان محمود اعظم کے پوتے ابراھیم ابن مسعود کا عہد سلطنت (۴۵۱-۴۹۲ھ/۱۰۹۹ء) تھا۔ اس اقبالمند بادشاہ کے ایک بیٹے کا نام بھی محمود تھا جو ۴۶۹ھ سے ۴۸۰ھ/۱۰۸۸ء تک غزنوی ولایت ھند کا نائب السلطنت اور شہر لاھور کی تعمیر و تزئین میں نمایاں حصہ دار تھا۔ اس سے بعد کے تاریخ اور تذکرہ نویسوں نے اسے اپنے نامور پردادا سے ملتبس کر دیا ھے۔ حالانکہ غزنوی دربار سے اسے ''سیف الدولہ'' اور خلافت بغداد سے ''صنُع امیرالمومنین'' کے امتیازی خطابات دئے گئے تھے۔ ھمارا شاعر اس شہزادے کا ندیم خاص تھا اور غالباً اسی وجہ سے جب یہ شہزادہ معزول و معتوب ھوا تو اس کا مداح شاعر بھی قلعہ دھک میں قید یا نظر بند کیا گیا (اسے موجودہ سرحد افغانستان کا '' ڈکہ '' خیال کیا گیا ھے) کئی قصیدے اس مصیبت کی یادگار ھیں لیکن معلوم ھوتا ھے محبوس شاعر کی یہ فریاد و فغاں ارباب حکومت کو ناگوار گزری اور وہ دو اور قید خانوں

میں ڈالا گیا ، جہاں پہلے سے زیادہ سختی کی جاتی تھی - آخر دس برس قید کاٹ کر سلطان ابراھیم کی عنایت سے معافی اور لاھور آنے کی اجازت ملی (دیوان ، ص ۲۵۲)

چند سال بعد جب سلطان ابراھیم کا بیٹا علاء الدولہ مسعود ثالث باپ کا جا نشین ھوا (صاحب ''چہار مقالہ'' نے ابراھیم کو واقعی سال وفات سے ۲۰ برس پہلے مرحوم بنا کر غلطیاں کھائیں اور دوسروں کو غلط فہمی میں ڈال دیا تھا) تو لاھور کی امارت اس کے فرزند عضدالدولہ شیر زاد کو تفویض ھوئی (۴۹۲/۱۰۹۹) اسی کے دور امارت میں مسعود جالندھر کا حاکم اور کئی سال رئیسانہ زندگی بسر کرتا رھا یہاں تک کہ اس کا مربی وزیر ابوالنصر پارسی عتاب شاھی کی جھپیٹ میں آیا اور اسی قضیے کے سلسلے میں ھمارا شاعر بھی معزول اور ایک مرتبہ پھر نظر بند کیا گیا - اس نظر بندی میں زیادہ تکلیف و مشقت نہ تھی پھر بھی سردیوں میں گرم مخمل کو یاد کرتا تھا '' جس سے لاھور کی خوشبو آئے''

'' مخملے باید از خدا وندم - کہ ازو بوی لاھوور آید ''

(ص ۵۹۴)

اسی حراست میں قرآن مجید حفظ کیا اور شاید اسی کی برکت سے قناعت کا یہ سبق سیکھا کہ اھل قلم کو حکومت و سیاست راس نہیں آتی - اس مرتبہ آزاد ھونے کے بعد باقی زندگی پایۂ تخت غزنی میں گزاری جہاں شاھی کتب خانے کا مہتمم (: کتاب دار) (اور سلطان مسعود ، ارسلان ، بہرام) تین بادشاھوں کی قصیدہ خوانی کرتا رھا - لاھور کی شصت سالہ زندگی میں پے در پے ایسی تکلیفیں اٹھائی تھیں کہ پھر اس وطن عزیز سے دل بیزار ھو گیا - ایک قصیدے میں ان خیالات کا اظہار کرتا ھے - (ص ۳۸۱) :

در دل من، به ایزد، ارماند ذرهٔ از هوای هندستان
چه کنم من به لاهوور آخر نزد آن قوم بے سر و سامان
کے کشد دل به بفعتے که شود تالئی دوزخے به نابسنان

ارسلان اور بہرام غزنوی کے مدحیہ قصائد سے مسعود کا شاعر دربار اور مقرب سلطان ہونا پایا جاتا ہے۔ حسب روایت ۵۱۵/۱۱۲۱ میں وفات پائی اور غزنی کے باہر اپنے باغ میں دفن ہوا۔

اس زمانے کے مذاق کے مطابق مسعود سعد قصیدہ نگار شاعر تھا۔ یہ صنف شعر غزنوی اور سلجوق ترک سلاطین کی سر پرستی میں نقطۂ کمال کو پہنچی۔ مگر معاصر اساتذہ (حضرت سنائی، خطیبی، راشدی اور خود رونی) مسعود سعد کے فضل و شرف کو تسلیم کرتے ہیں۔ سلجوقی دربار کے ملک الشعرا امیر معزی نے یہاں تک مبالغہ کیا ہے کہ :

در مجلس بزرگاں خالی مباد هر گز پیرایه بزرگی مسعود سعد سلمان
آن ساعر سخن‌ور کز نظم او نکوتر کس درجهان کلامے نشنید بعد قرآن

اگلی صدی کے مشہور نقاد شمس الدین رازی صاحب معائیر . . . نے اسے ''فحول شعرا'' میں شمار اور مختلف صنائع کی نظیر میں مسعود کا کلام پیش کیا ہے۔ (طبع براون، ص ۲۳۳ وغیرہ) غرض اس میدان میں امیر خسرو ہمارے لاھوری شاعر کے حریف نہیں مانے جائیں گے۔ دوسری طرف فارسی شاعروں میں غزل گوئی اس وقت تک حسن بیان اور اسالیب فصاحت میں وہ بلندی اور وسعت نہیں پا سکی تھی جو عہد سعدیؒ میں اسے نصیب ہوئی۔ مسعود سعد کی معدودے چند غزلیں بھی قصیدے کا آھنگ رکھتی ھیں۔ امیر خسرو کے غرۃ الکمال کی شیرینی اور سلاست کے سامنے ان کی کچھ حقیقت نہیں۔ البتہ ایک غزل جو عاشقانہ رنگ میں مسلسل لکھی، لائق ذکر ہے :

گفتم که چند صبر کنم اے نگار، گفت "با هست عمر" گفتم رنجه مدار، گفت
"بے رنجه عشق نبود" گفتم "نیم ترنج فرسوده چند باشد ازیں اے نگار" گفت
. . الخ

اس قسم کا گفتم گفتا کا مکالمه امیر خسرو اور بعد کے شعرا کی بھی زیر مشق رہا لیکن ممکن ہے اس کا آغاز مسعود کی غزل سے یا اس کے زمانے میں ہوا ہو۔

امیر خسرو کی تاریخی مثنویاں، جیسا کہ اوپر بیان ہوا، بے نظیر ہیں تاہم مسعود کے قصائد اور بعض قطعات اس دور کی تاریخ کے گمشدہ حلقے تلاش کرنے میں ہمیں مدد دیتے ہیں۔ ایک نئی طرز کی مثنوی "بزم شہر زاد" کے نام سے شامل کتاب ہے جسے فاضل یاسمی اعلیٰ درجے کا "شاہر" (= تمثل) قرار دیتے ہیں۔ اس میں شہزاده نائب السلطنت لاہور کی رسمی مدح کے بعد اس کی مجالس طرب کا نقشہ دکھایا ہے۔ خاص خاص ندیم نام به نام مذکور ہیں۔ ان کی (به شمول شاعر) بڑے لطف سے کردار نگاری کی گئی ہے اور چند ارباب نشاط کے واقعی حالات اور کمالات تحریر کیے ہیں۔

مسعود نے ہندی "باره ماسه" کی طرح فارسی مہینوں اور دنوں پر بھی مختصر نظمیں لکھیں۔ دنوں کے نام قدیم ایرانی رہنے دیے (جیسے اسفند روز، بہمن روز وغیرہ) لیکن ان اصناف سخن میں اس کا "شہر آشوب" سب سے عجیب تصنیف ہے جس میں سو کے قریب چھوٹے چھوٹے قطعات شامل ہیں۔ ان میں معاشرے کے مختلف طبقات یا افراد کے عنوان سے مشق سخن کی گئی ہے۔ اشعار میں واقعی اور کام کی باتیں کم ہیں لیکن پوری نظم کو پڑھیے تو غزنوی لاہور کے تمدن کا تصور ذہن میں گھومنے لگتا ہے۔ مثلاً، پیشوں اور پیشه وروں کے نام یه ہیں: زرگر۔ آہن گر۔ دروگر (= مستری) تیر گر۔ عطار۔ طبیب۔ منجم۔ فال گیر۔ شناور۔

کشتی گیر ۔ تیغ زن ۔ چوگان باز ۔ فصاد ۔ صیاد ۔ کبوتر باز ۔ وغیرہ (۲) اہل علم و فن : قاضی ۔ فقیہ ۔ ہندسی ۔ نجومی ۔ (= ہمات داں) شاعر ۔ فلسفی ۔ صوفی ۔ قلندر ۔ واعظ ۔ (۳) ارباب نشاط : نے نواز ۔ رقاص ۔ پاکوب ۔ طبال (طبلچی) ۔ بربطی ۔ چنگی وغیرہ

معشوقوں کی متعدد قسمیں لکھی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ پرانے لاہور میں اس جنس کی افراط تھی ۔ پوری نظم خاصی طولانی ہے (تقریباً تین سو شعر) ۔ ہمارے علم میں امیر خسرو یا اور کسی شاعر نے اس صنف خاص میں طبع آزمائی نہیں کی ''ال نامے'' نثر میں لکھے گئے ۔

مجموعی طور پر یہ کہنا تو جائز نہ ہوگا کہ مسعود سعد کا کلام امیر خسرو سے بہتر ہے لیکن عشقیہ تغزل سے قطع نظر ، موضوعی اور معروضی دونوں اعتبار سے ہم اسے زیادہ جاندار اور زیادہ دلکشا قرار دے سکتے ہیں ۔ اور یہ اسی قسم کا باریک فرق ہے جیسا کہ قرن پنجم و ہشتم ہجری کے (این روے دجلہ) مسلمانوں کی عام سیرت و خصائل میں محسوس ہوگا ۔

زمانہ : مسعود سعد سلمان ۴۳۸-۵۱۵/۱۱۲۱

امیر خسرو ۶۵۱-۷۲۵/۱۳۲۵

ابوالفضل کا مذہب

از

ڈاکٹر ظہور الدین احمد
لکچرار شعبہ فارسی ، گورنمنٹ کالج ، لاہور

(شائع شدہ : اوریئنٹل کالج میگزین مئی اگست نمبر ۱۹۶۴ء)

ابو الفضل کا مذہب

اس میں کوئی شک نہیں کہ اکبر بادشاہ نے نہ صرف اسلامی اعمال کو ہی ترک کیا بلکہ وہ اسلامی اصول و عقاید سے بھی منحرف ہو گیا تھا ۔ اس نے مشرکات سے شادیاں کیں ۔ تناسخ کا وہ قائل تھا[1] ۔ آفتاب برستی اس کا شعار تھا ۔ وہ سورج کو حضرت نیراعظم پکارتا تھا اور سنسکرت میں سورج کے نام لے کر مالا جپتا تھا[2] ۔ آتش پرستوں کی آتش فروزی بھی اسے مرغوب تھی[3] ۔ اس کے محل میں رات دن آگ روشن رہتی تھی ۔ بدھوں اور جنیوں کی تقلید میں جیو ھتیا کو بہت بڑا جرم سمجھتا تھا ۔ اس نے دیگر مذاہب کو ملا جلا کر ایک ملغوبہ سا تیار کیا اور اس کا نام دین الٰہی اکبر شاہی رکھا ۔ ابوالفضل چونکہ اس کا دست راست تھا ۔ اس کا معتمد علیہ تھا ۔ سفر و حضر میں اس کے ساتھ رہتا تھا ۔ خلوت و جلوت میں اس سے مشورے ہوتے تھے ۔ مذہبی محفلوں میں وہ پیشرو تھا ۔ اس لیے اکثر کو یہی گمان ہوا کہ اکبر کو منحرف کرنے والا اور اسلامی بنیادوں کو اکھاڑنے والا یہی مرتد بے دین ابوالفضل ، اس کا بھائی فیضی اور اس کا باپ شیخ مبارک تھا ۔ یہ الگ موضوع ہے کہ اکبر کو دین اسلام سے منحرف کرنے میں ابوالفضل کا کہاں تک ہاتھ تھا ۔ اس وقت ہم صرف اپنی بات کو یہیں تک محدود رکھیں گے کہ آیا واقعی ابوالفضل بھی بے دین ہو چکا تھا ۔ مسلمانوں نے تو اس کو کفروالحاد کی آماجگاہ

---

(۱) منتخب التواریخ ' (نولکشور ایڈیشن) صفحہ' ۲۲۳ ۔

(۲) ایضاً صفحہ ۲۳۷ ۔

(۳) ایضاً صفحہ ۲۲۳ ۔

بنانے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ ابوالقاسم رفیق دلاوری نے تو ان کو ائمہ تلبیس میں سے ایک امام شمار کیا ہے[1]۔ سب سے بڑا الزام تراش تو اس کا ہم عصر اور درباری ملازم ملا عبدالقادر بدایونی ہے۔ اس ملا کی شہادت پر متاخرین نے اپنے خیالات کو اس کا ہم نوا بنا لیا۔

ملا جی گوہر افشانی کرتے ہیں :

"نماز روزہ و حج پس ازان ساقط شدہ بود و بعضی اولادالزنا چون پسر ملا مبارک، شاگرد رشید، شیخ ابوالفضل رسائل در باب قدح و تمسخر این عبادات بدلائل نوشتہ و مقبول افتادہ باعث تربیت گشت"[2]

ابوالفضل کی خوش نصیبی سمجھیے کہ اس کے چند نجی خطوط حوادث روزگار سے بچ کر محفوظ رہ گئے ہیں جن کے مطالعہ سے اس کے اصلی عقاید پر روشنی پڑتی ہے۔ یہ خطوط رقعات ابوالفضل کے نام سے شائع ہوچکے ہیں۔ یہ خطوط اس نے اپنے زمانے کے مقتدر علما اور صوفیہ کرام کو لکھے ہیں۔ ان میں جابجا قرآن مجید اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر بڑی عزت و احترام سے کیا ہے۔ مثلاً شیخ عثمان دھلوی کے نام خط صفحہ ۱۱۸ پر۔ صدر جہاں کے نام صفحہ ۱۲۲ پر اور شیخ نظام پانی پتی کے نام صفحہ ۱۲۳ پر ملاحظہ کیجئے۔ شیخ بوالفتح خیرآبادی کے نام خط میں قرآن مجید اور رسول اکرم کا تذکرہ اس طرح کیا ہے :

"ایزد تعالی و تقدس وجود شریف، عنصر لطیف، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ و ازواجہ اجمعین بہترین مخلوقات

---

(۱) ائمہ تلبیس، رفیق دلاوری، لاھور۔

(۲) منتخب التواریخ صفحہ ۲۳۰۔

اولی و اخری گردانید ـ او را در حسن خلق و نیکو سیرت در قرآن مجید و فرقان حمید یاد کرد و وجود باجود آن سعادتمند داربن بحلم و علم و خلق و وفار و تمکین تخمیر نموده و اخلاق حمیده اورا سنی از جمیع موجودات و بیش از تمام مخلوقات در وجود آورد''[1]

اس عبارت کو پڑھ کر اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ایک اسلام سے باغی اور احکام خداوندی کا نافرمان شخص اللہ کی کتاب اور اس کے پیغمبر کے متعلق اس قدر پختہ یقین کا کیسے اظہار کرسکتا ہے ـ یہ خطوط پڑھ کر مجھے شبہ ہوا تھا ـ ممکن ہے یہ خطوط اس زمانے سے پہلے کے لکھے ہوئے ہوں جب اکبر نے اسلام کو خیرباد کہا اور دین الٰہی جاری کیا اور جس میں ابوالفضل بھی شامل ہوا ـ لیکن یہ شک دور ہوگیا جب مولانا عصمت اللہ کے نام وہ خط مل گیا جس کے آخر میں سنہ ۱۰۰۴ ہجری یعنی ۱۵۹۵ عیسوی خط لکھنے کی تاریخ بھی موجود تھی ـ اس خط میں وہ مکتوب علیہ کے لیے دعائیہ کلمات یوں لکھتے ہیں ـ

''آن علامہ روزگار را برجادہ شریعت غرای محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ و ازواجہ مستقر داراد''[2]

یہ خط دین الٰہی ایجاد ہونے یعنی ۱۰۸۲ سے تیرہ سال بعد لکھا گیا تھا ـ اس سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ ابوالفضل شریعت محمدی کو کس نظر سے دیکھتا تھا ـ

اب خاص طور پر نماز روزہ حج کے متعلق اس کے عقاید و اعمال کا حال بھی سن لیجیے ـ نماز کے متعلق قاضی عبدالستار کو لکھتے ہیں :

''خلاصۂ وقت را تلاوت قرآن مجید و فرقان حمید بسر بردہ و شب بیداری و سحر خیزی را بخود از جملہ اورا دو عادات قرار دادہ

---

(۱) رقعات ابوالفضل، نولکشور، صفحہ ۱۱۶ ـ
(۲) رقعات ابوالفضل صفحہ ۱۰۰ ـ

وابواب عبودیت حق تعالیٰ بر روی دل کشادہ "[1]

ہو سکتا ہے کہ جب اکبر نے نماز با جماعت کو ترک کر دیا اور سرکاری طور پر منع کر دیا تو ابوالفضل نے بھی دربار سے اٹھ کر نماز پنجگانہ کو ترک کر دیا ہو لیکن معلوم ہوتا ہے کہ وہ نماز و عبادت و ذکر الٰہی سے غافل نہیں رہا۔ شب بیداری ، سحر خیزی اور تنہائی کی گھڑیوں میں رحمت خداوندی قبول کرنے کے لیے وہ اپنے دل کے دروازے کھلے رکھتا تھا۔

شیخ عبدالنبی کو جو خط لکھا ہے ، اس میں حج پر جانے کی خواہش کا اظہار کیا ہے لیکن ساتھ ہی بادشاہ کی طرف سے اجازت نہ ملنے کی مجبوری بھی ظاہر کی ہے۔ پھر بھی اس سے التجا کی ہے کہ وہ روضۂ اقدس میں پہنچ کر بارگاہ ایزدی میں گناہوں کی بخشش کے لیے دعا مانگے[2]۔ نظام پانی پتی کو جو خط لکھا ہے اس میں حج پر جانے اور مکہ مدینہ میں حاضر ہونے کا جس والہانہ انداز میں شوق کا اظہار کیا ہے ، وہ ان اشعار سے ظاہر ہے جو اس خط میں لکھے ہیں :

کی بود یارب کہ رو در یثرب و بطحا کنم
گہ بمکہ منزل و گہ در مدینہ جا کنم
برکنار زمزم بر کنم یک زمزمہ
از دو چشم خون‌فشاں آن چشمہ را دریا کنم
یا رسول اللہ بسوی خود مرا راہی نما
تاز فرق خود قدم سازم و دیدہ پا کنم[3]

روزہ کے متعلق اس کی تحریروں میں ذکر نہیں آیا۔ اغیار نے بھی اس کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔

---

(۱) رقعات ابوالفضل ، صفحہ ۱۰۲ ۔ (۲) ایضاً صفحہ ۱۹۷ ۔
(۳) ایضاً صفحہ ۱۲۳ ۔

بدایونی نے ایک الزام یہ لگایا ہے کہ ابوالفضل بھی تناسخ کا قائل تھا ۔ چنانچہ وہ اپنی تاریخ میں ۹۹۰ ھجری کے تحت واقعات کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ھیں : جب اعظم خاں کوکہ بنگال سے واپس آئے تو اثنائے گفتگو میں شاھنشاہ نے اس سے کہا کہ ''مسئلہ تناسخ کی صداقت کے متعلق قوی دلائل کی بنا پر ھمیں پورا یقین ہو چکا ہے ۔ شیخ ابوالفضل آپکو اس طرح سمجھائیں گے کہ آپ ضرور اس عقیدہ کو قبول کریں گے''[1] تناسخ یہ ہے کہ یہ دنیا غیر مختتم ہے ۔ قیامت نہیں آئے گی ۔ اعمال کا حساب وھاں نہیں ہوگا ۔ ھم اسی دنیا میں اعمال کی سزا پاتے ھیں ۔ اپنے کرموں کا پھل بھوگنے کے لیے ھماری روح ایک جسم سے نکل کر دوسرے جسم میں داخل ھوتی ہے ۔ جیسی روح ویسا ھی اس کو جسم ملتا ہے ۔ انسانی روح کتے بلی اور گائے کے جسم میں بھی جا سکتی ۔ اسی طرح آواگون کا یہ چکر بدستور قائم رہتا ہے ۔ مسلمانوں کے نزدیک یوم آخرت کا اعتقاد بنیادی حیثیت رکھتا ہے ۔ 'ابوالفضل کی اپنی تحریروں میں اس عقیدہ پر روشنی پڑتی ہے ۔ وہ اپنے بھائی فیضی کے لیے ایک خط میں یوں دعا گو ہے ۔

باولیاء اللہ درقیامت محشور شوید

اور پھر اپنے لیے دعا مانگتا ہے ۔

اللھم احشرنا فی زمرۃ الصالحین والمغفورین[2]

یوم آخر اور حشرونشر کے اعتقاد سے تو تناسخ کی ساری عمارت متزلزل ہو جاتی ہے ۔

ایک اور بہتان تراش مآثرالامراء کے مصنف کا بیان سن لیجیے ۔

'' جنت مکانی خود می نویسد کہ چون شیخ ابوالفضل پدرمن

---

(۱) منتخب التواریخ ' ص ۲۳۸ ۔ (۲) رقعات ابوالفضل ' ص ۷۷ ۔ ۷۸ ۔

ذهن نشین کرده بود که جناب خمی شاهی فصاحت تمام داشت ـ قرآن کلام اوست ـ لهذا وقت آمدنش از دکن به برسنگهه دیو گفتم که بعمل آرد ـ بعد ازین بدوم ازین اعتماد برگشت"[1] ـ

یہ بیان محض الزام ہے اور ابوالفضل کو بدنام کرنے کے لیے تراشا گیا ہے ـ قرآن مجید کے متعلق ابوالفضل کا عقیدہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں ـ مآثرالامراء کے مصنف نے خدا جانے جہانگیر کا یہ بیان کہاں سے نقل کیا ہے ـ توزک جہانگیری اور اقبالنامہ جہانگیری ہمارے سامنے ہیں ـ ان میں اس قسم کا کوئی بیان نہیں ـ جہانگیر نے ابوالفضل کے قتل کی وجہ بیان کی ہے لیکن مذکورہ بالا وجہ نہیں لکھی ـ ہم جہانگیر کا اپنا مصدقہ بیان یہاں نقل کرتے ہیں ـ

" در اواخر عهد پدربزرگوارم شیخ ابوالفضل که از شیخ زاده های هندوستان بمزیت فضل ودانائی امتیاز تام داشت و ظاهر خود را بزیور اخلاص آراسته بهمتگران سنگ به پدرم فروخته بود ـ از صوبه دکن طلب داشتند وچون خاطر او بمن صاف نبود ـ همیشه در ظاهر و باطن سخنان مذکور میساخت و درین ایام که بنا بر افساد فتنه انگیزان خاطر مبارک والد بزرگوارم فی‌الجمله ازمن آزردگی داشت، یقین بود که اگر دولت ملازمت دریابد، باعث زیادتی آن غبار خواهدگشت و مانع دولت مواصلت گردیده کار بجای خواهد رساند که بضرورت از سعادت خدمت محروم باید گردید وچون ولایت برسنگه دیو برسرراه او واقع بود، و دران ایام درجرگه متمردان جاداشت، باو پیغام فرستادم که اگر برسرراه بران مفسد فتنه انگیز گرفته او را نیست و نابود سازد، رعایت های کلی ازمن خواهدیافت ـ توفیق رفیق اوگشته ـ در حینی که از حوالی ولایت اومیگذشت، راه براو بست و

(۱) مآثرالامراء، ج ۲، ص ۶۱۷ ـ

باندک ترددی مردم او را پریشان و متفرق ساخته او را بمثل آورد و سر اورا در آله آباد نزدمن فرستاد "[1]

اقبالنامہ جہانگیری کے مولف نے جو واقعہ نقل کیا ہے ، اس سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ ابوالفضل قرآن کو کلام خداوندی مانتا تھا اور قرآنی تفسیر کی اشاعت کا بھی خواہشمند تھا۔ چنانچہ اس نے اکبر کی ناراضی کو بھی درخور اعتنا نہیں سمجھا۔ اس نے لکھا ہے : ۱۰۰۷ ہجری یعنی اپنی وفات سے چار سال پہلے ابوالفضل نے اپنے باپ کی لکھی ہوئی تفسیر کے کافی نسخے اسلامی ممالک میں بھیجے اور بادشاہ تک کو خبر نہ کی۔ جہانگیر جو ابوالفضل سے ناراض تھا ، اس نے اکبر کے سامنے اس بات کی شکایت بھی کی اور اکبر ناراض بھی ہوا"[2]

صاحب مآثر الامراء نے ابوالفضل پر یہ بھی الزام لگایا ہے کہ وہ آذرکیوان کی تحریر کو قرآن سے زیادہ فصیح جانتا تھا۔ ہم اسکا بھی جائزہ لیتے ہیں۔ اس کا تفصیلی بیان یوں ہے :

" فرمانی بطلب آذرکیوان (که سرآمد مجوسیان ایران دیار بود) رقم پذیرفت۔ اوعذر خواست و نامۂ ازمؤلفات خود (که مشعرستایش مجردات و کواکب و متضمن نصایح و حکم بود) فرستاد مشتمل بر چهارده جزو۔ هرسطرش فارسی بحت بود و تصحیف آن عربی و چون قلب میکردند ، ترکی وباز مصحّف آن هندی میشد و شیخ ابوالفضل میگفت که این نامه افصح از قرآن است "[3]

مصنف نے اس بیان کے ماخذ کا ذکر نہیں کیا۔ لیکن یقیناً یہ سارا بیان دبستان المذاهب سے ماخوذ ہے۔ اصل تحریر یہ ہے :

---

(۱) توزک جہانگیری ، سرسید ایڈیشن ، ۱۸۶۳ ، ص ۱۰ - ۱۱ -

(۲) اقبالنامہ جہانگیری ، ص ۴۵۶ - ۴۵۸ -

(۳) مآثرالامراء ج ۲ ، ص ۳۸۵ - ۳۸۶ -

'' نامه ها به آذرکیوان که سرگروه یزدانیان و آبادانیان بود، بنشتند و اورا به هند طلبیدند - آذرکیوان از آمدن عذر خواست - نامه از تصانیف خود فرستاد درستایش واجب الوجود و عقول و نفوس و سماوات وکواکب و عناصر و درنصائح بادشاه - مشتمل برچهارده جزو هر اول سطر آن پارسی بحت دری بود - تصحف آن میخواندند عربی مشد و چون قلب میکردند، ترکی بود - چون تصحیف آن میخواندند، هندی می گشت - نواب علامی سخ ابوالفضل اعتقادی تمام باذرکیوان داشت ''[۱]

ان دونوں عبارتوں کے سامل سے ظاہر ہے کہ ابوالفضل نے آذرکیوان کی تحریر پر کیا بیان دیا ہوگا - ابوالفضل جیسا عالم شخص کسی ایک پارسی کی تحریر کو قرآن سے افضل نہیں بتا سکتا - یہ محض بہتان ہے - میرا تو یہ خیال ہے کہ سارا بیان ہی جعلی ہے - دنیا کی کوئی زبان اس قسم کی شعبدہ گری الفاظ کی متحمل نہیں ہوسکتی کہ اصل فارسی ہو - اس کے نقطے بدلیے تو عربی بن جائے - اس کو الٹیے تو ترکی ہو جائے - اور پھر نقطے بدلیے تو ہندی بن جائے - تاریخ ادبیات میں اس قسم کی کوئی مثال نہیں ملتی - یہ تو کسی پارسی نے اپنے مرشد کی فضیلت دکھانے کے لیے یہ بیان گھڑا ہے -

تاریخ عالم آرای عباسی کے مصنف نے بھی سنی سنائی باتوں پر یقین کرکے ابوالفضل کو نقطوی، حشر و نشر کا منکر اور اکبر شاہ کو دین اسلام سے منحرف کرنے والا لکھا ہے - مگر خیر یہ ہے کہ اس نے آخر میں لکھ دیا ہے کہ اصل حقیقت کو خدا جانے - اسکی اصلی عبارت یہ ہے :

'' از واردین دیار هند مسموع شد - که شیخ ابوالفضل ولد شیخ

---

(۱) دبستان المذاهب ، نولکشور، ص ۳۲۶ -

مبارک که ازارباب فضل و استعداد ولایت هند در ملازمت بادشاه عالیجاه جلال‌الدین محمد اکبر بادشاه تقرب و اعتبار تمام یافته بود واین مذهب داشت ۔ او بادشاه را بکلمات واهیه وسیع‌المشرب ساخته از جادۂ شریعت منحرف ساخته بود ۔ منشوری که باسم میر سید احمد کاشی انشاء نموده فرستاده بود ' درمیان رسالهای‌او ظاهرشد ' دلالت بر این معنی نمود ۔ العلم عندالله و هو عالم بحقایق‌الامور''[1]

اس عبارت میں احمد کاسی اور اس کے مذهب کا ذکر آیا ہے ۔ جس کا معتقد ابوالفضل بھی تھا ۔ تارخ عالم آرای عباسی کے مصنف نے خود ھی تصریح کی ہے :

احمد کاسی ۔ درمیان کتب ورسالها که در علم نقطه نوشته بود ' ظاهر شد که آن طایفه بمذهب حکماء عالم را قدیم شمرده اند واصلاً اعتقاد بحشر اجساد و قیامت ندارند و مکافات و حسن و قبح اعمال‌را درعافیت و مذلت قرارداده بهشت و دوزخ همان را می شمارند نعوذبالله ازین اعتقادات فاسده[1]

مصنف نے ابوالفضل کی تحریر پیش نہیں کی جس سے اس کے الزام کی تصدیق هو سکتی ۔ اس لیے یه محض الزام ھی رہے گا ۔ ابوالفضل حسر و نشر کا معتقد تھا ۔ اس ضمن میں هم پہلے تحریری ثبوت پیش کر آئے هیں ۔

ابوالفضل پر سب سے اهم اعتراض یه ہے که وه دین الٰہی میں شامل هوا ۔ بدایونی کے قول کے مطابق جو شخص دین الٰہی میں شامل هوتا تھا وه ایک عهدنامه پر دستخط کرتا تھا ۔ اس کے الفاظ یه تھے :

میں اس تقلیدی و مجازی اسلام کو چھوڑتا هوں جو میں نے اپنے

---

(۱) تاریخ عالم آرای عباسی ' ج ۲ ' ص ۳۲۳ ۔

باپ دادا کے ہاں دیکھا اور سنا ہے اور ان چارگانہ مراتب
اخلاص کو قبول کرتا ہوں یعنی مال کی قربانی ۔ جان کی قربانی ۔
ناموس کی قربانی اور مذہب کی قربانی "[1]

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا وہ شخص جو دین الہی میں
شامل ہوتا تھا کیا وہ مسلمان رہتا تھا یا نہیں ۔ ابوالفضل کی تحریروں
سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ دین الہی کا پیرو ہوتا ہوا بھی وہ شخص
مسلمان رہتا تھا ۔ اس لیے عہد نامہ میں اسلام تقلیدی و مجازی چھوڑنے
کا وعدہ کیا ہے نہ کہ اصلی و حقیقی اسلام چھوڑنے کا ۔ اور چہارگانہ اخلاص
مطالبہ کرنے کا مقصد یہ تھا کہ اکبر اپنے اردگرد مخلصین کی ایسی
جماعت پیدا کرنا چاہتا تھا جو اس کے لیے جان ، مال ، آبرو اور مذہب
تک قربان کرنے کو تیار ہو ۔ یہ چہارگانہ اخلاص کا تصور سنسکرت کی
کتاب کلیلہ' دمنہ سے لیا گیا ۔ اس میں چار قسم کے دوستوں کا ذکر ہے ۔
اول وہ جو دوست کی خاطر مال و دولت قربان کرنے کو تیار ہوں ۔
دوسرے وہ جو جان دینے کے لیے حاضر ہوں ۔ تیسرے وہ جو اپنی عزت
و آبرو قربان کرنے کے لیے موجود ہوں ۔ اور چوتھے وہ جو مذہب تک
کو خیر باد کہنے پر آمادہ ہوں[2] ۔

اسلامی نقطہ نظر سے ایک اور بات قابل اعتراض یہ تھی کہ
پیروان دین الہی اپنے مرشد یعنی بادشاہ کے سامنے سجدہ کرتے تھے ۔
ابوالفضل نے اس کو سجود نیایش ، اور سجدہ سپاسگزاری کہا ہے[3] اور
سجدہ عبودیت سے اس کو الگ خیال کیا ہے ۔ اکثر صوفیہ بھی اس کو
معیوب نہیں سمجھتے اور اپنے مرشد کے سامنے سرجھکاتے ہیں اور بعضوں
نے ایسے سجدہ سپاسگزاری کے لیے قرآن مجید کی اس آیت کی طرف اشارہ

---

(۱) منتخب‌التواریخ ص ۲۳۹ ۔ (۲) عیار دانش ، ص ۱۳۳ ۔
(۳) آئین اکبری ، ص ۱۵۷ ۔

کیا ہے جہاں یہ ذکر ہے کہ حضرت یوسف کے بھائیوں نے حضرت یوسف کے سامنے سجدہ کیا ۔ آیت یہ ہے ۔ فقعوالہ ساجدین[1]

انہوں پر یہ بھی واجب تھا کہ وہ کسی کی موت کے بعد ضیافتیں نہ کریں بلکہ وہ شخص اپنی زندگی میں ہی خیرات کرے ۔ جہاں تک ممکن ہو گوشت نہ کھائیں ۔ اپنے ہاتھ کا ذبح کیا ہوا جانور نہ کھائیں ۔ قصابوں ، ماہی گیروں اور شکاریوں کے ساتھ بیٹھ کر ایک ہی برتن میں نہ کھائیں ۔ حاملہ ، بوڑھی ، بانجھ اور کم عمر عورتوں سے اختلاط نہ کریں۔[2] کسی ہنگامی ضرورت یا مجبوری کے وقت توشاید یہ احکام انفرادی یا اجتماعی طور پر مفید ہوں لیکن ان کی ہر وقت اجباری پابندی تو ضرر رساں ہو سکتی ہے ۔ ابوالفضل بڑے جاہ و منصب کا آدمی تھا ۔ اس لیے شاید ہی ان احکام پر عمل کرنے کی ضرورت پڑی ہو ۔ اس کا دسترخوان بڑا وسیع تھا اور وہ خود بھی بڑا خوش خور تھا اور گوشت کھانا اس نے ترک نہیں کیا تھا ۔ اس کی چار بیویاں تھیں اور صرف ایک ہی سے بیٹا پیدا ہوا تھا ۔ اس لیے بانجھ عورتوں سے اختلاط کی ممانعت پر شاید ہی عمل ہوا ہو ۔ باقی حدود و قیود موزوں و مناسب ہوسکتی ہیں ۔

انہوں نے رائج طریق تخاطب یعنی السلام علیکم اور وعلیکم السلام کو چھوڑ کر اللہ اکبر جل جلالہ اختیار کر لیا تھا ۔ آپس میں ملاقات کے وقت ان کلمات کا استعمال اپنی جماعت کے آدمیوں میں ہی رائج تھا ۔ ابوالفضل جب دوسروں کو مخاطب کرتا ہے تو وہ بھی سلام مسنون کے الفاظ ہی استعمال کرتا ہے ۔

دین الٰہی کے یہ قواعد و احکام یقیناً اسلام سے اجنبی ہیں اور ان پر اعتقاد رکھنے والے اور عمل کرنے والے کو پختہ عقاید کا مسلمان نہیں

---

(۱) قرآن ، س ۱۲ ، آیت ۱۰۰ ۔ (۲) آئین اکبری ، آئین ۷۷ ۔

سمجھنا چاہیے ۔ ابوالفضل کی سیرت و کردار کے مطالعہ کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ابوالفضل دل سے اس قسم کی فضول رسموں کو نہیں چاہتا تھا لیکن چونکہ وہ سرکاری ملازمت میں داخل تھا اور شہنشاہ کے بےشمار احسانات اس پر تھے اور بادشاہ کی شخصیت سے اس قدر وابستہ ہو چکا تھا کہ اس سے جدا ہونا اس کے لیے فعال زندگی سے جدا ہونا تھا ۔ وہ اپنے دوست اور محسن کے لیے ظاہرداری اور وضعداری سے کام لیتا تھا ورنہ اکبر نے جو بدعات اور مذہبی قوانین رائج کیے تھے وہ خود اس کو دل سے ناپسند کرتا تھا چنانچہ وہ اپنے بھائی فیضی کو لکھتا ہے ۔

" احکام بادشاہی کہ بشرع محمدی متفق نبفند ، ازان اجتناب تمام فرمایند و تا توانند در رفع و دفع آن کوشش مالا کلام بکار بپوندد "[1]

ایک دوسرے خط میں فیضی کو لکھا ہے ۔

" اگر در صحبت ملوک گذر افتد ظاہر را با پشان سپارید و باطن را بحق گرارید ، کہ یاد خدا و خدمت سلطان نقیض نیست ۔ دل را بحق نہ بند وزبان را بچاکری "[2]

---

(۱) رقعات ، ص ۷۴ ۔ (۲) رقعات ، ص ۷۷ ۔

فارسی کا ایک اور تذکرہ
مُذَکِّرُالاَصْحاب

از

ڈاکٹر سیّد عبداللہ

(شائع شدہ : یونیورسٹی اوریئنٹل کالج میگزین ، مئی ، اگست ۱۹۶۴ء)

فارسی کا ایک اور تذکرہ۔
مُذَکِّرُ الاَصحاب

اوریئنٹل کالج میگزین۔ شمارہ فروری ۱۹۲۷ میں ڈاکٹر عبدالستار صدیقی صاحب سابق پروفیسر الہ آباد یونیورسٹی کا ایک مضمون چھپا تھا جس کا عنوان تھا ''فارسی ادب کی تاریخ''—— اس مضمون میں موصوف نے ڈاکٹر ایتے کے ایک طویل مقالے کی پہلی فصل کا ترجمہ پیش کیا جس کا تعلق فارسی ادب کے ماخذ سے ہے چونکہ ان ماخذ میں فارسی تذکرے بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ اس لیے محولہ بالا مضمون میں فارسی تذکروں کی ایک فہرست بھی آ گئی ہے۔ ترجمہ شدہ مضمون کے حواشی میں ایڈیٹر (ڈاکٹر مولوی محمد شفیع) نے مفید اضافے بھی کئے ہیں۔ اس کے بعد فارسی تذکروں کی مزید نشاندھی کا سلسلہ کئی شماروں میں جاری رہا۔ ڈاکٹر محمد شفیع صاحب نے ایتے کی معلومات پر جو اضافہ کیا۔ وہ میگزین کے شمارہ مئی ۱۹۲۷ع اور شمارہ اگست ۱۹۲۷ع موجود ہے۔

آج میں ایک اور تذکرے کا ذکر کرتا ہوں جس کا حال، فارسی تذکروں کے مذکورہ نفصیلی جائزے میں موجود نہیں۔ اس کا نام مذکّر الاصحاب ہے اور اس کے مصنف کا نام محمد بدیع بن محمد شریف سمر قندی المتخلص بہ ملیحا ہے[1]۔

---

(۱) یہ قلمی نسخہ میرے پاس ہے۔ جہاں تک میں معلوم کر سکا، اس تذکرے کا کوئی نسخہ کسی اور جگہ نہیں۔ سٹوری نے کتاب ادبیات فارسی میں تاریخ شعرای بخارا کا ذکر کیا ہے، لیکن بظاہر یہ تذکرہ اس سے مختلف ہے۔

تذکرے کا آغاز اس سعر سے ھوتا ھے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم مصرع برجستہ نظم قدیم

آغاز میں آٹھ شعر ھیں ۔ ان کے بعد نثر شروع ھوتی ھے :

آغاز : بذکرہ حمد حامد آں محمودے را سزد کہ ذکرش نہ لسان ھر ذاکراست ، مذاکرہ سکر از لسان ساکران شکورے را ارزد ، الخ ۔

حمد و نعت کے بعد جس میں نظم بھی کافی ھے ''ترتیب مقدمات بھر ابدا و تمہید عبارات بر از مدعا'' کے عنوان کے تحت ، مصنف تذکرہ نگاری کی یادگاری اھمیت اور سعر و شاعری کی فضیلت پر اظہار خیال کرتا ھے ۔

اس کے بعد سبب تالیف بتاتے ھوئے کہتا ھے کہ میری زندگی بے مقصد گزر رھی تھی اور طبیعت کو کسی ایسے مفید اور نتیجہ خیز مشغلے کی ضرورت محسوس ھو رھی تھی جو یادگار رھے ۔ آخر یہ سوجھی کہ ایک تذکرہ مرتب کیا جائے ۔ کام بہت مشکل تھا اس لیے خاصی مدت لیت و لعل میں گزاری ۔ پھر سوچا سابقہ تذکرہ نگاروں کے نمونوں سے کیوں بصیرت حاصل نہ کی جائے ۔

''آنچہ متقدمین ساختہ اند مرغوب است و طریقہ
کہ آں طائفہ پرداختہ اند اسلوب است''

اس سلسلے میں دولت شاہ سمرقندی ، نفحات الانس مولانا نور الدین جامی ، میر علی سیر کی مجالس النفائس ، نثاری نفس بندی کے تذکرہ ''مذکر احباب(۱)'' اور ریاض الشعرائے صادق اور تذکرہ طاھر نصر آبادی کا ذکر

(۱) مذکر احباب کے لیے دیکھو فہرست ایشیاٹک سوسائٹی بنگال (آلؤ ناف) ۔ عدد ۲۱۹ (کرزن) ، مخطوطات فارسی ۔

کرنا ہے اور کہتا ہے کہ ان سب تذکروں میں سے ہر ایک کا جدا جدا طریق کار ہے۔ اپنے تذکرے کے اصول کار کا ذکر کرتے ہوئے یہ بتاتا ہے کہ

اختیار را برآں قرار دادم کہ آنچہ از زمرۂ نظما کہ خود دیدہ ام و طائفہ نُجبا کہ معتمد این کار اند و صاحب تخلص از جہت امتیاز شعر خود از اشعار دیگراں شدہ اند ۔۔۔ نویسم ۔۔۔

بدیع سمرقندی تذکرہ نگاری کے اس طریقے کے حق میں نہیں کہ ہر کج ذہن بر خود غلط آدمی کو تذکرے میں جگہ دی جائے۔ مصنف یہ بھی باور کراتا ہے کہ اس تذکرے سے اسے کوئی دنیوی غرض نہیں۔

''بجز بے مقصدی چیزے نمی دید''۔ تاہم دعائے خیر کا طالب ضرور ہے۔

هر کہ از ما کند بہ نیکی یاد　　نامش اندر جہاں بہ نیکی باد

قبولش بود نزد ہر مقبلے　　شود شمع بینای ہر محفلے
بہر انجمن ہم چوگل و اسود　　کہ احباب را مجلس آرا شود

بدیع کو لوگوں کے اس اعتراض کا بھی بڑا خیال ہے کہ شعروں کے انتخاب میں اپنے ذوق پر زیادہ انحصار کیا ہے۔ سو اس کا کوئی علاج نہیں کیونکہ دنیا میں اتفاق رائے ممکن نہیں۔ اسی طرح ترتیب میں تقدیم و تاخیر کا مسئلہ بھی مشکل تھا مگر اس کا علاج یوں کر لیا گیا کہ شعرا کے نام یا تخلص حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق لائے گئے۔

مصنف کا نام محمد بدیع المتخلص بہ ملیحا ہے اس نے اپنے تذکرے میں اپنے تخلص کے تحت اپنے حالات بھی دئے ہیں۔

اس کے بعد کتاب کے آغاز کی سعری تاریخ ہے - جو تذکرے کے نام مذکر الاصحاب سے نکلتی ہے ' جس کے عدد ۱۱۱۲ھ نکلتے ہیں

تذکرے کے آغاز کی تاریخ کچھ بھی ہو - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے اس کی تدوین میں بہت سا زمانہ صرف کیا اور سارا تذکرہ یک وقت نہیں لکھا بلکہ مصنّف وقتاً فوقتاً لکھتا رہا چنانچہ ۱۱۰۱ھ کے علاوہ (جس کا ذکر کئی موقعوں پر سال رواں کے طور پر کیا ہے - مثلاً ورق ۶۵ب ' ورق ۷۷ الف ' ورق ۸۰ب ' ورق ۱۲۵ الف ' ورق ۱۷۸ ب وغیرہ) ورق ۸۵ الف پر ۱۱۰۲ھ ورق ۱۹۲ پر ۱۱۰۳ھ ' ورق ۳۲ الف پر ۱۱۱۲ھ ' ورق ۱۹۳ پر ۱۱۱۱ھ بھی ہے اور قرائن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تکمیل کا سلسلہ ۱۱۳۳ھ کے بعد تک جاری رہا - چنانچہ ورق ۶۶ب کے حاشیے پر میر سید شریف راقم کی تاریخ درج ہے جو محمد بدیع نے لکھی اور سال تاریخ ۱۱۳۳ھ ہے -

جہاں اصل تذکرہ ختم ہوتا ہے وہاں یہ عبارت درج ہے -

تمت بعون الملک الوهاب در دهم

سهر ذی‌قعده ۱۱۴۴ھ تمام شد

اس عبارت کے بعد محمد بدیع ملیحا کا لکھا ہوا ایک خاتمہ بھی ہے ' ۱۱۴۴ھ تاریخ کتابت بھی ہو سکتی ہے لیکن خاتمے کی عبارت قدرے پریشان کی ہے -

اسی ورق پر دوسری طرف اختتام کے قریب یہ عبارت ہے :

''در وقت عزم زیارت حرم زاده الله تعالیٰ (کذا) همراه جلیل القدر شاه ذوالفقار صدر اراده شده بود راقم خواست که این مجموعه همراه باشد برسبیل استعجال از نسخه اصل که به تفصیل بود ایجاز کرده نوشته''

یہ معلوم نہ ہو سکا کہ یہ عبارت کس کی لکھی ہوئی ہے ۔ بظاہر مصنف کی نہیں مگر کوئی تعجب نہیں کہ مصنف ھی کی ہو ۔

اصل مذکرالاصحاب کے ساتھ ملحقات کے نام سے ایک ضمیمہ بھی شامل ھے اس میں ان شاعروں کے حالات ھیں جن کا ذکر پہلے نہیں آیا ۔ اس کے علاوہ کچھ واقعات بھی ھیں ۔ اس حصے میں بھی کئی موقعوں پر ۱۱۰۳ھ سال رواں کے طور پر مذکور ھے البتہ ورق ۲۱۱ الف پر ۱۱۰۹ھ بھی ھے ۔

اس تذکرے میں جن شعرا کے تراجم خاص طور سے آئے ھیں ۔ ان کی تفصیل یہ ھے :

ردیف الف ۔ احمد آکابیانی ، زاھد افگار ، درویش آدم مشہدی ، میرزا مقیم ، احسان مشہدی ، محمد امینی ، ادا سیبک خارنگی ، حاجی عرب شاہ آگاہ بلخی ، خواجہ سمیع بلخی افسر ، میرزا عرب محمد اخگر ، عباداللہ امتحان تاشکندی ، محمد امین ارشد سمرقندی ، الفت بخاری ، مہدی کاشانی ، انور کاشانی ۔

ردیف ب- حاجی بہرام بخاری ، مرزا بدیع کتابدار صفاھانی ، قاضی عبداللہ آفرین کندی بہجت ، بافنا کاشانی ، میرزا علی بسمل بخاری ، شفیع بہجت عراقی ۔

ردیف ت ۔ اخوند ترسون زادہ فرایضی ، تائب ھراتی بھا ، تماشا ساز (؟) ، باقی تاراج ،

ردیف ث ۔ ثانی قلندر ،

ردیف جیم ۔ وفا جوھر فرازی ، میر جلال کتابدار بخاری ، ملا جامی حصاری ،

ردیف ح۔ مرزا بدیع حیات ولد طاہر نصر آبادی ، خواجه قاسم حاتم
پسر قاضی خواجه شاه بخاری ، حسین بدخشانی ۔

ردیف خ۔ امیر ابراهیم خلیل صدر سمرقندی ، باقی خواجه خاشع
خراری (؟) ، خازن عراقی ، خاکسار حصاری ، خادم بسطامی ۔

ردیف د۔ خدمت دستور ترکی باقی ، داغی کوفی ۔

ردیف ذ۔ حاجی ذوالفقار قلندر سپهر ، ذکری بدخشانی ۔

ردیف ر۔ امیر سید شریف خواجه راقم ، رسوا قلندر ، آغا بخاری
مُلّا رضا ، ملا ناز قلندر رونق تاشکندی ، مرزا محمد رفیع راقم بخاری ،
ربیع بدخشانی ، رحمت دیوان سمرقندی ، رفعت نشا پوری ، رفعت
حصاری ،

ردیف ز۔ زال خان حاکم سرخس ، قاضی مسجد رایت (؟) سمرقندی ،
زمان پروانه صفاهانی ،

ردیف س۔ خواجه سمیع سادات سمرقندی ، سمندر خواجه فرشکی ،
ملا سمیع بلخی ، حاجی فریدون بیگ سابق صفاهانی ، سعیدای مفتی
کاشانی ، ملا سرفراز سمرقندی ، سیاح سبزواری ، ملا سیدا نسفی ،
ملا عبدالله سید خاکی ، سلیم رمال ، سلطنت تاشکندی ،

ردیف ش۔ اخوند ملا شریف کیشی ، خواجه شاهی حصاری ، قاضی
لطف الله بخاری ، اخوند ملا شرف الدین ، خواجه شهابی مشهور
به خواجه نوبت ، شوکت بخاری ، میر شاه شاهد سمرقندی ، خواجه
شعله بخاری ۔

ردیف ص۔ حاجی صادق صاحب صفاهانی ، صاحب مسیحا کاشانی ،
صدرالدوله صفای کاشانی ۔

ردیف ط۔ میرزا طاهر نصر آبادی ۔

ردیف العین ـ آقامنصور سبحانی عاشق عباد الله عنوان ، عاطفا ، علی‌الرضوی خراسانی ،

ردیف غین ـ اخوند ملا ابراهیم غبار ، غیور خان . . . . ؟

ردیف الفا ـ خواجه دانیال فیاض ، فاضلای کاشانی ، محمد کاظم فایض کاشانی فائز . . . . ، سد کمال فطرت سمرقندی ، محمد فضلی افضل سمنانی ، عابد فضا ، فکری سعدی ، فتاح جهود ـ

ردیف ق ـ قاسم محمد خان ، ملا قلی بخاری ، قاسم بیگ مشهدی . . . خواجه قاصد بخاری ، سبدای قصاب کاسانی ، . . قبائی قلندر ـ

ردیف ک ـ کاظما کاسانی ، حاجی عبدالکریم نیشا بوری، ملا نیاز کاتب، کاظم عرب سبزواری ـ

ردیف ل ـ لطیف بساطی ـ

ردیف م ـ اخوند ملا بقا . . . مضطرب ، ملا مستفید بلخی ، ملا محمد جان مستعد بخاری ، ملا مفید بخاری ، خواجه عبدالرحمن کتاب دار منعم ، عوض بیگ . . . . سرور ، بابا خواجه منصف سمرقندی ، مولدی بخاری، مسعود صفاهانی، ملا عابد ممتاز ابوالمعانی واقعه نویس ، مانع سمرقندی، معین صفاهانی، مومن سبزواری، مهجور تاشکندی ، نصیرای مشتاق صفاهانی ، مسیحای سمرقندی ، قاضی یوسف مظهر جویباری ، ملا حاجی منظور سمرقندی ، مطبع . . ، مفیم بخاری ، ملهم بخاری ، مختار بخاری، مهدی صفاهانی ، ملیحا سمرقندی ـ

ردیف نون ـ قاضی ناصر بخاری ، ملا شاه محمد نوبر ، خواجه کوکناری نادم ، نعمت سمرقندی ، نکهت الدین (؟) ، میر نجات سبزواری ، میر شریف محرم نسیم ، ملا نثار کاشغری ، ملا نشاط قلندر ، طاهرا نقاش ، نجیبا کاشانی ، نصیرا کاشانی ، ملا نافی ، نورس سمنانی ،

بالتونسان خواجه احراری ، نابئی بلخی نزاکت حافظ عبداللہ مقری

نوحمد ، عبداللہ نوا -

ردیف واو - مرزا فضل منشی‌والی ، وحمد صفاهانی ، سد وحشت ،

عبداللہ وحدت صفاهانی ، واصلای گیلانی ، واهب بخاری ، درویش

جلیلا واحدی ، واقف نفسگحی قندهاری -

ردیف ہ - هادی کاشانی ، هستی داغستانی ، هادی قمی ، هادی بخاری ،

هویدای نقی -

ردیف الیا - لامی فرسبکی ، حاجی یحیی‌کور، یگانه فرنیکی ، خواجه محمد

باقی یکتا -

ملحقات کے مطالب

ملحقات میں سعرا کے حالات کے علاوہ دوسرے مباحث بھی ہیں ،

نمایاں عنوانات یہ ہیں :- بیان تاریخ فوت خواجه بهاءالدین عمر

احراری ، در بیان مزار . . . خواجه احرار قدس سره ، متولی شدن ملاولی

به ساعری (؟) نگور خانه صاحبقرانی ازاورنگ زیب بادشاه عالمگیر ،

جناب (اخوند ملا مرزا محمد گفتار نقی) سمیم ، خواجه حامد ، فقیری ،

استبازاسباب ملا عرفی سیرازی و ناظم هرانی ، میر قاسم ولد عوض میرک

تاسکندی ، واصد ، مرزا صائبا تبریزی ، حاجی صابر سمرقندی ، محمد امین

صراف ، آصفی ، انجام ، عاسق ، علی بیگ صفاهانی ، ملا عبدالرحمن جوئباری ،

ملا محمد امین مخمور ، محمد شریف بن ملا کلان ، عوض محمد پابوس ،

شاه رفیق قلندر ، ملا غیور ، عبدالسلام کاری ، نظام‌الدین محمد سیخ میرک ،

فیروز اندکانی ، عرفانی بدیع ، آداب قربان ، وارسته ، (میں نے بعض شعرا

کے نام اختصار کی خاطر ترک کر دئے ہیں اور بظاهر انکی اهمیت بھی

نہیں) -

فعـــل ماضی کے اقسـام

از

مولانا عبدالقـدوس

صدر شعبۂ اسلامیات ، پشاور یونیورسٹی

(شائع شدہ : اورینٹنل کالج میگزین ، مئی ، اگست ۱۹۶۴ء)

فعل ماضی کے اقسام

عربی زبان میں قواعد کی اہمیت :

۱۔ اسلام کو اپنے اصلی ماخذ قرآن کریم اور احادیث نبوی سے سمجھنے کے لیے عربی زبان سے واقفیت لازم ہے ۔ کسی زبان سے واقفیت حاصل کرنے کے دو طریقے ہیں سفاھی اور کتابی ۔ سفاھی واقفیت زیادہ مفید ہوتی ہے کہ اس سے زبان کے مختلف اسالیب کے علاوہ اس کے طرز ادا سے بھی واقفیت پیدا ہو جاتی ہے مگر اس طریقہ کو نباھنے کے لیے ماحول اور ذوق سلیم کی بڑی ضرورت ہے ۔ غیر اھل زبان تو کیا خود اھل زبان بھی جب کسی عبارت کے مفہوم و مطلب کے بارے میں آپس میں اختلاف کرنے لگتے ھیں تو اس اختلاف کا سلجھانا مشکل ھوجاتا ہے۔ اس لیے جس طرح استدلال کی صحت و سقم کو پرکھنے کے لیے منطق کی ضرورت ہے اور وزن سعر کو پرکھنے کے لیے علم عروض سے کام لیا جاتا ہے اسی طرح کسی جملہ کا مفہوم متعین کرنے کے لیے بھی قواعد زبان سیکھے بغیر چارہ نہیں ۔

یہی وجہ ہے کہ کلام الہی کو اپنے اصلی نظم میں سمجھنے اور عربی کلام سے کماحقہ، واقف ہونے کی خاطر عربی زبان کے قواعد کی طرف توجہ دی گئی اور عام روایت کے مطابق حضرت علی نے اس کی ابتدا کی ۔ شروع شروع میں اس علم کا مقصد زبان کے ابتدائی قواعد مرتب کرکے عوام کو ادائے مطالب میں فاحش لحن سے بچنے کی راھیں آسان بنانا تھا اس کے بعد اس کے مقاصد میں یہ بھی شامل ھوا کہ ان استثنائی تراکیب کے لیے

نظائر و امثال کے ذریعے جواز کا ثبوت بہم پہنچایا جائے جو عام مروجہ اسلوب بیان سے بظاہر مخالف تھیں۔ شوق تجسس نے استثنائی تراکیب کی بھی وسعت پیدا کر دی اور زبان کا دائرہ ان شواذ کی بدولت اتنا وسیع ہو گیا۔ کہ فقہی اختلافات کی طرح یہاں بھی تقریباً ہر لحن کے لیے وجہ جواز پیدا ہوئی۔ جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں ادبی میدان میں عربی کے انشا پردازوں کی کوشش یہ رہی ہے کہ زبان کو ایک منضبط، لگے بندھے قانون کا پابند بنادیا جائے اور اس کے برعکس نحاۃ نے زبان کے استعمال میں عوام کے الحان کے لیے اور گنجائش پیدا کرنے کی خاطر قدمائے عرب کے کلام کا سہارا لیا اور نظائر و امثال کے ذریعہ تقریباً ہر موقعہ پر قاعدہ کی مخالفت کو جائز قرار دیا۔ نحاۃ کی ان کوششوں کی وجہ سے صرف و نحو کی مبسوط کتابیں وجود میں آئیں۔ علم نحو بذات خود وسیع علم تھا اور ایک طالب علم کو اس کے رائج ذخیرہ سے واقفیت پیدا کرنے کے لیے بھی کافی وقت صرف کرنا پڑا۔

۲۔ پچھلی صدی میں اس کا رد عمل شروع ہوا۔ دنیائے عرب نے یہ ضروری سمجھا کہ نحو کے نظریاتی علم اور اختلاف قراءت کی متحمل وجوہ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی بہ نسبت یہ بہتر ہوگا کہ نحو کے عملی پہلو سے کام لیا جائے اور صرف ان مسائل کو شامل درس رکھا جائے جو عربی کی انشاپردازی میں کام آتے ہیں۔ قدیم سے انحراف کی یہ توجیہ کسی حد تک موزوں تھی اور عرب ممالک میں مستحق ترویج۔ جہاں تک اس نصاب کا تعلق ہے جو ہمارے مدارس نظامیہ میں رائج تھا مجھے اس میں ایک خوبی نظر آتی تھی اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے اس نصاب میں ایک بہت بڑی، حکمت عملی کام کر رہی تھی۔ یہاں ابتدائی تعلیمی زبان فارسی تھی۔ عربی صرف ونحو کی ابتدائی کتابیں فارسی کے ذریعہ

پڑھا کر فن کا آسان بنانا مقصود تھا۔ اس کے بعد عربی زبان میں ہی قواعد
کی کتابیں پڑھانے کے ذریعہ طالب علم کو ایک طرف زبان کی مشق کرائی
جاتی تھی اور دوسری طرف قواعد سکھائے جاتے تھے ۔ فن کی اونچی کتاب
شرح جامی تھی ۔ اس کتاب کے پڑھانے میں یہ حکمت تھی کہ طالب علم
کے ذہن پر مسائل کا بوجھ زیادہ نہ پڑتا تھا ، عقلی سوال و جواب کے
ذریعہ وہ مسائل خوب ذہن نشین ہو جاتے تھے ۔

موجودہ دور میں ہم مصر سے قواعد زبان کی تعلیم کے بارے میں
جو کچھ اخذ کر رہے ہیں اس کے افادی پہلو بھی ہیں مگر دو بڑے
نقص ہیں ، جن کے ازالہ کی طرف توجہ کرنا ضروری ہے ۔ اول یہ کہ یہ
قواعد ترتیب وار اور مکمل نہیں اس لیے غیر اہل زبان جو صرف کتاب
کے ذریعے زبان سیکھنا چاہتے ہیں ان کے علم کو یہ کتابیں ادھورا چھوڑ
دیتی ہیں ، اور بول چال کی عام زبان کو سمجھنے میں ایسی خلائیں باقی رہ
جاتی ہیں جن کو پر کرنے کا موقعہ طالب علم کو بعد میں نہیں ملتا ۔
دوم یہ کہ ان کتابوں کی مشقیں اہل زبان کی ضرورتوں کی پیش نظر
رکھ کر تیار کی گئی ہوتی ہیں ، غیر اہل زبان بسا اوقات ان مشقوں
سے استفادہ کے قابل نہیں ہوتے ۔ اور غالباً انہی دو نقائص کی بدولت
تیسرا نقص یہ پیدا ہو جاتا ہے کہ آج ہمارے طالب علموں کی اکثریت
تفسیر کلام اللہ اور متون کی دوسری شروح کی ان معلومات سے کماحقہ
فائدہ نہیں اٹھا سکتی جو قواعد کی توجیہ کی بدولت پیدا ہوئی ہیں اور
تشریحی اختلاف و تنوع سے تعلق رکھتی ہیں ۔

میری تجویز یہ ہے کہ ہمیں ہر درجہ میں قواعد کی ایک کتاب
ایسی رکھنی چاہیے جو عربی زبان کے ذریعہ قواعد سمجھائے ، جو سبقاً
پڑھائی جائے تاکہ ان کتابوں پر عبور حاصل کرنے کی بدولت ایک طرف

طالب علم کے علم قواعد العربیہ میں خلا باقی نہ رہے اور دوسری طرف وہ ہمارے قدیم ذخیرہ سے کماحقہ استفادہ کرسکے -

قواعد کی تعلیم کے بارے میں تجویز کے پیش کرنے کے بعد میں اپنے مقدمے کے اصل موضوع کی طرف غور کرتا ہوتا ہوں اور وہ ہے -

۴- عربی میں ماضی کے اقسام :

عربی قواعد میں فعل کی تقسیم صرفی ضروریات کے لحاظ سے عموماً تین اقسام کی طرف کی جاتی ہے - ماضی ، مضارع اور امر حاضر - ماضی کی مزید تقسیم مختلف زمانوں یا مختلف اقسام کی طرف نہیں کی جاتی :

فارسی اور اردو زبان کے قواعد کے بارے میں جو کتابیں ہمارے ہاں مستند سمجھی جاتی ہیں ان میں ماضی کی چھ اقسام بنائی گئی ہیں چنانچہ جناب مولوی نجف علیخان جو فارسی قواعد کی مستند کتاب احسن القواعد کے مصنف ہیں فرماتے ہیں -

(س) ماضی کی کتنی قسمیں ہیں -

(ج) چھ قسمیں ہیں : مطلق، قریب، بعید، شکیہ، استمراری، اور تمنائی -

اس کے بعد ان میں سے ہر قسم کی تعریف سوال و جواب کے پیرایہ میں بتائی گئی ہے اور مثالیں دی گئی ہیں ان اقسام ششگانہ کی مثالیں- کرد - کردہ است - کردہ بود - کردہ بود - کردہ باشد - میکرد یاهمی کرد اور کردے وغیرہ کی شکل میں آج فارسی قواعد کے ہر طالب علم کو از بر یاد ہیں - جناب مولوی فتح محمد خان صاحب جالندھری نے بھی اردو قواعد کی کتاب مصباح القواعد مرتب کرتے وقت اس منوال کو ہی سامنے رکھا اور ماضی استمراری کی مزید تقسیم ماضی استمراری اور ماضی نا تمام کی طرف کرکے ان چھ قسموں کو سات کی طرف بڑھا دیا - اگرچہ

ماضی نا تمام کے بارے میں ان کی دی ہوئی مثال مشتبہ اور محل بحث ہے[1]
تاہم یہ بحث سر دست ہمارے موضوع سے خارج ہے۔

عربی زبان کے قواعد کو اسی منوال پر مرتب کرنے کی خاطر بعض اردو میں لکھنے والے مصنفین نے عربی قواعد میں بھی ماضی کی چھ اقسام بہ تفصیل ذیل بتائی ہیں۔

جس ماضی سے پہلے اور کوئی سابقہ نہیں۔ وہ ماضی مطلق ہے جیسے علم

جس ماضی سے پہلے حرف قد کا سابقہ ہے وہ ماضی قریب ہے جیسے قد علم

جس ماضی سے پہلے فعل ناقص کان ہے وہ ماضی بعید ہے جیسے کان علم

جس ماضی سے پہلے لعلما ہے وہ ماضی شکیہ ہے جیسے لعلما علم

جس مضارع سے پہلے فعل ناقص کان ہے وہ ماضی استمراری ہے کان یعلم

---

(۱) مولوی صاحب ان اقسام کے لیے مندرجہ ذیل مثالیں دی ہیں -

ماضی مطلق :— کسی کو ہم نے ایسا نہ پایا جیسے پایا اسے بیگانہ پایا

قریب :— پھونکا ہے فصل گل نے صور آکے پھر چمن میں
اک حشر سا بپا ہے مرغان نغمہ زن میں

بعید :— ہائے واں بھی شور محشر نے نہ دم لینے دیا
لے گیا تھا گور میں ذوق تن آسانی مجھے

ناتمام :— پاتے تھے چین کب غم دوری سے گھر میں ہم
راحت وطن کی یاد کریں کیا سفر میں ہم

شرطی :— ہے یقیں زہر ہلاہل مجھ کو دیتے آشنا
گو میں حال نزع میں بھی جام شربت مانگتا

تمنائی :— گو کہ حالی اگلے استادوں کے آگے ہیچ ہے
کاش ہوتے ملک میں ایسے ہی اب دو چار ہیچ

ناتمام کی دوسری قسم استمراری اور ماضی شکیہ کی مثالیں شعروں میں نہیں دی گئیں۔

پھر جس طرح ماضی کے چودہ صیغوں کی گردان ہوتی ہے اس طرح ان اقسام ششگانہ کی گردانیں بھی دہرائی جاتی ہیں -

اس شذرہ کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ ماضی کی یہ تقسیم عربی قواعد میں فارسی کی تقلید ہے -

عربی قواعد میں ان اقسام کا وجود نہیں اور فارسی کے تتبع میں ان اقسام کی مشق عربی قواعد کے اصول سے کسی قدر انحراف پر منتج ہوگی -

عربی قواعد میں ماضی کی صرف ایک ہی قسم ہے اور وہ ہے ماضی[1] بلاقید اطلاق - باقی اقسام میں سے ماضی قریب ایسی قسم ہے جسکا ذکر اگرچہ عربی قواعد میں نہیں تاہم عربی قواعد اس ترکیب کی اجازت دیتے ہیں چنانچہ علامہ زمخشری فرماتے ہیں

ومن اصناف الحرف حرف التقریب وهوقد تقرب الماضی من الحال اذاقلت قد فعل ومنه قول المؤذن قد قامت الصلاه -	حرف کی اقسام میں سے ایک حرف تقریب ہے اور وہ حرف قد ہے جب متکلم قد فعل کہہ دیتا ہے تو قد کے ذریعہ ماضی حال سے قریب ہو جاتی ہے تکبیر میں قد قامت الصلاۃ کا مقصد بھی ماضی کو حال کے قریب لانا ہے -

اور ابن ہشام فرماتے ہیں :

ولها (ای قد) خمسة معان . . . . الثانی تقریب الماضی من الحال تقول	قد کے پانچ معنی ہیں ان میں سے دوسرے معنی ماضی کو حال کے

---

(۱) مطلق قید لگانے سے خواہ مخواہ غلط فہمی پیدا ہوگی کہ شاید ماضی مقید بھی کوئی قسم ہے -

قام زید فیحتمل الماضی القریب والماضی البعید فان قلت قد قام اختص بالقریب[1] ۔

قریب لانا ھے جب متکلم قام زید کہنا ھے تو قام میں قریب اور بعید دونوں زبانوں کا احتمال ھوتا ھے جب قد قام کہہ دیا جائے تو فعل ماضی زمانہ ماضی قریب سے مخصوص ھو جائے۔

ماضی اور ماضی قریب کے علاوہ دوسری چار قسمیں عربی قواعد کی رو سے ماضی کی اقسام میں شامل نہیں ھو سکیں بلکہ ان چاروں مطالب کو جن تراکیب کے ذریعہ ادا کیا جاتا ھے وہ جملے ھیں اور ان تمام کے بارے میں موجودہ رجحان یہ پایا جاتا ھے کہ انہیں جملہ اسمیہ میں شمار کرنا چاھیے ۔ ماضی تمائی بنانے کے لیے یہ تجویز کی گئی کہ ماضی سے پہلے لیتما کا اضافہ ھو یہ تجویز دو وجوہ کی بنا پر ناموزوں ھے۔ اولاً یہ کہ لیت کے اخیر میں ما کا لگانا اگرچہ جائز ھے مگر اس کے بعد اسے ماضی پر داخل کرنا خود محل بحث ھے

چنانچہ ابن ھشام فرماتے ھیں :

وتقترن بها ماالحرفية فلا تزيلها عن الاختصاص بالاسماء ۔ لا يقال ليتما قام زيد خلا خالد بن ابی الربیع و طاھرالقزوینی

لیت کےساتھ ما حرفیہ(ماکافہ) پیوست ھو جاتا ھے اسکے باوجود اس میں یہ امتیاز باقی رھتا ھے کہ یہ صرف اسماء پر داخل ھوسکتاھے چنانچہ لیتما قام زید کہنا جائز نہیں صرف خالد بن ابی الربیع اور طاھر قزوینی اسے جائز سمجھتے ھیں ۔

---

(۱) ملحوظ خاطر رھے کہ اس عبارت میں الماضی‌القریب اور الماضی‌البعید سے مراد الزمن‌الماضی ھے نہ کہ الفعل‌الماضی ۔

ثانیاً خود قران کریم میں اور فصحاء کے کلام میں ایسے مواقع پر جملہ اسمیہ کا استعمال ہوا ہے۔ چنانچہ قران کریم میں ہے :

قالت یا لیتنی مت قبل ھذا (سورہ مریم)

اسی طرح امیہ ابن ابی الصلت کا شعر ہے۔

قلیتک اذلم ترع حق مودتی فعلت کما الجار المجاور یفعل

ترجمہ : جب تو نے میرے حق دوستی کی رعایت نہ کی تو کاش تم اتنا ہی کرلیتے جتنا ایک پڑوسی کرتا ہے

یہی حال ماضی سکیہ کے لیے لعلما کے استعمال کا ہے۔ لعل کے ساتھ ماکافہ اگرچہ رائج ہے چنانچہ فرزدق کا مندرجہ ذیل شعر عموماً اس کے استشہاد میں پیش کیا جاتا ہے

اعد نظرا یا عبد قیس لعلما اضاءت لک النارالحمار المقیدا

تاہم فصحا کا استعمال ایسے مواقع کے لیے بھی لعل کو جملہ اسمیہ میں استعمال کرتا ہے جیسے حدیث شریف میں ہے لعل اللہ اطلع علی اھل بدر فقال اعملوا ماشئتم فقد غفرت لکم۔ رہا ماضی بعید اور ماضی استمرار کے لیے کان کا استعمال تو وہ در اصل فعل ناقص کو اسم و خبر کے ساتھ استعمال کرنا ہےجو قدیم قواعد کے مطابق جملہ فعلیہ اور جدید رجحان کے مطابق جملہ اسمیہ میں شمار ہوتا ہے۔ انہیں ماضی کی اقسام میں شمار کیا جائے تو مخاطب اور متکلم کے صیغوں میں تو کوئی اشکال نہیں پڑتا مگر غائب کے صیغوں میں اگر فاعل مظہر ہو تو اشکال پڑے گا اس لیے کہ کانا علما الرجلان اور کانوا علموا الرجال الخ کا استعمال غلط ہوگا صحیح استعمال ہوگا کان الرجلان علما اور کان الرجال علموا و علی ھذا القیاس۔

وعلی ھذا القاس چنانچہ قران کریم میں بھی ماضی استمراری کے مفہوم کو ایک مقام پر یوں ادا کیا گیا ہے " وکان فی المدینۃ تسعة رھط

یفسدون فی الارض ولا یصلحون ،، ظاہر ہے کہ یہاں کان ماضی فعل ناقص رہا اسکا اسم اور یفسدون فی الارض اس کی خبر ہے نحاۃ اسے جملہ فعلیہ تسعۃ مانتے ہیں اور جدید مصری مولفین اسے جملہ اسمیہ بھی شمار کرتے ہیں ۔

ہمارے ہاں اس غلط فہمی کے رواج کی بدولت ہی قواعد کی موجودہ بعض کتابوں میں کان جاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی العرب جیسے جملے درج ہوگئے ہیں جو عربی اصول کی رو سے اضمار قبل الذکر پر مشتمل اور سراسر غلط ہیں ان کی بجائے صحیح ترکیب کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جاء ہے ۔

ممکن ہے کہ بعض فاضل مقاضی ضروریات کے طور پر پاک و ہند میں اس طرح کے تراجم کو لحن کے باوجود الف لیلہ کی عبارتوں کی طرح جائز سمجھتے ہوں ۔ اور اگر بالکل ابتدائی جماعتوں میں قدیم عربی زبان میں ترجمہ کے طرز پر تقریر و تحریر کی مشق بچوں کے لیے ضروری ہو تو وجہ جواز پیدا ہو بھی سکتی ہے ۔ تاہم اصولی بات یہی ہے کہ طلبہ کو اصل عربی تراکیب سے روشناس کرنا اور مختلف زبانوں کی رائج تراکیب اور قواعد کا فرق واضح کرکے زبان سے گہری واقفیت کے وسائل مہیا کرنا زیادہ مفید ہے ۔

لفظ «سمرو» کی تحقیق

از

امین اللہ وثیر
لیکچرار شعبۂ عربی ، یونیورسٹی اورینٹل کالج ، لاہور

(شائع شدہ : اورینٹل کالج میگزین ، مئی ، اگست ۱۹۶۴ء)

لفظ "سُمْرو" کی تحقیق

گذشتہ فروری کی بات ہے کہ ترکی سے ہمارے پرنسپل جناب ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب کو ایک خط موصول ہوا ، اس کے لکھنے والے M. Getin Organ ہیں ، جو انقرہ کی Middle East Technical University میں طالب علم ہیں۔ ان صاحب نے لکھا کہ ترکی میں بعض لڑکیوں کا نام Sumru ہے ، مگر وہاں کوئی نہیں جانتا کہ اس لفظ کا معنیٰ کیا ہے ، اور اس کی اصل کیا ہے ، نیز یہ لفظ کہاں سے آیا ہے؟

استفسار کنندہ Sumru کے معنیٰ و مفہوم اور اصلت سے آگاہی چاہتے تھے۔

ڈاکٹر صاحب نے مندرجہ بالا لفظ کی تحقیق و تفتیش کا کام مجھ ہیچ مداں کے سپرد کیا ، میں نے ان کے حسب ارشاد کتابوں کی ورق گردانی شروع کر دی ، لیکن ساتھ ہی ترکی میں مستفسر کو خط لکھا گیا کہ آپ از راہ کرم اس لفظ کو عربی رسم الخط میں تحریر کیجیے تاکہ اس کی اصل کے بارے میں کوئی یقینی رائے قائم کی جا سکے۔

ہمارے اس خط کے جواب میں ترکی سے جو خط آیا ، اس میں Sumru کو عربی میں سُمرو لکھا گیا تھا۔ لیکن چونکہ خود صاحب موصوف کو بھی غالباً عربی رسم الخط سے ناواقف ہونے کی بنا پر ، اپنی عربی تحریر پر شبہ تھا ، اس لیے انہوں نے صُومرو بھی لکھ بھیجا۔

اس مقالے میں کوشش کی گئی ہے کہ لفظ زیر بحث کے مفہوم اور اصل کی تحقیق و جستجو کی جائے، گو اسے حرفِ آخر قرار نہیں دیا جاسکتا، ممکن ہے کہ کوئی اور فاضل شخصیت اس پر مزید روشنی ڈال سکے۔

صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے

چونکہ استفسار کنندہ ایک ترک ہیں، اس لیے مناسب یہی ہے کہ سب سے پہلے لفظ 'سمرو' کو ترکی لغات کی روشنی میں ڈھونڈنے کی کوشش کی جائے۔

Red House کے صفحہ 1077 پر سمر کے ذیل میں حسب ذیل معلومات ملتی ہیں:

سُمر: (Sumr) (*a*) pl. of اَسْمَر and سَمرا—dark, brown, Swarthy.

سمرا: Semra (*a*) fem. of اَسْمَر (pl. سُمر) (I) dark, brown, Swarthy; (2) A proper name.

سمرت: darkness, brownness, Swarthiness.

ظاہر ہے کہ سمر ترکی زبان میں عربی سے آیا، اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ سَمرا کسی کا نام ہوتا ہے۔ اسی لغات کے صفحہ 1079 پر س۔م۔ر کے سلسلے میں مزید الفاظ ملتے ہیں:

سَمیر: (Sémīr),—A gossip, or intimate companıan, a night-gossip.

سُمَیرا: (Sumeyra) (*a*) dim. of سَمرا (I) Small, tawny; (2) A name of women.

گویا ترکی زبان میں سَمرا اور سُمَیرا نام موجود ہیں۔ خصوصاً سُمیرا تو عورتوں کے ناموں میں سے ایک نام ہے، جیسا کہ اوپر بیان ہوا۔

عربی میں س۔م۔ر کے مادے سے حسب ذیل معانی آتے ہیں:

گرم سلائی سے آنکھ پھوڑنا ، رات کو قصہ گوئی کرنا ، دودھ میں پانی ملا کر پتلا کرنا ، شراب پینا ، گھاس چرنا ، دروازے کو میخ سے مضبوط کرنا ، تیر چلانا ، سفیدی اور سیاھی کے درمیان رنگ والا ھونا ، گندم گوں ھونا ، رات ، رات کی تاریکی ، چاند کا سایہ ، زمانہ ، ببول کا درخت ، ھیرا ، نیزہ ، ھرنی کا دودھ ، بغیر بارش کا خشک سال ، پانی اور گیہوں ، پانی اور نیزہ ، تیز رفتار ، اصیل اونٹنی ، پوستین — وغیرہ۔

E. W. Lane نے Arabic-English Laxicon میں مادہ س - م - ر کے تحت بڑی وسیع معلومات بہم پہنچائی ھیں - یہاں اس قابل قدر لغات کے صفحہ 1424 وبعد سے زیر بحث لفظ کے سلسلے میں چند معانی نقل کیے جاتے ھیں :

سَمَرٌ: Conversation, or discourse, by night.

سَمَرٌ ، سُمُرٌ: Inf. N. of each سُمْرَةٌ—He or it, was, or became [tawny, brownish, dusky, or dark in colour; i.e.] of the colour termed سُمْرَةٌ

حَلَفَ بِالسَّمَرِ وَالْقَمَرِ: He swore by the darkness and the moon.

سَمِيرٌ و مُسَامِرٌ: A partner in conversation, or discourse, by night.

اِبْنُ سَمِيرٍ: The night in which is no moon.

اِبنا سَمِيرٍ: The night and the day.

سُمْرَةٌ: A tawny, or brownish, colour; duskiness, darkness of complexion or colour.

اَسْمَرُ: [........] of the colour termed سُمْرَةٌ fem. سَمْرَاءُ and pl. سُمْرٌ.

اَلسَّمْرَاءُ: Wheat because of its colour.

مُسْمُور : Nailed ; made fast, firm, or strong with a nail.

A man, having little flesh, strong built in the bones ....And with ة A woman or girl, or young woman, compact, or firm, in body.

Cowan اپنی جدید عربی لغت میں تشریح کرتا ھے :[1]

سَمَر : (Samar) ... .. nightly or evening chat, conversation, talk, chat, night, darkness.

سُمرة : (Sumra) brownness, brown colour.

سَمِیر : (Samir) companian in nightly entertainment .... entertainer (in general, with stories, songs, music ..).

سمیره : (Samira) woman partner............ woman entertainer, woman companian (who entertains with lively conversation).

أَسمر : (Asmar) F. سَمْراء (Samra) pl. سُمر (Sumr) brown, tawny, pl. سمراوات brown skinned women.

بہتر ہوگا اگر ہم ترکی اور عربی لغات کے علاوہ فارسی کی بعض اہم لغات کی ورق گردانی بھی کرتے جائیں ۔ فرہنگ آنند راج کا مصنف سمر کی تشریح کے سلسلے میں رقم طراز ھے :

سمر : بالتحریک و سکون رائے مہملہ (ع) شب و افسانہ شب و ضوء قمر، روز کار و زمانہ و تاریکی شب و مجلس افسانہ گویان و خواب نکردن شب و بیرون کردن چشم را یا شکستن آنرا، و تنگ گردانیدن شیر را بآب و رہا کردن تیر را و چریدن چاروا گاہ را، و خوردن شراب را و میخ دور کردن چیزے را و استوار نمودن ۔

---

(۱) A Dictionary of Modern Writing Arabic, Page 429 ـ

سمر : بروزن قمر (ف) نام پادشاهے بوده از ترک، و دست افزاری است جولاهگانرا . . . .

سمراء : بالفتح (ع) مونث أسمَر است . . . . و اسپ صفوان بن ابی صهبان و شتر ماده است و نام دختر نهبک ـ

سُمرة : بالضم (ع) گندم گونی و آن رنگے است مان سفیدی و سیاهی، و گندم گون شدن[1] ـ

فرهنگ آنند راج میں س ـ م ـ ر کے بیان میں حسب ذیل الفاظ اور ان کی تشریحات بھی ملتی ھیں[2] ـ

سَمراء: بفتحِ اول و یائے معروف (ع) نام موضعی است در راہ مکه[3] ـ

و سمیراء مصغرسمَراء موضعی‌است[4] و نامِ دخترِ قیس که صحابیه است

سمیرا : بروزنِ نصیرا (ف) بمعنیِ ساخِ حجامت، و نامِ عمهٔ شیرین بوده و ترجمهٔ مهین بانو است ـ

سمیرة : کجهینة (ع)زنی بود از اولادِ معاویه که دندانی بالائی دندان داشت ـ و کوهیست که بدندانش تشبیهه دهند ـ و وادی است نزد حنین ـ

فرهنگ آنند راج کے مندرجه بالا بیان سے معلوم هوتا هے که ترکوں میں سمر کے نام سے کوئی بادشاہ گزرا هے ـ برهان قاطع، مطبوعه تهران کے صفحه ۱۱۶۲ پر بھی لفظ سمر کی تشریح اس طرح ملتی هے :

۱ـ فرهنگ آنند راج، صفحه ۲۳۷۱ ـ جلد سوم، مطبوعه تهران ـ

۲ـ ایضاً صفحه ۲۳۷۸ ـ

۳ـ دیکھیے معجم البلدان ـ المجلد الثالث، صفحه ۲۵۵ ـ

۴ـ معجم البلدان، المجلد الثالث، صفحه ۲۵۷ ـ

سمر ۔ بفتحِ اول بروزنِ قمر ۔ نامِ پادشاهی بوده از ترک ۔ و در عربی افسانه و افسانه گفتن باشد ۔

ہمیں یہ معلوم ہوگیا کہ سمیرا عورتوں کا نام ہے ۔ جیسا کہ فرہنگ آنند راج میں تصریح کی گئی ۔ بلکہ یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ فرہاد کی محبوبہ شیریں کی عمہ کا نام سمُیرا تھا ۔ اسی لغت میں سند کے طور پر نظامی کا یہ شعر بھی نقل کیا گیا ہے :

سمُیرا نام دارد آن جهانگیر

سمیرا را مهین بانو است تفسیر[1]

برُہان قاطع سے بھی سمیرا کے مندرجہ بالا مفہوم کی تائید ہوتی ہے :

. . . . و بضم اول و فتح ثانی مهین بانوی عمه شیرین باشد[2]

اب تک س ۔ م ۔ ر کے سلسلے میں جو تشریح پیش کی گئی ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سمر ، سمرا ، سمُیراء ، سَمراء ، سمَیراء وغیرہ نام عربی ، فارسی اور ترکی زبانوں میں موجود ہیں ۔ اور یہ کہ ان کی اصل عربی مادہ س ۔ م ۔ ر ہے ۔

(س ۔ م ۔ ر) سمر کی بحث میں بے جا نہ ہوگا اگر سمر قند (سمرکند) کا ذکر بھی کر دیا جائے ۔

سمرقند ، ترکستان کا ایک مشہور شہر ہے اور مسلمانوں کے زمانہ عروج میں علم و فن کے اہم مراکز میں سے شمار کیا جاتا تھا ۔ عرب اس شہر کو بھی اپنے قدیم آباء و اجداد کا کارنامہ اور تخلیق بتاتے ہیں ۔ جب کہ فارسی لغات کے بیان کے مطابق اس کی بنیاد کسی ترک بادشاہ نے رکھی تھی ۔

یاقوت الحموی نے معجم البلدان میں سمرقند پر تین صفحات سے

۱۔ فرہنگ آنند راج ، صفحہ ۲۴۷۸ ۔

۲۔ برہان قاطع مطبوعہ تہران ، ۱۱۶۸ ۔

ده میں بحث کی ہے اور اپنی معلومات کے مطابق اس کے نام کی تشریح
وضیح اور اس کی تاریخ بیان کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ۔ وہ
ہتا ہے :

سَمَرْ قَنْدُ : بفتح اولہ و ثانیہ ۔ و یُقال لها بالعربیة سُمران ۔
دٌ معروف مشهور ۔ قیل انہٗ من ابنیة ذی القَرنَین بماوراء النهر ۔
هو قصبة الصُغد . . . . و قال الاْزهریُّ بناها سَمرُ بن ابی کرب
سمّتْ شَمر کَنت فاُعْرِبتْ سمرقند ۔ هٰکذا تلفّظَ بہ العربُ
کلامها و أشعار ها[1]

سمرقند نام رکھنے کے سلسلے میں یاقوت نے کچھ اور وجوہات
بی بیان کی ہیں ۔ وہ کہتا ہے :

. . . . قال : لمّا مات ناسرُ ینعم الملک قام بالملک من بعده
مر بن افریقس بن أبرهه ، فجمع جنوده ، و سار فی خمس مائة الف
جل حتّیٰ ورد العراق . . . . فسار من العراق لا یصُدّہ صادّ الیٰ
لا دالصین فلمّا صار بالصُّغد اجمع اهلُ تلک البلاد و تحصّنُوا منہ
مدینة سمرقند ، فأحاط بمن فیها من کل وجه حتّیٰ استنزلهم بغیرامان ،
قتل منهم مقتلةً عظیمةً و أمر بالمدینة فهُدمتْ ، فَسُمّیتْ شَمر کند
ی شَمرُ هَدَمَها فعرّبتْها العربُ فقالتْ سمر قند[2] ۔

یاقوت نے اپنے اس بیان کی تائید میں ایک عرب شاعر دعبل
الخزاعی کے ایک قصیدہ کے دو اشعار بھی نقل کیے ہیں ۔ اس قصیدے

۱۔ معجم البلدان ۔ المجلد الثالث ۔ صفحہ ۷ ۔ ۲۴۶ ۔
۲۔ نیز دیکھیے : انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ، جلد چہارم صفحہ ۱۳۰ ۔
جہاں سمرقند کے ضمن میں ہے :
- Shimar-Kant-Shimar destroyed it.

میں دعبل ، تبابعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے :

و هم كتبوا الكتابَ بباب مرو   و باب الصين كانوا كاتبينا
و هم سمّوا قديماً سَمَرْقَنْدَا   و هم غرسوا هناك التُبّتينا[1]

یاقوت ھی کا بیان ہے کہ یمن کے تُبّع ، اَلاَقرن بن ابی مالک بن ناشر بن یعم نے بھی عراق پر حملہ کیا تھا ، اور جب وہ عراق سے آگے بڑھ کر سمرقند میں پہنچا تو یہ شہر تباہ و برباد پڑا تھا ۔ چنانچہ اس نے اس شہر کی از سر نو تعمیر کا حکم دیا ، اور اس کی رونق گم گشتہ کو بحال کیا[2] ۔

اسی مصنف نے سمرقند کی بناء کے بارے میں بعض لوگوں کا یہ خیال بھی بتایا ہے کہ اسے سکندر نے تعمیر کیا تھا ۔ و قيل انّ سمرقند من بناء الاسكندر[3] ۔

برهان قاطع کی تشریح کے مطابق سمرکند ایک ترکی ترکیب ہے ۔ سمر ایک ترک بادشاہ کا نام ہے ، اور کند ترکوں کی زبان میں قصبہ یا شہر کو کہتے ہیں ۔

سمرکند : باکاف ، بر زون و معنی سمرقند است ۔ و آن شهری باشد در ماوراء النهر که کاغذ خوب از انجا آورند ۔ و سمرقند معرّب آنست ۔ و معنی ترکیبی آن ده سمر است ۔ و سمر نام پادشاهی بوده از ترک ، و ترکان ده را کند میگویند ، و این ده را او بنا کرده بوده است و بمرور ایام شهر شده[4] ۔

---

(۱) معجم البلدان ۔ المجلد الثالث ۔ صفحه ۲۴۷ ۔
(۲) ایضاً
(۳) ایضاً
(۴) برهان قاطع ، جلد دوم ، صفحه ۱۱۶۵ ۔

فرھنگ آنند راج سے بھی اس خیال کی تائید ھوتی ھے ' اور بعض دلچسپ معلومات کا اضافہ بھی کیا گیا ھے :

سمرقند : (ع) سمرکند ۔ صاحب مؤید وکشف نوشته اند که در تواریخ
طبری مرقوم است که سمر نام بادشاهی و کند بزبان ترکان
شهر را گویند ۔ و معنی ترکیبی آن شهر سمر است ۔

بعض لوگوں کی رائے میں سمر نو یقیناً ایک ترک بادشاہ گزرا ھے ' لیکن سمرکند کی وجہ تسمیہ یہ ھے کہ اس نے اس شہر کو تباہ کر ڈالا تھا ۔ ان لوگوں کے نزدیک کند ' فارسی کے مصدر کندن سے ھے ۔ فرھنگ آنند راج میں ھے :

و ابن خلکان در تواریخ خود و شریشی در شرح مقامات حریری نوشته اند که کند بکاف عجمی بمعنی خراب و سمر نام بادشاه شهری را خراب کرده بود ' لهذا آن شهر را سمرکند گفتندی ' حالا معرب کرده سمرقند گویند ۔

ایک اور وجہ بھی سنیے :

و صاحب رشیدی نوشته که دراصل شمرکند بشین معجمه زیرا که شمر بن یقش بن ابرهه با اهل مدینه سغد جنگ نموده و بعد فتح کردن مدینه سغد را ویران کرده ' شهر از سر نو تعمیر نموده شمرکند نام نهاد ' و کند در لغت ماوراء النهر بمعنی شهر و قریه باشد[1]۔

سمرقند کے متعلق انسائیکلوپیڈیا بریٹینکا میں بھی ایک مختصر سا آرٹیکل ملتا ھے ' جس کے مطابق اس شہر کا پرانا نام مارا کندا ھے :

---

(۱) ایضاً

The city is the ancient Maracanda, the capital of Sogdiana.[1]

لیکن عربوں کی فتح کے بعد سے سمرقند ہی معروف ہے :

The city appears as Samarkand at the time of the Arab conquest.[2]

لیکن Barthold اس خیال کا مؤید نظر نہیں آتا کہ شہر سمرقند عربوں نے بنایا تھا ، اس کی رائے میں یہ محض افسانہ ہے ، وہ لکھتا ہے :

Nasafi gives the name of the builder of the outer wall of the town as Abu Nu'man, probably thinking of one of the same-legendary Yemenite Kings, whom the authors of historical legends brought to Samarqand, apporently for no other reason than that the name of one of them was Shammar.[3]

Barthold نے تو صرف عربوں کے نظریہ ہی کی دبے لفظوں میں تردید کی تھی ، بعض لوگ تو یہاں تک کہتے ہیں کہ سمرکند (یا سمرقند) کے شروع میں جو س (سی) ہے ، ابھی تک تاریخی طور پر یہ پتہ ہی نہیں چل سکا کہ وہ کیا ہے ، اور کہاں سے آیا ؟

برہان قاطع میں ہے :

معرب آن سمرند و سمران بضم اول (معجم البلدان) ۔ پہلوی Samarkand ، یونانی Marakanda ریشہ جزو اول سمر تا کنون معلوم نشدہ ، جزو دوم Kand ـــ از پارسی باستان Kanta ، سغدی Kanp (شہر) مشتق از Kan (کندن)۔[4]

انسائیکلوپیڈیا آف اسلام سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے :

(۱) Ency. Britannica Vol. 19, Page 919 -

(۲) Ibid. Page 920 -

(۳) Turkestan, Page 85 -

(۴) برہان قاطع ، جلد دوم ، صفحہ ۱۱۶۵ ، حاشیہ نمبر ۴ ۔

.....While the first part has not yet been satisfactorily explained........[1]

ہندوستان کی تاریخ میں ۱۷۔۱۸ ویں صدی بڑے اضطراب اور سیاسی انتشار کا زمانہ تھا ۔ شاہ عالم ثانی کے زمانے میں بیگم سُمرو (یا شمرو) کے نام سے ایک عورت معرض وجود میں آئی ' جس نے تاریخ میں خاصا نام پایا ' اس عورت کی مختصر سی داستان بھی مزے سے سنی جائے گی ۔ اس کا خاوند ایک یورپی باشندہ تھا ' جو سمرو کے نام سے مشہور ہوا ' اور اس کی ہندوستانی بیوی بھی اسی کے نام پر بیگم سمرو کہلائی ۔ پروفیسر بنرجی نے باقاعدہ ایک کتاب "Begum Samru" تصنیف کی ہے ' اس یورپی باشندے کے بارے میں وہ لکھتے ہیں :

....he for a while wandered about in Bengal and was ultimately engaged by Gurgin Khan, the Armenian General of Mir Qasim, the Nawab of Bengal....

Reinhardt was by temperament a grave, sullen, and morose man, and the gloom of his countenance gained for him the nickname of Sombre from his friends, while he was in the French service. This rather harsh appelation was softened on the Indian tongue into Samru.

کتاب کے اسی صفحہ کے حاشیہ پر لکھا ہے :

According to other accounts Samru is the corruption of an alias, Summers, assumed by him when he enlisted in the British Army.[2]

بیگم سمرو کون تھی ' کہاں سے آئی ؟ یہ بھی پروفیسر بینر جی کی زبانی سنیے :-

General Samru while in the service of the Jat Raja Jawahir Singh, took part in his master's unsuccessful siege of Delhi in 1765. There a young girl of Arabian extraction was brought to his notice, whose personal attractions and exceptionally fair complexion charmed him. .... This

---

(۱) Ency. of Islam Vol, IV, Page 129 -

(۲) "Begum Samru" by B. Banerji, Page 4-5 -

Muslim girl is known to history as Begam Samru of Sardhana.[1]

مصنف نے اس لڑکی کے خاندان اور نام کے بارے میں مختلف روایات بیان کی ہیں۔ ان روایات کے مطابق بیگم سمرو کا اصل نام (غالباً) فرزانہ تھا اور خاندانی اعتبار سے وہ سیدانی یا مغل یا کشمیری تھی ۔[2]

An Oriental Biographical Dictionary میں ان دونوں میاں بیوی کو "سمرو" اور "سمرو بیگم" لکھا گیا ہے اور ان کے بارے میں حسب ذیل معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں :-

Shamru, Samru or Sombre (سمرو), whose real name was Walter Reinhardt, a person of obscure parentage .... He entered early as a common soldier, the service of the French, taking for him nom-de-guerre Summer, which his comrades, from his saturnine complexion, turned into Somber, and the Indians, by corruption, Samru and Shamru.

Shamru Begam (شمرو بیگم)—The celebrated princess of Sardhana, whose native title was Zeb-un-Nisa, was the wife, or rather concubine, of Shamru or Sombre .... Her first lord, Reinhardt, who brought her when a young and handsome dancing girl, married and converted her to the Roman Catholic religion [3]

جنرل "سمرو" کے بارے میں The Cyclopaedia of India کا مصنف رقمطراز ہے :-

Sumroo, the name by which Walter Reinhardt was known to the natives of India, supposed to be a dialectical variation from Sombre, which was the pseudonym applied to him by his French comrades.[4]

---

(۱) 'Begum Samru' 'Page 14 ۔

(۲) ایضاً (Footnote) صفحہ ۱۵ ، بمطابق Pondichery Records ۔

(۳) An Oriental Biographical Dictionary . By Beale Page 373 ۔

(۴) The Cyclopaedia of India, Vol III, Page 766-7 ۔

اب ہمیں معلوم کرنا چاہئے کہ اس لفظ Sombre کے معانی کیا ہیں۔ جس سے یہ ہندوستان کا یورپی جنرل مشہور ہوا اور جو بعد میں سمرو یا شمرو کے دیسی تلفظ میں بدل گیا۔

Shorter Oxford English Dictionary میں Sombre کے ذیل میں یہ معانی ملتے ہیں :-

1. Of inanimate natural objects and their attributes : characterized by the presence of gloom or shadow ; depressingly dark, dusky or obscure.
2. Of persons etc. : gloomy, lowering, dark and sullen or dejected--

   Of thoughts, feelings etc. : Meloncholy, dismal, darksome.
3. Conveying gloomy ideas or suggestions.
4. Of colour and colouring : of a dark shade or tinge ; dark, dull.[1]

مولوی عبدالحق صاحب نے اس لفظ کے حسب ذیل معانی بتائے ہیں۔

تاریک ؛ اندھیرا ؛ تیرہ و تار ؛ افسردہ ؛ مغموم ، اداس۔[2]

غور کیا جائے تو عربی کے سمر اور انگریزی کے Somber میں خاصی معنوی مشابہت پائی جاتی ہے۔ کیا تعجب کہ Somber بھی دراصل سمر ہی ہو اور اسی لئے اس جنرل کو ''سمرو'' اور اس کی بیوی کو بیگم سمرو کے نام سے پکارا گیا۔

سندھ میں ایک خاندان ایک لمبے عرصے کے لیے برسر اقتدار رہا ہے۔ بعض روایتوں کے مطابق (قیاساً) اس خاندان کی حکومت

- Vol. II, Page 1943 (۱)

- The Standard English-Urdu Dictionary, Page 1166 (۲)

۲۷۲ھ سے ۷۵۲ھ تک رھی۔[1] اس خاندان کو سومرہ کہا جاتا ھے۔ اس خاندان کی اصل کے بارے میں بھی مؤرخوں کا بڑا اختلاف ھے۔ بعض لوگ انہیں خالص ھندوستانی نسل کے راجپوت بتاتے ھیں اور بہت سوں کے نزدیک وہ غیر ھندی بلکہ خالصتاً عربی النسل ھیں

اگر سومرہ عربی النسل ثابت ھو جائیں تو یقیناً اس لفظ کی اصل بھی مادہ س۔ م۔ ر ھی میں تلاش کی جائے گی۔

Cyclopaedia of India کا مصنف لکھتا ھے :-

Sumra—a dynasty of Agnicula Rajputs, who in A D 750 succeeded to the Arabs in the government of Sind. The Sumra during the early part of their sway continued to be Hindus; indeed many of the tribe still remain so, and roam as shepherds through the thals of Jeysulmir and the Upper Dhat country to the east of Sind. The Sumra of the desert are one of the sub-division of the Pramara Rajputs, and from their frequently combining with the Umra, the two gave name to the large tract of country which is still recognised as Umra Sumra, and within which Alor is situated.

. . . . The Sumra, before they apostalized from their ancestral faith to Mohammadanism, intermediately adopted the tenets of Karamatian sect . . . . . . The name was originally pronounced Samra.[2]

اسی طرح انسائیکلوپیڈیا آف اسلام، جلد ۴، صفحہ ۱۳۶، سندھ گزیٹیر ۱۸۷۶ع اور سندھ گزیٹیر ۱۹۰۷ع میں بھی سومروں کو راجپوت (ھندوستانی) قرار دیا گیا ھے۔

سید ابو ظفر ندوی اپنی ”تاریخ سندھ“ میں مختلف آراء تحریر

---

(۱) تاریخ معصومی اردو ترجمہ صفحہ 43۔

(۲) Cyclopaedia of India, Vol. III, Page 766۔

کرنے اور ان پر بحث کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ سومرہ خاندان دراصل عربی النسل ہے، اور یہ لوگ حجاج بن یوسف الثقفی کے عہد میں سندھ میں آ کر آباد ہوئے تھے۔ آن کا بیان ہے :

سومرہ کے متعلق مؤرخوں میں اختلاف ہے۔ الفنسٹن صاحب[1] نے ان کو ہندو راجپوت لکھا ہے، الیٹ صاحب اور دیگر یورپین مصنفوں نے ان کو نومسلم راجپوت قرار دیا ہے، مولانا عبدالحلیم شرر نے سامرہ فرقہ سے نو مسلم یہودی سمجھا ہے، اور حیرت ہے کہ تاریخ طاہری کے مصنف نے بھی ان کو ہندو کہا ہے۔ ان لوگوں نے اپنے دعویٰ کے متعلق کوئی دلیل پیش نہیں کی ہے، اس لیے میرا خیال ہے کہ فقط ان کے ہندوؤں کے جیسے ناموں نے مؤرخوں کو مشتبہ کر دیا، پس انہوں نے ان کو ہندو یا نو مسلم سمجھا۔ لیکن علامہ سلیمان ندوی نے ''عرب و ہند کے تعلقات''[2] میں ان کو عرب و ہند کی مخلوط النسل قوم قرار دیا ہے، جو بالکل قرین قیاس ہے[3]۔

یہ حقیقت ہے کہ سومرہ خاندان کے اکثر و بیشتر حکمرانوں کے نام خالصتاً ہندوانہ ہیں، اور غالباً آن کو ہندو قرار دیتے وقت مؤرخوں نے اس حقیقت کو یقیناً پیش نظر رکھا ہے۔ سید ابو ظفر ندوی اس دلیل کو تسلیم نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں : ''جن لوگوں کی نظریں

---

(۱) الفنسٹن کے اصل الفاظ یہ ہے :

The advance of the Mahometan arms ceased with the life of Casim . . . . . the Mussulmans were expelled by the Rajput tribe of Sumera. . . . . . . (The History of India, Page 304). نیز دیکھیے صفحہ ۳۰۹۔

۲۔ سید صاحب مرحوم نے سومروں کی اصل و نسل سے بحث کرتے ہوئے خاصی تفصیل سے کام لیا ہے۔ اس کے لیے ان کی مذکورہ کتاب کے صفحات ۳۵۲ تا ۳۷۳ دیکھنے چاہئیں۔ انہوں نے سندھ کے سمہ قبیلہ اور بعض دیگر قبائل کو بھی عربی النسل قرار دیا ہے۔ ان کی تحقیق یہ ہے کہ فتوحات سندھ کے ابتدائی دور میں بہت سے عرب قبائل اس خطے میں آباد ہو گئے تھے۔

(۳) تاریخ سندھ، حصہ اول، صفحہ ۲۷۷۔

تاریخوں پر ہیں، وہ خوب جانتے ہیں کہ الپ تگین، سبکتگین، التوتاش، سنجر، بلبن، ہولک، الپ ارسلان، قزل ارسلان وغیرہ اسلامی (عربی) نام نہیں ہیں، حالانکہ اپنے اپنے وقت میں یہ سب بہترین اسلامی حکمران تھے، اس لیے فقط نام کی مشابہت سے سومرہ ہندو قرار نہیں دیئے جا سکتے . . . . پس مندرجہ بالا تحریر سے ثابت ہو گیا کہ سومرہ کو محض لباس اور ناموں کے سبب سے غیر مسلم نہیں کہنا چاہیے، کیوں کہ اسماعیلی آج بھی انہی اوصاف کے ساتھ موجود ہیں[۱]''۔

''سومرہ نہ بت پرست تھے اور نہ مشرک، بلکہ خالص موحد تھے، اور خالص توحید تمام دنیا کے مذاہب کے بر خلاف صرف اسلام میں ہے۔ پھر سندھ کا ہر مؤرخ لکھتا ہے کہ سومرہ نے سعد نامی زمیندار کی لڑکی سے شادی کی، اگر وہ مسلمان نہ ہوتا تو مسلمان اپنی لڑکی کافر کو کس طرح دیتا، اس لیے یقینی طور پر سومرہ مسلمان تھے[۲]۔

مصنف کی رائے میں سومرہ مسلمان، اسماعیلی شیعہ تھے، جن کا تعلق مصر کے فاطمی اماموں سے بھی قائم تھا۔ اس سلسلے میں ان کا کہنا ہے کہ جب تک ملتان کی مستقل حکومت قائم رہی، مذہبی اور ملکی عہدہ یہاں کے حکام کو حاصل رہا، لیکن تباہی کے بعد مذہبی عہدہ یہاں کے ایک طاقت ور رئیس کو عطا کیا گیا۔ اور یہ عہدہ ''شیخ'' کا تھا، اس شیخ کا نام سومرہ تھا۔ اور اس کے بعد اس کا لڑکا پال ہوا، جس کے نام دروزیوں کے امام نے خط بھیجا تھا۔ اس خط کا ایک حصہ مندرجہ ذیل ہے:

''ملتان اور ہندوستان کے مؤحدوں کے نام عموماً، اور شیخ ابن سومرہ راجہ پال کے نام خصوصاً'' . . . . اس سے ظاہر ہو گیا کہ

---

(۱) تاریخ سندھ، حصہ اول، صفحہ ۲۷۹ - (۲) ایضاً صفحہ ۲۸۰ -

سومرہ، ملتان والے اور دروزی ہم مذہب تھے[1]۔

اسی مصنف نے ابن بطوطہ کے سفر نامے کے حوالے سے بھی سومرہ خاندان کو عرب ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ (ابن بطوطہ کا بیان اسی مضمون میں کسی دوسری جگہ نقل کیا گیا ہے) وہ لکھتے ہیں :

اس سے معلوم ہوا کہ سومرہ اپنے کو عربی النسل سمجھتے تھے، اور اپنی آبادی کو حجاج بن یوسف ثقفی کے عہد کی طرف منسوب کرتے تھے۔ اور اس زمانے کے مؤرخوں نے بھی ایسا ہی لکھا ہے، اور یہ کوئی عجب بات نہیں، سندھ میں عربی النسل قبائل النمش، بلکہ خلجی تک موجود تھے[2]۔

پس ان حالات کی موجودگی میں یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ سومرہ ہندو راجپوت نہ تھے بلکہ وہ عرب تھے جو ہندوستان میں آباد ہو گئے تھے، اور پشت در پشت یہاں رہ کر ہندی نژاد بن گئے، جس کی صحیح مثال ہندوستانی سادات ہیں[3]۔

میر علی شیر قانع ٹھٹھوی سومرہ کے متعلق تحریر کرتے ہیں :

''خود مختاری کے دور سمیت اس قوم کے لوگوں کی کل مدت حکومت پانچ سو سال بیان کی گئی ہے . . . . . .

بہرحال اس قوم کی اصلیت کے بارے میں کوئی ثبوت دستیاب نہیں ہوا۔ البتہ جیسا کہ اس سے پیشتر مذکور ہو چکا گمان غالب ہے کہ یہ سومرہ عرب ہیں، جو چوتھی صدی ہجری میں سندھ آئے تھے۔''

مندرجہ بالا عبارت تحفۃ الکرام جلد سوم (اردو ترجمہ مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ) سے نقل کی گئی ہے۔ اس کتاب کے حواشی مخدوم

---

(۱) تاریخ سندھ، حصہ اول، صفحہ ۲۸۱-۸۲ ۔
(۲) ایضاً صفحہ ۲۸۲ ۔
(۳) ایضاً صفحہ ۲۸۳-۸۳ ۔

امیر احمد اور ڈاکٹر نبی بخش بلوچ نے لکھے ہیں، انہوں نے سومرہ کی
تاریخ اور اصل کا کھوج لگانے کی کوشش کی ہے، اور آخر میں اپنی
رائے بھی پیش کی ہے :

''سومرہ سندھ کی ایک قدیم قوم ہے، جس نے طویل مدت تک
سندھ میں حکومت کی ہے، لیکن ان کی حکومت کی تاریخ پر گمنامی کے
ایسے تاریک پردے پڑے ہوئے ہیں کہ اس کی نظیر شاید ہی کسی ملک
یا قوم کی تاریخ میں مل سکے۔ آج تک یہ فیصلہ نہیں ہو سکا کہ سومرہ
قوم کی نسل کہاں سے شروع ہوتی ہے۔ کچھ مؤرخ کہتے ہیں کہ یہ
دراصل عرب قوم سے ہیں، جو حجاج کے دنوں میں تسخیر سندھ کے
موقع پر عراق کے شہر سامرہ (سرمن رأی) سے ہجرت کر کے آئے، یہاں
انہیں پہلے سامری کہا جاتا تھا، لیکن بعد میں تلفظ اور لہجہ کے تغیر
کی وجہ سے سومرہ کہا جانے لگا۔ ابن بطوطہ اس خیال کی تائید کرتا
ہے، اور شہر جنانی کی تعریف کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ :

'' ہم دریائے سندھ کی راہ سے سفر کرتے ہوئے دو دن کے بعد
شہر جنانی پہنچے۔ یہ دریائے سندھ کے کنارے ایک بڑا اور خوبصورت
شہر ہے۔ اس کے بازار دلکش ہیں، یہاں کے باشندوں کو ''سامرہ''
کہا جاتا ہے، وہ عہد قدیم سے یہاں آباد ہیں۔ تسخیر سندھ کے مؤرخوں
کی تحریر کے مطابق ان کے بزرگ یہاں اس زمانے سے رہتے ہیں جس زمانے
میں کہ حجاج کی نگرانی میں سندھ فتح ہوا تھا ''۔

(ابن بطوطہ کے اصل الفاظ یہ ہیں :

و سرنا من نهر السند يومين و وصلنا الى مدينة جنانى ۔ مدنية
كبيرة حسنة على ساحل نهر السند ۔ لها أسواق مليحة و سكانها
طائفة يقال لهم السامره ۔ استوطنوها قديما حين فتحها على أيام

الحجاج بن یوسف حسبما أثبت المؤرخون فی فتح السند[1] ـ)

لیکن تاریخ دانوں کا دوسرا طبقہ سومروں کو سندھ کا اصلی اور قدیمی باشندہ اور راجپوت قرار دیتا ھے ـ جیسا کہ ایلیٹ اپنی مشہور کتاب ''ھسٹری آف انڈیا''[2] (جلد ۱ ' صفحہ ۴۸۳) میں لکھتا ھے کہ :

تاریخ طاھری کے قلمی نسخہ کے صفحہ ۲۵ پر واضح طور پر مرقوم ھے کہ سومرہ اصل میں ھندو تھے ' ریاست الور کے ھندو راجپوتوں میں سے ـ اسی طرح ''ایلیٹ'' نے اپنی کتاب ''سند'' کے حاشیہ صفحہ ۸۹ پر سومروں کے متعلق کافی بحث و تمحص کے بعد گجرات کی تواریخ کے حوالوں کی بنیاد پر ثابت کیا ھے کہ سومرہ راجپوت ھندو تھے ـ

تحفۃ الکرام یا دیگر تواریخ میں سومروں کی جو رسومات بیان کی گئی ھیں مثلاً سومرہ سرداروں کا اپنے مطیع لوگوں کے شانوں پر داغ دینا تاکہ وہ ان کے غلام شمار کیے جائیں ـ خود کو دوسروں سے ممتاز ثابت کرنے کے لیے اپنے ھاتھوں ' پیروں کے ناخن جڑ سے اکھڑوا دینا ـ جو عورت ایک بار بچہ جنے پھر کبھی اس کے قریب نہ جانا ـ نیا کپڑا ایک بار پہن کر میلا کرنے کے بعد پھر دوبارہ نہ پہننا وغیرہ وغیرہ ـ ان سے معلوم ھوتا ھے کہ سومرہ عرب نژاد

---

(۱) رحلۃ ابن بطوطہ ' صفحہ ۲۹۶ ' بیروت ' ۱۹۶۰ء ـ

(۲) Sir H M Elliot نے اپنی کتاب میں سومروں کی قدیم تاریخ اور ان کے نسلی اعتبار سے عرب یا ھندوستانی ھونے کے بارے میں خاصی مفصل بحث کی ھے ـ اس کے لیے اس کی تاریخ کی جلد اول کے صفحات ۴۸۳ تا ۴۹۴ دیکھنے چاھئیں ـ اگرچہ خود ایلیٹ نے آخر میں سومروں کے راجپوت ھندوستانی ھونے کی رائے دی ھے لیکن ان صفحات میں بعض ایسے دلائل بھی موجود ھیں جن سے معلوم ھوتا ھے کہ یہ لوگ خالص عرب بلکہ قریشی تھے ـ اس نظریے سے بعض یورپی علماء کی آراء بھی متفق ھیں ـ اور ان دلائل کو بآسانی جھٹلایا نہیں جا سکتا ـ

هرگز نہیں تھے۔ کیونکہ عربوں میں نہ جاهلیت کے زمانے میں کبھی
ایسی رسمیں رائج تھیں اور نہ عہد اسلام میں، اس لیے یہ رائے زیادہ
وزن دار معلوم ہوتی ہے کہ سومرہ اصل میں ہندو راجپوت تھے۔
سومرہ حکمرانوں کے ٹھیٹھ ہندی نام بھی اس خیال کی تائید کرتے ہیں۔
اگر یہ لوگ عرب ہوتے تو ان کے نام بھی ضرور عربی قسم کے ہوتے۔
(سومروں کی بعض رسومات کا ذکر ابن بطوطہ نے بھی کیا ہے۔
وہ لکھتا ہے:

و ہولاء الطائفة المعروفون بالسامرة، لا یأکلون مع احد و
لا ینظر الیہم احد حین یأکلون۔ و لا یصاهرون احدا غیرهم و
لا یصاهر الیهم احد۔ و کان لهم فی هـذا العهد أمیر یسمی ونار
و سنذکر خبره۔[1])

سمہ اور سومرہ قبائل کی اصلیت کے بارے میں ایک تیسری رائے
اور بھی ہو سکتی ہے جس کی طرف کسی نے توجہ نہیں کی۔ وہ یہ کہ
یہ دونوں قومیں ایشیا کی اس مشہور ''سمیری'' قوم کی شاخیں ہیں۔
جنہیں عربی میں سامی کہا جاتا ہے۔ قدیم زمانے میں یہ بڑی طاقتور
قوم تھی جس کا وسط ایشیا میں بے حد اثر و اقتدار تھا۔ ہو سکتا ہے کہ
اس کا کوئی حصہ اسی زمانے میں سندھ کی طرف آ نکلا ہو اور سندھ
کو اپنا وطن بنایا ہو۔[2]

تاریخ معصومی کے مطابق سومرہ ایک شخص کا نام بھی تھا، جسے
لوگوں نے مسند حکومت پر لا بٹھایا ''الغرض دراں اوان مردم سومرہ از
نواحی تھری جمعیت کردہ سومرہ نام شخص را بر مسند ریاست اجلاس
دادند''[3]

---

(۱) رحلہ ابن بطوطہ، صفحہ ۲۹۷۔
(۲) تحفۃ الکرام (اردو ترجمہ) حاشیہ صفحہ ۱۱۳ و بعید۔
(۳) تاریخ معصومی صفحہ ۶۰۔

تعجب ہے کہ سید ابوظفر ندوی بھی سومروں کو عرب قرار دینے پر اتنا زور بیان صرف کرنے کے باوجود آخر میں کہتے ہیں کہ یہ لفظ دراصل سوم رائے ہے - سوم کے معنی چاند اور رائے کے معنی راجہ جس کا ہم معنی لفظ چندررائے ہے - ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ سومرہ کسی خاندان کا نام نہیں بلکہ کسی شخص کا ذاتی نام یا لقب تھا - اور محمود غزنوی سے پہلے سومرہ کسی خاندان کا نام نہ تھا -[۱]

۱۸۷٦ع کے مطبوعہ "سندھ گزیٹیئر" میں اس خاندان کے ایک شخص کا نام ابن سومر بتایا گیا ہے - جس نے اس خاندان کی حکومت کی بنیاد رکھی تھی - اور وہ بڑا بہادر حکمران تھا -

. In H. 423 (A D 1032) Ibn Sumar the ruler of Multan, believed to be himself a Ṣumera, seems to have laid the foundation of the Sumra dynasty in Sind and to have governed the country with great vigour and discretion.

اس خاندان کے آخری حکمران کا نام Urrah Mehl تھا جسے سمہ خاندان کے لوگوں نے قتل کرکے حکومت پر قبضہ کر لیا -[۲]

جیسا کہ پہلے گزر چکا سندھ کے سومروں کے بارے میں چونکہ ایک رائے یہ بھی ہے کہ وہ راجپوت ہیں اور پرانے چندر بنسی (بعض کے نزدیک سورج بنسی) خاندان سے تعلق رکھتے ہیں بلکہ بعض لوگوں نے سومرو کو دراصل سوم رائے ھی بتایا ہے -[۳] اس لیے "سومنات" کے متعلق چند سطریں لکھ دینا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے - کیونکہ

---

(۱) دیکھئے تاریخ سندھ جلد اول صفحہ ۲۸۳ -

(۲) A gazetteer of the Province of Sind, page ۲۸ -

(۳) History of India, page ۳۹۰ -

دونوں میں سوم (چاند) مشترک ھے -

البیرونی "سومنات" کے سلسلے میں حسب ذیل معلومات بہم پہنچاتا ھے :

هوحجر سومناب و سوم هوالقمر ونات الصاحب - فهو صاحب القمر -[1]

انسائکلوپیڈیا آف اسلام جلد چہارم صفحه (۴۴۰) میں ھے :

Sūmanāt or rather Somanath (Moon Lord). . . .

البیرونی نے سومنات کے مندر کی تعمیر کے متعلق اپنی کتاب میں بعض عجیب و غریب روایتیں بیان کی ھیں - وہ ھندو عقیدے کے مطابق بعض کہانیوں کا ذکر کرتے ھوئے لکھتا ھے :

و ذالک ان هذا الحجر کان منصوباً علی الساحل غربیاً عن مصبّ نهر سرستی فی البحر باقل من ثلث میل و شرقیا عن موضع قلعة.... و کلما طلع القمر و غرب ربا ماء البحر بالمد فغرقه واذا وافی فلک نصف النهار و اللیل نَضَب با لجزر فأظهره ، فکان القمر مواظب علی خدمته و غسله ولذالک نسب الیه -[2]

برهان قاطع میں بھی سومناب کی شرح ملتی ھے :

بضم اول و فتح میم و نون بالف کشیده بروزن مهملات بتخانه ای بود در ملک گجرات، گویند سلطان محمود غزنوی آنرا خراب کرده ومنات را که بتهائی مشهور است درآن بتخانه می بود شکست - و بعضے گویند که قریش منات را گریزانیده بودند، وازراه دریا بدانجا آورده، و بسکون میم هم گفته اند - وگونید این لغت هندوی است که مفرس شده

(۱) کتاب "فی تحقیق ماللهند" صفحه ۲۵۲ -

(۲) ایضاً صفحه ۲۵۳ -

یعنی فارسی گردیده ، وآں نام بتے بود ۔ ومعنیٔ ترکیبی آں سوم نات است یعنی صنمے است نمونہ قمر ۔ چہ سوم بہندی قمر را گویند و نات نعظیم است ۔[1]

فرہنگ آنند راج میں ''سومنات'' کی وجہ تسمیہ دو تین طریقوں سے بیان کی گئی ہے ۔

. . . وایں لفظ در اصل ہندیست ۔ رشیدی در فرہنگ خود آوردہ کہ سوم بمعنی قمر است ونات بمعنی عظیم، چونکہ آں بتخانہ را بہیکل قمر ساختہ بودند ، سومنات گفتند شیخ سعدی گفتہ

بتے دیدم از عاج در سومنات مرصع چو در جاہلیت منات

شیخ عطار گفتہ :

لشکر محمود اندر سومنات یافتند آں بت کہ نامش بود نات

دریں صورت نام بت نات و نام بتخانہ سوم خواہد بود و برخی گفتہ اند ، سوم نام پادشاہی بودہ کہ آں بت را ساختہ و نام آں بت و ہر دو نام از کثرت استعمال یکے شدہ مانند بعلبک و نات در ہند بمعنیٔ بزرگ و صاحب است ، چنانکہ جگنات یعنی بزرگ خلائق چہ جگ بمعنیٔ خلائقیست و نات بزرگ ۔

. . . و در غیاث نوشتہ کہ سومنات در اصل سومناتھہ ، سومناتھہ بودہ ، در استعمال فارسی حرف ہاء از حرف ساقط شدہ ۔[2]

معلوم ہوتا کہ سومنات دراصل ہندی نام ہی ہے اور عربی سے اس کا تعلق ، غالباً ، افسانوی ہے ۔ سوم سنسکرت کا بڑا مشہور لفظ ہے ۔ platt کی ہندوستانی ڈکشنری میں سوم کے حسب ذیل معانی ملتے ہیں

---

(۱) برہان قاطع جلد دوم صفحہ ۱۱۹۲ اس صفحے کا حاشیہ بھی دیکھیے ۔

(۲) فرہنگ آنند راج جلد سوم صفحہ ۲۵۱۵ ۔

اور سومناب کی شرح بھی کی گئی ہے -

Water ; The moon ; air ; winds ; heaven ; Sky , Somnath, Soma's lord, The divi'nity set up by Soma or the Moon [1]

چاند ایک خوبصورت چیز ہے اور دنیا کی بہت سی زبانوں کی ساعری میں اُس سے محبوب کا تصور وابستہ ہے - عجیب اتفاق کی بات ہے کہ خود ترکی میں بھی س-و-م—کے مادے سے بعض الفاظ ملے ہیں - جن میں محبت کے معانی پائے جاتے ہیں ؟ کہیں ہندوستانی کے سوم اور ترکی کے حسب ذیل الفاظ کی اصل و نسل ایک ہی تو نہیں ہے ؟

سومہ—(Soume) An act of Liking, loving, fonding . . . a feeling of liking or love.

سویملو—lovable, genial, affable.[2]

عراق زمانہ قدیم میں دنیا کی بعض عظیم الشان تہذیبوں کا مرکز و منبع رہا ہے - یہاں ایک قوم ''سُمیری'' یا ''سومر'' یا ''سامری'' آباد تھی - ان کی سب سے بڑی آبادی کا نام بھی ''سامریہ'' تھا - انسائیکلوپیڈیا برٹنیکا کے اُس مقالے کے مطابق جو Samaria کے بارے میں لکھا گیا ہے ' اس سہر کی کھدائی هارورڈ یونیورسٹی کے بعض ماہرین کے زیر اہتمام ۱۰-۱۹۰۸ میں ہوئی تھی جس کے نتائج ۱۹۲۴ع میں دنیا کے سامنے پیش کئے گئے - اس شہر کے آثار قدیمہ سے عبرانی زبان کے بعض بہت قدیم کتبے بھی ملے - کہا جاتا ہے کہ اسرائیلی بادشاہ Omri نے وہ پہاڑ جس پر بعد میں اُس نے شہر کی تعمیر کروائی

---

(۱) A Dictionary of Urdu, Classical Hindi and English— Page 700.

(۲) Red house ۱۰۹۵ و بیعد -

اور آسے اپنا دارالحکومت بنایا اس کے مالک Shemer سے خرید تھا۔[1]
ممکن ہے اسی Shemer سے Samaritan بنا ہو، جسے ہم
''سمیری'' یا ''سومر'' قوم کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

''سمیری'' قوم کے متعلق انسائیکلو پیڈیا برٹینیکا میں موجود مقالہ
کے چند اقتباسات نیچے درج کئے جاتے ہیں جو اس قدیم نسل انسانی کی
تاریخ پر روشنی ڈالتے ہیں:

Samaritans—The name given to a peculiar religious community formerly wide spread throughout Samaria in Palestine and now represented by a few families at Nablus, near the site of the ancient Shechem. They claim to be descendents of the ten tribes . . . Their religion, they assert, represents the true, unalloyed teaching of Moses . . .

The Origin of the sect is obscure because the native and the Jewish accounts are alike tendentions . . .[2]

سورۂ طٰهٰ کے بعض حل طلب مقامات کی تشریح و توضیح کے
سلسلے میں مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم نے سمیری قوم کی مختصر تاریخ
بھی بیان کی ہے اور بنو اسرائیل کے ''سامری'' کو اصلاً اسی قوم کا
ایک فرد بتایا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

قیاس کہتا ہے کہ یہاں ''سامری'' سے مراد سمیری قوم کا فرد
ہے کیونکہ جس قوم کو ہم نے سمیری کے نام سے پکارنا شروع کر دیا
ہے، عربی میں اس کا نام قدیم سے سامری چلا آ رہا ہے اور اب بھی
عراق میں ان کا بقایا اسی نام سے پکارا جاتا ہے۔ یہاں قرآن کا السامری
کہہ کے اسے پکارنا صاف کہہ رہا ہے کہ یہ نام نہیں ہے اس کی قومیت
کی طرف اشارہ ہے یعنی وہ شخص اسرائیلی نہ تھا، سامری تھا۔

Ency. Britannica Vol. 19, Page, 918. (۱)
- Ibid, p. 918-19, Vol. 19 (۲)

حضرت مسیح علیہ السلام سے تقریباً ساڑھے تین ہزار برس پہلے دجلہ و فرات کے دوآبہ میں دو مختلف قومیں آباد ہو رہی تھیں اور ایک عظیم الشان تمدن کی بنیادیں اٹھا رہی تھیں۔ ان میں سے ایک قوم جو جنوب سے آئی تھی، عرب تھی۔ دوسری جس کی نسبت خیال کیا جاتا ہے کہ شمال سے اتری سمیری تھی۔ اسی قوم کے نام سے تاریخ قدیم کا شہر سامر اور آور آباد ہوا تھا۔ جس کا محل اب تل العبید میں دریافت ہوا ہے اور وہاں سے پانچ ہزار برس بیشتر کے بنے ہوئے زیور اور سنہری ظروف برآمد ہو رہے ہیں۔

سمیری قوم کی اصل کیا تھی؟ اس بارے میں اس وقت تک کوئی قطعی رائے قائم نہیں کی جا سکی ہے لیکن نینوا میں آشور بن پال (م ٦٢٦ ق-م) کا جو کتاب خانہ نکلا ہے اس میں تختیوں کا ایک مجموعہ لغت کی کتاب کا بھی ہے جس میں آکادی اور سمیری زبان کے ہم معنی الفاظ جمع کئے گئے ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سمیری زبان کے اصوات سامی حروف کے اصوات سے چنداں مختلف نہ تھے۔ بہت ممکن ہے کہ وہ بھی دراصل انہی قبائل کے مجموعہ سے کوئی بعدی تعلق رکھتے ہوں، جن کے لیے ہم نے تورات کی اصطلاح ''سامی'' اختیار کر لی ہے۔ ۔ ۔ ۔

بہر حال سمیری قبائل کا اصلی وطن عراق تھا مگر یہ دور دور تک پھیل گئے تھے۔ مصر سے ان کے تعلقات کا سراغ ایک ہزار سال قبل مسیح تک روشنی میں آ چکا ہے۔ پس معلوم ہوتا ہے اسی قوم کا ایک فرد حضرت موسیٰ کا بھی معتقد ہوگیا اور جب بنی اسرائیل نکلے تو یہ بھی ان کے ساتھ نکل گیا۔ اسی کو قرآن نے ''السامری'' کے لفظ سے یاد کیا ہے۔[1]

---

(١) ترجمان قرآن۔ جلد دوم صفحہ ٥-٤٦٣

یہ واضح ہے کہ سمیری قوم، قدیم سامی نسل کی ہم عصر تھی۔ یا کم از کم دونوں بہت قریبی زمانے میں تہذیب و تمدن پھیلا رہی تھیں۔ فارسی کی ایک کتاب ''تاریخ ملل قدیم آسائی غربی'' میں اس خطہ ارض کی تمام پرانی اقوام کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔ ''سومری'' قوم کے متعلق چند سطریں یہاں تحریر کی جاتی ہیں:

بین النہرین سفلی کہ تاریخ تشکیل اراضی آن بانسبه جدید است تا پنج ہزار سال پیش از میلاد مسیح مسکون نبوده، سومریها برائے خود شہرهائی در حوالیٔ خلیج فارس و کناره ھائے فرات ایجاد کردند... بنابریں مملکت سومر بر اراضی میان مورنه فعلی و خطی که از کوت العماره به بحر نجف در شمال میرسد اطلاق میشده[1]۔

یہ قوم خاصی متمدن تھی۔ اور اس کی تگ و تاز کا دائرہ دور دور تک پھیلا ہوا تھا۔

سامیها درآکاد، که از آگاده تا کیش پراگنده شده بود سومریها که در دره ھائی میان نیورو دریا سکنی داشتند، تمدن ہر دو قوم، ظاہراً در آغاز کار یکسان و مساوی بوده، لیکن سومریها در توسعه و رواج تمدن توفیق بیشتری یافته... مملکت سومر تقریباً یک ناحیه صنعتی بود وشہرهائی زیاد و آباد و تجارت سرشار داشت۔[2]

نفوذ سومر ازیں بابت به دو ناحیه متمدن آنروز یعنی درۂ نیل در مغرب و درۂ سند در مشرق نیز رسید۔[3]

---

(۱) تاریخ ملل قدیم آسوائی غربی صفحه ۳-۴

(۲) تاریخ ملل قدیم آسیائی غربی صفحه ۶۔ (۳) ایضاً صفحه ۲۴۔

سومریها در بین النهرین سفلی یعنی سر زمین سومر مسکن داشته اند (بین النهرین میانه که امروز بغداد مرکز آن محسوب میشود - در آن زمان آکاد نام داسه)... یعنی بے ریزی تمدن در آسیائی غربی بدست سومریها و قبول و انتسار آن از طرف سامیها (که بعدها جانشین سومری ها شده اند).... منساء سومریها هنوز بدرستی معلوم نیست عده ای تصور میکنند که آنها از نقاط کوهستانی باین حدود آمده و جماعتی میگویند که موطن اصلی آنها نواحی دریائی بوده است -[1]

اسی صفحے کے حاسیہ میں مندرجہ ذیل الفاظ ملتے ھیں :

ولی نام اصلی این سر زمین همان سومر است که هم خود اهالی وهم مردم سهرهائی مجاور آنرا بهمین نام میخواندند .... سر زمین سومر در تورات سنعار خوانده سده -

Lane نے س-م-ر ھی کے مادے میں السامریون کا ذکر بھی کیا ھے - اس کی لغات میں ھمیں یہ الفاظ ملتے ھیں -

السمره—[The Samaritans, a people said to be] one of the tribes of Israel . . . and are known by the appelation of السامرلون : most of them are in the mountain of En-Nabulus. سامری is the rel. N. of السامره[2]

حرف آخر

اوراق بالا میں پیش کی گئی تصریحات سے چند امور کی وضاحت ہوتی ھے -

عربی میں سمیراء اور سُمیرا عورتوں کے نام موجود ھیں - ترکوں میں بھی ایک بادشاہ عہد قدیم میں سمر نامی گزرا ھے - فارسی لغات سے بھی اس بات کی تائید ہوتی ھے کہ ایران میں سمراء (برنام دختر

---

(۱) ایضاً صفحہ ۳۳ - (۲) Arabic-English Laxicon—Page : 1426.

نهیک) اور سمیراء (برنام عمه شیرین) عورتوں کے نام ہوتے ہیں۔
خود ترکیه میں بھی سمیراء نام پایا جاتا ہے۔

یه سب نام عربی کے ماده س-م-ر سے ماخوذ معلوم ہوتے ہیں جس کا معنی گندم گوں ہونا ' سفیدی و سیاہی کے درمیان رنگ والا ' ہونا ہے۔ ہماری تحقیق کے مطابق ترکی زبان میں بھی یه لفظ عربی ہی سے آیا۔

جہاں تک خود لفظ سمرو Sumru کا تعلق ہے۔ کسی لغت (عربی' فارسی' ترکی) میں دستیاب نہیں ہوا۔ ہماری رائے میں دراصل یه سمیراء تھا یا غالباً سمرة (Brownish) جو سمرو بن گیا۔

ایک اور توجیہه بھی پیش کی جا سکتی ہے۔ فارسی میں عام سی ترکیب ہے:

سیماب۔ سیم بر۔ سیم تن۔ سیم بدن۔ اور سیمیں تن۔ سیمیں بدن۔

ممکن ہے که سمرو بھی اس طرح دراصل فارسی کے دوالفاظ سیم اور رو (سیمرو) یا سیمین اور رو (سیمینرو) کا مرکب ہو — یه محض ایک ذاتی رائے پیش کی گئی ہے۔ آخر سندھ کے سمره خاندان کے بارے میں بھی تو کہا گیا ہے که یه ہندی کے دو الفاظ سوم اور رائے (سومرائے) کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔

ایک بنگالی دوست نے بتایا ہے که اُن کے علاقے میں بھی شمرو خان نام بعض لوگوں کا ہے۔

مناسب معلوم ہوتا ہے که عربی کے چند دیگر مادے بھی یہاں تحریر کر دیے جائیں جو س-م-ر سے ملتے جلتے ہیں:

<u>ث-م-ر (ثمر)</u>

ثَمَرَ: پھلدار ہونا۔

استَثمر: نتیجه خیز بنانا۔

اَلثَّمر: پھل (واحد ثَمرہٌ) نسل ۔ اولاد ۔

ثَمرۃُ القلب: دوستی ۔ محبت ۔

شَجرۃٌ ثَمراءُ: پھلدار درخت ۔

ش ۔ م ۔ ر (شمر)

شَمَرَ: تیز چلنا ۔ تکبر سے چلنا ۔

اَلشمّر: فیاض ۔ سخی ۔ صاحب بصیرت ۔

اَلشُمرۃ: ایک پودہ جس کے پھول زرد رنگ کے اور دانے سبز رنگ کے لیے ہوتے ھیں ۔

ص ۔ م ۔ ر (صمر)

صَمَرَ: بخیل ھونا ۔ دودھ کا ترش ھونا ۔

اَلصّمْرُ: تازہ مشک کی خوشبو ۔

اَلصُّمْر: برتن وغیرہ کا کنارہ ۔

اَلصّمرۃ: کھٹا دودھ ۔[1]

اور آخری گذارش یہ ھے کہ جو کچھ صفحات بالا میں تحریر کیا گیا محض ایک ابتدائی سی کوشش ھے ۔ اھل علم حضرات کی طرف سے اس بارے میں مزید علمی تحقیقات کی توقع کی جا سکتی ھے :

کریں گے اھل نظر تازہ بستیاں آباد

---

(۱) مصباح اللغات (عربی ۔ اردو) مطبوعہ دھلی ۔ المنجد (عربی ۔ اردو) مطبوعہ کراچی ۔

مصر میں مسلمانوں کے آباد کردہ دو مشہور شہر

فسطاط اور قاہرہ

از

ذوالفقار علی ملک

لیکچرار سعبہ عربی ، یونیورسٹی اورینٹل کالج ، لاہور

(شائع شدہ : اورینٹل کالج میگزین ، مئی ، اگست ۱۹۶۴ء)

مصر میں مسلمانوں کے آباد کردہ دو مشہور شہر

فسطاط اور قاہرہ

فسطاط

خطۂ مصر میں مسلمانوں کے آباد کردہ شہروں میں الفسطاط سب سے قدیم ہے۔ حضرت عمرو بن العاص نے ۲۱ھ میں اس کی بنیاد رکھی[1]۔ اس کا محل وقوع موجودہ قاہرہ اور مصر عتیقہ کے مابین تھا اور اس کے آثارات میں سے جامع عمرو اور اس کے ارد گرد کے کھنڈرات آج تک موجود ہیں جو جبل المقطم تک پھیلے ہوئے ہیں۔

فسطاط کی تعمیر

مسلمانوں نے حضرت عمرو بن العاص کی زیر قیادت ۲۱ھ میں مصر پر حملہ کیا[2]۔ فرما اور بلبیس کی فتح کے بعد وہ مصر یا بابلیون پر حملہ آور ہوئے۔ شہر تو تھوڑی سی مقاومت کے بعد فتح ہوگیا لیکن عربوں کو چھ ماہ تک قلعہ کا محاصرہ جاری رکھنا پڑا۔ حصن بابلیون پر قابض ہونے کے بعد عربوں نے ڈیلٹا کے علاقے پر حملہ بول دیا اور رومیوں کو اسکندریہ میں پناہ گزین ہونے پر مجبور کر دیا۔ ۲۱ھ میں ہی مسلمان فوجیں اسکندریہ کی طرف بڑھیں اور اس پر قابض ہو گئیں[3]۔ پھر رفتہ رفتہ سارا مصر عربوں کے زیر نگین آگیا۔ اسکندریہ کی فتح کے بعد حضرت عمرو بن العاص نے حضرت عمرؓ کو فتح کی خوش خبری کا ایک خط لکھا اور ساتھ ہی آن سے

---

(۱) معجم ۱۵ : ۲۶۳۔ (۲) الکامل ۲ : ۳۹۵۔ (۳) الکامل ۲ : ۳۹۵۔

اسکندریہ میں اقامت اختیار کر لینے کے بارے میں مشورہ طلب کیا۔[1] حضرت عمر نے قاصد سے پوچھا "اسکندریہ اور مدینہ کے مابین کوئی دریا وغیرہ تو حائل نہیں" اس نے جواب دیا "امیرالمومنین جب نیل میں سیلاب آ جائے تو پانی حائل ہو جاتا ہے"۔ یہ سن کر آپ نے حضرت عمرو بن العاص کو لکھا "میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ تم مسلمانوں کو ایسی جگہ آباد کرو جس کے اور میرے مابین سرما یا گرما کسی موسم میں بھی پانی حائل ہو۔ تاکہ میں جب چاہوں اپنی سواری پر سوار ہو کر تم تک پہنچ جاؤں۔"[2]

حضرت عمر کا یہ فرمان سن کر عمرو بن العاص نے اسکندریہ کی حفاظت کے لیے مسلمان سپاہیوں کا ایک دستہ متعین کر دیا اور خود حصن بابلیون کی طرف روانہ ہو گئے۔ انہوں نے مصر کے قدیم دارالخلافہ کے کھنڈروں سے دس میل کے فاصلے پر شمال کی جانب جدید اسلامی شہر کی تعمیر کے لیے مناسب جگہ تلاش کی جس پر فسطاط آباد کیا گیا۔

فسطاط کی وجہ تسمیہ

فسطاط کی وجہ تسمیہ کے بارے میں ایک عجیب و غریب روایت بیان کی جاتی ہے اور وہ یہ کہ جب حصن بابلیون کو فتح کرنے کے بعد مسلمان فوجیں اسکندریہ کی طرف بڑھیں تو عمرو بن العاص نے اپنے خیمے (فسطاط) کو اکھاڑنے کا حکم دیا۔ اس وقت لوگوں نے دیکھا کہ خیمے میں ایک کبوتری نے انڈے دیے ہوئے تھے۔ عمرو بن العاص کو اس کی خبر کی گئی۔ انہوں نے یہ بات سن کر کہا "کبوتری نے ہماری پناہ ڈھونڈھی ہے اس لیے ہمارا فرض ہے

(۱) معجم ۱۵ : ۲۶۳۔

(۲) الخطط ۱ : ۲۹۶۔

کہ اُس کی حفاظت کریں''۔ چنانچہ انہوں نے حکم دیا کہ خیمے کو علی حالہ باقی رہنے دیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ چند آدمی خیمہ کی حفاظت کے لیے بھی متعین کر دیے گئے[۱] جب مسلمان سپاہی اسکندریہ کو فتح کرنے کے بعد واپس لوٹے اور حصن بابلیون کے قریب پہنچے تو انہوں نے دیکھا کہ عمرو بن العاص کا خیمہ (فسطاط) جوں کا توں کھڑا تھا اور اس میں کبوتری کے بچے بھی موجود تھے۔ چنانچہ وہ دوبارہ اُس جگہ قیام پذیر ہو گئے اور انہوں نے عمرو بن العاص کے فسطاط (خیمے) کے اردگرد اپنے خیمے لگا لیے اور اُس جگہ کو فسطاط امیر کی مناسبت سے فسطاط کہنے لگے۔[۲] رفتہ رفتہ مختلف اشخاص نے وہاں اپنی رہائش کے لیے مکانات تعمیر کرنے شروع کر دیے۔ یہ دیکھ کر عمرو بن العاص نے حصن بابلیون کے شمال میں ایک شہر کی بنیاد رکھی جسے فسطاط ہی کا نام دیا گیا۔ اس شہر میں ۲۰ محلے تھے جو حارہ کہلاتے تھے۔ عمرو بن العاص نے اپنے چار سرداروں معاویہ بن حدیج، شریک بن سمی، عمرو بن قعزم اور جبریل بن ناشرہ المعافری کے سپرد یہ کام کیا کہ وہ مختلف قبائل کو علیحدہ علیحدہ ان محلوں میں آباد کریں[۳] سر زمین مصر میں پہلا اسلامی شہر یعنی فسطاط اس طرح معرض وجود میں آیا۔ لفظ فسطاط کے تلفظ میں متعدد روایات ہیں۔ عرب اس کا تلفظ چھ مختلف طریقوں سے کیا کرتے تھے یعنی فُسطاط، فِسطاط، فُسّاط، فِسّاط، فستاط اور فُستاط[۴]

فسطاط کی وجہ تسمیہ کے بارے میں ایک اور نظریہ یہ پیش کیا جاتا ہے کہ لفظ فسطاط رومی لفظ فوساتم سے مشتق ہے جس کے

(۱) معجم ۱۵ : ۲۶۳ -
(۲) ابن الفقیہ : کتاب البلدان ۔ ۹، یعقوبی : کتاب البلدان ۔۳۳ -
(۳) معجم ۱۵ : ۲۶۳ - (۴) معجم ۱۵ : ۲۶۳ -

معنی قلعہ ہوتے ہیں - اس صورت میں مدینہ الفسطاط کے معنی قلعہ والا شہر ہوں گے[1]

عمرو بن العاص نے فسطاط کے عین وسط میں جامع مسجد کی مشرقی جانب اپنا گھر تعمیر کروایا - اس کے سامنے ایک وسیع میدان تھا جس میں مسلمان لشکر خیمہ زن ہوا کرتا تھا[2] اس گھر کا نام ''دارالکبریٰ'' تھا[3] - اس کا صدر دروازہ ایک بازار میں کھلتا تھا جس کا نام زقاق القنادیل تھا - اس بازار کو یہ نام اس لیے دیا گیا کیونکہ وہاں امراء کے مکانات تھے جن کے دروازوں پر قندیلیں روشن رہا کرتی تھیں[4] بعد ازاں عمرو نے اپنے بیٹے کے لیے ایک اور گھر بنوایا جو دار عمرو الصغریٰ کے نام سے مشہور ہوا - زبیر بن العوام نے اس گھر کے مغرب میں اپنا مکان تعمیر کروایا -

فسطاط کے ابتدائی مکانات کچی اینٹوں کے ساتھ تعمیر کئے گئے اور وہ ایک ایک منزل بلند تھے - لیکن جوں جوں مسلمانوں کے قدم سر زمین مصر میں راسخ ہوتے گئے فسطاط کی شان و شوکت میں اضافہ ہوتا گیا - حتیٰ کہ متعدد وجوہ سے وہ کوفہ اور بصرہ پر بازی لے گیا - اموی دور میں فسطاط میں بہت توسیع ہوئی - امویوں کے گورنر یہیں مقیم ہوا کرتے تھے - القلقشندی لکھتا ہے کہ عبدالعزیز بن مروان نے جو اپنے بھائی عبدالملک کی جانب سے مصر کا امیر تھا فسطاط میں ایک وسیع محل تعمیر کروایا جس کی وسعت کا یہ عالم تھا کہ اُسے المدینہ کہا جاتا تھا - اس محل پر ایک بہت بڑا سنہری گنبد تھا - اموی خلفاء میں سے مروان الاول اور مروان الثانی فسطاط آئے -

---

(۱) القاہرہ ۲ : ۳۱۷ -
(۲) القاہرہ ۲ : ۳۱۸ -
(۳) یعقوبی : کتاب البلدان ۳۳۱ -
(۴) سفرنامہ ناصر خسرو، صفحہ ۷۳ -

مروان الثانی جنگ زاب میں عباسیوں سے شکست کھا کر بھاگا تو کچھ عرصہ فسطاط میں ٹھہرا - پھر اُس نے دارالامارت اور فسطاط کو جزیرہ روضہ کے ساتھ ملانے والے پل کو آگ لگوا دی اور نیل کے مغربی کنارے کی طرف بھاگ گیا - لیکن اُس کی یہ ساری احتیاط رائیگاں گئی کیونکہ عباسی جرنیل صالح بن علی نے کسی نہ کسی طرح دریا کو عبور کر لیا اور بوصیر کے قریب اُسے جا لیا اور اُس کو موت کے گھاٹ اتار دیا[1] -

عباسیوں نے فسطاط پر قابض ہونے کے بعد اس کی شمال مشرق جانب اپنی فوج اور اعیان سلطنت کے لیے ایک جدید شہر کی بنیاد ڈالی جو مدینة العسکر کے نام سے موسوم کیا گیا[2] - یہ شہر ۲۵۴ھ تک مصر کے والیوں کا صدر مقام رہا - لیکن درحقیقت یہ نیا شہر فسطاط کی ہی اضافی بستی کی حیثیت رکھتا تھا - عباسی دور میں فسطاط کی وسعت میں بہت اضافہ ہوا اور لوگوں نے وہاں عظیم الشان محلات تعمیر کرنے شروع کئے جن میں سے بعض پانچ پانچ یا سات سات منزل بلند تھے اور اُن میں سے بعض اتنے وسیع تھے کہ اُن میں دو دو سو آدمی قیام پذیر ہو سکتے تھے[3] - ابن حوقل کے قول کے مطابق عباسی دور میں فسطاط کا طول دریائے نیل کے کنارے کنارے تین میل تھا اور وہ اپنی وسعت اور آبادی میں بغداد کی ایک تہائی کے برابر تھا[4] -

خلافت بنو عباس کے کمزور پڑ جانے کے بعد مختلف صوبائی حاکموں نے اپنے اپنے علاقوں میں خود مختار ہونا شروع کیا - خلیفہ المہتدی کے دور میں احمد بن طولون نے مصر میں خود مختاری اختیار کرکے دولت طولونیہ کی بنیاد رکھی - ابن طولون نے سلطنت پر قابض

---

(۱) القاہرہ ۲ : ۳۲۶ - (۲) القاہرہ ۲ : ۳۲۶ -
(۳) المسالک و الممالک : ۱۴۶ ' احسن التقاسیم ۱۹۸ -
(۴) المسالک والممالک ۱۴۶ -

ہونے کے بعد فسطاط اور جبل المقطم کے مابین اپنے لشکر اور حاشیہ نشینوں کے لیے ''قطائع'' کے نام سے ایک جدید شہر بسایا ۔ اس میں ابن طولون نے اپنے لیے ایک عظیم الشان محل تعمیر کروایا جس کے ساتھ ایک گھنا اور خوب صورت باغ اور گھوڑ دوڑ کا ایک طویل و عریض میدان ملحق تھا ۔ قطائع میں ہی اس نے اپنی مشہور مسجد تعمیر کروائی جو آج کل جامع ابن طولون کے نام سے معروف ہے ۔

القطائع کی تعمیر کے بعد فسطاط کی رونق میں کچھ کمی واقعہ نہ ہوئی ۔ کیونکہ نیا شہر صرف فوج کے مرکز اور چھاؤنی کی حیثیت رکھتا تھا ۔ صنعت و حرفت اور تجارت کا مرکز فسطاط ہی تھا ۔ کچھ عرصہ گزرنے کے بعد القطائع ، مدینہ العسکر اور فسطاط تینوں شہروں میں توسیع کے باعث ان شہروں کے مکانات اور آبادیاں ایک دوسرے کے ساتھ مل گئیں ۔ اور اس طرح یہ تین مختلف شہر ایک بڑے شہر کی صورت اختیار کر گئے جس پر ''مصر الفسطاط'' کا اطلاق ہونے لگا[1]

احمد بن طولون کے بعد اس کا لڑکا خمارویہ اس کا جانشین بنا ۔ اس نے فسطاط میں ایک عظیم الشان محل تعمیر کروایا جس پر ۷۰۰۰۰۰۰ دینار صرف ہوئے ۔[2] فسطاط کے محلات میں سے ایک محل جو دار عبدالعزیز کے نام سے موسوم تھا بہت مشہور ہوا ۔ اس محل کی شان و شوکت اور اس کے مالکوں کی دولت مندی ضرب المثل بن گئی ۔ یہ محل دریائے نیل کے کنارے پر واقع تھا اور اس قدر وسیع تھا کہ اس میں ہر روز پانی کے ۴۰۰ بڑے مشکیزے استعمال کیے جاتے تھے ۔[3] بعض مورخین نے لکھا ہے فسطاط میں دریائے نیل کے کنارے پر واقع مکانات کے دریچوں

---

(۱) القاہرہ ۲ : ۳۲۷ ۔ (۲) الخطط ۱ : ۳۴۰ ۔

(۳) المسالک والممالک ۱۳۶ ۔

اور طاقوں میں تقریباً ۶۰۰۰ ڈول لٹکتے رہتے تھے اور بوقت ضرورت اُن کے زریعہ دریا سے پانی حاصل کیا جاتا تھا۔[1]

المقدسی جس نے چوتھی صدی ہجری میں فسطاط کی سیاحت کی تھی اس کی تعریف میں بہت رطب اللسان ہے اور اسے فخرالاسلام، متجرالانام، اجل من مدینۃ السلام قرار دیتا ہے[2] وہ لکھتا ہے کہ میں ایک دن دریائے نیل کے ساحل پر چہل قدمی کر رہا تھا اور وہاں پر لنگر انداز کشتیوں کی کثیر تعداد کی بنا پر متحیر تھا کہ اچانک ایک شخص نے مجھ سے سوال کیا ''آپ کہاں کے رہنے والے ہیں'' میں نے جواباً کہا ''بیت المقدس کا'' اس نے کہا ''بیت المقدس بہت بڑا شہر ہے۔ لیکن فسطاط میں اس قدر کشتیاں موجود ہیں کہ اگر وہ بیت المقدس جائیں تو وہاں کے تمام باشندوں، اُن کے مال و اسباب، اُن کے مکانات کی اینٹوں اور لکڑیوں سب کو اٹھا کر یہاں لے آئیں حتیٰ کہ دیکھنے والا یہ کہے کہ وہاں تو کبھی کوئی شہر آباد ہی نہیں تھا''[3] المقدسی کے مندرجہ بالا بیان سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ فسطاط اپنے دور عروج میں تجارت کا کتنا بڑا مرکز تھا۔ المقدسی مزید لکھتا ہے کہ فسطاط میں جمعہ کے دن امام کے پیچھے نماز پڑھنے والوں کی تعداد ۱۰، ۱۰ ہزار تک پہنچ جاتی[4] ناصری خسرو جس نے ۴۳۹ھ میں فسطاط کی سیاحت کی نے بھی المقدسی کے اس بیان کی تائید کی ہے[5] بعض مورخین فسطاط کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس میں ۳۶۰۰۰ مسجدیں، ۸۰۰۰ سڑکیں اور گلیاں اور ۱۱۷۰ حمام تھے۔[6] ان اعداد و شمار سے ہم

---

(۱) الخطط ۱ : ۳۳۰ -
(۲) احسن التقاسیم ۱۹۸ -
(۳) احسن التقاسیم ۱۹۸ -
(۴) احسن التقاسیم ۱۹۹ -
(۵) رحلہ ناصری خسرو ۲۷ -
(۶) معجم ۱۵ : ۲۶۳ - تاریخ التمدن الاسلامی ۲ : ۱۸۰ -

بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس شہر کی عظمت و شوکت کی کیا کیفیت ہوگی ۔ المقدسی رقمطراز ہے کہ فسطاط تجارت کا بہت بڑا مرکز تھا ۔ وہاں انواع و اقسام کی اسباب میسر تھیں ۔ شام ، مغرب ، عراق ، روم ، جزیرہ وغیرہ سے تجارتی اسباب آتی رہتی تھیں ۔ آبادی کی کثرت کے باوجود قیمتیں بہت کم تھیں ۔[1] ناصر خسرو لکھتا ہے ''دور سے دیکھنے والے کو فسطاط یوں دکھائی دیتا ہے جیسے کوئی پہاڑ کھڑا ہو۔[2] کیونکہ اس میں ۱۴، ۱۳ منزل اور سات، سات منزل اونچے مکانات موجود ہیں۔[3] میں نے ایک قابل اعتماد شخص سے سنا ہے کہ ایک شخص نے اپنے سات منزل بلند مکان کی چھت پر ایک باغ لگایا ہوا تھا۔ اس نے ایک نو عمر بچھڑے کو اس باغ میں پہنچا دیا اور پھر اس کی پرورش کرتا رہا حتی کہ وہ بیل بن گیا ۔ پھر اس نے چھت پر پانی پہنچانے کے لیے چھت پر رہٹ لگایا جسے وہ بیل چلایا کرتا تھا ۔ اس نے چھت پر مالٹے ، میٹھے ، اخروٹ اور دیگر انواع و اقسام کے پھلدار درخت اور پھول کاشت کئے'' ناصر خسرو فسطاط کے بازاروں میں سامان تجارت کی ریل پیل اور اہالیان فسطاط کی ثروت کا تذکرہ بھی کرتا ہے اور لکھتا ہے کہ فسطاط کے بازار سونے ، چاندی اور انواع و اقسام کے ریشمی پارچات سے ہر وقت بھرپور رہتے تھے ۔ بازاروں میں ایسا ازدحام ہوتا تھا کہ مستری کو بیٹھنے کے لیے جگہ نہیں ملتی تھی۔[4] ابن سعید المغربی نے اپنے سفروں کے دوران میں فسطاط کی سیاحت بھی کی وہ لکھتا ہے کہ فسطاط میں کھانڈ ، صابون ، چینی کے برتنوں ، فولاد اور تانبے وغیرہ کے کارخانے تھے۔[5]

المقدسی نے اگرچہ فسطاط کی بہت تعریف کی ہے لیکن اس کے

---

(۱) احسن التقاسیم ۱۹۹ ۔ (۲) سفرنامہ ناصر خسرو ۷۱ ۔
(۳) سفرنامہ ناصر خسرو ۷۱ ۔ (۴) سفرنامہ ناصر خسرو ۷۱ ۔
(۵) القاہرہ ۲ : ۳۳۰ ۔

ساتھ ساتھ اُس نے وہاں کے چند عیوب کی طرف بھی اشارہ کیا ہے ۔ وہ لکھتا ہے کہ فسطاط میں کتوں اور بسوؤں کی کثرت اور پھلوں کی قلت ہے ۔ مکانات تنگ اور غلط ہیں اور پینے کا صاف پانی میسر نہیں ہے ۔ اہالیان فسطاط کے اندر بہت سی وحشیانہ رسوم رائج ہیں اور اُن میں اخلاقی کمزوریاں بھی موجود ہیں[1]

فاطمیوں نے مصر پر قابض ہونے کے بعد قاہرہ کے نام سے فسطاط کے نواح میں ایک جدید شہر کی بنا رکھی ۔ اگرچہ یہ شہر ابتداء میں صرف عمائدین سلطنت ، فوج اور فاطمی خلفاء کی رہائش کے لیے بسایا گیا تھا لیکن رفتہ رفتہ عام لوگوں نے بھی اس میں اقامت گزیں ہونا شروع کر دیا اور اسی طرح قاہرہ کے عروج اور ترقی کے ساتھ ساتھ فسطاط تنزل کا شکار ہونے لگا ۔ المستنصر باللہ الفاطمی کے ایام حکومت میں ۴۴۶ھ میں مصر میں جو شدید قحط سالی ہوئی اُس سے فسطاط کو خاص نقصان پہنچا اور اس کا بیشتر حصہ برباد و بے آباد ہو گیا ۔ ۵۶۴ھ میں فاطمی خلیفہ العاضد کے وزیر شاور بن مجیرالسعدی نے فسطاط کو صلیبیوں کے قبضے میں جانے سے روکنے کے لیے وہاں آگ لگوا دی ۔ فسطاط مسلسل ۵۴ دن تک شعلوں کا شکار ہوتا رہا[2] شاور کے قتل ہونے کے بعد شیرکوہ وزیر بنا تو اُس نے لوگوں کو دوبارہ فسطاط میں آباد ہونے کی دعوت دی ۔ لوگ رفتہ رفتہ وہاں آباد ہونے لگے ۔ ۵۶۵ھ میں الملک العادل ابوبکر بن ایوب کے دور میں فسطاط پھر قحط سالی کا شکار ہوا اور اس کا اکثر حصہ دوبارہ بے آباد ہوگیا ۔ ۵۶۷ھ میں جب صلاح الدین برسر اقتدار آیا تو اُس نے قاہرہ اور فسطاط کے بچے کھچے حصے کو ایک فصیل کے اندر لانے کی سکیم بنائی

---

(۱) احسن التقاسیم ۲۰۰ ۔ (۲) القاہرہ ۲ : ۳۲۵ ۔

لیکن وہ اس عظیم کام کو پایہ تکمیل تک نہ پہنچا سکا[1] ۶۹۳ھ میں الناصر بن قلاؤن کے دور میں فسطاط اور قاہرہ کے مابین واقع ساری زمین پر مکانات تعمیر ہوگئے اور یہ دونوں شہر باہم مل گئے[2] لیکن خاص فسطاط رجعت قہقری کا شکار ہوتا رہا حتیٰ کہ ۷۰۸ھ میں الظاہر بیبرس کے ایام میں لوگوں نے بچے کھچے مکانات کو مسمار کرنا شروع کردیا اور اس طرح اس شہر کا معتدبہ حصہ کھنڈرات میں تبدیل ہوگیا۔ مدینہ الفسطاط کے معالم و آثار میں سے جامع عمرو بن العاص اور جامع ابن طولون آج تک باقی ہیں ذیل میں دونوں مساجد کا مختصر تذکرہ کیا جاتا ہے۔

جامع عمرو بن العاص

جامع عمرو بن‌العاص سب سے پہلی مسجد ہے جو سر زمین مصر میں تعمیر کی گئی۔[3] حضرت عمرو بن العاص نے حضرت عمر بن الخطاب کے حکم کی تعمیل میں اس کی بنیاد رکھی[4]۔ جس جگہ پر مسجد تعمیر کی گئی وہ قیسبہ بن کلثوم کے قبضے میں تھی۔ اسکندریہ کی فتح سے واپس آنے پر عمرو بن‌العاص نے قیسبہ سے مسجد کی تعمیر کے لیے جگہ مانگی تو اُنہوں نے وہ جگہ مسلمانوں کے لیے صدقہ کر دی۔

مسجد کا سنگ بنیاد ۲۱ھ میں رکھا گیا۔ ابتداء میں اس کا طول ۵۰ گز اور عرض ۳۰ گز تھا۔ اس کی تعمیر میں صحابہ کرام میں سے ۸۰ حضرات نے شرکت کی جن میں زبیر بن العوام، مقداد بن الاسود، عبادہ بن‌الصامت، ابوالدرداء، ابوذرالغفاری ایسے جلیل‌القدر صحابی بھی شامل تھے[5]۔ مسجد کی تعمیر پتھروں کے ساتھ کی گئی۔ اس میں

---

(۱) القاہرہ ۲ : ۳۳۶۔ (۲) الخطط ۲ : ۳۳۹۔ (۳) الخطط ۲ : ۲۴۶۔
(۴) المسالک والممالک ۱۴۶۔ (۵) معجم ۱۵ : ۲۶۴۔

سنگریزوں کا فرش بچھایا گیا اور اس کی چھت کھجور کی ٹہنیوں سے
بنائی گئی جو کھجور کی لکڑی کے ستونوں کے سہارے کھڑی تھی۔[1]
۵۲ھ میں مسلمہ بن مخلدالانصاری نے جو امیر معاویہ کی جانب سے مصر
کے والی تھی مسجد میں توسیع کی اور اسے آراستہ و پیراسہ کیا۔ ۹۲ھ
میں قرة بن شریک العبسی والی مصر ہوا تو اس نے مسجد کو ولید
بن عبدالملک کے حکم سے منہدم کروایا اور ولید کے احکام کے مطابق
اسے دوبارہ تعمیر کروایا اور اس کی خوب تزئین کی۔ ۱۳۳ھ میں صالح
بن علی بن عبداللہ بن العباس مصر کا والی مقرر ہوا تو اس نے مسجد میں
اور توسیع کی۔ ۱۷۵ھ میں ہارون الرشید کے دور میں موسیٰ بن عیسیٰ
حاکم مصر نے مسجد میں توسع کی۔ ۲۱۲ھ میں عبداللہ بن طاہر نے جو
خلیفہ مامون کی جانب سے مصر کا حاکم تھا مسجد کی حدود میں اور
اضافہ کیا اور ان تمام اضافوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسجد کا طول ۱۹۰ گز
اور عرض ۱۵۰ گز ہو گیا۔[2] احمد بن طولون حاکم مصر نے جامع
عمرو بن العاص کے لیے ۳۰ مصری دینار روزانہ وظیفہ مقرر کیا ہوا تھا۔
جو مسجد کی ضروریات پر خرچ کیا جاتا اور خادمین مسجد کو بھی اسی
سے تنخواہیں دی جاتیں۔[1] ۲۷۵ھ میں مسجد میں آگ لگ گئی اور
عبداللہ بن طاہر کا تعمیر کردہ حصہ اس کا شکار ہو گیا۔ خمارویہ بن
احمد بن طولون نے جو اس وقت مصر کا حکمران تھا احمد بن محمد
العجیفی کو مسجد کی مرمت کا حکم دیا۔ چنانچہ اسی سال میں مسجد کی
مرمت کر دی گئی اور اس کے نقش و نگار اور زیب و زینت کی طرف خاص
توجہ دی گئی۔ بعد ازاں ہر دور میں مصر کے حکمران مسجد کی مرمت،
توسیع اور تزئین کی جانب توجہ دیتے رہے۔ ۵۶۴ھ میں جب فسطاط

---

(۱) معجم ۱۵ : ۲۶۳ (۲) القاہرہ ۲ : ۳۳۹
۳۔ احسن التقاسیم ۱۹۹، اخطط ۲ : ۲۵۵۔

جل کر راکھ ہوگیا تو مسجد کو بھی بہت نقصان پہنچا ۔ جب ۵۶۸ھ میں سلطان صلاح الدین ایوبی برسراقتدار آیا تو اس نے مسجد کی جانب خصوصی توجہ مبذول کی اور اسے زیب و زینت کے ساتھ آراستہ و پیراستہ کیا ۔ سلطان صلاح الدین کے بعد آج تک متعدد بار اس مسجد کی مرمت کی گئی ہے ۔ مسجد کی موجودہ مساحت تقریباً ۱۳۲۰۰ میٹر مربع کے قریب ہے[1] ۔

جامع ابن طولون

امیر احمد بن طولون جب مدینہ القطائع میں اپنا محل تعمیر کروا چکا تو اس نے وہاں ایک عظیم الشان مسجد تعمیر کروانے کی جانب توجہ مبذول کی ۔[2] القضاعی جامع ابن طولون کی تعمیر کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ لوگوں نے ابن طولون سے جامع عمرو بن العاص کی تنگی کا شکوہ کیا تو اس نے جبل یشکر بن جزیلہ کے قریب ایک نئی مسجد کی تعمیر کا حکم دیا ۔ ۲۶۳ھ میں مسجد کی تعمیر کا آغاز ہوا اور ۲۶۶ھ میں مسجد مکمل ہو گئی ۔ احمد بن یوسف نے سیرۃ احمد بن طولون میں لکھا ہے کہ اس پر ایک لاکھ ۲۰ ہزار دینار خرچ آئے ۔[3] جامع ابن طولون دنیا کی چند وسیع ترین مساجد میں شمار کی جاتی ہے ۔ اس کی مساحت ۶½ فدان کے قریب ہے ۔ مسجد کی شکل مربع ہے اور اس کے وسط میں ایک بہت بڑا غیر مسقف صحن ہے جس کے ارد گرد چاروں جانب رواق بنے ہوئے ہیں ۔ مسجد کے ۲۱ بڑے دروازے ہیں ۔ ان میں سے ہر دروازہ ایک بازار میں کھلا کرتا تھا کیونکہ مسجد کے ارد گرد بازار تعمیر کیے گئے تھے[4] ۔ جامع کا محراب ایوان شرقی کے وسط میں ہے۔

---

(۱) القاہرہ ۲ : ۳۴۱ (۲) الخطط ۲ : ۲۶۵

(۳) معجم ۱۵ : ۲۶۳ (۴) معجم ۱۵ : ۲۶۴

اسی ایوان میں منبر ہے اور یہیں مسجد کی تاریخ تعمیر کندہ ہے[1] ۔ یہ ایوان پانچ رواقوں پر مشتمل ہے اور باقی ایوان دو دو رواقوں پر مشتمل ہیں ۔ حسن و جمال اور زیب و زینت کے اعتبار سے بھی یہ ایوان بقیہ ایوانوں پر فائق ہے[2] ۔ امیر ابن طولون کی یہ مسجد غرباء و فقراء خاص طور پر مغاربہ کا ملجأ و ماؤیٰ تھی ۔ امیر نے اُن کے لیے ماھانہ وظیفے لگائے ہوئے تھے ۔ ان فقراء کا ایک نگران تھا جو ان کے امور کی دیکھ بھال کیا کرتا تھا[3] ۔ یہ مسجد الفوقانی کے نام سے بھی مشہور تھی ۔ حضرت عمرو بن‌العاص کی مسجد کو السفلانی کہا جاتا تھا ۔ الفوقانی السفلانی سے زیادہ وسیع اور زیادہ حسین و جمیل تھی[4] ۔ اس مسجد کے وسط میں ایک بہت بڑا قبہ تھا جو قبہ زمزم کی طرز پر بنا ہوا تھا[5] ۔ جامع عمرو بن‌العاص اور جامع ابن طولون کے مابین ایک اور مسجد واقع تھی جو کعبہ شریف کی مساحت پر بنی ہوئی اور اس کا نام مسجد عبداللہ تھا[6] ۔

مسجد کی تعمیر کے بعد مختلف ادوار میں اس کی مرمت اور اصلاح کی گئی ۔ ۴۷۰ھ میں بدرالجمالی نے جو فاطمیوں کا وزیر تھا اس کی مرمت کروائی ۵۲۶ھ میں الحافظ لدین‌اللہ نے اس کی مرمت کروائی ۔ ۶۹۶ھ میں حسام الدین لاچین‌المنصوری نے اس کی جانب توجہ کی ۔ اٹھویں صدی ہجری میں قاضی کریم‌الدین نے اس کے دو مسمار شدہ برج دوبارہ تعمیر کروائے ۔ ۱۹۱۸ء میں فوادالاول نے دوبارہ اس کی پہلی شان و شوکت لوٹانے کی کوشش کی اور اسی پر ۴۰ هزار پونڈ خرچ کئے[7] ۔

---

(۱) القاھرہ ۲ : ۳۵۸
(۲) القاھرہ ۲ : ۳۵۸
(۳) رحلة ابن جبیر ۵۲
(۴) احسن‌التقاسیم ۱۹۹
(۵) احسن‌التقاسیم ۱۹۹
(۶) احسن‌التقاسیم ۱۹۹ ، الخطط ۲ : ۲۶۵۔
(۷) القاھرہ ۲ : ۳۵۹

قاھرہ

بروز منگل ۱۷ شعبان ۳۵۸ھ کو جوھرالصقلی جو حوتھے فاطمی خلیفہ المعز کا جرنیل تھا مصر پر قابض ھو گیا۔[1] وہ اپنے لشکر سمیت فسطاط میں داخل ھوا اور شہر کی سمال مشرقی جانب واقع کھلی زمین میں خیمہ زن ھوا۔ اسی دن جوھر نے مصر کے جدید دارالخلافہ کی تعمیر کی ابتداء کی۔[2] یہ شہر فسطاط اور عین شمس کے مابین تعمیر کیا گیا۔ جس جگہ پر اس کی تعمیر ھوئی اس کا نام ''منیة الاصبغ'' تھا۔ شروع میں یہ شہر فاطمی خلیفہ، اس کے عمائدین سلطنت اور حاشیہ نشینوں کے لیے تعمیر کیا گیا تھا۔ عوام کو وھاں آباد ھونے کی اجازت نہیں تھی۔ لیکن بعد میں عوام کو بھی وھاں قیام پذیر ھونے کی اجازت مل گئی۔ جوھر نے وھاں بڑے عظیم الشان محل، بازار اور حمام تعمیر کروائے اور اس کے ارد گرد ایک ناقابل تسخیر فصیل بنوائی۔ شہر کے عین وسط میں خلیفہ کے لیے محلات بنائے گئے۔ سب سے بڑے محل دو تھے جن میں سے ایک کا نام القصر الکبیرالشرقی تھا اور دوسرے کا نام القصرالکبیرالغربی تھا۔ ان دونوں کے مابین ایک سڑک تھی جو شارع بین القصرین کے نام سے موسوم تھی۔ اس شہر کو ابتداء میں المعز کے والد المنصور کی جانب منسوب کرکے المنصوریہ کا نام دیا گیا۔ ۵ رمضان ۳۶۲ھ کو فاطمی خلیفہ المعزلدین اللہ مغرب سے مصر[3] آیا اور قصر کبیر شرقی میں فروکش ھوا تو اس نے شہر کا نام بدل کر ''قاھرہ'' رکھ دیا۔[4]

قاھرہ کی وجہ تسمیہ کے بارے میں ایک حکایت یہ بھی ھے کہ جوھر نے شہر کی حد بندی کرنے کے بعد ان حدود کے اندر رسیوں کے ساتھ گھنٹیوں کو لٹکا دیا تھا۔ اور مزدوروں کو یہ حکم دیا تھا کہ

(۱) الکامل ۷ : ۳۱ (۲) الکامل ۷ : ۳۱
(۳) الکامل ۷ : ۳۶ (۴) الخطط ۱ : ۳۰۰

گھنٹیوں کی آواز سنیں نو بنیادوں کی کھدائی شروع کر دیں - وہ
ر کی ابتداء کے لیے مناسب وقت کا منتظر تھا کہ ناگہاں ایک کوّا آن
ں سے ٹکرایا اور گھنٹیاں خود بخود بجنے لگیں اور کھدائی کا کام
ع ہو گیا - اس وقت آسمان میں ''قاہرہ'' ستارہ طلوع تھا - اس بنا پر
شہر کو یہ نام دیا گیا - لیکن یہ روایت قرین قیاس نہیں ہے کیونکہ
ہ اس نام سے معز کے مصر آنے کے بعد مشہور ہوا - اس وقت اس کی
بس کو چار برس گزر چکے تھے -[1]

جوہر نے شہر کے ارد گرد جو فصیل تعمیر کروائی اس میں آٹھ
ازے تھے- المقریزی کے ایام میں (نویں صدی ھجری) اس فصیل کا اکثر
تر حصہ برباد ہو چکا تھا - وہ فصیل کی اینٹوں کے طول و عرض
بنا پر شدید تعجب کا اظہار کرتا ہے - ابتدائی دور میں قاہرہ کی
سافت ۳۲۰ فدان کے قریب تھی - جب کہ آج کل اس کی مسافت
۴۰۰۰ فدان سے زائد ہے[2] ناصر خسرو اور المقریزی نے قاہرہ کے
لات اور عمارت کا مفصل حال بیان کیا ہے - قصر کبیر شرقی کی تعمیر
ابتداء شہر کی بنیاد رکھنے کے ساتھ ہی شروع ہوئی اور متواتر چار
س تک اسی کی تعمیر جاری رہی - مروی ہے کہ اسی محل میں
ار ہزار کمرے تھے جو انواع و اقسام کے جواہرات، پردوں اور
ھاڑ فانوس سے مزین تھے - یہ محل پتھر کا بنا ہوا تھا اور پتھروں کو
یک دوسرے کے ساتھ اتنی مہارت کے ساتھ ملایا گیا تھا کہ یوں
علوم ہوتا تھا گویا پورے کا پورا محل ایک پہاڑ کاٹ کر بنایا گیا
ہے - محل کی دیواروں پر پرندوں اور حیوانوں کی تصویریں منقش
تھیں -[3] بڑے کمروں میں رخام کا فرش تھا جس پر حسین و جمیل

---

(۱) القاہرہ ۳ : ۳۱۱- (۲) [illegible] القاہرہ ۳ : ۳۱۷ (۳) القاہرہ ۳ : ۳۱۸

نقش و نگار تھے ۔ ان کمروں میں متعدد فوارے تھے جن سے پانی ہر وقت اچھلتا رہتا تھا ۔ اس محل کے ۹ دروازے تھے جن میں سے سب سے بڑا اور اہم بابِ الذہب تھا ۔ بقیہ دروازے باب البحر ، باب الریح ، باب الزمرد اور باب العید وغیرہ تھے ۔[1] فاطمی دور کے قاہرہ کے جو معالم و آثار آج تک باقی ہیں ذیل میں اُن کا مختصر تذکرہ کیا جاتا ہے ۔

جامعہ ازہر

جامعہ ازہر قاہرہ کے ساتھ ساتھ تعمیر کی گئی ۔ جوہر صقلی نے ۲۴ جمادی الاولی ۳۵۹ھ میں قصر فاطمی کے پہلو میں اس کی بنیاد رکھی ۔ مسجد دو برس اور تین ماہ کے عرصے میں بن کر تیار ہوئی اور ۷ رمضان المبارک بروز جمعہ ۳۶۱ ھ میں اس کا افتتاح کیا گیا ۔[2] مسجد کی تعمیر پکی اینٹوں اور چونے کے ساتھ کی گئی اور اسے انواع و اقسام کے نقش و نگار اور کتبوں سے آراستہ و پیراستہ کیا گیا ۔ چھت خام کے ستونوں کے سہارے کھڑی کی گئی جو رومی اور قبطی معابد سے حاصل کئے گئے تھے ۔ ۳۶۹ھ میں یعقوب بن کلس نے جو العزیزباللہ بن المعز کا وزیر تھا جامع ازہر میں فقہ شیعہ پر اپنی تصنیف کا درس دینا شروع کیا ۔ اطراف و اکناف مصر سے فقہاء قضاۃ ، ادباء اور علماء اُس کے حلقہ درس میں شرکت کرنے کے لیے آنے لگے ۔ اس طرح جامعہ ازہر علوم و فنون کا مرکز بن گئی ۔ بعد ازاں ازہر میں درس و تدریس کے لیے علماء و فقہاء کا تعین ہونے لگا اور اس طرح یہ مسجد ایک یونیورسٹی کی صورت اختیار کر گئی[3] ۔

---

(۱) سفرنامہ ناصر خسرو ۶۲ (۲) الخطط ۲ : ۲۷۳
(۳) الخطط ۲ : ۲۷۵

جامع الحاکم بامراللہ

اس مسجد کی تعمیر کی ابتداء العزیز باللہ بن المعز نے ۳۸۰ھ میں کی اور اس کی تکمیل سے پیشتر ھی ۳۸۱ھ میں اسے نماز کے لیے کھول دیا ۔ العزیز باللہ کی وفات کے بعد اُس کے بیٹے الحاکم بامراللہ نے اس کی نکمیل کی اور ۴۰۳ھ میں اس کا افتتاح کیا ۔ یہ مسجد العزیز کی بجائے الحاکم کی جانب منسوب ھو جانے کے باعث جامع الحاکم بامراللہ کے نام سے مشہور ھو گئی ۔ الحاکم نے اس کی تکمیل پر ۴۰۰۰۰ دینار صرف کئے ۔ اُس دور میں جمعہ کی نماز باری باری الجامع الازھر الجامع الحاکمی ' جامع ابن طولون اور جامع عمر و بن العاص میں ادا کی جاتی تھی ۔[1]

فاطمی مصر بر تقریباً دو سو برس حکومت کرتے رھے تا آں کہ ۵۶۷ھ میں سلطان صلاح الدین ایوبی نے زمام اقتدار اپنے ھاتھ میں لے کر دولت ایوبیہ کی بنیاد رکھی ۔[2] ایوبی تقریباً ۸۰ برس تک مصر پر حکمران رھے اس دور میں قاھرہ میں بڑی حسین و جمیل عمارات تعمیر کی گئیں ۔ لیکن بد قسمتی سے اُن کے آثار آج کل باقی نہیں ۔ ایوبی دور میں قاھرہ سلطنت کا اقتصادی اور علمی مرکز بن گیا ۔ اس سے پیشتر یہ مقام فسطاط کو حاصل تھا ۔ صلاح الدین نے سب سے پہلے فسطاط، قاھرہ اور دیگر نواحی شہروں کو ایک بنانے کے بارے میں سوچا ۔ جب وہ شام میں صلیبیوں کے ساتھ نبرد آزماتھا تو اُس کے ذھن میں یہ خیال آیا کہ وہ جبل المقطم پر ایک قلعہ تعمیر کرے اور فسطاط اور قاھرہ اور دیگر نواحی آبادیوں کو ایک فصیل کے اندر لے آئے ۔ جب وہ شام سے لوٹا تو اُس نے تعمیر کا کام شروع کر دیا لیکن وہ اس عظیم

---

(۱) الخطط ۲ : ۲۷۸ (۲) الخطط ۲ : ۲۳۳

کام کو مکمل نہ کر سکا ۔ ٦۳۸ھ میں ایوبیوں کی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا اور ان کی جگہ ممالیک نے لے لی ۔ ایوبی عہد کے مشہور معالم و آثار جو آج تک موجود ہیں وہ سور صلاح الدین (فصیل) ، قلعۃ الجبل ، مختلف مدارس ، قلعہ الروضہ اور قبہ شجرۃ الدر وغیرہ ہیں ۔[1]

٦۳۸ھ سے لے کر ۷۸۳ھ تک مصر ممالیک بحریہ کے زیرنگین رہا ۔ اس دور میں ۲۴ سلاطین تخت نشین ہوئے ۔[2] بحری مملوکوں نے اپنے دور عروج میں قاہرہ میں متعدد محلات ، مدرسے ، مسجدیں اور خانقاہیں تعمیر کروائیں جن میں سے المدرسہ المعزیہ ، المدرسۃ الظاہریہ جامع الظاہر اور البیمارستان المنصوری[3] خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔

۷۸۳ھ سے ۹۲۳ھ تک ممالیک جراکسہ مصر پر حکمران رہے اس مدت میں مصر پر ۲۳ بادشاہوں نے حکومت کی ۔ ۹۲۳ھ میں سلطان سلیم اول عثمانی نے آخری مملوک حکمران طومان بای الغوری کو شکست دے کر ملک پر قبضہ کر لیا ۔ ممالیک جراکسہ کے دور میں بھی قاہرہ میں متعدد عظیم الشان عمارات تعمیر کی گئیں جس میں سے مدرسۃ السلطان الظاہر برقوق ، تربۃ برقوق ، جامع المؤید ، المدرسۃ الاشرفیہ ، القبۃ الغداویہ اور خان الخلیلی خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔[4]

سلطان سلیم الاول فتح مصر کے بعد ۸ ماہ کامل قاہرہ میں مقیم رہا ۔ اس اثنا میں اس نے مصر کے نظم و نسق کی طرف خاص توجہ مبذول کی تاکہ کوئی ترکی گورنر قسطنطنیہ سے بعد کی بنا پر خود مختاری کا خیال نہ کرنے لگے[5] ۔ ۹۲۳ھ سے لے کر ۱۲۱۸ھ تک مصر عثمانی

---

(۱) القاہرہ ۳ : ۳۳۸-۳۴۸ ۔
(۲) الخطط ۲ : ۲۳۹—۲۴۱
(۳) الخطط ۲ : ۳۷۳
(۴) القاہرہ ۳ : ۳۵۵—۳۵٦ ۔
(۵) القاہرہ ۳ : ۳٦۹—۳۷۷ ۔

گورنروں کے ماتحت رہا ۔ اس دور میں قاہرہ کی وسعت میں بہت اضافہ ہوا اور اس میں بہت سی عظیم الشان مساجد اور محلات تعمیر کیے گئے ۔ ۱۵۳۳ء میں ایک فرانسیسی سیاح ''جریفان أفاجار'' نے قاہر کی سیاحت کی وہ لکھتا ہے کہ قاہرہ پیرس سے تین گنا بڑا شہر ہے[۱] ترکی دور کے آخر میں الجبرتی اور ابن ابی السرور قاہرہ آئے ۔ انہوں نے قاہرہ کے تہذیبی تمدنی اور ثقافتی حالات پر مفصل روشنی ڈالی ہے[۲]۔

۱۸۰۵ء میں محمد علی پاشا نے مصر کی عنان اقتدار اپنے ھاتھ میں لی اور ۱۸۴۸ء تک حکمران رہا ۔ محمد علی پاشا کے مسند نشین ہونے سے قاہرہ اور مصر کا دور جدید شروع ہوتا ہے ۔ محمد علی نے مصر کو تہذیبی ، تمدنی ، اور معاشی اعتبار سے شاہراہ ترقی پر گامزن کرنے کے لیے جو کار ھائے نمایاں انجام دیئے وہ تاریخ میں آب زر سے مرقوم ھیں ۔ محمد علی کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ قاہرہ دنیائے اسلام کا تہذیبی و ثقافتی اور علمی مرکز بن گیا اور اس کی یہ حیثیت آج تک مسلم ہے ۔

---

(۱) القاہرہ: ۲۸۲ ۔ (۲) القاہرہ ۳ : ۲۸۵ ۔

مصادر

ابن خرداذبہ : المسالک و الممالک — لبڈن ۱۸۸۹ع

ابن رستہ : الاعلاق النفیسہ — لیڈن ۱۸۷۷ع

ابن الفقیہ : کتاب البلدان — لیڈن

الیعقوبی : کتاب البلدان — لیڈن ۱۸۹۱ع

ابن حوقل : المسالک و الممالک — لیڈن ۱۹۳۸ع

المقدسی : احسن التقاسیم — لیڈن ۱۸۸۷ع

سفر نامہ ناصر خسرو : — برلن ۱۳۴۱ع

ابن جبیر : رحلۃ — لیڈن ۱۹۰۷ع

ابن الاثیر : الکامل فی التاریخ — قاہرۃ ۱۳۴۹ھ

یاقوت الحموی : معجم البلدان — بیروت

المقریزی : کتاب الخطط و الاثار فی المصر و القاہرۃ — قاہرۃ ۱۲۷۰ھ

جرجی زیدان : تاریخ التمدن الاسلامی — قاہرۃ

فؤادفرج : القاہرۃ — قاہرۃ ۱۹۳۶ھ

غازان خان خلیل

و

خواجہ بہاءالدین نقشبند

از

پروفیسر زکی ولیدی طوغان
پروفیسر استنبول یونیورسٹی ، ترکیہ

(شائع شدہ : اورینٹل کالج میگزین ، مئی ۱۹۶۴ع)

غازان خان خلیل
و
خواجه بهاءالدین نقشبند

پروفسور بارتولد و دیگر مؤلفین که ''تاریخ آسیای مرکزی و آلوس جغتای را بر رسی کرده اند پادشاهی بنام غازان سلطان بن یاور می شناسند که در ماوراالهند در سالهای ۱۳۳۵- ۱۳۴۷ حکومت می کرده- در تواریخ تیمور (نظام الدین شاهی و شرف الدین یزدی، حافظ ابرو و ابن عرب شاه) نیز چنین است ولیکن ابن بطوطه در این سالها که ذکر شد از حکمرانی خلیل سلطان پسر یاور ذکر می کند که با علاء الملک خواند زاده ترمزی باهم مسافرتها بقسمتهای شمالی ترکستان کرده حتی اداره امور آلمالبق و بشی بالیق و موقارا فوروم را بدست گرفته است پروفسور بار تولد[1] که از نوشتهٔ ابن بطوطه مطلع بود عینیت غازان با خلیل سلطان که در بخارا در سالهای ۷۴۲ - ۷۴۳ (۱۳۴۲ - ۱۳۴۳) بنام خلیل الله سکه ها زده بود و فعلاً در موزه ها موجود است بطور قطع قبول نکرده- شایان حیرت این است که مؤلفین عصر تیموریها که به صفت استاذ و پیر بهاءالدین نقشبند (که موئسس طریقت نقشبندی است) ''از خلیل'' بحست می کنند) بنا بر روایت ایشان این شخص ابتداءً در بخارا درکسوت درویشی زندگی کرده بعد از مدت دوازده سال سلطنت نموده و خواجه بهاءالدین مرید او بود، حین سلطنتش مقرب درگاه و به سمت مأمور

(1) W. Barthold, 12 Vorlesungen uber die Geschichte der Turken Mittelasiens, Berlin, 1935, p. 206-207.

خدمت او را بدیره سنه است - عبدالرحمن جامی در "نفحات الانس"[۱]
و علی ابن الحسین کاشفی در "رشحات"[۲] و علی شیر نوائی در "نسائم
المحبه" نام این سلطان را خلیل آتا نوستند - وعلی مشیر نوائی استاد
بها الدین نقشبند را "خلیل آتا قدس الله روحه" تسمیه کرده - شخص
دیگری از مشایخ بسوی نام "خواجه خلیل آتا رحمه الله" بحث می
کند فقط هرسه مؤلف حیات "غازان خان ظالم را" که از طرف امیر
قراغان (که امیر قارا و ناس و از قبیلهٔ مست بوده) کشته شده ازهمه تواریخ
تیمور خوب دانسته اند و لیکن از اینکه استاذ و مربی بهاءالدین "خلیل
آتا" همین "غازان خان ظالم" می باشد از عینیت این دو پادشاه
بدهستان نیز خطور نکرده - من در نوشتجات خودم در اینکه این دو
حکمدار شخص واحدی هستند ادعا کرده و با پیوستن و تقارب هر دو
اسم این حکمدار را بنام "غازان خان خلیل" ذکر کرده ام[۳] نوشته
بودم که امیر قزاغان مثل دیگر امرای آلوس جغتای از طرفداران
مفرط یاسای چنگیزی بوده و غازان خان که بصفت یک مسلمان متعصب
بود امرائی که صادق به عقیدهٔ یاسا وضعیف در اسلام بودند کشته و
از همین جهت در تواریخ تیمور - بنام ظالم ثبت شده - بعد از انکه غازان
خلیل از طرف امیر قاراغان و رفقایش در ۷۴۷ کشته شده است اشخاصیکه
در معیت غازان خان بصفت مأمور و از جمله خواجه بهاءالدین که
مقرب دربارش بود کناره گیری کرده و در سلک صوفی گری وارد شده
اند و خواجه بهاءالدین که در این تاریخها یعنی در عصر تیمور در حیات

---

(۱) نفحات الانس چاپ نولکشور ۱۹۱۰ ص - ۳۴۴ -
(۲) رشحات چاپ نولکشور ۱۹۱۲ ص ۵۵ -
(۳) "مدخل تاریخ عمومی ترک" (Umumt Turk Tarihine Girish)
استانبول ۱۹۴۶ ص ۶۱-۶۳ -

بود مورد پسند طرفداران امیر قازاغان نمی بود بهاءالدین مثل استادش امیر کلال ساخوری به تصوف و سماع و رقص چندان علاقه نداشت و شیخ شمس الدین کلال که استاد تیمور و پدرش بود بالعکس تماماً مجوذۂ متصوفین ترک انساب و مابین و ذکر جهر را پسند داشته خواجه بهاءالدین و شیخ شمس‌الدین منافرتی هم موجود بود[1] از مقالاتیکه نوشته بودم دوست مرحوم من استاد محمد شفیع مطلع و در دائرۂ المعارف اسلامیه اردو که بحث تمور را مینوشتم ایضاح مسئلۂ مربوط بغازان خان خلیل و خواجه بها الدین را از من خواسته بودند ـ

وقتیکه من از تطویل مقالۂ تیمور صرف نظر کردم ـ استاذ محمد شفیع فرمودند که باید که من دربارۂ ''غازان خان خلیل و خواجه بهاء الدین نسبند'' یک مقاله مستقل بنوسیم واین مقاله در اوریئنٹل کالج میگزین منتشر کردد ـ متأسفانه این امر ایشان را اکنون که استاد از میان رفته در نسخۂ که بروح شان اتحاف میشود، میتوانم نشر بکنم : روح شان شاد باد :

دلائلی که بلا تردید عینیت غازان سلطان و امیر خلیل آنا را نشان می دهد بشرح زیرین است :

(۱) در ''معزالانساب'' که در زمان شاه رخ بصفت تتمه به ''شعب پنجگانۂ رشید الدین تالیف شده بود و تفرعاتی دربارۂ اجداد و احفاد تیمور دارد (باریس، کتابخانۂ ملی Anc. Fond Persen شماره ۶۷) ذکری بنام خلیل فرزند یاور درمیان نیست و بصفت سلطانی تنها از غازان سلطان بحث میشود و در این باره ''در سینۂ'' ۷۳۵ خان شده، در

---

(۱) رک : Z V. Togan, Bugunku Turkıli ve yakin tarihi, I استانبول ۱۹۴۲-۱۹۴۷ ص ۱۰۲-۱۰۳ ؛ و دروس تاریخ تیمور که در دانشگاه استانبول تدریس- تکثیر شده، رک نیز اشحات علی ابن حسین الکاشفی ص : ۵۲ -

ـ۳ـ امیر قازاغان او را کشته است نوشته شده و باز از "چکو" نام اسمی برده میشود که برادر نامبرده سیبا شد که او بصفت "بهادر بود برادر غازان خان" مسطور شده است ـ گرچه معین‌الدین نطنزی[1] خلف غازان خان بنام بیانقولی خان فرزند یاور نشان داده است غلط است ـ

در معزالانساب و نظام الدین شامی و شرف الدین یزدی و حافظ ابرو ابن حکمدار بیانقولی (یا خود بویا نقولی) بن سورغاتو بن دوا نوشته شده است ـ یعنی یاور که مسلمان بود در دوران حیات خود اکثراً بجارایی ها متکی بوده فرزند حکمداری بغیر از غازان خان خلیل نداشته است ـ این "غازان سلطان" هم مثل "خلیل اتا" دوازده سال و در همان سالها سلطنت کرده یعنی هر دو شخصیت یکست ـ

(۲) از طرف دیگر حافظ ابرو (نشر F. Tauer ص ـ ٦) دربارهٔ "غزان سلطان بن یسور" مسافرت های سالی ترکستان که ابن بطوطه به خلیل سلطان عطف کرده بود آنهم عیناً به غازان نسبت داده است ـ فقط در آنجا بجای سی بالیق "قارا خوجه" و بجای قارا قوروم "دشت قبچاق" نوشته شده است چونکه در دشت قبچاق یعنی در قزاقستان معاصر قارا قوم هست ـ غازان خان خلیل بقا را قوروم موغولستان نرفته ، او فقط بقا را قوم رفته است که "بورسوقتک قارا قوم" گفته میشود در "حکایت اوغور خان" رشید الدین هم "این اسم مذکور شده است گفتهٔ حافظ ابرو این است :

"چون غزان سلطان قبل از زمن ولادت امیر صاحب قرآن (یعنی تیمور) در ممالک ماوراالنهر بر سریر سلطنت متمکن گشت و مجموع بلاد

---

(۱) منتخب التواریخ معین الدین نطنزی طبع تهران ص : ۱۱۳ ـ در این اثر اکثراً و قایع مخلوط شده است ـ غازان خان سلطان فرزند چنگیز نشان داده شده است ـ ص : ۱۱٦

ماورالهند مایضاف وینسب الیها از حدود قرا خواجه تا اقصای دشت قبچاق و نواحی خراسان تا حدود آب سند بدست گرفت و زمان حکومت او امتد د تمام یافت''۔

توصیف حافظ ابرو در مورد تعصّب اسلامی غازان خان با روحیهٔ طرفداران امیر قازاغان که کشندهٔ نامبرده اند مطابق است ۔ او می گوید :

''غازان سلطان بادشاهی بغایت متکبر و جبار و متهور و قهار بود و بقلع خانه دان های قدیم وجمع امرای بزرگ راغب و مولع بودی و از فرط سیاست و خشونت طبع و قساوت قلب که بر مزاج او مستولی بود کسی را مجال عرض داشت و داد خواست ندادی هرچند قضیهٔ صعب واقع شدی هیچ کس را عرضهٔ آن بنود که پیش او عرضهٔ دارد اگر دو کس بقضیهٔ یار غومی بیش او زانو ے زدند اکثر آنکه یکی و وقت بودی که هر دو را حکم کشتن می کرد و بر گناه اندک عقوبت بسیار می فرمود و زود در قهر می شد و دیر با رضا می آمد ۔ مقصود آنکه معاش غازان سلطان نتیجهٔ آن داد که امراء و ارکان دولت را برو اعتماد نماند مجموع از افعال او متفرق شدند . . . چون بسیاری از امرا قصد او کردند ۔ امیر قزاغن امراء و ارکان دولت را یک ید بخلوت می طلبید و صورت ماجرا بمعقول و منقول در خاطر ایشان می نشاند ۔ اگر ما امروز باتفاق دفع او نکنیم او خود بتدریج یک یک را از میان بر می دارد طریقت حزم و احتیاط آن است که متفق شویم و شر او را از سر خود دفع کنیم تا اکثری از امراء در دفع آن حادثه و رفع آن غایله با خود متفق گردانید بعد از انکه امراء بر مخالفت غزان سلطان اتفاق کردند قول چینگیز خان را که رجوع باوامر و نواهی آن در امور ملک دولت سر نزد امراء مغول فرض عین و فرض

دین است و معمول و منقول آنرا بمثابهٔ وحی منزل و معجزهٔ نبی مرسل دارند پس آوردند و گفتند آن جمع عظیم و امر جسیم را پیشوائی باید که او از ارومهٔ سلطنت و دودمان دولت - در اهبت وعدت بادشاهی فرزانه در ملابست امور شهر یاری مردانه بود بادشاه زادهٔ می باید که ماخود را باد منسوب کنیم و بر سریر سروری و اریکهٔ خسروی نسانیم و کمر خدمت ببندیم ناکارما بر اصل و بنیاد باشد و قضیهٔ ما از بیش بیرون رود -

در نتیجهٔ این استشاره ها نخستین بار دانشمند نام از احفاد اوگدای قاآن را خواستند که خان اعلام کنند فقط در نتیجه محاربات متعدده که با غازان خان بوقوع سوست ببانقولی خان از احفاد چغتای خان را خان اعلام کرده اند - وبسببی که غازان سلطانی که حین محاربه پس از ابراز شجاعت بی نظیر جان داد طرفداران او اورا دوست خدا ''خلیل آتا'' تسمیه کرده از او لیاسی شمردند از مشائخ بخارا امیرکلال و فرزندانس و خلفای او مثل بهاءالدین نقشبند غازان خان حکمدار حقیقی مسلمانان بحساب آوردند - در نظر تودهٔ خلق وابسته به این محیط خلیل آتا نمرده است - ابن بطوطه در سال ۱۳۳۷ء هنگام مسافرت از هندوستان بترکستان اخبار و روایات مربوط به ملتجی سدن و زندگی خلیل سلطان را به هرات شنیده و باور کرده است -

(۳) دلیل سومین یک قطعه است از خواجه بهاءالدین که در مناقب استادش امیر کلال ساخوری مندرج است که عائد به مبادی حیات بهاءالدین است - در این اثر در بادشاهی که در مناقب خواجه نقشبند بهاءالدین باسم ''خلیل'' ذکر شده است فی الواقع بنام ''قضان سلطان'' ذکر گردیده است از این مقوله استنباط می شود که مؤخراً مؤسس طریقت جدید بهاءالدین

نقشبند در واقع در معیت غازان سلطان بوده و جلاد او نبده -

نسخه ایکه من تا اکنون دیده ام در ترکیه در ایالت کوتاهیه در بخش قصبهٔ طاوشانلی در کتاب خانهٔ خصوصی زیتون اغلو به شمارهٔ ۱۶۹ موجود و در صفحات ۳۴ ، ۳۵ دربارهٔ بهاءالدین نقشبند و غازان خان این معلومات می آوریم :

(۳۴ ب) ''خواجه بهاءالدین در پیش پادشاه قضان بجلادی مشغول می بوده اند روزی یک مردی را به تهمت گناهی گرفته بودند و به پیش پادشاه قضان سلطان حاضر گردانیدند و قضان سلطان بکشتن او حکم فرمود و خواجه اورا بقصاص گاه حاضر آورده اند او را نشانیده بر گردن او تیغ برکشیده اند ، صلوة فرستاده اند و شمشیر بر گردن آن مرد زده اند، شمشیر کار نکرده است بارسیوم خواجه در قهر گشته اند و بغیرت تمام شمشیر زده اند هم نبریده است ولی خواجه بهاءالدین واقف شده اند که هر جگاه شمشیرمی بر آورده اند لسان آدمی جنبیده است بعد از ان خواجه فرموده اند که بعزت خدای که جان همه مخلوقات در قبضهٔ قدرت اوست بیایگوی که توجه می خوانی شمشیر بر تو کار نمکند آن مرد گفت که من هیچ نمی گویم و لیکن دست در دامن شیخ خود زده ام ، شیخ خود را شفیع آرم و بخدای تعالی در میگریزم بعد ازان خواجه بهاءالدین گفته اند که شیخ تو کیست آن مرد گفت که شیخ من حضرت امیر کلال اند علیه الرحمه ، خواجه بهاءالدین نیز نشنوده بودند حضرت امیر کلال را ، چون این حال را مشاهده کردند شمشیر از دست بینداختند و روی بحضرت امیر کلال آوردند و گفتند چرا باید که چون مرا همچنین دولت روی مینماید چرا باید که در خدمت اینچنین مردی باشم و بدین کار مشغول باشم کسی که مرید خود را در زیر شمشیر نگ

سدارد و از کرم و عنایت خداوندی هیچ عجیب و غریب نباشد بیت

مردان خدا خدا نباشند   لیکن ز خدا جدا نباشند

و بس بدانید هیچ کاری بی امر خدای تعالی کفایت نمیشود چنانکه اگر تار موی است بی فرمان او کنده نمیشود و سبب آمدن خواجه بهاءالدین بود این که اسان بحضرت امیر علیه الرحمه آمدند و دست در دامن دولت امیر زدند و از مردان راه خدای تعالی گشتند۔

در این روایات از یک طرف غازان خان خلل را که به مشایخ بخارا تکیه کرده و از طرف دیگر امیر قازاغان را با امرائیکه مثل اجداد تمور که مفتون یاسا وغعنهٔ چینگیزی بودند و در سالهای ۱۳۴۰ - ۱۳۴۷ در محاربات سدیا می که در عرض سه سال با او ردوهای بزرگ بظهور پیوسته معلومات کافی بدست میاید ۔[1]

درالوس جغتای بین قبایل چینگیزیان که اسلامیت را قبول کرده اند اختلافاتی بوجود آمد ۔ که این دین را بچه شکلی بایستی قبول بکنند به چه نحوی با یاسا بپیوستند کنند عین اختلاف بین ایلخانی ها و آلتون او ردو نیز موجود بود فقط اختلافی که در الوس جغتای جاری بود سخت تر بود و نشان میدهد که در نتیجهٔ این اختلاف دور امیر قازاغان متکی به یاسا و بعداً دور تمور بوقوع پیوست ۔

در این احوال و وضع مشروح بمأمورین حکمدار مقتول مانند خواجه بهاءالدین نقشبند که مقرب و جلاد غازان سلطان بود را بی دیگر غیر از کنار کشیدن و توقف در اساتیق و تبلیغات در لباس و کسوت دین و تصوف نموده است مع مافیه تشویقات خواجه بهاءالدین بسبب شدت مجلوبیت سکنهٔ بخارا بغازان سلطان که اینجا بنام خلیل آتا معروف بود

---

(۱) حافظ ابرو شر Tauer ص ص : ۷-۸ ۔

خاصة درمیان عشیرت یاوریان که مرکز شان در بخارا بوده تدریجا موفق شده است و در زمان نبیره های تیمور و خواجه عبدالله احرار سمرقندی باوج تعالی رسید که ایشان الغ بک حاکم سمرقند را که طرفدار مغره یاسا چنگیزی بود کشته اند ـ

یاد داشتیں

۱۔ جسٹس ڈاکٹر ایس ۔ اے رحمٰن

۲۔ ڈاکٹر وحید مرزا

۳۔ ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ

۴۔ ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار

۵۔ شریف ہلال

۶۔ مولانا عبدالصمد صارم

استاذ الاساتذہ

تقسیم ہند سے قبل، کچھ عرصہ کے لیے، انجمن حمایت اسلام لاہور کی زنانہ کالج کمیٹی کی صدارت مجھے تفویض ہوئی۔ اس عرصہ میں مجھے ڈاکٹر مولوی محمد شفیع مرحوم کو قریب سے دیکھنے کا موقعہ ملا کیونکہ وہ اس کمیٹی کے سیکرٹری تھے۔ مولوی صاحب مرحوم سہل انگاری اور قواعد کی خلاف ورزی کو آسانی سے نظر انداز نہ کر سکتے تھے۔ ادھر معاملہ طبقۂ اناث سے تھا، جس کی جذباتیت ضابطہ کی جکڑ بندیوں کے خلاف ایک مستقل احتجاج کی صورت ہے۔ آئے دن پرنسپل صاحبہ میرے پاس شکایتی دفتر بھجواتیں جس کا ماحصل یہ ہوتا کہ مولوی صاحب اُن کی انتظامی اور مالی مشکلات کے حل کرنے میں ہمدردانہ رویہ نہیں رکھتے۔ میں انہیں سمجھاتا کہ اگر وہ ضابطہ کے مطابق عمل کرتیں تو کوئی دقت پیش نہ آتی۔ دوسری طرف مولوی صاحب کی خدمت میں لکھ بھیجتا کہ پرنسپل صاحبہ سے یقیناً فروگزاشت ہوئی ہے لیکن اب عملی مصلحت کا تقاضا یہی ہے کہ کسی نہ کسی ترکیب سے معاملے کو سلجھا لیا جائے۔ تھوڑی سی لے دے کے بعد اس مشورے کو پزیرائی ملتی اور کاغذات بغرض منظوری، انجمن کے دفتر میں بھیج دیے جاتے۔

مولوی صاحب کا اپنا شعار سخت کوشی تھا۔ کام کا جو بلند معیار انہوں نے اپنے لیے اختیار کیا تھا، اُسی کی روشنی میں وہ دوسروں کے کام کو بھی جانچتے تھے۔ اس بارے میں وہ کسی قسم کی مداہنت کے قائل

نہ تھے ۔ اسی لیے اُن کی شہرت ایک سخت گیر اور جابر فاضل کی تھی، جن کے احترام کے ساتھ ساتھ اُن کی خردہ گیری کا خوف، اُن کے شاگردوں اور ماتحتوں کو ہمیشہ چوکنا رکھتا تھا ۔ اُن کی مجلس ایک ادب گاہ تھی جس میں اچھے خاصے اہل علم حضرات محتاط قدموں سے پہنچتے تھے ۔ تاریخ، فقہ اور ادب پر اُن کی نظر بڑی وسیع اور گہری تھی ۔ وہ جس علمی کام سے وابستہ ہو جاتے تھے، اس کی تمام جزئیات پر خود غائر نگاہ ڈالتے تھے ۔ اُن کے رفقائے کار کے نوشتوں کو منظوری سے پہلے، تنقید، تصحیح اور ترمیم کے متعدد مرحلوں سے گزرنا پڑتا تھا ۔ دائرۂ معارف اسلامیہ کے عظیم الشان کام کا بیڑا انہوں نے زندگی کے آخری سالوں میں اٹھایا اور جس انہماک، جفاکشی اور تن دھی کو وہ بروئے کار لائے اور جس طرح سے انہوں نے اپنی تمام صلاحیتیں اس کی نذر کیں، نوجوانوں کے لیے اُس میں ایک قابل رشک و تقلید مثال ھے ۔ علمی تحریروں کے مسلسل محاسبہ کی عادت اُن کی طبیعت ثانیہ بن چکی تھی ۔ چنانچہ جب دائرۂ معارف اسلامیہ کے انتظامی ادارہ کی طرف سے شکایت ہوتی کہ کام کی رفتار انائی نقطہ نظر سے سست ھے تو انہیں یہ امر ناگوار گزرتا اور وہ کام کی علمی نوعیت پر زور دیتے کہ اس میں عجلت کا مطالبہ بےمحل ھے ۔ کبھی کبھی میرے ھاں تشریف لاتے تو اس بات پر کڑھتے اور مجھ سے فرمائش ہوتی کہ اُن کا زاویۂ نگاہ دوسرے ارکان پر واضح کرنے میں اُن کی امداد کروں ۔ اسی سلسلے میں ایک مرتبہ انہوں نے مجھے ایک معروف فاضل کا لکھا ہوا مسودہ دکھایا جس پر اُن کے اپنے قلم سے، سرخ سیاھی سے اس قدر کاٹ چھانٹ کی گئی تھی کہ اُسے دوبارہ تحریر کرنے کے سوا چارہ نہ تھا ۔ مولوی صاحب کا ارشاد تھا کہ ایسے حالات میں، وہ اپنی ذمہ داری سے عہدہ برآ نہیں ھوسکتے جب

نک متن کی صحت کے متعلق ذاتی طور پر اطمینان نہ کرلیں - اُن کی
اصول پرستی شخصیات سے بے نیاز تھی -

لیکن اُن کی یہ بے نیازی علمی سطح تک ہی محدود تھی - اس میں
شک نہیں کہ وہ ایک متین طبع انسان تھے - میں نے انہیں کبھی قہقہہ
لگا کر ہنستے نہیں دیکھا - زیادہ سے زیادہ ایک دلاویز سی مسکراہٹ
اُن کے ہونٹوں پر کبھی کبھی کھیلتی تھی اور اس لمحے اُن کی آنکھوں
کی چمک اس بات کی غمازی کرتی تھی کہ وہ بات کے مضحک پہلو سے
لطف اندوز ہو رہے ہیں - لیکن وہ دوست نوازی کے طریقوں سے بخوبی
واقف تھے - اُنس و شفقت کے تقاضے، پیرانہ سالی میں بھی اُن کو دوستوں
کے ہاں آنے جانے پر مجبور کر دیتے تھے - میں نے بارہا دیکھا کہ وہ
احباب کو سوات کا شہد بھجوا رہے ہیں یا موسم میں عمدہ قلمی آموں
کا تحفہ ارسال کر رہے ہیں - ایک مرتبہ اثنائے گفتگو میں اُن کے ہاں کے
عمدہ کیلے کے پیڑوں کا تذکرہ چھڑ گیا - میں نے دلچسپی ظاہر کی -
چند دنوں کے بعد کیا دیکھتا ہوں کہ اُن کا ملازم میرے مکان پر کیلے
کا پودا لیے آ رہا ہے - مولوی صاحب نے کہلا بھیجا تھا کہ غالباً اس
کے لیے میرے خانہ باغ میں جگہ نکل سکے گی - غرضیکہ مولوی صاحب اپنے
نیاز مندوں کو اللہ کی دی ہوئی نعمتوں میں شریک کرتے رہتے اور
خوش ہوتے -

تبحّر علمی کے باوصف اُن کی شخصیت میں منکسر مزاجی کی ایک
دلربا ادا بھی شامل تھی - چنانچہ ایک مرتبہ اس ناچیز سے ارشاد ہوا
کہ دائرۂ معارف اسلامیہ کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کروں - میں نے
عرض کیا کہ کہیں کہیں ''مولویانہ'' اُردو کی جھلک مجھے دکھائی
دیتی ہے - مسکرا کر فرمایا ''کوئی مثال؟''- میں نے ایک مقالہ میں

"ازہار و ریاحین" کی ترکیب کی طرف آن کو توجہ دلائی اور تجاہل عارفانہ سے پوچھا "مولوی صاحب! اس کا مطلب؟" - فرمایا اس کے معنی گل بوٹے ہیں - میں نے کہنے کی جسارت کی "تو پھر 'گل بوٹے' لکھنے میں کیا قباحت تھی؟" - ارشاد ہوا "اس کتاب سے استفادہ اہل علم ہی کریں گے اور انہیں ایسی علمی ترکیبوں کے معنی سمجھنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی" - میرا اعتراض تھا کہ وضاحتی عبارت ایسی ہونی چاہیے، جسے سمجھنے کے لیے ایک عامی کو بھی کسی فرہنگ کا سہارا ڈھونڈنے کی ضرورت محسوس نہ ہو - یہ آن کی عالی ظرفی تھی کہ انہوں نے اس تنبیہ پر کسی تکدّر کا اظہار نہ کیا -

افسوس کہ وہ عالم بے بدل ہم سے دور جا چکے ہیں لیکن ان کی عظیم ترین یادگار ان کے علمی کارنامہ، دائرۂ معارف اسلامیہ کی صورت میں ہمارے پاس موجودہ ہے - اس کام کو طباعت کے تکمیلی مراحل تک پہنچانے کی حسرت وہ اپنے ساتھ لے گئے - مجھے یاد ہے کہ جب وہ جلد چہارم، جس کی انہوں نے خوبصورت شیرازہ بندی کروائی تھی، بہ نفس نفیس لے کر میرے پاس تشریف لائے، تو ان کے چہرے پر کس قدر مسرت و انبساط کی سرخی جھلک رہی تھی - خدا انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے - ان کی سخت گیری میں بھی، علمی لحاظ سے ایک مشفقانہ پہلو تھا - کاش ان جیسے دوچار سفاک مشفق اور ہوتے جو ان کی علمی روایت کو اور آگے بڑھاتے - باقی رہے نام اللہ کا!

ایس - اے - رحمٰن

۶۸- گلبرگ - لاہور
۲۱- جون ۱۹۶۶ء

چند نقوش پارینہ

پروفیسر محمد شفیع صاحب کو پہلی بار دیکھنے کا اتفاق مجھے لاہور گورنمنٹ کالج کی عربی سوسائٹی کی طرف سے منعقدہ ایک پارٹی میں ہوا۔ اُن دنوں آکسفورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر مارگولیوتھ لاہور آئے ہوئے تھے اور الف لیلۃ پر لیکچر دے رہے تھے۔ ہمارے عربی کے پروفیسر ڈاکٹر صدرالدین صاحب نے ان سے تعارف کے لیے ایک عصرانے کا انتظام کیا تھا جس میں کالج کے اساتذہ کے علاوہ کچھ باہر کے لوگ بھی مدعو تھے۔ انہیں میں پروفیسر محمد شفیع صاحب بھی تھے۔ وہ اس زمانے میں کیمبرج سے نئے نئے واپس آئے تھے۔ مجھے خوب یاد ہے کہ انہیں آتا دیکھ کر ہمارے کالج کے پروفیسر نور الٰہی صاحب نے کسی سے پوچھا کہ یہ صاحب کون ہیں؟ اور جب انہیں بتایا گیا کہ یہ اورینٹل کالج کے پروفیسر محمد شفیع ہیں تو انہوں نے اپنے مخصوص مزاحیہ انداز میں کہا: ''بھئی ولایت کی سرزمین بھی عجب پارس پتھر ہے۔ جو جاتا ہے اس کی قلب ماہیت ہو جاتی ہے'' چونکہ مجھے پروفیسر صاحب کو دیکھنے کا اس سے پہلے کوئی موقع نہ ملا تھا اس لیے میں شیخ صاحب کے اس فقرے کا صحیح مفہوم نہ سمجھ سکا۔ معلوم نہیں ولایت جانے سے پہلے ان کی کیا وضع قطع تھی، لیکن اس کے بعد سے جب بھی پروفیسر صاحب کو دیکھا ان کی ظاہری ہیئت میں کبھی کوئی تبدیلی نظر نہ آئی بلکہ واقعہ یہ ہے کہ آخری وقت تک ان کی وہی وضع قطع رہی جو اس وقت تھی، اور اگرچہ ادھر بتقاضای سن چہرے پر کسی قدر ضعف و اضمحلال کے آثار

نمایاں ہو گئے تھے تاہم ان کے بلند قد و قامت کی راستی ، ان کی شاندار مونچھوں کا پیچ و خم ، ان کی اونچی باڑھ کی سرخ ترکی ٹوپی کا مخصوص زاویہ ، سب آخر تک بدستور اسی طرح رہے جیسے پہلے تھے -

اس واقعے کے تھوڑے ھی عرصے بعد مجھے پروفیسر صاحب کی باقاعدہ شاگردی کا فخر حاصل ہو گیا - چونکہ ایم - اے کے درجوں کے لیے اس زمانے میں انٹرکالیجیٹ کلاسز کا طریقہ رائج تھا ، اس لیے ہفتے میں دو بار ہمیں ان کے لیکچروں میں حاضر ہونا پڑتا تھا - وہ ہم لوگوں کو عربی ادب کی تاریخ پڑھاتے تھے اور اسی ضمن میں ابن قتیبہ کی کتاب الشعر و الشعراء کا متن بھی ہم نے اُن سے سبقاً سبقاً پڑھا - اُن کا پڑھانے کا انداز یقیناً بہت دل نشیں ہوتا تھا ، اور ان کی ہمیشہ یہ کوشش رہتی تھی کہ اپنے شاگردوں میں تحصیل علم کا صحیح ذوق پیدا کریں ، چنانچہ اس غرض سے وہ انہیں ضروری کتابوں سے برابر روشناس کرتے رہتے تھے - چونکہ ان کی کلاس یونیورسٹی لائبریری ھی کے ایک اوپر کے کمرے میں ہوتی تھی اس لیے کتابوں کو منگوانے اور انہیں طلبہ کو دکھانے میں بڑی سہولت رہتی تھی - حقیقت یہ ھے کہ مجھے ، اور میری طرح ان کے دوسرے شاگردوں کو ، جو کچھ تھوڑا بہت شوق تحقیق و کاوش علمی کا پیدا ہوا وہ انہیں کی تلقین و ترغیب کا نتیجہ تھا - اگر وہ اپنے کسی شاگرد کو کسی علمی موضوع میں دلچسپی لیتے دیکھتے تو بہت خوش ہوتے اور ہر طرح اس کی اعانت اور ہمت افزائی کرتے تھے - ۱۹۲۱ع میں ایم - اے پاس کر لینے کے سال بھر بعد انہیں کی توجہ و عنایت سے مجھے میکلوڈ ریسرچ اسکالرشپ مل گیا ، اور اس طرح مجھے ان کے بحر علمی سے مستفید و بہرہ ور ہونے کا مزید موقع ملا - ان کے کہنے پر میں نے ابن خلدون کے مقدمہ کی آخری فصل کا ' جو علوم و فنون سے

متعلق ہے ' انگریزی ترجمہ شروع کیا ۔ یہ کام بہت دشوار تھا اور ایک حد تک میری استعداد سے باہر ، لیکن پروفیسر صاحب قدم قدم پر ہمت بڑھاتے رہے اور کام چل پڑا ، اگرچہ افسوس ہے کہ ناتمام رہ گیا ، کیونکہ ڈیڑھ دو سال بعد ہی مجھے لکھنؤ یونیورسٹی میں ملازمت مل گئی اور میں لاہور سے چلا گیا ۔ اس کے بعد کئی سال تک مجھے پروفیسر صاحب سے ملنے کا اتفاق نہ ہوا ، اور نہ اس ادھورے کام کو پورا کرنے کی فرصت نصیب ہوئی ۔

اب جب دوبارہ ملاقات ہوئی تو پٹنے کے اسٹیشن پر ہوئی اور کچھ عجیب حالات میں ۔ یہ دسمبر ۱۹۳۰ع کا واقعہ ہے ۔ پٹنے میں آل انڈیا اورینٹل کانفرنس کا اجلاس ہو رہا تھا اور مجھے لکھنؤ یونیورسٹی کی طرف سے ڈیلگیٹ بنا کر بھیجا گیا تھا ۔ میں صبح پنجاب میل سے روانہ ہوا اور رات کو غالباً دس ساڑھے دس بجے کے قریب پٹنے پہنچا ۔ اسٹیشن پر میرے دوست قمرالدجیٰ جو انگلستان میں میرے ساتھ رہے تھے اور اس زمانے میں پٹنہ یونیورسٹی میں کیمسٹری کے لیکچرر تھے ، مجھے لینے آئے ہوئے تھے ۔ میرے ساتھ سامان بہت مختصر تھا ، ہم لوگ باہر نکلے اور سواری کی تلاش ہوئی ۔ چونکہ سردی شدت کی تھی اور نا وقت بھی ہوگیا تھا اس لیے اسٹیشن پر سواریاں بہت کم تھیں ، لیکن ایک ٹیکسی کھڑی نظر آئی اور ہم نے اسے طے کرکے سامان رکھ دیا ۔ قلی کو پیسے دے رہا تھا کہ کیا دیکھتا ہوں کہ پروفیسر صاحب اور ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب مع ساز و سامان کے گھبرائے ہوئے چلے آرہے ہیں ، اور چونکہ انہیں وہاں یہی ایک ٹیکسی نظر آئی اس لیے انہوں نے سیدھے اس کا رخ کیا اور قبل اس کے کہ علیک سلیک ہو یا میں کچھ کہہ سکوں سید عبداللہ صاحب نے سامان ٹیکسی میں رکھنا شروع کر دیا اور

پروفیسر صاحب اس میں بیٹھ گئے ۔ ادھر میں حیران کہ کیا کروں کیا نہ کروں ، اگر کہتا ہوں کہ ٹیکسی میں لے چکا ہوں تو سوءادب کا اندیسہ عنان گیر ہوتا ہے ، اور اگر خاموش رہتا ہوں تو یہ فکر لاحق ہوتی ہے کہ دوسری کوئی سواری کہاں اور کیسے ملے گی ۔ ظاہر ہے کہ اس وقت تک پروفیسر صاحب اور سید عبداللہ صاحب دونوں نے مجھے نہیں پہچانا تھا ، کیونکہ ایک تو رات کا وقت تھا ، دوسرے اس عرصے میں ، اور خصوصاً قیام لندن کے دوران میں ، میری ہیئت کذائی بھی کسی قدر تبدیل ہو چکی تھی ۔ بہر حال بہت تشش و پنج کے بعد جی کڑا کر کے ٹیکسی کی کھڑکی کے پاس گیا ، پروفیسر صاحب کو مودبانہ سلام کیا اور اپنا نام بتایا ۔ وہ سن کر اچھل پڑے اور کہنے لگے :
''اچھا ، وحید! تم نے یہ کیا شکل بنالی؟ میں نے تو تمہیں پہچانا بھی نہیں ۔''
پھر خوش ہو کر مصافحہ کیا اور بغل گیر ہوئے ۔ اتنی شہ پا کر میں نے یہ کہنے کی جسارت کی حضور یہ ٹیکسی بندہ لے چکا تھا اور میرا سامان بھی اس میں رکھا ہے چونکہ اور کوئی سواری اس وقت موجود نہیں ہے لہذا مجھے اور میرے دوست کو بھی مجبوراً اسی میں بیٹھنا پڑے گا ۔ چنانچہ یہی ہوا اور ہم لوگوں نے پہلے پروفیسر صاحب کو ان کی قیام گاہ تک پہنچایا اور پھر قمرالدجی صاحب کے گھر پہنچے ۔ اس واقعے کو اب ۳۴ سال ہوگئے لیکن اس وقت کے تامل و حجاب اور پریشانی واضطراب کی کیفیت اب تک یاد ہے ۔

۱۹۳۰ء کے بعد کبھی کبھی پروفیسر صاحب سے اس طرح ملاقات ہوتی رہی کہ آپ ہماری یونیورسٹی کی عربی مجلس نصاب کے رکن تھے اور اس مجلس کی سالانہ نشستوں میں شرکت کے لیے اکثر لکھنؤ تشریف لانے کی زحمت گوارا فرمایا کرتے تھے ، چنانچہ اس سلسلے میں آخری مرتبہ

آپ ۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان سے چند ماہ پہلے آئے تھے ۔ لکھنؤ میں آپ
ہمیشہ ہماری یونیورسٹی کے ایک صاحب مولوی مصطفی حسن علوی کے
ہاں قیام کرتے تھے جو اندرون شہر میں رہتے تھے ۔ مولوی صاحب
موصوف کا مکان پرانی وضع کا اور نسبتاً چھوٹا تھا اور وہاں وہ سہولتیں
بھی مہیا نہ تھیں جن کے پروفیسر صاحب عادی تھے ۔ اس لیے میں نے ان
سے کئی بار عرض کی کہ آپ غریب خانے پر قیام کریں تو شاید آپ کو
زیادہ آرام ملے گا ۔ لیکن انہوں نے ہر دفعہ یہی جواب دیا کہ وہاں
ٹھہرنے میں مجھے بعض آسانیاں مد نظر ہیں ۔ وہ آسانیاں یہ تھیں کہ ان
کا کوئی پھیرا شہر کے مختلف نجی کتب خانوں کو جا کر دیکھنے سے
خالی نہ رہتا تھا ۔ مولوی مصطفی حسن صاحب ان کی رہنمائی کرتے تھے ،
چوک اور نخاس کی تیرہ و تنگ گلیوں کے پرانے اور بوسیدہ مکانوں میں
اب بھی کئی آفت رسیدہ شریف گھرانے ایسے رہتے ہیں کہ جن کے پاس
اگلے وقتوں کے اندوختہ ذخیرے موجود ہیں ۔ پروفیسر صاحب وہاں
جاتے ، خاک آلودہ کتابوں کے انبار الٹ پلٹ کرتے اور ان میں سے
بعض اوقات نہایت بیش قیمت مطبوعہ کتابیں اور نادر مخطوطات تلاش
کر لیتے جنہیں وہ اپنے لیے یا یونیورسٹی لائبریری کے لیے خرید کر ساتھ
لے جاتے ۔ اس تلاش و جستجو میں لکھنؤ کے ایک کتب فروش نادر آغا
بھی ان کی مدد کیا کرتے تھے ۔ اور میرا خیال ہے کہ پروفیسر صاحب
کو لکھنؤ کے ان دوروں میں بہت سے ادبی و علمی جواہر پارے ہاتھ لگ
گئے ۔ علاوہ کتابوں کے پروفیسر صاحب مولوی صاحب موصوف کے ساتھ
لکھنؤ کی بعض تحفہ چیزیں خریدنے بھی ضرور جایا کرتے تھے ۔ جن میں
ایک خاص چیز وہاں کی ریوڑیاں بھی ہوتی تھیں جنہیں لکھنؤ والے
کھٹیاں کہتے ہیں ۔ اسی دوران میں ۱۹۴۳ء میں ممتحنین کے ایک اجلاس

میں شرکت کے لیے مجھے ایک دن کے لیے لاہور آنا پڑا - اور پروفیسر صاحب کے ہاں قیام کیا - ان کا مکان (۲۴ میسن روڈ) ابھی حال میں مکمل ہوا تھا ، اسے دیکھا ' ان کی لائبریری دیکھنے کا پہلا اتفاق ہوا اور ان کے صاحبزادے احمد ربانی صاحب سے پہلی بار ملاقات ہوئی - لاہور میں میرے مختصر قیام کے دوران میں پروفیسر صاحب نے میرے آرام و آسائش کا ہر طرح خیال رکھا اور مجھ سے ملوانے کے لیے دوپہر کے کھانے پر حافظ محمود شیرانی صاحب اور ڈاکٹر محمد اقبال صاحب کو بھی مدعو کیا - ان کی اس مہربانی اور حسن سلوک کا میرے دل پر گہرا نقش ہے ' ڈاکٹر محمد اقبال سے اس کے بعد بھی دو ایک دفعہ ملنا ہوا لیکن حافظ محمود شیرانی سے یہ میری آخری ملاقات تھی -

تقسیم کے بعد عرصے تک ملاقات کا کوئی موقع نہ ملا ' اگرچہ خط و کتابت برابر رہی - ۱۹۵۹ اور ۱۹۶۰ میں پھر ملنے کا اتفاق ہوا لیکن بہت ہی سرسری طور پر ' یہاں تک کہ مارچ ۱۹۶۲ء میں لاہور آ کر میں نے باقاعدہ طور پر شعبۂ دائرہ معارف اسلامیہ میں اڈیٹر کی جگہ پر کام شروع کیا - اس وقت بھی ان کا وہی سابقہ لطف و کرم مجھ پر رہا اور مجھے ان سے کبھی کوئی شکایت پیدا نہیں ہوئی ' حالانکہ میں ان کی سخت گیری اور دقت پسندی کے بہت سے قصے سنتا رہا تھا - ایک دفعہ تو بعض ناسپاس لوگوں نے ان کے خلاف ایک بڑا محاذ بنا کر انہیں بدنام کرنے کی انتہائی کوشش بھی کی تھی - ایک لمبا چوڑا محضر تیار کیا گیا جس کی نقلیں دور دور بھیجی گئیں ' چنانچہ ایک نقل میرے پاس بھی پہنچی ، اس محضر میں ان کے ذاتی کردار اور طرز عمل پر بہت ہی رکیک اور سوقیانہ حملے کئے گئے تھے ' لیکن یہ لوگ اپنے مقاصد میں ناکام رہے - پروفیسر صاحب کی امانت و دیانت

اور ان کی قابلیت و استعداد علمی پر خاک نہ ڈالی جا سکتی تھی ' رفتہ رفتہ مخالفین خود بخود خاموش ہوتے گئے اور ان کا اثر و رسوخ یونیورسٹی میں بڑھتا گیا - در اصل چیز یہ ہے کہ پروفیسر صاحب کسی قسم کی لگی لپٹی نہ رکھتے تھے' جو بات ہو صاف کہہ دیتے تھے' کاہلی اور فرائض منصبی کے انجام دینے میں سستی و تغافل کو ہرگز برداشت نہ کرتے تھے ' اصول کے پابند تھے اور چاہتے تھے کہ جس محنت اور ذمہ داری کے احساس کے ساتھ وہ خود کام کرتے ہیں اسی کے ان کے شرکای کار بھی خوگر بنیں - یہی بعض لوگوں کو ناگوار گزرتا تھا اور وہ ان سے منحرف اور کبیدہ خاطر ہو جاتے تھے - لیکن ان کی ظاہری سخت گیری کے پس پردہ ایک رقیق اور ہمدرد دل پوشیدہ تھا - اپنے ماتحتوں کی ہر آڑے وقت میں مدد کرنا وہ فرض عین سمجھتے تھے' چنانچہ ان کے انتقال سے کچھ ہی عرصے پہلے ہمارے دفتر کے اسسٹنٹ بیمار پڑ گئے ' پروفیسر صاحب نے ان کے علاج معالجے کے سلسلے میں ہر ممکن کوشش کی اور جب ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ مریض کو کسی سرد مقام پر بھیج دینا چاہیے تو انہوں نے اس کا بھی خاطر خواہ انتظام کر دیا - غرض جہاں بعض قصے ان کی سخت گیری کے سننے میں آئے ہیں وہاں ان کے غیر معمولی لطف و کرم کے بھی بہت سے واقعات مشہور ہیں جن میں سے کچھ میرے چشم دید بھی ہیں - بے عیب ذات خدا کی ہے - اگر بالفرض ان میں بعض کمزوریاں تھیں بھی تو ان کی خوبیاں یقیناً ان کی کماحقہ تلافی کر دیتی تھیں ' بقول شاعر :

کفی المرء فخراً ان تعدّ معائبہ

ان میں خودداری انتہا کی تھی - اور میری دانست میں انہوں نے کبھی کسی کی بے جا خوشامد نہیں کی - اس کے ساتھ ہی شعائر مذہبی

کے پابند اور بے حد سادگی پسند تھے - چنانچه میں نے اکثر دیکھا که گرمیوں کی تپتی دھوپ میں بھی وہ پیسه اخبار اسٹریٹ سے جہاں ان کا قیام تھا اوریئنٹل کالج تک همیشه پا پیادہ چھتری لگا کر جایا کرتے تھے اور ان کے پیچھے کالج کا ایک چپڑاسی کتابوں اور فائلوں کا بنڈل لیے چلتا تھا -

مختصر یه ہے که پروفیسر صاحب بڑی خوبیوں اور بڑی آن بان کے انسان تھے - وقت گزرتے دیر نہیں لگتی - ان کے انتقال کو سال بھر ہو چکا ہے لیکن ابھی کل کی بات معلوم ہوتی ہے - جاڑے کے موسم میں دفتر کے سامنے کے لان میں ان کے دھوپ میں چھتری کے نیچے ' کتابوں کے ڈھیر کے درمیان ' بیٹھنے اور ان کے گرد طلبه کے اجتماع کا منظر ابھی تک آنکھوں کے سامنے ہے اور یقین نہیں آتا که وہ ہم سے همیشه کے لیے جدا ہو چکے ہیں - ہر انسان صانع قدرت کا ایک یکتا نقش ہے ' لیکن معمولی انسانوں میں بہت حد تک ایک دوسرے سے یگانگت اور مماثلت پائی جاتی ہے - ایسے فرد اور یگانه انسان کم پیدا ہوتے ہیں جن کی نظیر ملنا دشوار ہو جائے- پروفیسر صاحب اسی دوسری قسم کے انسان تھے اور ایسے ہی لوگوں کے مرنے پر اس یاس آمیز درد کا احساس اور بھی بڑھ جاتا ہے جو غالب کے اس شعر میں مضمر ہے که:

یارب زمانه مجھ کو مٹاتا ہے کس لیے
لوح جہاں پہ حرف مکرر نہیں ہوں میں

لیکن بہر حال انسان فانی ہے ' انسان کیا اس دنیا کی ہر چیز آنی جانی ہے ' کل من علیہا فان ویبقی وجه ربک ذی الجلال والاکرام - آن کا جسد خاکی اچھرے کے گورستان میں مدفون ہے - لیکن ان کی یاد ان کے

اعزۂ اقارب اور ان کے بے شمار تلامذہ واحباب کے دلوں میں زندہ ہے ۔ اور ان کی درخشاں زندگی ان کے پس رووں کے لیے عرصے تک مشعل راہ کا کام دیتی رہے گی ۔ انشاء اللہ ۔

محمد وحید مرزا

۱۷ اپریل ۶۴ء

شفیع صاحب

ن عناصر کی طرف رجوع کرتا ہے تو من اپنے ماخذ کی طرف ۔
شفیع صاحب کا کمال فن اور عروجِ ذہن ، کائنات کے کسی نادیدہ گوشہ
کا خزانہ میں منوط ہے ۔ اور خود وہ ہم سب دوستوں ، شاگردوں ،
مداحوں کے دلوں میں سلامت موجود ہیں ؎

ارباب کے دلوں میں ہے محفوظ میری یاد
مر کر بھی زندہ ہوں میں ہزاروں برس تلک

فقیر کے قلب میں شفیع صاحب کا جو متحرّک مُجسمہ ہے اس سے اب بھی
اکتساب نور لیے جاتا ہوں ۔ کوئی مضمون لکھنے بیٹھتا ہوں بالخصوص
اردو میں تو آدھر سے اشارہ ہوتا ہے ، دیکھنا تاریخ کے گلے پر چھری نہ
پھرے ۔ پھر کنایۃً فرماتے ہیں ، اپنی ذات ، شخصیت کو ڈھکے رکھو ،
اسے زیادہ اہمیت نہ دو ۔ پھر ایک رمز عطا ہوتی ہے ، تعریف ہو یا
مذمت ، توازن کو ہاتھ سے نہ دو ، اور مبالغہ سے بچو ۔ ؎

زندگانی کے ہر دو راہے پر چشم و دل کو اشارے ملتے ہیں

ایک مزے کی بات سنو کہ شفیع صاحب کے سامنے جاتے ہی
میں ہمہ تن ''ادب'' اور ہوشیار ہو جاتا اور ہر لفظ کو جانچ تول کر
منہ سے نکالتا ۔ جونہی گرمی کی تعطیل میں انہیں خط لکھنے بیٹھتا اس
روانی اور بے تکلفی کو برتتا جس پر مجھے خود حیرت ہوتی ۔ کون جانے
اس کا راز کیا تھا ۔ مگر اس قدر معلوم و محسوس ہوتا ہے کہ میرا رد عمل
ان کے دو گونہ عمل پر مبنی تھا ۔ افسر افسر ہے ، ماتحت ماتحت ہے ،

دوست دوست ہے ' ادیب ادیب ہے ' انسان انسان ہے ۔ ؎

"کِردار" سے ہوئی ہے ندامت کبھی کبھی
انسانیت پہ فخر ہمیشہ رہا مجھے

(کِردار کو کارکردگی کے محدود معنوں میں استعمال کیا ہے ۔)

ایک خاص خوبی شفیع صاحب میں یہ تھی کہ وہ اپنے گرد سازگار ماحول بنا سکنے کی خواہش بھی اور طاقت بھی رکھتے تھے اور یہ موافق حلقہ ایک خاص قسم کے لوگوں کا ہوتا تھا ۔ ڈاکٹر قریشی بالغ نظر ' ڈاکٹر اقبال شرافت کا پتلا ' پروفیسر محمود شیرانی عالمِ "مُتبحّر" مرنجاں مرنج ۔ ڈاکٹر عبداللہ سراپا محبّت و ریاضت ' ایک فقیر تھا جو بڑھانکنے میں ممتاز' بے لگام ' زود رنج ۔ مگر شاعرانہ طبیعت اور عشق ادب کا بھلا ہو کہ شفیع صاحب کی نظروں سے مجھے گرنے نہ دیا ۔

شفیع صاحب کے ایک صاحبزادے کی مرگ ناگہاں مجھے بھی ادھ مُوا کر گئی اور جب اُن کی صاحبزادی بھی عین شباب میں وفات پا گئیں تو مجھے وقت پیمبری یاد آگیا ۔ مگر شفیع صاحب؟ دلوں کا جاننے والا تو خدا ہے ' ہم لوگوں نے جو کیفیت شفیع صاحب کے ظاہر و باطن کی دیکھی ہے وہ کہہ رہی تھی کہ میاں باغ کا مالی بہتر جانتا ہے کہ کس پھل کو کچا توڑنا ہے اور کس کو پکا ۔ تسلیم و رضا کے مسلک پر چلنے والے ' درویش نے تو اپنی عمر میں صرف تین ہی دیکھے ہیں ۔ مولانا حسرت موہانی ' مولوی محمد شفیع اور اپنے والد منشی شیر سنگھ ۔ ان لوگوں کے دل آہنیں ریشم کے تھے یا ریشمی آہن کے ۔

زمانے کی نیرنگیوں سے ہے یہ بھی کہ شفیع صاحب کی بہترین تحقیقی تحریرات درویش نے ۱۹۴۷ء کے بعد دیکھیں جو مجھے خود ممدوح نے ارسال فرمائی تھیں ۔ خدا گواہ ہے ایسی جامع ' دقیق اور بے عیب

تحقیق لاکھوں میں کسی ایک کے حصے میں آتی ہے۔
شفیع صاحب نہیں ہیں مگر اپنے کارناموں سے زندہ تر ہیں۔ ؎

نمایاں جو ہوئے دنیا میں مہر و ماہ کی صورت
بقا اُن کی ہے پوشیدہ زہے اور آہ کی صورت

موہن سنگھ دیوانہ

۲۹ فروری ۱۹۶۴ء

چند یادیں

دس بارہ سال گزرے جب میں اورینٹل کالج میں پڑھتا تھا ' اکثر یونیورسٹی لائبریری کی طرف جانے کا اتفاق ہوتا۔ کئی بار راستے میں پروفیسر ڈاکٹر مولوی محمد شفیع صاحب مرحوم و مغفور سے آمنا سامنا ہوا۔ جب مولوی صاحب نظر آتے' میں احتراماً کھڑا ہو جاتا اور ادب سے انہیں سلام کرتا اور وہ سلام کا جواب دے کر گزر جاتے۔ اس سے زیادہ قریب ہونے کا ایک عرصے تک موقع نہ ملا ' نہ حوصلہ ہوا۔ کیونکہ ان کی سخت گیری اور کرخت ضابطہ پسندی کے بارے میں جو عام تأثر تھا اس سے میں ایسا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔ تاہم یونیورسٹی لائبریری کے پاس یا جمعۃ المبارک کے روز جامعہ نیلا گنبد میں جب بھی ان سے سامنا ہوا میرے دل میں اُن کے لیے عقیدت و احترام کے جذبات موجزن ہو جاتے۔

دسمبر ۱۹۵۶ع میں پہلی بار مجھے اُن سے ہم کلام ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ پاکستان اورینٹل کانفرنس کے موقع پر ایک اطلاع اُن تک پہنچانے کے لیے میں اُن کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مجلس مضامین کا اجلاس ختم ہوا تھا اور مولوی صاحب یونیورسٹی ہال کے باہر باغیچے میں تشریف فرما تھے۔ میں نے جا کر مؤدبانہ گزارش کی۔ انہوں نے "ہوں" کچھ اس طرح کہا کہ میں مرعوب سا ہو کر واپس آگیا۔ سنگین دیواروں اور آہنی دروازوں والے "مہیب قلعے" کے اندر جھانکنے کی مجھے جرأت نہ ہوئی—!

۱۹۶۹ع میں عارضی طور پر لیکچرار آردو کی حیثیت سے اوریئنٹل
کالج میں میرے تقرر کا مسئلہ در پیش تھا اور اس سلسلے میں مجھے ڈین
آف اوریئنٹل فیکلٹی کی خدمت میں پیش ہونا تھا ۔ ایک روز کالج میں
پیغام آیا کہ مولوی صاحب نے مجھے یاد فرمایا ہے ۔ میں دل کڑا کر کے
'' مہبط قلعے '' کی جانب روانہ ہوا ۔ اطلاع کروا کے مولوی صاحب
کے کمرے میں داخل ہوا ۔ انہوں نے اپنے پاس خالی کرسی پر بیٹھنے کا
اشارہ کیا ۔ سوالات کا سلسلہ شروع ہوا ۔ حالات نے کچھ مجھ میں خود
اعتمادی سی پیدا کردی تھی ۔ اس لیے بلا جھجک ہر سوال کا جواب
اطمینان سے دیتا رہا ۔ تقریباً نصف گھنٹے تک یہ انٹرویو رہا ۔ اور میں
یہ خوشگوار تاثر لے کر واپس آیا کہ آج مہبط قلعے کے آہنی دروازے
کے دوسری طرف کی ایک جھلک تو نظر آہی گئی جس میں شفقت و محبت
کے گل و گلزار بھی پھولے ہوئے تھے ۔ لیکن اب کے بھی معمولی جھانکنے
سے زیادہ اور کچھ حاصل نہ ہوسکا ۔

اس کے بعد چند ایک بار شرف نیاز حاصل ہوا ۔ ایک دفعہ
استاذالمکرم ڈاکٹر سیّد عبداللہ صاحب کی معیت میں مولوی صاحب کے
دولت کدے پر حاضر ہونے کا موقع بھی ملا ۔ نماز عصر اور مغرب کا
درمیانی وقفہ تھا ۔ مولوی صاحب پائیں باغ میں کتابوں کے جھرمٹ میں
بیٹھے کام کر رہے تھے ۔ پاس ہی ایک بڑے سے پنجرے میں رنگ برنگ
چڑیاں چہچہا رہی تھیں ۔ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے بارے میں مختلف
مسائل پر گفتگو ہوتی رہی ۔ جس مقصد کے لیے ہم گئے تھے وہ پورا نہ
ہوا ۔ [اس مقصد کی وضاحت تو قبلہ سیّد صاحب ہی فرما سکتے ہیں
بشرطیکہ وہ اپنے ہاتھ میں مرزا فرحت اللہ بیگ کا قلم لے سکیں !]

خیر ، شعبۂ اردو میں کام کرتے ہوئے مجھے دو تین سال گزرے

تھی کہ دسمبر ۱۹۶۱ع میں اوریئنٹل کالج کی تاریخ لکھنے کا کام میرے سپرد ہوا جسے دو تین ماہ تک مکمل کرنا تھا ۔ اس مختصر سے عرصے میں اپنی بساط کے مطابق بہت سے ماخذ دیکھے ۔ کالج کا ریکارڈ ، یونیورسٹی کا ریکارڈ سب کچھ چھانا ۔ اس سلسلے میں کئی بار مولوی صاحب کی خدمت میں بھی حاضر ہوا ۔ مجھے جب بھی ضرورت پیش آتی آن کی خدمت میں حاضر ہو جاتا ۔ چٹ اندر بھیجتا اور مولوی صاحب فوراً بلا لیتے ۔ مجھے جو باتیں پوچھنا ہوتیں پوچھتا ، مولوی صاحب ہر بات کا تفصیل سے جواب دیتے۔ اس طرح کالج کے بارے میں اور خود ان کے بارے میں بھی بہت سی باتیں انہیں کی زبانی سنیں ۔ قصور سے انٹرنس کا امتحان پاس کرکے جب آپ اپنے والد بزرگوار کے ساتھ لاہور آئے اور یہاں کے تاریخی مقامات اور یادگاروں کو دیکھنے سے جو ابتدائی تاثرات آن کے معصوم ذہن میں پیدا ہوے ان کا اظہار انہوں نے بڑی تفصیل سے کیا ۔ پھر جب آپ اوریئنٹل کالج میں پروفیسر عربی مقرر ہوے تو اس دوران میں یونیورسٹی لائبریری کے اوریئنٹل سکشن کی تعمیر میں جو جد و جہد آپ نے کی اس کی بعض دلچسپ جزئیات بڑے مزے سے سنائیں ۔ نجی کتب خانوں سے مخطوطات کی تحصیل کے لیے دور دراز اور ملک کے بعیدگوشوں کے سفر، اس زمانے کے سفروں کی ماہیت، سفر و حضر کے مشاغل ، خصوصاً رمضان المبارک کے دنوں میں ویران اسٹیشنوں کے سنسان ریسٹ ہاؤسوں میں سحر و افطار کی کیفیات ـــــ، یہ سب باتیں مولوی صاحب اس طرح بیان کرتے جیسے وہ ابھی سفر کرکے واپس آ رہے ہوں ۔ ان واقعات سے جہاں مولوی صاحب کی سخت کوشی کا ثبوت ملتا وہاں ان کے دینی احساس کا بھی اندازہ ہوتا ۔ بعض لوگوں کو میں نے یہ کہتے سنا ہے کہ مولوی صاحب کی صحت کا ایک

را راز معتدل خوراک کا التزام تھا ۔ میرے خیال میں اس سے بڑی
وجہ غالباً اپنے کام میں انہماک ، محنت و مشقت اور سب سے زیادہ دینی
احساس ہے جس نے اوائل عمر ہی سے اُن کے کردار میں کسی قسم کی
بے اعتدالی کو ابھرنے کا موقعہ نہیں دیا ۔ جس کا کردار ہنگامۂ شباب
میں بھی بے داغ رہے ظاہر ہے کہ وہ انسان آخر عمر تک اپنے نو نا
حواس کے ساتھ مشاغل حیات میں پورا پورا حصہ لے سکتا ہے ۔
مولوی صاحب کو میں نے ایسا ہی انسان پایا ، اور اُن کی رو داد حیات
اس امر کی شہادت دیتی تھی ۔

بہرکیف تاریخ اورینٹل کالج میں زیادہ تفصیلات میں جانے کا
موقعہ نہ تھا ۔ اور اس وقت بھی میں اس یادداشت میں اپنے تاثرات کا
اظہار اجمالاً ہی کر رہا ہوں ۔ ایک بات کا مجھے اعتراف ہے کہ ابھی
تک میری حیثیت محض ایک مستفسر اور سامع کی تھی ، میں اپنی کسی
علمی دریافت سے مولوی صاحب کو متاثر نہ کر سکا تھا ۔ ہر چند کہ
وہ میرے اس کام سے بڑی گہری دلچسپی لینے لگے تھے ۔ میں سمجھ گیا
تھا کہ مولوی صاحب کسی ٹھوس علمی کام یا دریافت سے ہی متاثر
ہو سکتے ہیں ، انہیں باتوں سے متاثر نہیں کیا جا سکتا ۔ اور یوں بھی
باتوں کے فن سے میں کچھ نا آشنا سا ہوں ۔ آخر یہ موقعہ بھی میسّر
آ گیا ۔

تاریخ کے ماخذ کی چھان بین کے سلسلے میں ایک روز میں
مسز سٹرائن کی مرتبہ تالیف "Letters from India with Memoirs"
دیکھ رہا تھا ۔ ایک گروپ فوٹو پر آ کر میری نظر رک گئی ۔ یہ
اورینٹل کالج کے اساتذہ کا ایک گروپ فوٹو تھا جس میں ڈاکٹر الفرڈ
ولیم سٹرائن اور پروفیسر ٹامس آرنلڈ بھی موجود تھے ۔ پس منظر حضوری

باغ لاھور کی بارہ دری کا تھا۔ اتفاق سے ایک گروپ فوٹو مجھے کالج کے پرانے ریکارڈ میں ملا تھا جو ۱۹۰۳ع کا بنا ہوا تھا۔ اس گروپ فوٹو میں پروفیسر آرنلڈ کے ساتھ پروفیسر اے۔ سی وولنر بیٹھے تھے جو اسی سال کالج کے پرنسپل ھوکر آئے تھے۔ غالباً یہ فوٹو اُن کی آمد اور پروفیسر آرنلڈ (قائم مقام پرنسپل) کی سبکدوشی کے موقعہ پر اساتذۂ کالج کے ہمراہ حضوری باغ میں اتارا گیا تھا [یاد رہے کہ اس زمانے میں اورینٹل کالج، گورنمنٹ کالج کی موجودہ عمارت کے ایک حصے میں تھا اور کالج کا ھوسٹل حضوری باغ کے ملحقہ حجروں میں تھا]۔ خیر کچھ دیر کے لیے تو کتاب والی تصویر اور اس گروپ فوٹو نے مجھے حیرت میں ڈال دیا۔ کیونکہ سوائے پروفیسر وولنر اور ڈاکٹر سٹرائن کی تبدیلی کے اور ہر چیز میں یکسانی تھی۔ پس منظر بھی وھی تھا۔ اساتذ بھی وھی تھے۔ ان کی نشستوں کی ترتیب بھی وھی تھی——تھوڑی دیر سوچنے کے بعد یہ معمّہ حل ھوگیا۔

صورت حال یہ تھی کہ ڈاکٹر سٹرائن کا انتقال ۲۳ اگست ۱۹۰۲ع کو گلمرگ (کشمیر) میں ھوا تھا۔ اُن کے بعد پروفیسر آرنلڈ قائم مقام پرنسپل مقرر ھوئے۔ اپریل ۱۹۰۳ع میں مسٹر اے۔ سی وولنر کالج کے مستقل پرنسپل مقرر ھوکر آئے۔ اس موقعے پر یہ تصویر اتاری گئی تھی۔ مسز سٹرائن نے اپنے مرحوم شوھر کے خطوط، جو انھوں نے اپنے زمانۂ قیام لاھور میں اپنے وطن میں مختلف عزیزوں کو لکھے تھے، معہ یاد داشتوں کے ۱۹۰۸ع میں لندن سے طبع کروائے۔ اس موقعے پر غالباً یہ ضرورت محسوس کی گئی کہ اس کتاب میں ایک ایسا گروپ فوٹو بھی ھونا چاھیے جس میں ڈاکٹر سٹرائن (مرحوم) معہ اساتذہ کے موجود ھوں۔ لیکن ایسا کوئی گروپ فوٹو موجود نہیں تھا۔ اب اس کی ایک

ہی صورت تھی، اور وہ یہ کہ اپریل ۱۹۰۳ع والے گروپ فوٹو میں
رولنس کی جگہ سٹراٹن کو بٹھا دیا جائے۔ چنانچہ بڑی چابکدستی سے یہ
کام کیا گیا۔ اور اس طرح ایک ہی گروپ کی دو تصویریں بن گئیں۔ یہ
جعل سازی مجھے تو کچھ بڑی معصومانہ اور پیاری سی لگی۔

ایک روز مولوی صاحب سے کالج کے اس دور کے بارے میں
گفتگو ہو رہی تھی۔ ڈاکٹر رانا (ریڈر سبعہ عربی) بھی موجود تھے۔
میں نے اس معصومانہ جعل سازی کا ذکر کیا۔ وہ کچھ حیران سے ہوئے۔
میں نے کتاب اور اصل تصویر دونوں آن کی خدمت میں پیش کر
دیں۔ دیر تک مختلف زاویوں سے دونوں تصویروں کو ملاحظہ فرماتے
رہے۔ اور آخر انہوں نے بھی میری بات کی تائید کی۔ دیر تک مسکراتے
اور مسز سٹراٹن کی ذہانت کی داد دیتے رہے۔ کتاب والی تصویر میں
کچھ اساتذہ کے نام مسز سٹراٹن نے، جو غالباً انہیں معلوم تھے، دے
دئیے تھے۔ گروپ فوٹو میں ناموں کی کوئی نشاندھی نہیں کی گئی تھی۔
چند اساتذہ کے نام مولوی صاحب نے پہچان کر بتائے۔

اس روز دیر تک مولوی صاحب کے ساتھ نشست رہی۔ بے تکلفی
سے باتیں ہوتی رہیں۔ اور میں اپنی جگہ یہ محسوس کر رہا تھا کہ آج
"آھنی دورازوں اور سنگین دیواروں والے مہیب قلعے" کے سب پھاٹک
کھل گئے ہیں اور میں اس قلعے کے وسیع اور دلکش مرغزاروں کی سیر
کر رہا ہوں۔

(غلام حسین ذوالفقار)

مولوی محمد شفیع مرحوم

اوریئنٹل کالج پہنچتے ہی مولوی محمد شفیع صاحب کے متعلق عجیب و غریب حکایات سننے میں آئیں۔ کوئی ان کی سخت گیری کی شکایت کرتا، کوئی ان کی کنجوسی کی حکائتیں بیان کرتا، کوئی ان کے رعب داب کے متعلق ذکر کرتا۔ غرض کہ جب کبھی مولوی صاحب کا ذکر ہوتا چپڑاسی سے لے کر کلرکوں تک جس جس نے ان کے ماتحت کام کیا تھا ان کے متعلق کوئی نہ کوئی کہانی ضرور بیان کرتا اور گھنٹوں مولوی صاحب کے متعلق باتیں ہوتی رہتیں۔ یہ بات میری سمجھ میں نہ آتی کہ ہر وہ شخص جو مولوی صاحب کے ماتحت کام کرتا ہے ان سے شاکی کیوں رہتا ہے؟ کیا وہ سخت گیر حاکم ہیں؟ ایک عالم سخت گیر نہیں ہو سکتا؟ یہ سوال میرے ذہن میں الجھتے رہتے۔

دوسری طرف اساتذہ تھے جو مولوی صاحب کے متعلق کہا کرتے کہ مولوی صاحب کا اوریجنل کام کوئی نہیں۔ وہ معمولی پڑھے لکھے ہیں۔ بلکہ بعض تو ان کو جاہل تک کہہ دیتے۔ لیکن میں نے اکثر دیکھا کہ وہی باتیں بنانے والے مولوی صاحب کے سامنے جانے سے گھبراتے تھے۔

مجھے یاد آیا کہ ایک دن میں اوریئنٹل کالج میگزین کے سلسلے میں یونیورسٹی پریس گیا۔ قبلہ مولوی ظفر اقبال صاحب، جو ان دنوں پریس کے آفیسر انچارج تھے، کے پاس مسٹر امجد الطاف بیٹھے تھے۔

مولوی ظفر اقبال صاحب آپ بیتی سنا رہے تھے کہ کس طرح وہ انسائکلوپیڈیا آف اسلام سے الگ ہوئے اور مولوی شفیع صاحب کے متعلق شکایات اور ان کی زیادستان بیان کر رہے تھے ۔ میں چپکے سے بیٹھا سنتا رہا اور مولوی محمد شفیع صاحب کے متعلق عجیب و غریب نقشہ میرے ذہن میں بنتا رہا ۔ جب وہ اپنی حدیث دل سنا چکے تو امجد صاحب کہنے لگے ”مولوی صاحب ! معلوم نہیں مولوی شفیع کے پاس کون سی گیدڑ سنگھی ہے کہ ہم ان کی عدم موجودگی میں ان کے خلاف باتیں کرتے رہتے ہیں لیکن جب ان کے سامنے جاتے ہیں تو منہ سے ایک بات تک نہیں نکلتی ۔“ اس پر مولوی ظفر اقبال صاحب خاموش ہو گئے اور میرے لبوں پر مسکراہٹ آئے بغیر نہ رہ سکی ۔

اورینٹل کالج میں دس سال کے قیام کے دوران مجھے قبلہ مولوی محمد شفیع صاحب سے بارہا ملنے کا موقع ملا ۔ لیکن میں نے انہیں ہمیشہ ملنسار پایا ۔ اورینٹل کالج میگزین کا کام میرے سپرد تھا ۔ اس لیے ان سے ملنے کا موقع ملتا رہتا ۔ وہ مجھے بلاتے اور پوچھتے ”میگزین کا نیا شمارہ کب نکل رہا ہے؟“ میں وقت بتاتا تو پوچھتے ”کیا اس میں کسی مضمون کی گنجائش ہے؟“ میں کہتا کہ آپ مضمون دیجیے گنجائش کا کیا ہے نکل آئے گی ۔ مسکرا کر کہتے ”نکل آئے گی کی بات نہیں ۔ جاؤ سیّد سے پوچھ کر آؤ ۔“ میں چپکے سے لوٹ آتا ۔ مجھے معلوم تھا کہ سیّد صاحب قبلہ مولوی صاحب کا مضمون میگزین کے لیے ایک تبرّک سمجھا کرتے تھے ۔ کیونکہ جب بھی مولوی صاحب مضمون بھیجتے اسے فوراً قریبی شمارے میں شائع کیا جاتا ۔ اسی اعتماد پر میں نے مولوی صاحب کو کہہ دیا تھا کہ گنجائش نکل آئے گی ۔ لیکن ان کی ضابطہ بندی اس چیز کو کب گوارا کر سکتی تھی کہ چیف ایڈیٹر کی

مرضی کے بغیر وہ مضمون دے دیں ۔ بہر کیف جب سیّد صاحب سے بات
ہوتی وہ فرماتے مضمون لے آئیے اور جب میں مولوی صاحب کے پاس مضمون
لینے جاتا تو وہ پہلے مطلوبہ مضمون کو ایک نظر دیکھتے کسی جگہ
(،) لگاتے کوئی لفظ کاٹ کر دوسرا لکھتے اس کے بعد اسے ڈاک بک
پر درج کروا کر چڑاسی کو میرے ساتھ بھیجتے اور فرماتے کہ اسے
ابھی پریس دے آؤ ۔ کبھی ایسا بھی ہوتا کہ میرے دستخط لے کر
مضمون مجھے دے دیتے اور کہتے کہ پریس دے کر پریس والوں کی
رسید ان کو دکھا کر جاؤں ۔ ان کو اطمینان اس وقت ہوتا جب
مضمون پریس والوں کے پاس پہنچ جاتا ۔

پریس والے بھی مولوی صاحب سے اس قدر خائف رہتے کہ ان
کا جو بھی مضمون وہاں پہنچتا فوراً کمپوز کر کے اس کے پروف مولوی
